UNIVERSAL
LIBRARY

OU_220607

UNIVERSAL
LIBRARY

مجلۂ عثمانیہ

طلبۂ کلیۂ جامعۂ عثمانیہ حیدرآباد دکن کا رسالہ

مدیرین

سید غلام محی الدین قادری زور — معین الدین قریشی

مطبوعۂ دارالطبع جامعۂ عثمانیہ سرکار عالی حیدرآباد دکن

مجلۂ عثمانیہ

جلد اول۔ شمارۂ اول۔ فروری سنہ ۱۳۳۶ف

مجلسِ نگرانی

محمد عبدالرحمن خاں صدر کلیۂ جامعۂ عثمانیہ

اے آر سی اس۔ بی اِس سی (لندن) فیلو آف دی فزیکل سوسائٹی (لندن)

محمد نظام الدین مولوی فاضل۔ پی اچ ڈی (کنٹب) ای ای اسپیٹ بی اے۔ (لندن)

ام آر اے اِس۔ پروفیسر فارسی و رفیق جامعۂ عثمانیہ پروفیسر انگریزی کلیہ جامعۂ عثمانیہ

مدیرین

سید غلام محی الدین قادری زور متعلم ام اے شعبۂ اردو معین الدین قریشی متعلم ام اے شعبۂ انگریزی

سید فضل حق متعلم ام اے۔ اِل اِل بی۔

چندہ سالانہ نے روپیہ سکہ عثمانیہ طلبۂ قدیم سے صفحہ فنی پر چہ عارضی پیشگی معصول ڈاک ملنے کا پتہ محمد عبدالجلیل متعلم اِل اِل بی۔ منتظم مجلۂ کلیۂ جامعۂ عثمانیہ آباد دکن

مجلۂ عثمانیہ

فہرست مضامین۔ جلد اوّل۔ شمارۂ اوّل

نمبر شمار	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۱	افتتاحیہ	سید معین الدین قریشی متعلم ام، اے	۱
۲	اے مطلع عثمانیہ کالج کے ستارو (نظم)	مولانا وحید الدین سلیم پروفیسر اردو کلیہ جامعہ عثمانیہ	۳
۳	شاعری اور شاعر	جناب ڈاکٹر خلیفہ عبد الحکیم صاحب ام اے۔ پی، ایچ، ڈی پروفیسر فلسفہ کلیہ جامعہ عثمانیہ	۷
۴	فیوضات شاد	راجہ راجایاں سرکشن پرشاد مہاراجہ بہادر یمین السلطنت پیشکار، صدر اعظم و امیر جامعہ عثمانیہ	۱۱
۵	اردو قصائد	جناب حبیب اللہ صاحب رشدی متعلم ام، اے	۱۳
۶	نورتن رنگین	ڈاکٹر نیرنگ	۲۸

۷	ملک العلما قاضی شہاب الدین دولت آبادی	جناب شیخ چاند صاحب متعلم بی، اے۔	۳۳
۸	بہار کی رات (نظم)	جناب حبیب اللہ صاحب رشدی متعلم ام، اے۔	۴۰
۹	جامعِ دمشق	مولوی عبدالمجید صاحب صدیقی ام، اے۔ ال، ال، بی۔ (عثمانیہ) مددگار پروفیسر تاریخ کلیہ جامعہ عثمانیہ	۴۱
۱۰	اردو زبان اور افسانے	جناب محمد عبدالغفار صاحب۔ سروری متعلم ام، اے۔ ال، ال، بی	۴۸
۱۱	انتظارِ تبسم (نظم)	جناب مولوی شبیر حسن خاں صاحب جوش۔ ملیح آبادی ناظر ادبی دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ	۶۱
۱۲	ہیوم اور مبداء علم	جناب میر سراج الدین صاحب بی، اے۔ ال، ال، بی۔ (عثمانیہ)	۶۲
۱۳	فارسی نثر کا آغاز اور ابوعلی بلعمی	سید غلام محی الدین قادری زور متعلم ام، اے۔	۷۴
۱۴	پھول کی سرگذشت (نظم)	جناب ابوالکلام محمد بدرالدین صاحب بدر متعلم بی، اے۔	۹۰
۱۵	تخیل اور داستانِ امیر حمزہ	جناب سید وقار احمد صاحب متعلم ام، اے۔	۹۲
۱۶	غزلیات	۱۔ عالیجناب نواب حیدر یار جنگ بہادر نظم طباطبائی	۱۱۷
		۲۔ "لسان القوم" مولانا سید شاہ ابراہیم عفو۔	۱۱۸
۱۷	کتاب کے کیڑے	جناب مولوی عظمت اللہ خاں صاحب بی، اے۔ مددگار ناظم تعلیمات سرکار عالی۔	۱۱۹
۱۸	ڈاک کے ٹکٹ	جناب محمد حمید اللہ صاحب متعلم بی، اے۔	۱۲۶
۱۹	بتِ کمسن (نظم)	جناب سید محمد اکبر صاحب وفا قانی بی، اے (عثمانیہ)	۱۳۵
۲۰	یونانیوں کی اصنام پرستی	جناب احمد عارف صاحب۔	۱۳۷
۲۱	کل کا گھوڑا	جناب مرزا الم نشرح صاحب	۱۴۷
۲۲	کلیہ کی خبریں	سید غلام محی الدین قادری زور متعلم ام، اے۔	۱۶۱
۲۳	خطبۂ صدارت (انجمن اتحاد)	سید معین الدین قریشی متعلم ام، اے۔	۱۷۳

ہوالفتاح

اِفتتاحیّہ

از سیّد معین الدین قریشی متعلم ام، اے

خدا کا شکر ہے کہ ہماری دیرینہ آرزو اب عملی صورت میں جلوہ گر ہو رہی ہے۔ جامعۂ عثمانیہ کے قیام کو کوئی سات آٹھ سال کا عرصہ گزرا۔ اس مدّت میں اس نے نوجوان دماغوں کے آراستہ کرنے میں جو حصّہ لیا ہے اس کو ہندوستان کی تعلیمی تاریخ ہمیشہ محفوظ رکھیگی۔ جو توقعات جامعہ کی تحریک سے وابستہ رہی ہیں اُن کی تکمیل اس تھوڑی سی مدّت میں ہونی ناممکن تھی کیونکہ قوموں کے ذہنی رجحانات صدیوں میں بدلتے ہیں۔ لیکن اس عرصہ میں جامعہ نے جو نصب العین ہمارے دماغوں میں نقش کی طرح بٹھا دیا ہے وہ آج نہیں تو کل ضرور اپنا رنگ دکھائیگا۔ دیر صرف اسی کی ہے کہ ہم خود اس نصب العین میں بس جائیں۔ موسم بدل چکا۔ خوشگوار مستقبل سامنے کھڑا یہ پیغام سنا رہا ہے ؎

اس رہ میں مقام بے محل ہے
پوشیدہ قرار میں اجل ہے

جس طرح کسی ملک کی سیاسی آزادی اس بات پر منحصر ہے کہ وہاں سیاسی شعور پیدا کیا جائے اسی طرح علم و ادب کی بستی میں جوش اور ہنگامہ پیدا کرنے کی پہلی منزل یہی ہے کہ وہاں علمی شعور کا

بیج بو دیا جائے ۔ جامعۂ عثمانیہ نے تھوڑے سے عرصہ میں اس مرحلہ کو کامیابی کے ساتھ طے کر دیا ۔ اب عمل کا ایک بڑا انقلاب اس کے سامنے ہے اور علم کی وسیع دنیا سرفروشانِ صداقت کے جوش و خروش کی منتظر ۔

جامعہ کی موجودہ جدوجہد سے عام طور پر یہ امید بندھی ہے کہ عنقریب ہندوستان میں یہ علم کا مرکز بن جائے گی اور جی کھولکر اُردو زبان و ادب کی خدمت کرے گی ۔ اس کی ابتدا تصنیف و تالیف سے جامعہ کے بعض تعلیم یافتہ افراد کر چکے ہیں لیکن حالات کی ناموافقت مستقل تصنیف و تالیف کے میدان کو وسیع نہیں کر سکتی ۔ ان حالات کے مدنظر طلبہ کی ایک عام خواہش تھی کہ کم از کم اس مرکز سے ایک ایسا رسالہ تو نکل جائے جو یہاں کی پیداوار اور اس کے ذہنی ارتقا کی ترجمانی کرتا رہے ۔ ملک کے عام علمی اور ادبی حلقوں میں بھی اس کی آمد کا انتظار تھا ۔ بارے خدا خدا کر کے یہ منزل بھی طے ہو گئی اور "یہ گنگا جمنی" رسالہ ارباب علم و فن کی خدمت میں پیش ہے ۔

رسالہ کے متعلق یہ عرض کر دینا ضروری ہے کہ یہ بہت عجلت میں نکالا گیا ۔ اصل مقصد یہ تھا کہ کسی طرح کام کی ابتدا ہو جائے ۔ دوسرے نقش انشاء اللہ اس سے زیادہ کوشش و اہتمام سے نکلینگے ۔ میں نہیں کہہ سکتا کہ ہماری یہ پہلی کوشش کس حد تک کامیاب رہی ۔ اس کا فیصلہ اہلِ نظر اور صاحبانِ تنقید پر چھوڑ دیا جاتا ہے ۔

کسی ملک کی اصلی علمی اور ادبی خدمت اُسی وقت ہو سکتی ہے جبکہ اعلےٰ درجہ کے محققانہ اور طبع زاد مضمون لکھے جائیں اور انشا پردازی کے نئے اسلوب اور اقلیمیں پیدا کی جائیں ۔ لیکن ملک کی یہ بڑی بدنصیبی ہے کہ اس کے شاداب دماغ زیادہ تر مغربی خیالات اور خاصکر انگریزی ادب کی ترجمانی میں مصروف ہیں ۔ جس سے عام ذہنی زندگی پر یہ بُرا اثر پڑ رہا ہے کہ فکر کی جدّت اور خیال کی روانی کم ہوتی جا رہی ہے ۔ گیٹے کا قول ہے کہ ترجمہ ایک قسم کی مشاطہ گری ہے ۔ کتنی اعلیٰ دماغی قوتیں ہیں جو اس کی نذر ہو جاتی ہیں ۔ لیکن قدرت کی اس ستم ظریفی کو کیا کیجیے کہ بے اس کے علمی انقلاب کسی جگہ ممکن ہی نہیں ۔ اس لحاظ سے ہم مترجمین کے اس ایثار اور خدمت کا

اندازہ نہیں کرسکتے جو وہ قوم اور ملک کی خاطر کرتے ہیں۔ یہ ایک ناگزیر برائی ہے جس میں خیر و رحمت کی بدلیاں چھپی ہوی ہیں۔

خدا کرے کہ اہلِ ملک مانگا تانگی کے اس دور سے جلد گزر جائیں اور تحقیق و تخیل کے اعلیٰ ترین نمونوں سے اردو ادب کو مالا مال کردیں۔

کرمکِ ناداں طوافِ شمع سے آزاد ہو
اپنی فطرت کے تجلی زار میں آباد ہو

اقبال کے اس پیغام آزادی کے ساتھ اکبر مرحوم کا وہ پر لطف شعر بھی بے اختیار یاد آجاتا ہے جس میں موجودہ تعلیم کا بھرم کھولا گیا ہے۔

کہاں وہ فطرتی جوشِ طبیعت
کہاں ٹھوسی ہوی چیزوں کا آماس

جامعۂ عثمانیہ کا قیام اصل میں اسی "آماس" کے خلاف ایک صدائے احتجاج ہے۔ ہمارا رسالہ بھی زیادہ تر اسی مقصد کا حامل ہے۔ جس کی جھلک اس اشاعت کے بعض مضامین میں نظر آئے گی۔

سلسلۂ سخن میں اُردو کے اس محسن کی یاد تازہ ہوگئی جو ابھی ابھی رہگرِ آے عالم بقا ہوا ہے۔ شرر مرحوم نے اپنی اعلیٰ دماغی قوتوں اور لطیف طرزِ انشا سے اردو ادب کی جو خدمت انجام دی ہے وہ تاریخ اُردو میں جلی عنوان سے لکھی جائے گی۔ اسی خیال نے مجبور کیا کہ اس شہیدِ اردو کی تربت پر بھی کچھ پھول چڑھا دئے جائیں۔

آخر میں مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ عالیجناب محمد عبدالرحمٰن خانصاحب صدر کلیہ نے جس عنایت و فراخدلی سے طلبہ کی خواہشات کو پورا کیا وہ ہر طرح قابل سپاس گزاری ہے۔ جس توقع کے ساتھ رسالہ کی عنانِ ادارت طلبہ کے ہاتھوں میں دی گئی ہے وہ انشاء اللہ پوری ہوگی۔

پروفیسر اسپیٹ اور ڈاکٹر محمد نظام الدین صاحب کے ہم بہت ممنون ہیں کہ رسالہ کے معاملات میں پوری دلچسپی کے ساتھ ہماری مدد فرمائی۔ خاصکر ڈاکٹر محمد نظام الدین صاحب نے شعبۂ اردو کی ترتیب و تہذیب اور رسالہ کے عام انتظام میں جس غیر معمولی انہماک اور گرمجوشی سے ہمارا ہاتھ بٹایا اس کا ہم تہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اسی سلسلہ میں ہمارے دوست مسٹر سید فضل حق مدیر شعبۂ انگریزی بھی قابل مبارکباد ہیں۔ جن کی سرگرمی سے شعبۂ انگریزی بہت قلیل عرصہ میں تیار ہو گیا۔

چلتے ہوئے کلیہ کے یارانِ قدیم سے بھی دو دو باتیں کر لینی ضروری ہیں۔ ان سے ہمیں پوری اُمید ہے کہ وہ رسالہ کو ہر ممکن طریقے سے کامیاب بنائیں گے۔ مادرِ علمی کی یاد کوئی پچھلے پہر کا خواب تو نہیں ہے جو اس قدر جلد اُن کے ذہنوں سے نکل جائے۔

اے مطلع عثمانیہ کالج کے ستارو!

از مولانا وحیدالدین سلیم پروفیسر اردو کلیہ جامعہ عثمانیہ

مولانا نے یہ نظم اس وقت طلبہ کو سنائی تھی جبکہ اقامت خانہ قدیم کلیہ جامعہ عثمانیہ کی مجلس مباحثہ کے لئے نئے قواعد بنائے گئے تھے اور جدید نظام پر عمل شروع کرنے کیلئے مجلس مباحثہ کا افتتاح ازسرنو ہوا تھا۔

"مجلّہ"

آتی ہے نظر آج مسرّت سے بھری شام
جلوہ سے مسرّت کے منور ہیں در و بام
عثمانیہ کالج کے یہاں جمع ہیں فرزند
تقریب کچھ ایسی ہے کہ دل سب کے ہیں خورسند
کہتے ہیں کہ ہے بحث کی مجلس کا پھر آغاز
قالب ہے نیا اُس کا۔ نئی اُسکی ہے پرواز

سچ یہ ہے کہ مجلس ہے جوانوں کی یہ ہادی
مجلس یہ بتاتی ہے اخوّت کے مبادی
الفت کا سبق ہے یہ عزیزوں کو سکھاتی
مجلس یہی وحشی کو ہے انسان بناتی
جو لانگہ اظہار لیاقت اسے کہیئے
گہوارۂ تعلیم فصاحت اسے کہیئے
ذہنوں کی ترقّی کا جو میداں ہے تو یہ ہے
آدابِ تمدّن کا دبستاں ہے تو یہ ہے
سانچے میں ہیں اخلاق اسی تعلیم سے ڈھلتے
تہذیب کے چشمے ہیں اسی جا سے اُبلتے
سمجھو کہ غنیمت ہے یہ مجلس مری جانو
گزرے جو یہاں وقت غنیمت اُسے جانو
بھائی ہو تم آپس میں۔ نہ بھولو یہ سبق تم
گویا کہ ہو بس ایک صحیفہ کے ورق تم

اقرار وفا کر کے مکرنا نہ خبردار!!
تسبیح کے دانے ہو۔ بکھرنا نہ خبردار!!
تقریر جو کرنا تو دل آزار نہ کرنا
تلوار کا بھائی پہ کبھی وار نہ کرنا
آدابِ شرافت سے گزرنا نہ جوانو!
غصّہ بھی گر آئے تو بپھرنا نہ جوانو!
ایسا نہ ہو۔ اغیار کریں شور یہ برپا
یاروں میں نظر آتا ہے اغیار کا نقشا
عثمانیہ کالج کے جگر بند ہیں کیسے
اس مادرِ علمی کے یہ فرزند ہیں کیسے
ہاں دیکھنا عزّت پہ نہ داغ آئے تمھاری
ہو جاؤ نہ تم زیورِ اخلاق سے عاری
تیزی سے قدم علم کے میداں میں بڑھاؤ
سرگرمی و ہمّت سے نہ جی اپنا چُراؤ

قوموں میں اُسی قوم کا روشن ہے ستارا
جس نے کہ قدم علم کے میداں میں ہے مارا
ملکوں میں اُسی ملک کی عظمت ہے مسلم
جس ملک کے سر پر ہے اُڑا علم کا پرچم
گرچا ہتے ہو گر کے تنزل سے اُبھرنا
لازم ہے تمھیں علم کے دنگل میں اُترنا
اے مطلع عثمانیہ کالج کے ستارو!
ہمّت نہ کبھی علم کی تحصیل میں ہارو
تھے علم میں مشہور جو اسلاف تمھارے
وہ عالمِ بالا سے یہ کرتے ہیں اِشارے
چمکیگی اسی علم سے تقدیر تمھاری
یہ ملک تمھاری ہے۔ یہ جاگیر تمھاری
آخر میں دُعا ہے کہ خداوند دو عالم
ہمّت کو تمھاری کرے اس راہ میں محکم

شاعری اور شاعر

از ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم صاحب ایم اے۔ پی ایچ ڈی۔ پروفیسر فلسفہ کلیہ جامعہ عثمانیہ

علمی تحریر و تقریر کے لئے غالباً سب سے پہلے سقراط نے یہ طریقہ ایجاد کیا کہ موضوع زیر بحث کی تعریف و تحدید کی جائے۔ پیشتر اس کے کہ اس کی صحت و سقم یا حسن و قبح یا روا و ناروا ہونے پر استدلال شروع ہو اس طریقے سے ہیولانی بحثوں میں بھی حقیقت کے خط و خال نمایاں ہو جاتے ہیں۔ سقراط کے بعد ارسطو نے تعریف و تحدید کے قواعد مقرر کئے جو دو ہزار برس سے منطقیوں کی زبان پر ہیں لیکن اس عالم تنوع و کثرت میں کتنے مظاہر اور اشیاء ہیں جن کی تعریف ہو سکتی ہے کتنے حدود ہیں جن میں جنس پر فصل کے اضافہ سے ایک معین تصور ذہن میں آسکتا ہے۔ ادنےٰ سے ادنےٰ احساس سے لیکر گہرے سے گہرے وجدان تک محسوسات حیات کا تمام خزانہ مفتاح منطق سے نہیں کھلتا۔ مٹھاس کیا ہے۔ درد کیا ہے۔ زندگی کیا ہے۔ عشق کیا ہے۔ کوئی ہے جو ان تصورات کی منطقی تعریف کر سکے۔ یہ کہنا کہ مٹھاس وہ احساس ہے جو میٹھی چیز کھانے سے پیدا ہوتا ہے، درد وہ ہے جو لذت نہیں یا زندگی وہ شئے ہے جو زندہ ہستیاں محسوس کرتی ہیں یا عشق وہ کیفیت ہے جو عاشق کے دل میں موجود ہو جاتی ہے۔ حقیقت میں نطق و منطق کے لئے اظہار عجز اور سپر انداختن ہے یہی کیفیت شاعری کی ہے۔ ارسطو سے لیکر بیسویں صدی عیسوی کے نقادان فن تک مختلف کوششیں اس فن کے تعین خصوصیات کے لئے کی گئیں لیکن اس کی اصلیت زندگی کے دیگر اساسی وجدانات کی طرح محسوس کرنے والے کے لئے سب سے زیادہ بدیہی ہونے کے باوجود خانۂ منطق کے لئے

حلقۂ بیرون در ہے۔ بعض لوگ شاید خیال کریں کہ اس میں بڑی دقت کیا ہے۔ قریبًا ہر پڑھا لکھا آدمی خواہ وہ خود شاعر نہو شعر سے واقف ہے کہ وہ کس قسم کے کلام کا نام ہے۔ کلام میں وزن اور قافیہ ہو تو شعر بن جاتا ہے اور وزن و قافیہ کی رعایت ملحوظ نہ رکھی جائے تو نثر ہے۔ لیکن کون شخص ہے جو ذرا سے غور کے بعد اس تعریف کے نقص سے واقف نہیں ہو جاتا۔ بعض زبانوں میں عظیم الشان نظمیں قافیہ سے معرا ہیں اور بعض نثریں ایسی ہیں جن کو شاعرانہ نثریں کہتے ہیں بعض لوگ جنہوں نے کبھی ایک مصرع بھی موزوں نہیں کیا شاعر مزاج ہوتے ہیں اور بعض شاعر یا متشاعر ایسے بھی گذرے ہیں اور اب بھی موجود ہیں جنہوں نے عمر کا بیشتر حصّہ سخن سنجی یعنی الفاظ کو وزن و قافیہ کی میزان میں تولنے میں بسر کیا ہے لیکن اہل ذوق کے نزدیک وہ شاعری سے معصوم ہیں۔ اس پر بعض لوگ یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہر قسم کا کلام محض صوتی موزونیت سے شعر نہیں بن جاتا جس خیال یا جذبے کا اظہار اس کلام موزوں میں کیا گیا ہے اس میں حقیقت بھی ہونی چاہئے تو اس اضافہ سے یوں کہینگے کہ شاعری اس خیال یا جذبے کا موزوں کلام میں اظہار ہے جو حقیقت پر مبنی ہو۔ لیکن یہ تعریف بھی ناقص اور غیر واضح ہوگی کیونکہ خود اس امر کا تعین نہایت مشکل ہے کہ حقیقت سے کیا مراد ہے۔ اگر حقیقت سے مراد مظاہر وجود یا مظاہر نفس کا نقلی بیان ہو تو سائنس اور فلسفہ اس کام کو نثر میں بطریق احسن انجام دیتا ہے بعضوں کے نزدیک شاعری تلاشِ حسن اور افزائشِ حسن ہے۔ گو ایک قسم کی شاعری کے لئے یہ صحیح ہے لیکن شعر کے تمام اصناف کیلئے یہ تعریف جامع نہیں۔ غالب نے اسی خیال سے دیدہ ور کی جو تعریف کی ہے۔

دیدہ وراں کہ تا نہد دل بہ شمارِ دلبری
در دلِ سنگ بنگرد رقصِ بتانِ آذری

وہ اکثر شاعروں کی فطرت اور بصیرت کا جزوِ اعظم ہونے کے باوجود شعر اور تخلیقِ شعر کی پوری ماہیت پر حاوی نہیں کیونکہ اکثر ایسا بھی ہوا ہے کہ ایک شاعر زندگی کے صرف تاریک پہلوؤں کو دیکھتا اور اپنے کلام میں صرف اپنے نالوں کو موزوں کرتا رہتا ہے۔ کون کہہ سکتا ہے کہ یہ موزوں نالے حسن و عشق کا واسوخت ہونے کے باوجود شاعری نہیں۔ بعضوں کے نزدیک جذبۂ شعر کی ایک غیر منفک خصوصیت ہے اُن کے نزدیک

شعر پُر جذبہ اور موزوں کلام ہے۔ یہ تعریف مذکورۂ صدر تعریفوں کے مقابلہ میں زیادہ جامع ہونے کے باوجود مُبہم ہے جذبات کے انداز بے شمار ہیں سب کے سب کلام موزوں میں داخل ہو کر اس کو شعر نہیں بنا سکتے خود غرضی غصہ ظلم وغیرہ بھی جذبات ہیں۔ اگر کوئی شخص رذیلانہ اور بہیمانہ غصے میں کسی کو پُر جوش الفاظ اور کلام موزوں میں صلواتیں سنائے تو کیا اسکا یہ کلام شاعری کے معیار کے مطابق ہوگا؟ اگر نہیں تو ہم کو اس امر کا اور زیادہ تعین کرنا پڑیگا کہ انسان کی جذباتی اور وجدانی زندگی کے وہ کیا انداز ہیں جن کے ملاپ سے موزوں اظہار حقیقت شاعری ہو جاتا ہے۔ اقبال نے محض اظہار حقیقت اور شعر میں جو فرق ہے اس کو نہایت خوبصورتی سے ظاہر کیا ہے۔

حق اگر سوزے نہ دارد حکمت است
شعر می گردد چو سوز از دل گرفت
بوعلی اندر غبار ناقہ ماند
دستِ رومی پردۂ محمل گرفت

تمام فنونِ لطیفہ انسان کے لطیف اور ناقابل تعین جذبات کے اظہار کے مختلف ذرائع ہیں یہ مانا کہ شاعر کے لئے سوز اور درد کی ضرورت ہے اور بقول غالب۔ دل گداختہ ہی شمع سخن کا حُسن فروغ ہے۔ لیکن سوز کیا چیز ہے، درد کیا ہے۔ اگر سوز غم زدہ گی ہے تو کیا زندگی کو سراپا بہار محسوس کر کے منظر حسن میں بھی گلہائے انبساط کھلانے والی طبیعت لازماً شعر سے معرا ہوتی ہے۔ غالب نے اپنی ایک نہایت پُر جوش اور بلند فارسی غزل کے مقطع میں اپنی اس کیفیت کو بیان کیا ہے جو شعر کہتے ہوئے اس پر طاری ہوتی ہے۔

بینی ام از گداز دل در جگر آتشے چو سیل
غالب اگر دمِ سخن رہ بہ ضمیر من بری

مگر یہ گداز دل اور سوز دروں بھی انسانی طبیعت کا ایک گوہر بے بہا ہونے کے باوجود شعر اور شاعری کی پوری ماہیت بیان نہیں کرتا۔ اگر یہ کہیں کہ وہ جذبات اور وہ سوز و گداز جو انسان اور انسان میں

اور انسان اور خدا میں لطیف تعلقات اور گہری کیفیات کا اظہار کریں جنہیں عشق کہتے ہیں یا اس عمل میں سرزد ہوں جسے نیکی کہتے ہیں تو شاعری اخلاقی اور مذہبی تلقین و تعلیم ہو جاتی ہے جو وہ حقیقت میں نہیں اکثر نقادانِ فن نے ناصحانہ شاعری کو شاعری سے خارج کر دیا ہے۔ سعدی کی پند و نصائح کی شاعری مثلاً

آدمی را عقل باید در بدن ورنہ جاں در کالبد دارد حمار

بابداں بد باش و با نیکاں نکو جائے گل گل باش و جا خار خار

حقیقت میں نپا تلا وعظ ہے شاعری نہیں۔ ابھی تک ہماری تلاش تعریف کا نتیجہ محض سلبی ہے ہم دیکھ چکے کہ محض موزوں کلام شعر نہیں، محض اظہار حقیقت شعر نہیں، محض سوز و گداز شعر نہیں، محض پند و نصائح اور اعلیٰ جذبات کا اظہار یا ان کی ترغیب شعر نہیں۔ پر جوش موزوں کلام شعر نہیں اور ان سب کی ترکیب سے بھی لازماً شاعری کا موضوع ادا نہیں ہوتا۔ ہم آئندہ کسی قدر ایجابی نتیجے تک پہنچنے کی کوشش کریں گے۔

فیوضاتِ شاد

از راجہ راجایاں سرکشن پرشاد مہاراجہ بہادر یمین السلطنت، پیشکار، صدر اعظم و امیر جامعہ عثمانیہ دام اقبالہ

ہر اک کے دل میں ہے دلنشیں تو کہوں میں کیونکر نہاں نہیں ہے
ہر ایک ذرّے میں جلوہ تیرا ہی جلوہ فرما کہاں نہیں ہے

سنی ہے فریاد قمریوں کی سنی عنادل کی داستاں بھی
ہمارا رنگِ بیاں نہیں ہے ہمارا طرزِ فغاں نہیں ہے

ہے کون مندر میں اور مسجد میں میرے پیارے بغیر تیرے
انہیں مکانوں کا تو مکیں ہے تری تجلی کہاں نہیں ہے

بُتِ ستمگر! یہ بیوفائی یہ ظلم یہ دعوائے خدائی
خدا کے بندے خدا خدا کر خدا کی قدرت کہاں نہیں ہے

تو ہی نے مجھ کو بشر بنایا، تو میری صورت میں بن کے آیا
مرے تو قالب میں تو ہی تو ہے کہیں بھی تیرا نشاں نہیں ہے

یہ فخر ہے مجھکو عاجزی پر، یہ ناز ہے مجھکو بندگی پر
نہیں کوئی ایسا آستانہ نشانِ سجدہ جہاں نہیں ہے

تو ہی ہے اوّل تو ہی ہے آخر تو ہی ہے ظاہر تو ہی ہے باطن
ترا ہی جلوہ ہے چار سو میں کہیں کسی کا نشاں نہیں ہے

اگر کوئی ہے تو بس وہی ہے جو وہ نہیں ہے تو کچھ نہیں ہے
ہماری بود و نمود پیش از خیال و وہم و گماں نہیں ہے

ہے میرا ایماں کہ تو ہے واحد اسی لئے ہوں میں تیرا ساجد
یقیں ہے مجھکو کہ تو ہی شاہد شک و وہم و گماں نہیں ہے

یہ تیری ہستی ہے سبکی ہستی جو تو نہ ہوتا تو کچھ نہ ہوتا
کہ یار تو جان ہی جہاں کی جو جاں نہیں ہے جہاں نہیں ہے

یہ کیوں کدورت جہاں میں پھیلی یہ کیوں نہ مانے کا رنگ بدلا؟
یہ چرخ نیلی جو پیشتر تھا وہی یہ کیا آسماں نہیں ہے

رواج ہی وضع مغربی کا، مٹا چلن طرز مشرقی کا
تم اسکو ہندوستاں سمجھتے ہو اب ہندوستاں نہیں ہے

اس آستاں سے کہاں یہ جائیں جہاں نہیں کیونکر امان پائیں
بجز ترے در کے عاصیوں کو کہیں بھی یارا اماں نہیں ہے

رقیب ہر دم ہے ساتھ اسکے کشیدہ خاطر ہے یار مجھسے
مجھے یہ کیونکر یقین آئے کہ مجھسے وہ بدگماں نہیں ہے

نہ ہے وہ ساقی نہ جام و مینا نہ ہے وہ محفل نہ وہ قرینہ
پڑا ہے رندوں پہ وقت تجھکو خبر بھی پیر مغاں نہیں ہے

گلے سے ملجا تو میرے جاناں کہ دل ہی میرا بہت پریشاں
اٹھاؤں فرقت کے اب میں صدمے یہ مجھمیں تاب و تواں نہیں ہے

خطا ہی اے شاد کیا تھی اسمیں دیا جو میں نے دل اپنا اسکو
الٰہی ایسا ستم ہوا کیا کہ مجھ پہ وہ مہرباں نہیں ہے

اُردو قصائد

از جناب حبیب اللہ صاحب رشدی متعلم ایم اے۔

اُردو کی بدنصیبی کہئے یا خوش قسمتی، اس کو فارسی زبان کی طرح کثرت سے قصیدہ گو شعرا نہیں ملے۔ سنا گیا کہ اُردو کے پہلے صاحب دیوان شاعر سلطان قلی قطب شاہ کے دیوان میں قصیدے بھی موجود ہیں۔ اُن کو پہلا قصیدہ گو کہا جا سکتا ہے۔ ولی کے دیوان مطبوعہ پیرس میں پانچ قصیدے ہیں۔ مختلف قلمی نسخوں میں سے کسی ایک میں یہ پانچ قصیدے ایک جگہ نہیں ملتے میر کے کلیات میں چھ قصیدے ہیں۔ سودا نے سب سے زیادہ قصائد لکھے اُن کے قصائد کی تعداد چالیس بیالیس ہے اور قصائد کے جملہ اشعار ساڑھے تین ہزار سے زائد ہیں۔ انشا کے کلیات میں اُردو قصائد کی تعداد سات ہے۔ شاہ نصیر کے مطبوعہ دیوان میں کوئی قصیدہ نہیں ایک قلمی نسخہ میں صرف ایک قصیدہ نظر آیا۔ آخری دور میں ذوق کے دیوان میں تیئیس ۲۳ مومن کے ہاں نو ۹ اور غالب کے دیوان میں چار قصیدے ہیں۔ جرأت، آتش، ناسخ کی خودداری نے کسی کی مدح لکھنا گوارا نہ کیا، یا شاید زمانہ کو اُن کے قصائد کا باقی رکھنا پسند نہ آیا۔

اُردو میں غزل گوئی کی طرح قصیدہ گوئی بھی فارسی کی تقلید میں شروع ہوئی۔ فارسی شاعری میں قصیدہ استادی کے کمال کا معیار تھا۔ اس کی زبان اعلیٰ قرار پائی اور اس میں خیالات کی انتہائی پرواز دکھائی گئی۔ اسی میدان میں علم بیان اور بدیع کے جوہر دکھائے گئے۔ اور مبالغہ کے انتہائی مدارج طے کئے گئے۔

نہ کرسی فلک نہد اندیشہ زیر پائے　　تا بوسہ بر رکاب قزل ارسلاں دہد

اسمیں شک نہیں کہ شاندار زبان اور اعلیٰ خیالات کے اشعار کا اکثر حصہ قصیدوں ہی میں ملیگا

غزلوں میں یہ عنصر کم ہے۔ غزل درد، اثر اور سلیس زبان کے لئے مخصوص ہے۔ فارسی اور اُردو میں قصیدہ کے لئے ان چیزوں کی ضرورت نہیں سمجھی گئی بلکہ یہ ایک حد تک اس کے منافی خیال کئے جاتے ہیں۔

اُردو شعرا کے لئے فارسی قصیدوں کا ایک بڑا ذخیرہ موجود تھا۔ قصیدے بھی مختلف رنگ کے۔ خاقانی نے ادق قصیدے لکھے، انوری نے سادگی اور مضمون بندی اختیار کی، میر معزی اور عبدالواسع جبلی نے لفظی صنائع بدائع سے کام لیا، ظہیر فاریابی نے خیال بندی اور مضمون آفرینی پر زور صرف کیا، قدسی اور کمال اسمٰعیل کے حصہ میں زبان کی شیرینی اور خیال کی لطافت آئی۔ فیضی نے فلسفیانہ انداز قبول کیا اور عرفی نے زور بیان کے ساتھ خیال کی وہ جولانیاں دکھائیں کہ کوئی اس کا ہمسر نہ نکلا۔ نہ صرف یہی بلکہ مغربی طرز انتقاد کی نظر سے اگر ہم دیکھیں کہ فارسی میں کس کس شاعر نے اپنا خاص پیغام دنیا کو سنایا تو ان چند شعرا میں ہمیں عرفی بھی نظر آئے گا۔ یہ بات بدیہی ہے کہ ان تمام شعرا میں سے اُردو شعرا نے انہیں سے زیادہ فائدہ اٹھایا جو ہندوستان آچکے تھے یا غیر معمولی شہرت رکھتے تھے۔ اس لئے ہمارے قصیدہ گو شعرا پر سب سے زیادہ عرفی کا اور اس سے کم انوری اور خاقانی کا اثر پڑا۔ فیضی اگرچہ ہندوستانی تھا مگر اس کے رنگ کو اختیار کرنا آسان کام نہ تھا۔ ہر شاعر فلسفی دماغ یا فلسفہ پسند نہیں ہوتا۔ اسی طرح ظہیر فاریابی کا اثر بھی بہت کم نظر آتا ہے۔ غالباً فارسی کے دوسرے شعرا بالکل نظر انداز کر دیئے گئے۔

۲

ولی کے پانچ قصیدوں میں پہلا قصیدہ لامیہ سب سے بڑا ہے اس کے (۱۲۳) اشعار ہیں۔ اس میں اتنی مختلف چیزیں بیان کی گئی ہیں کہ ممدوح اور مدح دونوں صاف طور پر نظر نہیں آتے۔ ممدوح خود معشوق ہے۔ اگرچہ معشوق کی مدح کے لئے غزل کا میدان کھلا ہوا تھا مگر ولی کو معشوق کی شان میں علٰحدہ قصیدہ لکھنا زیادہ پسند آیا۔ دوسرے قصیدوں سے اس میں زیادہ زور صرف کیا ہے اس لئے معلوم ہوتا ہے کہ خاص اشتیاق کے عالم میں یہ قصیدہ کہا گیا چنانچہ کہتے ہیں:-

دل کوں شادی ہے کیوں نہ باجیں آج ہر طرف جگ میں تال اور مندل

کوں = کو، باجیں = بجائیں، جگ = دُنیا،

قصیدہ خاصا ہے۔ گو تمام اشعار قابل تحسین نہیں مگر جگہ جگہ ایسے شعر بھی ملتے ہیں جو ولی کے کمال کو ظاہر کرتے ہیں۔ نعت میں کہتے ہیں:۔

اس کی مجلس میں آ ہوا ہے کھڑا صفِ آخر میں جو ہر اوّل

یونانی حکما پیدائش کائنات میں جوہر اول کو پہلی مخلوق مانتے ہیں۔ بہت سے مسلمان آنحضرتؐ کے نور کو مخلوق اوّل مانتے ہیں۔

پیش از ہمہ شاہان غیور آمدہ ہر چند کہ آخر بظہور آمدہ

پس ایک مسلمان کی حیثیت سے ولی کا تخیل جوہر اول کو آنحضرت کی مجلس کی صف آخر میں سمجھتا ہے۔ "اول" کے قافیہ کی لفظی رعایت "آخر" سے پیدا کی ہے۔

حضرت امام حسنؑ اور حضرت امام حسینؑ کی شہادت کے لئے کیا اچھی تشبیہ نکالی ہے۔

ایک کاتن ہوا ہے سبز اطلس ایک خوں سوں زمیں کیا مخمل

ایک کاتن سبز اطلس ہوا (زہر سے) ایک نے (اپنے) خون سے زمین کو مخمل کیا

دونوں بھائی تھے اس لئے تشبیہ میں بھی اس کی رعایت پیدا کی ہے۔

فراق کی زاری میں آنسو کی تشبیہ کتنی لطیف ہے:۔

جیوں ستارے ٹوٹیں فلک اوپر یوں انجھو کھا اوپر پڑیں ڈھل ڈھل

جس طرح فلک پر ستارے ٹوٹتے ہیں اسی طرح آنسو منہ پر ڈھل ڈھل پڑتے ہیں

آنکھ سے آنسو جاری ہوں تو رخساروں پر اُن کی دھاریں ظاہر ہوتی ہیں اس کو شہاب ثاقب سے تشبیہ دی ہے۔

معشوق کی مدح میں کہتے ہیں۔

اے شفا بخش تجھ قدم کی خاک درد کے درد سر کا ہے صندل

تجھ قدم میں جو کچھ ہے رنگ صفا نہیں دیکھا اسکو خواب میں مخمل

دل جو تجھ زلف بیچ بند ہوا　　کون کھولے یو عقدۂ لاحل

تجھ زلف = تیری زلف　　یو = یہ

یہ شعر بہت مزے کا ہے۔ کہتے ہیں کہ میرا دل تمھاری زلفوں میں پھنس گیا۔ یعنی میں عاشق ہوگیا۔ عقدۂ لاحل سے مراد زلف سے ہوسکتی ہے۔ مطلب یہ ہوا کہ تمھاری زلف کو کون کھولے گا کہ میرا دل نکل آئے۔ دوسری لطافت اس شعر میں یہ ہے کہ میرے دل کا تمھاری زلفوں میں پھنسنا ایک عقدۂ لاحل ہے اس کو کون شخص حل کریگا۔ یعنی دردِ عشق سے چھوٹنے کی کیا سبیل نکل سکتی ہے۔

پھر کہتے ہیں:۔

اے عدیم المثال دو نہ دیکھے　　گر کرے تجھے دیکھے احول

تو وہ یکتا ہے کہ احول بھی دیکھے تو دو نہ دکھائی دے۔

دیکھ تیری نین میں پتلی کوں　　عالماں میں پڑیا ہے جنگ و جدل

نین = آنکھ　　عالماں = جمع عالم　　پڑیا = پڑا

ایک کہتی ہے مکھ یو کعبہ ہے　　اس میں پتلی نے کیوں کیا ہے محل

مکھ = منہ

چہرے کو کعبہ کہنا اور آنکھ کی پتلی کو بت سے تشبیہ دینی بہت لطیف خیال ہے۔

اس قصیدہ کے پہلے چھ شعر حمد میں ہیں۔ نو شعر نعت میں ہیں دو شعر خلیفہ اوّل کی مدح میں ہیں اور ایک ایک شعر خلیفہ دوم اور سوم کی مدح میں خلیفہ چہارم حضرت علیؓ کی شان میں چھ شعر تصنیف کئے ہیں۔ پھر چاروں خلفا کی تعریف متحدہ طور پر پانچ اشعار میں کی ہے۔ چھ شعر حسنینؑ کی تعریف میں ہیں۔ اس کے بعد دنیا کی مذمّت شروع کر دی ہے جو سات شعروں میں ختم ہوئی ہے اس کے بعد تین شعر مال کی مذمّت میں ہیں۔ اس کے بعد فرماتے ہیں کہ سب کو ترک کر اور میری بات سُن جو دودھ اور شہد سے میٹھی ہے وہ یہ کہ عشق بازوں کا مرتبہ پہچان کہ یہ ملک وفا کے رئیس ہیں۔ میں نے اکثر عالموں سے پوچھا، عقدۂ دل کو کسی نے حل نہ کیا۔ لیکن جب میں نے حال دل عشق کو سُنایا اس نے مجھے

مرحبا کہہ کے پاس بلایا اور "عقدۂ راز" کا گُر بتایا۔ کہا، قطبی اور منہل کا سبق چھوڑ شاہد راز کا "درِ دیکھ"
اس کے بعد حضرتِ عشق نے شاہد راز کی خوب ہی تعریف و توصیف کی۔ فرماتے ہیں "مرشد عشق کی یہ باتیں
سُن کر میرا شوق اس معشوق کو گلے لگانے چلا۔ لیکن اس دلبر کو برقع میں دیکھا تو مضطر ہو کر کہا۔ اپنے
منہ پر سے نقاب ہٹا ہم پاکباز ہیں۔ پاکبازوں سے کیا پردہ۔ اے ظالم میں تجھکو روزِ ازل سے جانتا
ہوں۔ تجھکو خدا کا خوف نہیں ورنہ تو مجھ پر ایسا ستم روا نہ رکھتا'۔ یہ سنکر شاید معشوق کو رحم آیا۔ یہ لذّت
دیدار سے شاد کام ہوئے اور اس کے چہرے اور حُسن کی تعریف کرنے لگے۔ پانچ شعر حُسن کی مدح میں کہنے
کے بعد معشوق سے اس کے تغافل کا گلہ کرنا شروع کیا۔ گلہ کے بعد پھر چار پانچ شعر اور ایک غزل معشوق
کی مدح میں کہی ہے غزل کا مطلع کچھ اچھا نہیں۔ غزل میں معشوق سے التجا کی ہے کہ تو گھر سے نکل آ میری آہ
تیری رہبری کریگی۔ تین شعر رقیب کی شکایت میں ہیں۔ غزل کا مقطع ہے۔

اے ولی ترک کر یو حرف دراز کہ ہے خیر الکلام قل و دل

قصیدہ کے اختتام میں تین اشعار میں معشوق کو دعا دی ہے۔

عمر تیری دراز ہو جگ میں جب تلک ہے مطول اور اطول

مطول اور اطول کو دراز کی رعایت سے لائے ہیں۔ اس کے بعد تین آخری شعروں میں اس
قصیدے کے لاجواب ہونے پر فخر کیا ہے۔

دوسرا قصیدہ آنحضرتؐ کی نعت میں ہے۔ یہ پہلے قصیدے سے چھوٹا ہے اور قصیدہ کے اصول
کے مطابق ہے۔ پہلے پندرہ شعر تشبیہ کے ہیں جس میں عشق کی تعریف کی ہے۔ زمین بہت شگفتہ اختیار
کی ہے اور اس میں اچھے اچھے شعر نکالے ہیں۔ مطلع ہے۔

عشق کوں لازم ہے اول ذات کوں فانی کرے ہو فنا فی اللہ دائم یاد یزدانی کرے

عشق کے لئے لازم ہے کہ عاشق پہلے اپنی خودی کو فنا کر دے۔ یزدان کی یاد ایسی دائمی ہو کہ
خود کو اس میں فنا کر دے۔

جوش دے یکبارگی دل کے دریا کوں لہو ستی　　گوہر انجھواں کوں رورو رنگ مرجانی کرے

سوں ستی = سے،　　انجھو = آنسو، لہو = لہو

سرخرو ہو آبرو دو جگ میں پاوے اے عزیز　　دل کو لوہو کر اول لوہو سوں جو پانی کرے

دل کے دریا کو خون سے ایسا جوش دے کہ آنسو کے گوہر مرجان بن جائیں" خون کے دریا سے جو موتی نکلینگے وہ یقیناً سرخ رنگ کے ہوں گے۔ دوسرے شعر میں یہ تلقین کرتے ہیں کہ دل کو پہلے خون کر، پھر اس لہو کو پانی بنا۔ یعنی دل کو پانی بنا کر بہادے جب عشق میں اتنی تکلیف اٹھائے گا تب دو جہاں میں سرخرو ہوگا اور آبرو پائیگا" سرخرو، آبرو" " لہو اور پانی" کی رعایت کے الفاظ ہیں۔ اس قسم کی رعایت اس وقت مبتذل نہیں سمجھی جاتی تھی۔ یہ وہ زمانہ ہے کہ لکھنو اودھ کا پایہ تخت نہیں بنا تھا۔ ضلع جگت کا ابتذال اس عہد کے بہت بعد پیدا ہوا۔

تشبیب کے بعد ایک گریز سے آنحضرتؐ کی مدح شروع کی ہے کہ یا محمدؐ آپ کی ذات سے دو جہاں کی عید ہے خلق کو لازم ہے کہ اپنے جی کو آپ پر قربان کرے یہاں عید قربان سے بہت اچھی تلمیح لی ہے۔

یا محمدؐ دو جہاں کی عید ہے تجھ ذات سوں　　خلق کو لازم ہے جیو کوں تجھ پہ قربانی کرے

سوں = سے،　　جیو = جی، جان، دل۔

پھر فرماتے ہیں

وو اچھے آزاد جو بازار میں تجھ حسن کے　　بندگی میں آپ کوں جوں ماہ کنعانی کرے

آزاد وہی شخص ہے جو تمھارے حسن کے بازار میں اپنے آپ کو حضرت یوسفؑ کی طرح بیچ دے۔ یعنی آپ کی بندگی اختیار کرے۔ داؤدؑ اگر نرینوالحانکر کی خوش خبری سنے تو آپ کے دربار میں خوش ہو کر خوش الحانی کرے اگر آپ کے غضب کا سمندر طوفان میں ہو تو نوح آپ کی رحمت کی کشتی کے سوا کوئی پناہ نہ پاوے۔ اگر کلیمؑ آپ کی ثنا خوانی کریں تو اپنے کلام کو رتبہ عالی میں دیکھیں اگر تیری امت مہمانی کرے تو خلیل اللہ اتنے مشتاق ہو جائینگے کہ اپنے جسم کو پھینک کر صرف روح سے آجائیں گے۔

جسم کوں سٹ روح سوں آوے بہت مشتاق ہو　　گر تری امت خلیل اللہ کی مہمانی کرے

یہ بہت اچھا شعر کہا ہے۔ اشتیاق میں انسان بے خود ہو کر نکلتا ہے اور ہر وہ چیز جو اشتیاق میں رکاوٹ پیدا کرتی ہے اس کو ترک کرتا جاتا ہے۔ اس لئے حضرت ابراہیم بھی، جنکی مہمان نوازی مشہور ہے ایسے مشتاق ہو کر نکلینگے کہ وہ اپنے جسم تک کی پروا نہ کریں گے۔

مسیحا اگر تیرے پاس آکر اپنی پیشانی کو لوح بنائے اور "فقر" کی مشق کرے تب کہیں "فقر" کے خط کو آپ کے ہاں سیکھ سکینگے۔ یعنی حضرت عیسیٰ باوجود فقر و عجز میں مشہور رہونے کے آپ کے فقر کے مقابلہ میں طفل مکتب کا درجہ رکھتے ہیں۔ اس کے بعد کس زور کا شعر کہا ہے:۔

جس مکاں میں ہے تمھاری فکر روشن جلوہ گر　　عقل اوّل آکے واں اقرار نادانی کرے

نہ صرف یہی کہ اس شعر میں ایک لفظ بھی قدیم زبان کا نہیں بلکہ خیال کے لحاظ سے بھی یہ مدح کا عمدہ نمونہ ہے۔ شعر اتنا صاف ہے کہ نثر کی ضرورت نہیں محسوس ہوتی۔ پھر فرماتے ہیں کہ اگر افلاطون آکے مکتب میں سبق خوانی کرے تو حکمت کی سب کتابیں دھو ڈالے۔ اسی سلسلہ میں اور تین شعر مدح کے ہیں۔ مقطع میں فرماتے ہیں کہ جب ولی تیری مدح میں گوہر افشانی کرے تو عارف جان و دل سے لاکھوں آفریں کہیں۔

تیسرا قصیدہ حضرت علیؓ کی منقبت میں ہے۔ ابتدا میں (۱۸) اشعار کی تشبیب ہے جسمیں زمانہ کی شکایت کی ہے۔ مطلع ہے:۔

ہر ایک رنگ میں دیکھا ہوں چرخ کے نیرنگ　　ہوا ہوں غنچہ صفت جگ کے باغ میں دل تنگ

ہر رنگ میں میں نے چرخ کے نیرنگ دیکھے اس لئے دنیا کے باغ میں غنچہ کی طرح دل تنگ ہوا۔ جہان کے گلبدن جب جلوہ گر ہوئے، اُن کی تجلی سے عاشقوں کا رنگ اُڑ گیا۔ یہ عاشقوں کے جلانے کو ہمیشہ مستعد ہیں۔ مثال کے طور پر شمع اور پروانہ کی حالت دیکھ لو۔

سوائے داغ کے پایا نہیں ہوں باغ میں گل　　ورائے خونِ جگر نہیں دیسا مجھے گلرنگ

میں نے باغ میں سوائے داغ کے کوئی پھول نہ دیکھا اور مجھے اپنے خون جگر کے سوا گلرنگ نہیں دکھائی دیا۔ اس شعر میں پھول کو داغ کہنے کے بعد اسی کی رعایت سے پھول کے رنگ کو کہتے ہیں

کہ وہ مجھے صرف خونِ جگر میں دکھائی دیا۔ گلِ بے وفا میں وفا کا رنگ نظر نہیں آتا اس لئے بلبل شور کرتے ہیں۔ فلک کی خشک مزاجی دیکھکر دنیا بے دم ہوگئی ہے۔ فوارے کے دل میں اب امنگ باقی نہیں رہی۔

اگرچہ سرد ہے دل لیک پُر ہے آتش سوں　　لیا ہے منہ پہ اپس کے اگن نے پردۂ سنگ

(اپس کے = اپنے، اگن = آگ)

میرا دل اگرچہ سرد ہے لیکن آگ سے پُر ہے۔ اس آگ نے پتھر کے پردہ میں منہ چھپا لیا ہے۔

مجلس (یعنی دنیا) کا یہ حال دیکھکر رباب کی رگیں خشک اور اس کی ہڈیاں کھوکھلی (بے مغز) ہوگئیں اور مردنگ دنگ ہے۔ آجکل مفلسی کا ایسا غلبہ ہے کہ اس کو طنبورے پر بھی ہاتھ مارنے سے دریغ نہوا جس کی وجہ طنبورے کے تار بھی گنتی کے رہ گئے۔ فلک ایسا بے مروّت ہے کہ اس نے سورج کو بھی برہنہ سر کردیا۔ ناتوانی آج کل اتنی بڑھ گئی ہے کہ جنگل میں شیر اور چیتے لومڑی سے عاجز ہوگئے ہیں۔ آسمان کی کمان سے جتنے تیر چھوٹے ان سب نے قابل لوگوں ہی کے دلوں کو آماج گاہ بنایا۔

یگانگت کوں اوّل کی تمام بسرے خلق　　رکھے اپس میں عداوت مثال شیشہ و سنگ

لوگ پہلے کی دوستی اور یگانگت کو بھول گئے۔ اب آپس میں شیشہ اور پتھر کی سی عداوت رکھتے ہیں۔ ایک نئی تشبیہ ملاحظہ ہو:۔

ظلم پہ دل ہے رکھے مون میں حیف سو انگلی　　لیا ہے خلق نے خاصیّت تمام تفنگ

خلق کے دلوں میں ظلم بھرا ہوا ہے اور بظاہر افسوس ظاہر کرنے کے لئے منہ میں انگلی رکھی ہے گویا بندوق کی پوری خاصیت پیدا کی ہے۔ ستمگر آسمان کی سرکشی دیکھو کہ خود اکیلا ہو کر تمام خلق سے لڑتا ہے (ایسی حالت میں) جو قدم سیم و زر کی فکر میں گھسے گا وہ یقیناً پھنس جائیگا۔ کیونکہ پاؤں گھس کر لنگڑا ہو جائے گا اور لنگڑا منزلِ مقصود کو کس طرح پہنچ سکتا ہے۔ اپنے دشمن سے بچنے کی کوشش کرخواہ وہ دشمن بے دست و پا ہی کیوں نہو دیکھ بھنگ اگرچہ خاک نشیں ہوتا ہے مگر کاٹنے میں کمی نہیں کرتا۔ دنیا کے ان لاعلاج حالات دیکھکر اہل دانش گوشہ نشین ہوگئے ہیں۔ یا علیؑ (ایسے وقت میں) آپ میری دستگیری کریں کہ مجھے اس فلک نے بہت تنگ کردیا ہے۔

ہو دستگیر مجھے یا علی ولی اللہ کہ اس فلک نے کیا ہے کمال مجھ کو تہی دنیا کی شکایت کے بعد یہ گریز اچھا کیا ہے۔ اس کے بعد چھ سات شعر مدح کے ہیں۔ دو شعر حضرت کے غلام قنبر کی تعریف میں ہیں۔ تین شعر حضرت کے مرکب دُلدُل کی تعریف میں ہیں۔ مقطع میں کہتے ہیں کہ ولی اُسی کی آل پر سے تصدق کی ہوئی چیز ہے اور اُس نے (یعنی ولی نے) اس کے (حضرت علیؓ) چراغ پر اپنے دل کو ہمیشہ پروانہ بنایا۔

چوتھا اور پانچواں دونوں قصیدے ایک ہی زمین میں ہیں۔ چوتھا قصیدہ حضرت میراں محی الدین قدس سرہٗ کی شان میں ہے۔ اور پانچواں حضرت شاہ وجیہہ الدین قدس سرہٗ کی مدح میں۔ چوتھے قصیدے میں ابتدا ہی سے حسن کی تعریف شروع کی ہے۔ یہ نہیں معلوم ہوتا کہ یہ حضرت میراں محی الدینؒ کی مدح ہے یا معشوق کے حُسن کی۔ بیسویں شعر میں البتہ صاف طور پر حضرت کو خطاب کیا ہے' اور اخیر تک مدحیہ اشعار کہے ہیں۔ مقطع کا شعر ہے۔

یقیں ہے مجھ کو اگر یو قصیدۂ رنگیں سُنیں تو وجد کریں انوری و خاقانی

اس میں شک نہیں' پرانی زبان کے قطع نظر' قصیدہ بہت اعلیٰ درجہ کا ہے مگر یہ ثابت نہ ہو سکا کہ انوری یا خاقانی کے جواب میں یہ قصیدہ لکھا ہے۔ اِن دونوں کے کلیات میں اس زمین میں کوئی قصیدہ نظر نہ آیا۔ خاقانی نے اس قافیہ میں ایک قصیدہ کہا ہے۔ لیکن بحر بدلی ہوئی ہے۔

نثارِ اشک من ہر شب شکر ریزست پنہانی کہ ہمت راز ناشوئی ست باز انو و پیشانی

انوری و خاقانی کا ذکر شاید اس لحاظ سے کیا ہو کہ قصیدہ میں یہی دونوں سب سے بڑھے ہوئے مانے جاتے ہیں۔

پانچویں قصیدے میں حضرت شاہ وجیہہ الدین قدس سرہٗ کی مدح کی ہے' جنکی مزار مبارک احمد آباد گجرات میں ہے۔ صفر کے مہینے میں حضرت کا عرس ہوتا ہے۔ یہ قصیدہ عرس ہی کے زمانہ میں کہا گیا ہے۔ چودہ اشعار میں بہاریہ تشبیب ہے۔ پندرھواں شعر گریز کا ہے کہ ایسی بہار میں

حضرت کا عرس آیا ہے۔

سو اس بہار میں آیا ہے عرس حضرت کا ہوئی ہے پھر کہ عیاں حشمت سلیمانی

گریز کے بعد عرس کی تعریف کی ہے۔ پھر حضرت کی مدح ہے۔ ایک ایک شعر آستان، صحن، حوض، کنواں، مسجد، گنبد اور مدرسہ کی تعریف میں ہے۔ مقطع میں فرماتے ہیں۔

لکھا ہوں دل کو ولی کے یو مصرع عرفی کہ ایں قصیدہ بیاضی بود نہ دیوانی

دوسرا مصرعہ عرفی کے ایک قصیدہ کا ہے جو اسی زمین میں ہے۔ یقین ہے کہ یہ اور غالباً اس سے پہلے کا قصیدہ بھی عرفی کے اس قصیدے کے ملاحظہ کے بعد لکھا گیا۔ چند ہم قافیہ شعر ملاحظہ ہوں:۔

عرفی بوصف ریش اگر خامہ زن شوم گردد انا ملم ہمگی چوں ہلال نورانی

ولی چراغ گرد یو روضہ کے جب ہوئے روشن ہر اک چراغ ہے جیوں آفتاب نورانی

جیوں = جوں، جیسے

ولی روضہ کے چراغوں کو آفتاب کی طرح نورانی بتاتے ہیں۔ اور عرفی کہتا ہے کہ اس کی رائے کی تعریف کروں تو میری انگلیاں چاند کی طرح نورانی ہو جائیں۔ اگرچہ عرفی کا خیال بہت نازک ہے اور اچھا معلوم ہوتا ہے مگر ولی کے چراغ کو آفتاب سے تشبیہ دینے میں جو سادگی اور فطری انداز ہے اس کا لطف ہی دوسرا ہے۔

عرفی فلک بمردمکِ آفتاب گردیدے بروزِ عدل تو حسنِ زمانہ فانی

ق

بماندے از حرکتِ آفتاب در مطلع مثالِ دیدۂ عاشق بگاہِ حیرانی

ولی ترے جمال کی یو آرسی جو کوئی دیکھے تو حاصل اس کوں ہوئے سوائے حیرانی

عرفی کہتا ہے کہ آسمان اگر آفتاب کی آنکھ سے تیرے عدل کے روز حسن زمانہ کو دیکھے تو دیدۂ عاشق کی طرح حیران رہ جائے۔ ولی کہتے ہیں کہ تیرا جمال آئینہ جیسا مصفا ہے۔ پس جو کوئی اسے دیکھے گا سوائے حیرانی کے اس کو کچھ حاصل نہ ہوگا۔ ممدوح کے چہرے کی چمک دمک کو آئینہ سے تشبیہ دی ہے۔

آئینہ کے ساتھ حیرانی کا خیال وابستہ ہے۔ کمال کی انتہا کا اثر حیرانی ہے پس حُسن کے کمال سے حیرانی کا پیدا ہونا لازمی ہوا۔ اس لئے ممدوح کے چہرے میں کمال حُسن کو دیکھ کر حیران ہونا گویا آئینہ کو دیکھ کر حیران ہونا ہوا۔

عرفی بعہدِ او شعرا در صفاتِ زلفِ بتاں — کنند نقلِ جمعیت از پریشانی

ولی جنوں ہے یو کہ اچھے جیو کوں اسکی جمعیت — تری زُلف ہے جسے باعث پریشانی

اچھے = ہو، ہے

عرفی کہتا ہے کہ اس کے عہد میں شعرا 'زلفِ بتاں' کی صفت "پریشانی" کی جگہ "جمعیت" بیان کرتے ہیں۔ یعنی تیرے عہد میں اتنا امن اور آسایش ہے کہ 'زلفِ بتاں' کو بھی پریشان نہیں کہہ سکتے۔ ولی کہتے ہیں جس شخص کو تیری زلف پریشانی کا باعث ہے اس کے لئے جمعیت گویا جنون ہے۔ یعنی تری زلف کا سودا ایسا بے قدر ہیں کہ اس کو کھو دیا جائے اور اُسکی جگہ خاطر جمعی قبول کی جائے۔ عرفی کا شعر بہت ہی عمدہ ہے مگر مضمون پورا مبالغہ پر مبنی ہے۔ ولی نے مبالغہ نہیں کیا وہ محبوب کی زلف کی خوبی ثابت کرتے ہیں کہ ایسی پیاری زلف سے چھٹکارا حاصل کرنا جنون ہے۔

عرفی زشوقِ بوقلموں حلّہ عبارت من — مدام شاہدِ معنی نمود عُریانی

ولی ترے فراق نے عشاق کو کیا امداد — غذائے خونِ جگر ہور لباس عریانی

ہور = اور

اس قافیہ میں عرفی ہی کا شعر اچھا ہے۔

عرفی بنوش و باک مدار ایں شرابِ خامہ رسا — کہ نیست خوردنِ ایں بادہ را پشیمانی

نوائے لاف و گزافے کہ سنتِ شعر است — زدم چناں کہ دلم خوں شد از پشیمانی

ولی تری برہ میں جو دانش کی آرسی کوں رکھیا — عیاں وِسے ہے اُسے صورتِ پشیمانی

برہ = محبت، عشق، رکھیا = رکھا، وِسے ہے = دکھائی دیتی ہے

اگر تیرے عشق میں کوئی شخص عقل کے آئینہ کو دیکھے تو اُسے صرف پشیمانی کی صورت دکھائی دیگی۔

کیونکہ عشق، اور تیرے عشق کی حالت میں عقل کی طرف رجوع کرنا ایک نادانی ہے۔ عرفی کے دونوں شعر اس کو نہیں پہنچتے

عرفی دلیر زانش پرستم کہ از لیاقت او گرفتہ برہمنی صورتِ مسلمانی

ولی تری زلف سوں لئے کافراں سرشتہ کفر ترے جمال سوں ہے رونقِ مسلمانی

"مسلمانی" کا قافیہ دونوں کے ہاں بہت عمدگی سے بندھا ہے۔ عرفی کا یہ شعر حکیم ابوالفتح کی مدح میں ہے۔ کہتا ہے کہ اس کی لیاقت سے برہمن مسلمان نظر آتا ہے۔ ولی کا شعر عرفی سے بہت بڑھا چڑھا ہے۔ زلف سیاہ ہوتی ہے اس لئے اس کو شعرا ہندو بولتے ہیں ؎

خط بڑھا، زلفیں بڑھیں، کاکل بڑھے، گیسو بڑھے حسن کی سرکار میں جتنے بڑھے ہندو بڑھے

پھر زلف اور زنار میں تشبیہ ہے اسلئے کہتے ہیں کہ کافروں نے کفر کا سررشتہ تیری زلف سے حاصل کیا اور تیرے پرجمال چہرے سے مسلمانی کی رونق ہے۔ اس قافیہ میں عرفی نے دو لاجواب مطلع نکالے ہیں۔

بیاکہ با دلم آں می کند پریشانی کہ غمزۂ تو نہ کرد ست با مسلمانی

زہے وفائے تو ہمسایۂ پشیمانی نگاہِ گرم تو تکلیف نامسلمانی

ولی کے ہاں اس قافیہ میں کوئی مطلع نہیں صرف ایک شعر اور ہے۔

ہے ملکِ دیں میں تری ذات کوں شہنشاہی ہے نقد علم ترا سکہ مسلمانی

عرفی کسیکہ تشنہ لب ناز تست میداند کہ موج آب حیات است بیں پیشانی

ہماں کہ فرق فلک را بہ تیغ بشکافد گرت زحادثہ چینے فتد بہ پیشانی

ولی وہ آفتاب منط جگ منیں ہوا روشن ترے جو نقشِ قدم پر گھسا ہے پیشانی

منط = طرح، منیں = میں،

تجھ آستان پہ سورج تا کہ آکرے سجدہ ہوا ہے سر سوں قدم لگ تمام پیشانی

تجھ آستان = تیرے آستاں، لگ = تک،

عرفی کہتا ہے کہ جو شخص تیرے ناز کا کشتہ ہے وہ تیری جبینِ پیشانی کو آبِ حیات کی موج سمجھتا ہے۔ دوسرے شعر میں کہتا ہے اگر کسی حادثہ سے تیری پیشانی پر بل پڑ گیا تو آسمان کا سر تلوار سے کاٹ دیا جائے گا۔ ولی کے شعر صاف ہیں۔ عرفی کے دونوں شعر ولی سے بڑھے ہوئے ہیں۔

عرفی
نہ نفسِ کلی و دریائے گوہر دانش — نہ عقلِ اوّل و استاد جوہر ثانی
زسایہ تاج دہ فرق بخت عرفی باد — ہمائے دولت مخدوم اول و ثانی

ولی
یو ممکنات میں تمکیں تری پہ ہوئی ہے ختم — اتا جہاں نہیں ہے ممتنع ترا ثانی
یو دینِ پاک میں بے شک ہے تو وو جہ الدین — عدم ہے آج زمیں کے اوپر ترا ثانی
وو فیض بخش ہے مسجد مکان برجستہ — کہ جسکی وصف میں بولیا ہوں کعبۂ ثانی

توں = تو، وو = وہ، بولیا ہوں = بولا ہوں،

"ثانی" کا قافیہ ولی کے پہلے شعر میں بہت ہی عمدگی سے بندھا ہے۔ باقی دو شعر عرفی سے بہتر نہیں۔

عرفی نے اس قصیدے میں انوری، خاقانی اور کمال اسمٰعیل تینوں سے اپنے کو افضل ظاہر کیا ہے مگر ان کا ذکر بے ادبی سے کرتا ہے۔ انوری کے متعلق کہتا ہے۔

مقرّ حیکہ من از بہرِ روح سازدہم — نہ انوری نہ فلانی دہد نہ بہمانی

خاقانی پر کئی جگہ طعن کیا ہے:۔

ببیں کہ تافتہ ابریشمش چہ خامی یافت — زتابِ اطلسِ من شعرِ بافِ شروانی
زمانہ بیں کہ مرا جلوہ داد تا از رشک — بداغہائے پس از مرگ سوخت خاقانی
زہمعنانی شعرم بشاعرِ شروان — بعہدِ کودکیم ذہن کردہ شروانی

کمال اسمٰعیل اصفہانی کے متعلق کہتا ہے:۔

بعہدِ جلوۂ حسنِ کلام من اندوخت — قبولِ شاہدِ نظمِ کمال نقصانی
کنوں کہ یافت چو من سرمہ سائے در شیراز — خرد زدیدہ کشد سرمۂ صفاہانی

مدہ بہ راوی ناجنس نامہ ام کہ مرا　　دریں قصیدہ بروز کمال نشانی
مرا زنسبت ہمدردی کمال غم است　　وگرنہ شعر چہ غم دارد از غلط خوانی

ولی نے اپنے کمال کو اس طرح اوروں کی تنقیص کر کے نہیں ثابت کیا۔

یقیں ہے مجکوں اگر یو قصیدۂ رنگیں　　سنیں تو وجد کریں انوری و خاقانی

انوری اور خاقانی کے کمال پر حرف نہیں رکھا بلکہ ان کے کمال کو مانتے ہوئے کہتے ہیں کہ وہ بھی اس قصیدہ کو سنینگے تو وجد کرینگے۔

عرفی اور ولی کے ہم قافیہ اشعار کے مقابلہ سے یہ ثابت کرنا مقصود نہیں کہ ولی قصیدہ میں عرفی سے بہتر تھے۔ عرفی علاوہ اس کے کہ وہ ولی سے پہلے کا شاعر ہے، ولی سے قصیدے میں بڑھا ہوا ہے۔ خود یہ قصیدہ ولی کے دونوں قصیدوں سے بہتر ہے اگرچہ اتفاق سے ہم قافیہ اشعار میں ولی کے بعض شعر اچھے نکلے ہیں لیکن اسی قصیدہ میں عرفی نے دوسرے قافیوں میں بہت بلند پایہ شعر کہے ہیں۔

ترحمے نہ کند حسن بر دلم گوئی　　کہ در زمانۂ یوسف نہ بود زندانی
متاعِ حسن تو سرمایۂ تہی دستی　　خیالِ زلف تو مجموعۂ پریشانی
لبِ تو جرعہ دہِ بادۂ دل آشوبی　　غمِ تو شانہ کشِ طرّۂ تن آسانی
ذخیرۂ نہد از من کہ مانی از صورت　　تمتعے برم از وے کہ صورت از مانی

.....

عداوتش بہ گہر سیمیائے مصلحتے　　عنایتش بہ اثر کیمیائے رحمانی
زمانہ را و فلک را بوے خطا لیے بود　　نہ دوش و دی دم اشراق صبح امکانی

ہم قافیہ اشعار کے علاوہ ولی کے ہاں بھی اچھے اشعار موجود ہیں مگر وہ عرفی کے بہترین اشعار کی ٹکر کے نہیں۔

تجھ اشتیاق کی آتش سوں سرفراز ہے دل　　کہ سر پہ آگ کے شعلہ ہے تاج سلطانی

تیرے اشتیاق (شوق) کی آگ سے دل سرفراز ہے　　آگ کے سر پہ شعلہ تاج سلطانی ہے۔

جگت میں تجھ خم ابرو کی کج نگاہی دیکھ
ڈوبے ہیں آب میں سرو تا قدم ایمانی

ترے چمن کی صبا گر کرے چراغ کوں گل
گل چراغ دسے جیوں گل گلستانی

ہوا ہے خلق اوپر پھر کہ فضل سبحانی
کیا ہے ابر نے رحمت سوں گوہر افشانی

یو آب صاف کوں گوہر نے دیکھ خجلت سوں
صدف کے بیت میں گل کر ہوا ہے جو پانی

قطار قطرۂ شبنم سوں آج سبزۂ خضر
لے سبحہ ہاتھ میں کرتا ہے ادعیہ خوانی

ہر ایک قطرۂ شبنم ہے غیرتِ گوہر
ہر ایک پات پہ برسیا جو ابر نیسانی

جو اُس کے بھید کے پیاسے تھے یو پانی دیکھ
پیے ہیں آب نمط راز ہائے پنہانی

ولی نے اگرچہ زیادہ تعداد میں قصیدے نہیں کہے مگر انھیں چار پانچ قصیدوں سے اندازہ ہوتا ہے کہ اگر وہ اس صنف میں زیادہ کوشش کرتے تو یقیناً فارسی کے بہترین قصیدہ گو شعرا کے برابر ثابت ہوتے۔ ولی نے قصیدہ کے تقریباً تمام لوازمات کا خیال رکھا۔ ان کے بعض مطلعے بہت زوردار ہیں۔ گریز کے اشعار بھی بُرے نہیں اور خاتمہ بھی قصیدے کے شایانِ شان ہوتا ہے بلندیٔ خیال کی مثالیں اوپر پیش کی گئی ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ انہیں وہ پیچھے نہیں۔ انکے قصیدوں میں صرف ایک کمی نظر آتی ہے وہ یہ کہ قصائد کی زبان شاندار نہیں۔ فارسی زبان میں اور اُردو میں بعد کے قصیدہ گو شعرا نے غزل اور قصیدے کی زبان میں خاصا فرق پیدا کیا ہے۔ ولی کے قصیدے غزل ہی کی زبان میں ہیں۔ وہی ترکیبیں، وہی الفاظ اور اکثر وہی خیالات اور طرزِ بیان۔

ماقی آئندہ

نورتن رنگین

ڈاکٹر نیر نگ کے گل چھرّے

رنگین کی کہانی انشاء کی زبانی

جس لطافت سے میر انشاء اللہ خاں انشاء نے اپنے لنگوٹی آشنا میرزا سعادت یار خاں رنگین کا تعارف کرایا ہے، ریختہ نویسوں کا خاکا اڑایا ہے اور ریختی کی ایجاد پر گل افشانی کی ہے، وہ مزے لینے ہی کے لائق نہیں بلکہ چٹخارے بھرتے رہنے کے قابل ہے۔

انشاء نے اپنی اس بڑ میں کسی چھوٹے بڑے کو نہیں چھوڑا۔ ولی، ریختہ کے آدم سے لیکر اپنے ہمجولی رنگین تک سب کو خوب صلواتیں سنائی ہیں اور بی نورن اور غفر غینی کی مٹی کی آڑ میں شکار کھیلے ہیں۔ طرفہ تماشا یہ کہ خود پر اور اپنے یار غار پر مزے مزے کی پھبتیاں کسی ہیں۔

فرماتے ہیں "میر انشاء اللہ خاں بچارے میر ماشاء اللہ خاں کے بیٹے آگے پریزاد تھے۔ ہم بھی گھورنے کو جایا کرتے تھے۔ اب شاعر بن گئے۔ مرزا مظہر جان جاناں صاحب کے روزمرّہ کو نام رکھتے ہیں[1] اور سب سے زیادہ ایک اور سنئے کہ سعادت یار طہماسپ کا بیٹا انوری ریختہ آپکو جانتا ہے۔

---

[1] اصل غفر غینی کے کلام کے لئے دریائے لطافت مطبوعہ مرشد آباد ۱۸۵۰ء کے صفحات ۸۹ - ۹۰ اور دریائے لطافت مطبوعہ لکھنو (انجمن ترقی اردو) کے صفحات ۵۱ - ۵۳ ملاحظہ ہوں۔ یہ اقتباس مرحوم محمد حسین آزاد کی آبحیات سے لیا گیا ہے۔ ملاحظہ ہوں صفحات ۱۰۹ - ۱۱۰ مطبوعہ لاہور ۱۹۱۰ء

رنگین تخلص ہے۔ ایک قصہ کہا ہے۔ اس مثنوی کا نام دلپذیر رکھا ہے۔ رنڈیوں کی بولی اسمیں باندھی ہے میر حسن پر زہر کھایا ہے۔ ہر چند اس مرحوم کو بھی شعور نہ تھا بدر منیر کی مثنوی نہیں کہی گویا سانڈے کا تیل بیچتے ہیں۔ بھلا اس کو شعر کیونکر کہئے۔ سارے لوگ دلی کے لکھنو کے رنڈی سے لیکر مرد تک پڑھتے ہیں۔

چلی واں سے دامن اٹھاتی ہوئی کڑے کو کڑے سے بجاتی ہوئی

سو اس بچارے رنگین نے بھی اسی طور پر قصہ کہا ہے۔ کوئی پوچھے کہ بھائی تیرا باپ رسالدار مسلم۔ لیکن بچارا برچھی بھالے کا ہلانے والا۔ تیغے کا چلانے والا تھا۔ تو ایسا قابل کہاں سے ہوا اور شہدپن جو بہت مزاج میں رنڈی بازی سے آگیا ہے۔ تو رسخیتہ کے تئیں چھوڑ کر ایک رسخیتی ایجاد کی ہے۔ اسواسطے کہ بھلے آدمیوں کی بہو بیٹیاں پڑھکر مشتاق ہوں ..... بھلا یہ کلام کیا ہے:۔

ذرا گھر کو رنگیں کے تحقیق کر لو یہا نسے ہے کے پیسے ڈولی کہارو

[ور نچوڑی انگیا اور نگوڑی انگیا اور مڑوڑی انگیا اوبا مرد ہو کر یوں کہتا ہے۔ ع

کہیں ایسا نہو کمبخت میں ماری جاؤں

اور ایک کتاب بنائی ہے اس میں رنڈیوں کی بولی لکھی ہے جسمیں اوپر والیاں (چیلیں) ادپر والا (چاند)، اجلی (دھوبن) [اندر والا (دل) اور دوگانا، سہ گانا، بیگانا، زناخی، الانچی (دوست)] ۵

انشاء کی اس ستم ظریفی کے صدقے، رنگین کا کچا چٹھا کھل گیا۔ ان کے دل کی بھڑاس نکلی ہمارا کام نکلا۔ گو انشاء نے رسخیتہ کو بعد میں خوب چمکایا، مگر رنگین کی رسخیتی کے مقابل میں فی الوقت ہار مان لی۔

---

۱ اصل میں وہاں "غکھنے" یعنے رکھنے کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔ معلوم یہ ہوتا ہے کہ یہ تصحیح آزاد مرحوم نے کی ہے۔ ۲ "کھنائی پن" اصل میں ..... ۳ قلابون میں کی عبارت اصل سے اضافہ کی گئی ہے۔ ۴ "کہے" اصل میں۔

۵ ان زنانی اصطلاحات اور ریگماتی محاورات کی تشریح و تفصیل کے لئے مولوی عبدالحق صاحب کا مضمون رسالہ اردو میں ملاحظہ ہو۔ جلد دوم حصہ ہفتم بابت ماہ اکتوبر ۱۹۲۲ء صفحات ۶۳۰ - ۶۴۲ -

اسکے علاوہ رنگین کی رنگینی اور شگفتگی کا راز ہمارے ہاتھ لگ گیا اور رنگینی کی ٹوہ لگ گئی۔ اردوئے معلےٰ یا محلات کی زبان بے پردہ ہمارے سامنے کھڑی ہوگئی۔ اور رنگین کی بدولت صنف نازک کے نفسیات لسانی کا پتہ بھی چل گیا۔ ؎

عجب رنگینیاں ہوتی ہیں کچھ باتونمیں اے انشاء جہم مل بیٹھتے ہیں جب سعادت یار خاں اور ہم

رنگین کی رنگ رلیاں اس تمہید کے بعد ہم حیات رنگین کی نوقلمیونیوں کے جلوے دکھائیں گے۔ اور اصلی واقعات جو خود رنگین نے اپنے فارسی دیباچۂ دیوان رسخیتہ، اردو دیباچۂ دیوان بیختہ اور دیگر تصانیف میں لکھے ہیں ہدیہ ناظرین کریں گے۔ رنگین کے والد طہماسپ بیگ خاں انگنے سے ایک سال پہلے نادرشاہ درانی کی فوج میں لپٹے لپٹے توران سے ہندوستان ۱۱۵۲ھ میں جھپٹے۔ بقول "گل رعنا"[۲] چند روز لاہور میں نواب حسین الملک میر منور خاں کی سرکار میں ملازم رہے۔ اسکے بعد دلی میں نواب ضابط خاں اور نواب سخت خاں وغیرہ امرائے دربار کے ساتھ نوبت بنوبت آسودگی سے زندگی بسر کی" اس طرح مغلیہ دربار میں ہفت ہزاری منصب اور محکم الدولہ اعتقاد جنگ کے لقب سے سرفراز ہوئے۔

اس عالم میں سب سے پہلی شوخی جو رنگین نے دکھائی وہ سرہند میں ۱۱۶۰ھ میں شکم مادر سے سر نکالنا تھا۔ ان کے ایک اور بھائی آلہ یار بیگ خاں بھی تھے۔ باپ نے ان دونوں ہونہاروں کو بڑے چاؤ چوچلے سے تعلیم دی۔ شہسواری، تیراندازی غرض ہر ایک فوجی کمال میں ان کو چاق و چوبند کیا۔ سعادت یار خاں کی تربیت تو رزم آرائی کے لئے ہوئی تھی مگر فطرت کو کیا کریں کہ وہ سخت بزم آرا واقع ہوی تھی۔ دست و بازو تو سپاہ گری کے مشتاق تھے مگر دہیان شعر و سخن میں لگا ہوا تھا۔ غرض یہ رنگیلا پندرہ سال کی عمر سے گل کھلانے لگا۔ اور ظہور علی شاہ حاتم کے آگے دلی میں زانوادب تہ کیا۔

---

۱ ملاحظہ ہو دیوان ہند کے ہندوستانی قلمی نسخوں کی فہرست مرتبہ جے۔ اف۔ بلوہارڈٹ ۱۹۲۶ء صفحات ۹۴-۱۱۴۔

۲ مصنفہ حکیم سید عبدالحی مرحوم مطبوعہ اعظم گڈھ ۱۳۴۳ھ صفحات ۲۶۴-۲۶۹۔

مشق سخن کی۔ اور وہ رنگ چڑھا کہ چند ہی دنوں میں رنگینی طبع، نازک خیالی، طرز آفرینی میں اپنے زبردست ہمعصر بھی بیرنگ نظر آنے لگے۔ یہ سترہ سال کی کاوش اس طرح رنگ لائی۔ کہ ۱۲۰۲ھ میں دیوان رنگینہ ہو کر ٹپکی۔

اس عرصہ میں صرف رنگین کا قلم ہی رنگ آمیزی نہیں کرتا تھا بلکہ عہدہ کی خاطر گاہے ماہے ان کی تیغ کو بھی خونریزی پر آمادہ ہو جانا پڑتا تھا۔ چنانچہ جس وقت شاہان مغلیہ اور مادھوجی سندھیا کے درمیان چھڑی، نواب مرزا اسمٰعیل بیگ خاں مقابلہ کے لئے میدان میں اترے۔ ہمراہ رکاب رنگین بھی تھے۔ پٹن پر لڑائی ٹھنی۔ مرہٹوں نے رنگ بھنگ کر دیا۔ مغلیہ فوج تتر بتر ہو گئی رنگین کا سرمایہ ہنر "دیوان رنگینہ" بھی نذر عدو ہوا۔ رنگین فق ہو گئے۔ اپنے "جنگ نامہ" کو اپنے زخموں سے رنگ دیا ہے۔ نواب نے گجرات میں پناہ لی۔ یہ دو سال تک گوالیار کے دربار میں رنگ جمائے رہے۔ مگر لکھنو کی طرف آنکھیں لگی ہوئی تھیں۔ شہزادہ میرزا سلیمان شکوہ شہنشاہ شاہ عالم کے بیٹے کے دربار کا رنگ دیکھنا تھا سو دیکھ لیا۔ "اخبار رنگین" میں انہی واقعات سے رنگ بکھرا ہے۔ ان کی زندگی کے یہ نو سال گویا نورتن تھے۔ شاہی خزانہ پر ان کا ہاتھ پڑا اور اس بچارے کا رنگ زرد ہو گیا۔ مگر یہ خوب رنگ رلیاں مناتے رہے۔ گھوڑے اڑاتے رہے۔ ابھی تک ان کا "فرس نامہ" (۱۲۱۰ھ) گواہی کے لئے موجود ہے۔ نواب آصف الدولہ کے انتقال کے بعد ۱۲۱۲ھ میں رنگین مرشد آباد پہنچے۔ یہاں انکا رنگ نکھرنے نہ پایا۔ گوالیار لوٹے اور کھنڈوجی مرہٹہ سردار کی فوج میں کمان حاصل کی۔ اور یہاں بھی تحصیلات اراضی سے ان کے ہاتھ رنگین رہے۔

نورتن رنگین رنگین کی شاعری یہاں رنگ پر آئی اور "نورتن" کو یہیں مرصع ہونا تھا۔ ۱۲۱۵ھ میں پہلا رتن "دیوان رنگینہ" "نورتن" میں جڑا گیا۔ ایک سال بعد ہی دوسرے رنگ کی تلاش میں مصروف ہو گئے یہاں تک کہ اس کا نام "دیوان رنگینہ" رکھکر انھوں نے اسکو اپنے نورتن میں ۱۲۲۰ھ میں جا ہی دیا۔ اسطرح رنگین کی عمر کے چھ شہپار سے گوالیار میں گذر چکے تھے۔ اب انھیں ترک ملازمت

اور سیر و سیاحت کی سوجھی۔ شاعری کا رنگ پکا ہوتا گیا۔ میر افضل علی خاں نیازؔ کے ہمراہ کلکتہ پہنچے۔ اور تیسرا جواہر پارہ یہیں ان کے ہاتھ لگا۔ اس کو "دیوان آمیختہ" سے نامزد کر کے چٹ سے اپنے نورتن میں بٹھا دیا۔ اس کے بعد ایک اور دُرِّ یتیم خاص طور پر ان کے نصیب میں آیا۔ وہ ان کی غزلیات کا دیوان تھا۔ "دیوان انگیختہ" یا "دیوان ریختی" جس کی کہانی آپ نے انشاء کی زبانی سنی ہے، وہ یہی ہے۔ یہ "نورتن" کا چوتھا رتن بنا۔ اور ان چار دیوانوں کو رنگین نے "چہار عنصر رنگین" کا لقب بخشا۔ دلی و لکھنو کے سوا، رنگین ایران سے بھی کچھ تارے توڑ لائے تھے ۱۲۳۰ھ میں ان کو جوڑ کر "حدیقۂ رنگین" بنا دیا۔ یہ نورتن کا پانچواں نگینہ تھا۔ جوں جوں یہ جواہر ریزے رنگین کے کلام کے خزانے میں بھرتے جاتے تھے ان کی امنگیں بڑھتی جاتی تھیں۔ طبیعت پر رنگینی چھاتی جاتی تھی۔ انہوں نے اس مجموعہ کو "خمسہ رنگین" کا خطاب دیا۔ پھر اپنے نو لکھے ہار کو پورا کرنے کی دھن میں لگ گئے ان کی بلبل قلم ستر زبانوں میں بولیاں بولنے لگی۔ ۱۲۳۵ھ میں اس رنگا رنگ کی بولیوں کے گلدستہ کا نام رنگین نے "مجموعہ رنگین" رکھا۔ اور اسکو بھی اپنے نورتن میں سجا کر دیا۔ ان چھ دیوانوں کو چھوڑ کر سیانوں کے ساتھ دل لگایا۔ اپنے دستار بدل بھائیوں کی پرانی فرمائشوں کو پورا کیا۔ جو صحبتیں شعرا اور امراء کی اٹھائی تھیں ان کو نثر میں قلمبند کیا۔ دلی، سہارنپور، فیروزپور، لکھنو، الہ آباد، کلکتہ، ڈھاکہ کی مجلسوں کی یاد تازہ کی۔ اور مجالس رنگین قائم کیں۔ اس کے بعد کچھ آپ بیتی بھی کہنی تھی کچھ زمانہ کی طوطا چشمی بھی دکھانی تھی اس لئے اخبار رنگین بھی سینہ کے داغ کی صورت میں نمایاں ہو گئے۔ "مجالس رنگین" کو "اخبار رنگین" کی نثر کی لڑی میں پرو کر "ہشت بہشت رنگین" کا ہار بنایا۔ اور پھر جو جوش جنوں ہوا اور فن دانی کی سر میں سمائی تو خود کو شاعری کی کسوٹی پر کس کے "امتحان رنگین" کا نتیجہ دکھلایا۔ یہیں شاعر، استاد، ملک الشعرا، اور علامہ سب کو نوازا۔ اور وہ خود سرائی کی کہ آسمان شاعری کی نظم پروین بکھر گئی۔ مگر انہوں نے سب کو اپنے نورتن کے سر چیپ دیا۔ "قلمبند شد نورتن" ہاتف نے تاریخ کہی۔

(باقی عند التلاقی)

ملک العلماء قاضی شہاب الدین دولت آبادی

(از جناب شیخ چاند صاحب۔ متعلم سینئر بی۔ اے)

دکن کا مشہور جید مصنف اور علم پرور فرمانروا سالہائے آٹھ سو سال قبل ابدیت کی گہری نیند سو رہا تھا۔ مشہور مدبر اور فاضل انشا پرداز ہمیشہ پنت تین سو سال قبل اس جہان ناپائدار سے کوچ کر چکا تھا عوام کو ابھارنے والا ہر ہٹی کا مجدد علی ویدانتی مصنف دانیشور سو سال پہلے جنم بدلنے چل بسا تھا۔ غرض دکن میں علم و کمال کی شمع ٹمٹما رہی تھی۔ اور اندیشہ تھا کہ اسکے خاموش ہونے پر کہیں ظلمت نہ چھا جائے کہ اتنے میں حضرت برہان الدین غریب اپنے مرشد کامل حضرت سلطان الاولیا، کے حکم سے سات سو اولوالعزم بزرگوں کے ہمراہ دولت آباد (روضہ) تشریف لائے اور سلطان تغلق نے اپنی مصلحتوں کی بنا، پر دلی کو بے چراغ کر کے دیوگڑھ کو آباد کیا۔ اور اسلامی تہذیب و تمدن کا وہ آفتاب جسکی ضیا پاشیوں سے تمام شمالی ہند منور ہو رہا تھا اب ظلمت کدۂ دکن میں انوار گستر ہوا۔ درس و تدریس اور ارشاد و ہدایت کے چشمے دکن کی "سرزمین" میں ابل پڑے[1]۔

اسکے چند ہی دنوں بعد دیوگڑھ حقیقی معنوں میں دولت آباد اور روضہ جنت کا نمونہ ہو گیا تھا۔ شاہی سرپرستی اور امراء کی قدر دانی میں اسکی آبادی، رونق اور چہل پہل بڑھانے میں گوناگوں کوششیں کی گئیں وسیع خوشنما سڑکیں بنائی گئیں۔ فلک رس محلات تعمیر کئے گئے۔ باغات کی بنیاد ڈالی گئی۔ آب رسانی کے لئے تالاب بنوائے گئے۔ میووں کے درخت دور دور سے منگوائے گئے۔ صنعت و حرفت کے کارخانے کھولے گئے۔ صناعوں نے بھی خوب خوب جدتیں کیں۔ اہل قلم نے علم کے دریا بہادئے۔ اور اپنی خامہ فرسائی سے وہ گراں بہا موتی اگلے کہ علمی دنیا محو حیرت

---

[1] ماخوذ از اورنگ آباد گزیٹیر اور روضۃ الاولیا، تالیف علامہ میر غلام علی آزاد بلگرامی۔ ۱۲

ہوگئی ۔ غرض نہایت ہی قلیل عرصہ میں دولت آباد بام عزت پر جلوہ گر بلند رتبہ پر فائز اور مشہور بلاد اسلامیہ کا ہمسر ہوگیا اور شاید اسی لئے قدسی علیہ الرحمۃ نے فرمایا ؎

زمین دکن سرنیاز دفرود زفیروزہ رنگی بچرخ کبود[1]

جن محترم و تقدس مآب ہستیوں کی کوشش کی بدولت دکن کا نام زندہ و روشن ہے ان کے احسان سے سبکدوش ہونا ممکن نہیں ۔ ہم ان کے نام اور کام سے خوش ہوتے ہیں اور فخر کرتے ہیں لیکن ہم ان حضرات کا ذکر زیب قرطاس کرتے رہینگے جو سرسوتی کے گود میں پلے جنہوں نے اسکے سایۂ عاطفت میں قلم کے کھلونے سے اپنا دل بہلایا اوروں کو خوش کیا ۔ فائدہ پہنچایا اور اسکے سپوتوں میں عزت پائی ۔ ٹھیک طور پر نہیں کہا جاسکتا کہ ان کے دل و دماغ سے کیا کیا پیدا ہوا ۔ جس قدر معلوم ہے اس پر نازاں ہیں اور تفاخر و خود پسندی کے مزے لوٹنے میں باک نہیں کرتے ۔ لیکن ہم میں سے شاید ہی کوئی اس تلخی خیز تاسف کو محسوس کرے کہ ہماری نااہلی کی وجہ کیا کیا گردش ایام کی نذر ہوگیا ۔

جن ہستیوں نے علم کی جولانگاہ میں اپنے قلم اور دل و دماغ کی قوت صرف کردی ان کی فہرست سے آج ہم ملک العلماء قاضی شہاب الدین دولت آبادی کا نام انتخاب کرتے ہیں ۔ ممکن ہے کہ ان کے ذکر سے ہمارا خون حمیت جوش زن ہو اور ہم اپنے اسلاف کے نام اور کام باقی رکھنے کی کوشش کریں ؎

نام نیک رفتگاں ضائع مکن تابماند نام نیکت یادگار

شہاب الدین بن شمس الدین بن عمر ان کی اصل غزنین سے ہے یہ دولت آباد میں پیدا ہوئے اور یہیں نشو و نما پائی ، ابتدائی تعلیم بھی یہیں حاصل کی ۔ شوق علم میں انہوں نے دلی کا سفر کیا دلی اس وقت منتخب بلاد میں شمار ہوتی تھی ۔ ہر فن کے باکمال لوگ یہاں جمع تھے ۔ سید شرف الدین کیتھلی مولانا تاج الدین بہادر مولانا خواجگی حضرت قاضی عبدالمقتدر ۔ قاضی شہاب الدین کے ہموطن سید گیسو دراز جیسے جید علماء کا جمگھٹا تھا ۔ تحصیل علم کمال کی تشنگی یہیں بجھ سکتی تھی ۔ قاضی شہاب کو علم کی سچی لگن تھی وہ دہن کے پکے تھے ۔ وہ دلی پہونچے اور وہاں مولانا خواجگی اور قاضی عبدالمقتدر کے زمرۂ تلامذہ میں شریک ہوگئے ۔ ان کی شاگردی میں علوم رسمی حاصل کئے ۔

---

[1] ماخوذ از روضۃ الاولیاء ۔ ۱۲

اور اس انہماک اور تندہی سے تحصیل کی کہ چند ہی دنوں میں اپنے معاصرین میں ممتاز درجہ حاصل کر لیا۔ قاضی عبدالمقتدر قاضی شہاب کے اس غیر معمولی طلب اور شوق پر فرمایا کرتے تھے "پیش من طالب علمی آید کہ پوست او علم است و استخوان او علم است" اس جملہ سے بخوبی واضح ہوتا ہے کہ وہ کس شان کے طالب علم تھے۔ قاضی شہاب کو دلی کے بلند پایہ علماء کی صحبت نصیب ہوئی وہ وہاں عرصہ تک رہے اور کبھی راہِ طلب سے قدم نہیں ہٹایا۔ ان کے ارادے اور ولولے وہاں بار ور ہوئے۔ اس کے بعد وہ زمانہ آتا ہے جب ان کو اپنے علم و فضل کی داد ملتی ہے۔[1]

جس وقت یہ خبریں (رویائے حضرت گیسو دراز) نہایت گرمی کے ساتھ گشت کر رہی تھیں کہ صاحبقران امیر تیمور دلی پر لشکر آرا ہونے والا ہے اور اس کی فوجیں شہر کو خراب و برباد کرنیوالی ہیں تو مولانا خواجگی نے یہ سنکر دلی کو خیرباد کہا۔ قاضی شہاب بھی اپنے استاد مولانا خواجگی کے ہمرکاب ہوئے مولانا نے کالپی میں اقامت کی اور یہ جونپور سدھارے۔ (۸۰۱ھ)[2] جونپور اس وقت ایک حکومت کے صدر مقام کی حیثیت رکھتا تھا۔ محمود شاہ تغلق کی مسند آرائی کے وقت (۷۹۶ھ / ۱۳۹۶ء) ایک خواجہ سرا کو "ملک المشرق" کا لقب دیکر جونپور بھیجا گیا کہ دوآبہ کو شورشوں کا انسداد کرے۔ اس نے صدر حکومت کی کمزوری سے فائدہ اٹھایا اور خود مختار حکومت کی بنیاد ڈالی جو تقریباً سو برس تک قائم رہی۔ اس سلسلہ کے بادشاہ شرقی کہلاتے ہیں۔ ان کے کارناموں کو صرف وہاں کے آثار قدیمہ تک محدود کرنا کوتاہ نظری ہوگی۔ اس میں شبہ نہیں کہ ان کو دیکھکر سلاطین شرقیہ کی عظمت و جلالت کا اعتراف کرنا پڑتا ہے۔ "لیکن ان کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ اودھ سے جونپور تک سارے ملک کو ارباب علم و فضل سے معمور کر دیا۔ تعلیم کا سب سے بڑا مرکز خاص شہر جونپور تھا۔ لیکن صدہا علماء اور مشائخ کو دیہات بطریق جاگیر دیدئے گئے تھے کہ وہ اور ان کے شاگرد اطمینان سے وہاں رہکر علمی مشاغل میں اپنی زندگی بسر کریں۔ اہل علم کی بستیاں اور نو آبادیاں تھیں کہ جنکی وجہ سے شاہجہاں جیسا عالی نظر بادشاہ ان علاقوں پر فخر کرتا تھا اور کہا کرتا تھا کہ "پورب شیراز است"۔

---

[1] فرشتہ، مآثر الکرام، ریاض الاولیاء تالیف بختاور خاں عالمگیری مصنف مرأۃ العالم (متوفی ۱۱۹۶ھ ہجری مدفون احمد نگر) ۱۲

[2] مآثر الکرام۔ ۱۲

اور آج بھی جبکہ مشرقی علوم کی کساد بازاری انتہا کو پہنچ چکی ہے۔ اور علماء کے قدیم خاندان کس مپرسی کی بدولت تباہ و شکستہ حال ہیں "یورپ یعنی قدیم سلطنت مشرقی" قصبات مردم خیزی میں ضرب المثل ہے۔ جہاں اس دور رقمیں اسلامی علماء آکر آباد ہوئے تھے" [1]

القصہ اس وقت شرقی خاندان کے مشہور علم پرور اور ہر دلعزیز حکمران سلطان ابراہیم کے ہاتھ میں عنان حکومت تھی۔ آپ کی تشریف آوری کی خبر سنکر فرط مسرت سے بیخود ہوگیا۔ آپ کی تعظیم و توقیر کی۔ ہر وقت آپ کی رضاجوئی میں سرگرم رہتا تھا۔ متبرک ایام میں مجلسیں ہوتی تھیں۔ ان میں وہ خلوص دل سے شریک ہوتا۔ ایک مرتبہ قاضی شہاب بیمار ہوگئے۔ سلطان انکی عیادت کو گیا اور محبت آمیز لہجہ میں حال پوچھنے کے بعد ایک قدح کو پانی سے لبریز کر دیا اور سر سے وار کے نوش کیا اور دعا کی۔ "کوئی ایسا لطیفۂ غیبی ہو کہ قاضی شہاب کی بری قسمت میری اچھی قسمت سے بدل جائے اور جو مصیبت ان کو برداشت کرنی پڑی ہے وہ مجھے بھگتنی پڑے" [2]

سلطان ابراہیم کے دربار میں اور کئی علماء تھے لیکن قاضی شہاب کے علم و فضل کے آگے پیش نہیں گئی۔ سلطان نے ان کو ملک العلماء کا خطاب دیا۔ اس قدر دانی کو دیکھکر حاسدوں کے سینوں میں آگ بھڑک اٹھی۔ قاضی موصوف نے مولانا خواجگی سے ایک خط میں اس معاملہ کو آشکار کیا۔ مولانا نے سعدی کے یہ دو شعر جواب میں لکھ بھیجے ؎

اے پیش کہ آید در قلم ثنائے تو — واجب بر اہل مشرق و مغرب دعائے تو

اے در بقاء عمر تو نفع جہانیاں — باقی مباد آنکہ نخواہد بقائے تو

کہتے ہیں کہ حاسدوں کی ایک خاصی جماعت ہوگئی تھی جو ان کے اخیر دم تک رہی [3]

انہوں نے ہمیشہ طالب علمانہ گذاری اور اخیر دم تک یہی شغل رکھا۔ وہ شہید علم ہندوستان کے مشہور اور بلند پایہ عالموں میں شمار کئے جاتے ہیں۔ وہ اپنی تصانیف کی بدولت شہرت کے پروں پر اڑے۔ انکی شہرت

---

[1] تاریخ ہند جلد دوم سلسلۂ جامعۂ عثمانیہ۔ ۱۲

[2] فرشتہ۔ ۱۲

[3] مآثر الکرام۔ ۱۲

نہ صرف ہندوستان کی چار دیواری تک محدود رہی بلکہ بلاد عرب وعجم کا ہر پڑھا لکھا شخص ان کے نام سے آشنا تھا۔ اس زمانہ میں ممالک اسلامیہ عالی رتبہ علماء وفضلاء کے طفیل میں منور و تجلی یافتہ تھے۔ لیکن جو شہرت و ناموری انہوں نے حاصل کی وہ کسی دوسرے کو نصیب نہیں ہوئی[1]۔ جو کچھ وہ اپنے قلم سے دنیا میں چھوڑ گئے ہیں نہ صرف ان کے نام کو برقرار رکھنے کیلئے کافی ہے بلکہ اس سے ان کے وطن کا نام اسیطرح تابناک رہیگا جس طرح کوہ وقار قلعہ نے دولت آباد کے نام کو زندہ رکھا۔

ان کے قلم سے مختلف مضامین کی کئی کتابیں نکلیں چند مشہور کتابوں کا ہم ذکر کرتے ہیں:۔

(۱) حواشی کافیہ۔ المعروف بحاشیہ ہندی۔ عربی علم نحو کی مشہور و معروف کتاب پر حواشی ہے۔ اس کا لطیف و متین پیرایہ اپنا عدیل نہیں رکھتا۔ یہ انکے حین حیات ہی میں شہرت عام حاصل کر چکی تھی۔

(۲) ارشاد النحو۔ علم نحو میں ایک رسالہ اسمیں تعبیر کے ضمن میں تمثیل کا التزام رکھا ہے اور بالکل نئے طریقے پر مرتب کیا ہے۔ (اس کا ایک قلمی نسخہ محررہ ۶۸۹ھ کتب خانہ آصفیہ میں موجود ہے)

(۳) غایۃ التحقیق۔ شرح کافیہ۔ (کتبخانہ آصفیہ میں اس کا نسخہ موجود ہے)

(۴) بدیع البیان:۔ فن بلاغت پر مسجع عبارت میں لکھی ہے۔

(۵) تیسیر:۔ احکام دین و مسائل شرع عام مسلمانوں کے لئے سلیس اور پاکیزہ فارسی میں جمع کئے ہیں۔ اس کا ایک قلمی نسخہ کتب خانہ آصفیہ میں موجود ہے سنہری کاغذ اور چھوٹی تقطیع ہے[2]۔

(۶) بحر مواج:۔ یہ کلام پاک کی تفسیر ہے۔ فارسی زبان میں۔ اسکی کئی جلدیں ہیں قاضی شہاب نے اسکے دیباچہ میں اس جگر کاوی اور دماغ سوزی کا ذکر کیا ہے جس سے ان کو اس مہتم بالشان تفسیر کی تکمیل میں کام لینا پڑا۔ کئی مستند تفسیروں اور مشہور کتابوں کے گہرے مطالعہ اور ان پر ناقدانہ اور مبصرانہ نظر ڈالنے کے بعد پوری کمگئی[3]۔ اس تفسیر کو تذکرہ نویس ان کا "شہ پارہ" سمجھتے ہیں (کتبخانہ آصفیہ میں اسکی قلمی جلدیں موجود ہیں)

---

[1] ۔ مآثر الکرام ۔ ۱۲

[2] فقہ حنفی نمبر (۳۳۴) کتبخانہ آصفیہ ۔ ۱۲

[3] ربع اول کتب خانہ آصفیہ ۱۲

(۷) رسالہ در تقسیم علوم وصنائع۔

(۸) فتاویٰ ابراہیم شاہی۔

(۹) مناقب السادات (کتبخانہ آصفیہ)

(۱۰) قصیدہ بانت سعاد پر ایک طویل شرح، یہ شرح دائرۃ المعارف نظامیہ حیدرآباد دکن کے مطبع میں چھپ چکی ہے۔

ان کے علاوہ عربی وفارسی کے مختلف رسالے اور کتابیں آپ کے قلم سے نکلیں۔

نواب سبحان وردخاں عالمگیری اپنی ریاض الاولیاء میں لکھتے ہیں کہ قاضی شہاب فکر شعر بھی فرماتے تھے لیکن کسی دیوان وغیرہ کی نسبت دیکھا یا سنا نہیں۔ البتہ تیسیر الاحکام میں قاضی شہاب نے جابجا قطعے اور اشعار لکھے ہیں۔ ہم کچھ یہاں نقل کرنے کی اجازت چاہتے ہیں ممکن ہے کہ ارباب نظر انہی چند شعروں میں کوئی نکتہ پائیں:۔

ق

ہر کہ در رہ ادب طلب نکند — بر بساط شرف طرب نکند
ادب آموز کہ ہمیں خواہی — تا زمانہ ترا ادب نکند

ق

کارے ز ہر کار گزینی علم ست — علمے کہ زوال آں نہ بینی علم ست
صدرے کہ در و شاد نشینی علم ست — فخرے کہ بود فخر یقینی علم ست

ق

گر خاک کند گہر کہ گوید کہ مکن — در آب کند سنگر کہ گوید کہ مکن
وز تو ان گفت ازیں باب سخن — شاید کہ کند تبر کہ گوید کہ مکن[1]

---

[1] تیسیر الاحکام۔ فقہ حنفی نمبر (۳۳۴) کتب خانہ آصفیہ ۱۲

سلطان ابراہیم نے ۸۴۴ھ میں انتقال کیا۔ اسکی وفاتِ حسرت آیات سے عام رعایا کو سخت ملال ہوا۔ اسکے جنازہ کے ساتھ مرد و زن شریک تھے۔

دریغ آں شہنشاہِ صاحبقراں　　جم تاج بخش و مالک ستاں
دریغ آں دگر نیسار دزمیں　　بصد قرن شاہی بآں دار زمیں

اسکے انتقال سے قاضی شہاب کو بھی سخت صدمہ پہنچا اور انہوں نے بھی بقول فرشتہ سلطان کا حقِ رفاقت ادا کیا۔ اور اسی سنہ میں جنت سدھارے۔ بعض کہتے ہیں دو سال بعد، مآثر الکرام میں علامہ آزاد بلگرامی لکھتے ہیں۔

"در تاریخ بست و پنجم رجب المرجب سنہ تسع واربعین و ثمانمایہ بگل گشت فردوس اعلیٰ شتافت"۔

جون پور میں سلطان ابراہیم شرقی کی مسجد (مسجد اٹالہ) کے جنوب میں آپکا مرقد منور ہے۔

بہار کی رات

(از جناب محمد حبیب اللہ صاحب رشدی ۔ متعلم ایم اے)

سفید ابروں کی چلمنوں میں چھپا لیا ہے قمر نے چہرا
نقاب سیمیں کسی نے گویا فضائے عالم پہ ڈال دی ہے
جہاں میں چاروں طرف یہ پھیلا ہوا ہے اک نور کا دھندلکا
بہار کی ابتدا کے دن ہیں ہوا بھی اٹھلا کے چل رہی ہے
زمانہ سرشار ہو گیا ہے بھری ہے پھولوں کی مے ہوا میں
چھڑا ہے ایسا خموش نغمہ کہ ذرہ ذرہ کو وجد آئے
ہے روح کی التجائے مضطر کہ سارے عالم میں پھیل جائے

جو جلوہ افروز بزم نوروز ہے کوئی یہ اسے سنا دے
کہ دیکھ باہر ذرا نکل کر عجب ہے پر کیف تیرا گلشن
سحاب سا ایک بن گیا ہے پگھل گئے ہیں فلک پہ تارے
ترے لئے آج یاسمن نے ستارے اپنے کئے ہیں روشن
زمین پر موج لالہ و گل، فلک پہ ہے موج نور ظاہر
فضا میں اک حسن کا سمندر لطیف ہلکورے لے رہا ہے
تو جلد ڈال اس میں اپنی کشتی کہ وقت کتنا گزر گیا ہے

جامع دمشق

از مولوی عبدالمجید صاحب صدیقی ایم۔ اے ال ال۔ بی (عثمانیہ)
مددگار پروفیسر تاریخ۔ کلیہ جامعہ عثمانیہ

خاندان بنی امیہ میں ولید کا دورِ خلافت نہ صرف وسعت سلطنت کے لحاظ سے بلکہ از روئے ترقیات عامہ بھی تاریخ اسلام کا ایک سنہری زمانہ ہے یوں تو ترقیات عامہ کی شق میں بہت سی چیزیں شامل ہیں۔ بہت سی مسجدیں ہیں شفاخانے ہیں نہریں اور کنوئیں ہیں۔ لیکن جامع دمشق اسقدر عظیم الشان چیز ہے کہ اسکی جسقدر تحقیق کیجائے کم ہے موجودہ مستشرقین کا بیان ہے کہ دنیا کے عجائبات میں جامع دمشق کا تیسرا نمبر ہے تمام مسلمان مورخ اسلامی دنیا کی مشہور مساجد خصوصاً مکہ معظمہ۔ مدینہ منورہ اور بیت المقدس کی مسجدوں میں جامع دمشق کو پہلی جگہ دیتے ہیں اور اسکو فن عمارت کا کرشمہ سمجھتے ہیں یعقوبی جسنے اپنی تاریخ ۸۹۱ء میں لکھی ہے کہتا ہے کہ جامع دمشق مسلمانوں کا ایک شاندار کارنامہ ہے۔ اور اسیطرح اصطخری اور مقدسی جنکی تاریخیں ۹۵۰ء اور ۹۸۵ء کی ہیں جامع دمشق کو بہت سراہتے ہیں۔ مقریزی لکھتا ہے کہ جامع دمشق جنت کا ایک محل ہے۔ خلیفہ مہدی اور مامون عباسی نے اس مسجد کو دیکھکر یہ کہا تھا کہ یہ عمارت دنیا میں بالکل انوکھی اور حیرت انگیز ہے۔ عباسی حکمرانوں کی یہ داد جامع دمشق کے لئے ایک سند ہے۔ عباسی حکمران امویوں کے خار کھائے بیٹھے تھے۔ ان سے کسی داد کی امید نہ تھی۔ تاہم انہوں نے اس عمارت کی دل کھول کر داد دی۔ مسعودی اور ابن فقیہ کے بیان کے مطابق آٹھ سال کی لگاتار عرق ریزی کے بعد یہ مسجد پایہ تکمیل کو پہنچی تھی۔ چنانچہ ۷۰۶ء میں اسکی داغ بیل ڈالی گئی اور ۷۱۴ء میں یہ کام پورا ہوا۔ مصارف کی نسبت ایک روایت ہے کہ تمام سلطنت کا سات سال کا لگان اسمیں صرف ہوا لیکن دوسرے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ صرف خلیفہ کی ذاتی آمدنی اس پر صرف کیگئی۔ جب اسکی تعمیر سے عوام میں بیچینی پھیلنے لگی کہ ملک کا روپیہ آرائش میں رائگاں جارہا ہے تو خلیفہ نے اسکی تردید کی

اور ثابت کیا کہ سب کچھ اسکی ذاتی آمدنی ہے۔ جسمیں ملک کی آمدنی بالکل داخل نہیں۔ تاہم اس پہلی روایت سے پتہ چلتا ہے کہ ضرور ایک ان گنت رقم لگائی گئی ہے کیونکہ اس روایت کے غالباً یہ معنی ہوں گے کہ گوکل کی کل لاگت خلیفہ کی ذاتی آمدنی تھی لیکن یہ سلطنت کے سات سال کے لگان کے برابر تھی۔ حالانکہ جیسا بعد کو معلوم ہوگا اسکی تعمیر کیلئے بہت سا مسالہ باہر سے منگوایا گیا اور بہت سا بطور تحفہ حاصل ہوا تھا اور اسکے سوا قدیم عمارت کے بھی بہت کچھ حصے جوں کے توں چھوڑ دئے گئے۔ جب اسکے باوجود اسقدر روپیہ صرف ہوا ہے تو ظاہر ہے کہ تمام کی تمام لاگت آرائش اور زیبائش کے نذر ہوئی۔ چنانچہ سونا اور قیمتی پتھر اس کثرت سے استعمال کیا گیا کہ دیکھنے والوں کی آنکھیں چکاچوند ہوجاتی تھیں۔ عرب مورخ کہتے ہیں کہ چند رومی سیاح اسکے دیکھنے کیلئے آئے اور اسکو دیکھکر مبہوت ہوگئے۔

جن معماروں کا اس تعمیر میں حصہ تھا وہ مختلف مقامات سے بلائے گئے تھے۔ اگرچہ ان معماروں کے متعلق تحقیق ذرا مشکل ہے تاہم مقدسی کہتا ہے کہ یہ معمار ایران۔ ہندوستان۔ مشرقی افریقہ یعنے حبشہ۔ تونس۔ الجزائر سے بلائے گئے تھے۔ بعض لوگوں کو تعجب ہوتا ہے کہ مصر کے قبطی معمار کیوں نہیں بلائے گئے حالانکہ یہ لوگ قدیم زمانہ سے فن تعمیر کے استاد مانے گئے ہیں۔ لیکن ہم جانتے ہیں کہ امیر معاویہ نے مسجد حرام کی تعمیر میں اور عبدالملک نے مسجد اقصیٰ کی تعمیر میں ان لوگوں سے کوئی مدد نہیں لی جس سے پتہ چلتا ہے کہ قبطیوں کی معماری کے صرف افسانے ہی افسانے رہ گئے تھے لیکن ایران اور ہندوستان کے معماروں کا ذکر بالکل بے بنیاد معلوم ہوتا ہے۔ اس زمانے میں بلکہ اس سے پیشتر ہی یہاں کی معماری دھندلی پڑگئی تھی اور اہل کمال باقی نہیں رہے تھے۔ ابن جبیر۔ ابن بطوطہ۔ ابن خلدون کا بیان ہے کہ قسطنطنیہ سے (۱۲۰۰۰) معمار بلائے گئے تھے۔ اس بیان کے ماننے میں کوئی تامل نہیں ہونا چاہئے کیونکہ یہ اصل میں سیاسی دباو اور زبردستی کا نتیجہ تھا۔ ولید کے دور میں مسلمانوں کی زبردست پھیلنے والی طاقت اپنے ہمسایہ سلطنتوں پر ضرور اثر رکھتی ہوگی اور عجب نہیں کہ بیزنطینی حکمراں کی جانب سے جو خاطر خواہ سربراہی ہوئی وہ اسی دباو سے ہوئی ہو۔ اسنے نہ صرف قسطنطنیہ کے بلکہ اپنی تمام ماتحت قلمرو یعنے فلسطین اور اطالیہ کے معمار بھی روانہ کئے تھے۔ اسقدر غیر معمولی کوشش اور گرمجوشی کے ساتھ دنیا کی یہ عجیب و غریب عمارت کھڑی کردی گئی۔ اور ولید کے دور میں جسطرح اندلس۔ ترکستان اور سندھ کی فتوحات کی داستانیں زبان زد عوام تھیں اس سے زیادہ جامع دمشق کا ذکر بچہ بچہ کی زبان پر تھا۔ اسکی رونق اسکی گلکاری اور چمک دمک

ہر طرف چرچے تھے لیکن افسوس ہے کہ ایسی بے نظیر عمارت جس سے مسلمانوں کو طغرائے امتیاز حاصل تھا کئی دفعہ آگ کے نذر ہوئی چنانچہ ۱۴ اکتوبر ۱۸۹۳ء کی آگ نے اسکو بالکل تباہ کر ڈالا۔ اسکے بعد ہمیشہ اسکی ترمیمیں ہوتی رہیں لیکن اسکی تعمیری اور تاریخی دلچسپی باقی نہ رہ سکی۔

جامع دمشق کیلئے کوئی نئی اور الگ تھلگ جگہ نہیں اختیار کی گئی۔ بلکہ اسکی بنیاد ایک تاریخی مقام پر ڈالی گئی جس کا ذکر دلچسپی سے خالی نہیں۔ رومیوں کے زمانے سے پہلے یہاں ایک مندر بنا ہوا تھا جو سورج یا مشتری کے دیوتا سے منسوب تھا۔ یہ ضروری ہے کہ اسکا تعلق سائیزیکس (Cyzicus) کے انطیوکس (Antiochus) کی سلطنت سے ہوگا۔ یا اگر رومیوں کے زمانہ میں اسکی بنا مانی جائے تو یہ مندر پہلی یا دوسری صدی عیسوی سے متعلق ہوگا تھیوڈوسس نے (۳۷۸ - ۳۹۵) یا آرکیڈیس نے (۳۹۵ - ۴۰۸) یا تھیوڈوسس ثانی نے (۴۰۸ - ۴۵۰) اس مندر کو کلیسا میں بدل دیا۔ جب مسلمانوں نے ۶۳۶ء میں دمشق فتح کیا تو انہوں نے اس کلیسا کے دو حصے کر دئے آدھا کلیسا رہا اور آدھا مسجد میں بدل دیا گیا۔ لیکن ۷۰۸ء یا ۷۰۶ء میں اسکی بالکل کایا پلٹ ہوگئی۔ اسی سنہ میں ولید کے حکم سے جامع دمشق کے ساتھ ترقیات عامہ کی ایک برقی رو تمام ملک میں دوڑ گئی۔ چونکہ دمشق میں ایک مرکزی مسجد کی ضرورت تھی اور اسکے لئے شہر کے وسط میں ہونے کی وجہ سے یہی الگ جگہ موزوں تھی جہاں قدیم زمانے سے کلیسا قائم تھا۔ اسلئے مسلمانوں نے عیسائیوں سے باقی آدھا حصہ بھی لے لیا۔ اور اس کل عمارت کو ڈھا کر ولید نے اسکی جگہ پر عظیم الشان جامع دمشق کی بنیاد رکھی۔

اسکا مختصر خاکہ یہ ہے یہ ایک مستطیل شکل کے رقبہ میں واقع ہے اور یہ رقبہ ۵۳۰ فٹ طول اور ۳۲۰ فٹ عرض کی وسعت رکھتا ہے اور چار دیواروں سے گھرا ہوا ہے اور چاروں طرف ہر گوشہ پر چار برج ہیں اس رقبہ کے نصف حصہ پر مسجد کی عمارت ہے جس میں نماز ہوتی ہے اور باقی نصف صحن میں داخل ہے۔ صحن میں آمد و رفت کے جو راستے ہیں اُنپر سائبان ہے اور نماز گاہ کا رقبہ تین ہمعرض مشرقی اور جنوبی سمت والے منطقوں پر منقسم ہے۔ اور ان کو ایک کھڑا منطقہ دو برابر حصوں میں تقسیم کر دیتا ہے۔ اور ہر آدھا حصہ گیارہ کمانوں پر منقسم ہے۔ یہ کمان ایسے ستونوں پر قائم ہیں جن کا قیام استوانوں پر ہے۔ لیکن انکے اوپر ایک اور طبقہ کمانوں کا ہے جو پست ستونوں پر قائم ہیں اور یہی ستون چھت کو بھی سہارتے ہیں۔ قبلہ رو درمیانی حصہ میں چار محراب دار ستون ہیں جو مرکزی

گنبد کو تھامے ہوئے ہیں۔ یہ قبہ ہشت پہلو ہے اور چار و نطرف سے دریچوں کے ذریعے انہیں روشنی آتی ہے اس قبہ کے دونوں پہلوؤں پر جو سقف ہیں وہ مسطح ہیں۔ ۱۸۹۳ء کی آتش زدگی کے بعد انہیں تبدیل ہوئی ہے۔ قبلہ رو حصّے تو پہلے کی طرح بنا دئے گئے ہیں لیکن باقی اندرونی حصّوں کی صرف ترمیم کر دی گئی۔ قبہ کسیقدر بلند کر دیا گیا۔ تین مینا ہیں دو قبلہ رو دیوار کے گوشوں پر ہیں جو مینار عیسیٰ اور مینار غربیہ کہلاتے ہیں اور ایک مینار العروس مشرقی دروازہ باب العمارہ سے متصل ہے۔ دو اور دروازے شمال اور جنوب پر ہیں۔

جہانتک بیرونی آرائش کا تعلق ہے اسکا اظہار الفاظ سے ناممکن ہے بلکہ دیکھنے والے صرف دیکھکر لطف اٹھا سکتے ہیں تاہم صرف اس قدر لکھا جاسکتا ہے کہ نماز گاہ کی دیواروں پر اندر اور باہر دونوں طرف نہ صرف سنگِ مرمر چسپاں ہے بلکہ مختلف رنگ اور سنہری پچی کاری ہے جسمیں نباتات کی شکلیں دکھلائی گئی ہیں۔ عمارت کے اوپری حصّہ پر بھی پچی کاری تھی جو اب غائب ہے۔ سنہری چھت کے نیچے جسمیں چونے کی آرائش بھی تھی آئینوں کا ایک منطقہ تھا جو سنہری زمین پر تھا۔ محراب دار ستون اور کمان جنکی درمیانی چھت سنہری ہے سب پچی کاری سے آراستہ تھی۔ قبہ کا اندرونی حصّہ سب کا سب سونے سے جگمگاتا ہے اور بیرونی حصّہ پر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ایک سنہری نارنگی رکھی ہوئی ہے اور اس پر ایک سونے کا انار ہے۔ صدر محراب سنہری کام سے جگمگاتا ہے اسکے اطراف سنگ سلیمانی اور دوسرے پتھر جڑے ہوئے ہیں اور اس محراب کے اوپر ایک سونے کی بیل جڑی ہے فرش پر تمام پچی کاری ہے۔ شمالی دیوار کے تمام دریچے اور کمانیں سنہری جال اور رنگ برنگ کے شیشوں سے آراستہ ہیں۔ صحن کا فرش سنگ مرمر کا ہے۔ دیواریں۔ کمانیں دروازے سب کے سب پچی کاری سے آراستہ ہیں۔ چھت اور محراب پر نفیس رنگ ہے اور چونے کا پاکیزہ کام ہے۔ دروازوں پر سونے کا کام ہے۔ اور دروازے خاص طور قابل دید ہیں۔ جو آرائش کے بہترین نمونے ہیں۔ اسکا سامنا سنگِ مرمر کا اور شکل ہندسی ہے۔ یہاں نہ صرف چونے کا کام ہے بلکہ جالدار دریچے ہیں جن میں رنگین شیشے اور پچی کاری ہے جسمیں درختوں اور پھولوں کی مختلف شکلیں دکھلائی گئی ہیں۔ مزید براں قبلہ رو حصّہ کے شمالی رُخ کی پچی کاری اب بھی باقی رہگئی ہے جس میں فن کا کمال دکھلایا گیا ہے صدر محراب جسکو ابن جبیر نے بیان کیا ہے وہ اصلی اور ولید کے زمانہ کا نہیں ہے ۱۸۸۲ء میں جب مسجد کے مختلف حصّوں کی ترمیم ہوئی تو محراب کی اصلی حالت میں فرق آگیا۔

چونکہ یہ قدیم عمارت کی قائم مقام ہے اسلئے جامع دمشق کے متعلق ہمیشہ الجھنیں رہتی ہیں کہ آیا اسکی از سر نو بنیاد رکھی گئی ہے۔ اور اسمیں قدیم عمارت کا کوئی جز شریک نہیں۔ یا چند ضروری تبدیلیاں کرکے پرانی عمارت نئی کردی گئی۔ یا پرانی عمارت کے ڈھچر کو قائم رکھکر صرف بیرونی آرایش پر اکتفا کیا گیا۔ اس مسئلہ پر شد و مد سے بحثیں ہوئی ہیں اور ہوتی رہتی ہیں لیکن یہ امر ہنوز تشنہ اور بحث طلب ہے۔ مشکل یہ ہے کہ زمانے کے انقلابات اور آتش زدگیوں سے اس مسجد کی صورت اسقدر بدل گئی ہے اور اسمیں وقتاً فوقتاً اتنی ترمیمیں کی گئی ہیں کہ اب یہ بتانا مشکل ہے کہ مسجد کا کونسا حصہ ولید کے دور میں بنایا گیا اور کونسا حصہ بعد کی ترمیموں کا نتیجہ ہے۔ اس خصوص میں جس قدر بحث و تحقیق ہوتی ہے وہ سب کچھ قیاسات کا ایک طومار ہوتا ہے تاہم اسوقت بہت سے ثبوت ایسے موجود ہیں جن سے وثوق کے ساتھ کہا جاسکتا ہے کہ جامع دمشق ولید کے دور کی جدید عمارت ہے قدیم عمارت سے اسکو کوئی تعلق نہیں اس قدر ضرور ہے کہ جگہ قدیم ہے اور احاطہ وہی اور اتنا ہی ہے جو مندر اور کلیسا سے گھرا ہوا تھا۔ احاطہ کی شکل بھی مستطیل ہے اور اسکے ساتھ یہ بات بھی ماننی پڑتی ہے کہ قدیم عمارت کا بہت کچھ مسالہ جدید عمارت میں استعمال کیا گیا اور ساتھ ہی یہ بھی ظاہر ہے کہ احاطہ کی بیرونی دیواروں کے کچھ ضروری حصے بھی قدیم عمارت کے ہیں جو جوں کے توں چھوڑ دئے گئے۔ لیکن یہ نظریہ قطعی طور پر بے بنیاد ہے کہ جامع دمشق اصل میں قدیم کلیسا ہے جس کا ڈھچر تو وہی ہے مگر باہر سے کچھ آرایش کردی گئی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ولید نے اس بات کا بیڑا اٹھایا تھا کہ ایک ایسی عجیب و غریب عمارت کھڑی کرے جو اس زمانہ کے آس پاس کے عظیم الشان کلیساؤں سے کہیں برتر ہو۔ ظاہر ہے کہ کلیسا کو برقرار رکھنے سے یہ آرزو پوری نہیں ہوسکتی تھی اسکے ساتھ مامون عباسی کا قول بھی اس امر کے ثابت کرنے کیلئے کافی ہے کہ یہ بالکل انوکھی اور جدید عمارت ہے۔ اگر کلیسا اپنی اصلی حالت پر قائم رکھا جاتا تو وہ کبھی بے نظیر عمارت نہیں ہوسکتی تھی کیونکہ اسکی حالت دیگر مندروں اور کلیساؤں سے بہتر نہیں ہوسکتی۔ ہم جانتے ہیں کہ مسجد بننے سے پیشتر یہاں ایک کلیسا تھا جو اپنے پیشرو مندروں کا جانشین تھا۔ نیز ہمیں یہ بھی معلوم ہے کہ مندر بغیر ترمیم اور تجدید کے کلیسا میں بدل دیا گیا۔ مندر کے متعلق یہ بات بدیہی ہے کہ اسکا رخ شمال سے جنوب کو ہوگا کبھی اسکے خلاف نہیں ہوسکتا۔ اسکی ایک نظیر ابتک موجود ہے۔ چنانچہ پامیرا (Pamyra) میں سورج کا مندر ابتک موجود ہے جس کا رخ شمال سے جنوب کو ہے۔ یعنے صدر عمارت تو شمال کیجانب اور صحن جنوب کیطرف ہے کلیسا میں یہی صورت برقرار رہی کیونکہ کلیسا کیلئے

اس زمانہ میں یہ رُخ نامناسب نہ تھا گو بعد کو عیسائی دنیا میں یہ جدّت ہوئی کہ کلیساؤں کا رُخ مغرب کیطرف پھیرنے لگے لیکن اِس مندر کے متعلق تو اسکا یقین ہے کہ یہ جوں کا توں رکھا گیا تھا اور تبدیلی کی ضرورت نہ تھی۔ مگر جہانتک مسجد کا تعلّق ہے وہ اُسی رُخ پر برقرار نہیں رہ سکتا تھا۔ مسجد کا رُخ تو لازمی طور پر جنوب مغرب کی جانب ہونا چاہئے تاکہ قبلہ کی سمت کا پوری طرح لحاظ رہے۔ اگر قدیم عمارت برقرار رکھی جاتی تو ظاہر ہے کہ وہ مسجد نہیں ہوتی بلکہ کلیسا ہوتا۔ محض ایک رُخ کا سوال ثابت کر دیتا ہے کہ اسکے بدلنے کے لئے از سر نو تبدیلی کی ضرورت تھی یا دوسرے الفاظ میں جدید عمارت بنانے کی ضرورت تھی۔ پہلی عمارت کا ڈھیر جدید عمارت میں کام نہیں آسکتا تھا۔ چنانچہ جب کلیسا کے دو حصّے ہوگئے تھے یعنے ایک حصّہ مسجد بنالیا گیا تو اس وقت اکثر مقامات سے پتہ چلتا تھا کہ یہ دونوں عمارتیں الگ تھیں۔ ضروری ترمیم کے ساتھ مسلمانوں نے رُخ بدلکر کام لیا تھا لیکن جامع دمشق کی سی عظیم الشّان عمارت کے لئے محض ضروری تبدیلی اور ترمیم کافی نہیں ہوسکتی۔ چنانچہ یہ واقعہ بتلاتا ہے کہ مندر کے احاطہ کی جنوبی دیوار میں تین دروازے تھے جو آمد و رفت کا کام دیتے تھے۔ لیکن مسجد بننے کے بعد دروازے مشرقی دیوار میں نصب کئے گئے تاکہ مشرقی دروازے سے سیدھے صحن اور اس کے بعد مسجد میں داخل ہوسکے۔

اس مسجد کے ممتاز اور جدید عنصروں کو سامنے رکھنے سے اسکی جدّت معلوم ہوجاتی ہے اور یہ ثابت ہوجاتا ہے کہ یہ پہلی عمارت سے بالکل بے نیاز ہے۔ بنانے والے نے اپنے نئے منصوبہ کے مطابق نماز گاہ کے اندر پیہم منطقے بنائے اور اسکے اوپر بیچ میں ایک قبہ بلند کیا۔ اسکے علاوہ نہ صرف نماز گاہ بلکہ تمام صحن کے گرد دو منزلہ محراب دار دیواریں بنائیں جو بالکل نئی ہیں۔ لیکن سب سے بڑھکر نقل نما کمان سب سے پہلے اسی مسجد میں ایجاد کی گئی اور یہ مسجد میں ہر جگہ نمایاں ہے۔ اسکے ساتھ محراب بھی قابل غور ہے۔ اگرچہ محراب کی ابتدا، امیر معاویہ نے کی تاہم ولید نے اسکو ترقی دی چنانچہ ولید کے محراب کا ایک نیا انداز ہے۔ فعل نما کمان کے متعلّق فنِ عمارت کے محققین نے شدّ و مد سے بحثیں کی ہیں اور زمانہ قدیم کی عمارتوں کو سامنے رکھکر اس بات کی تحقیق کی کہ آیا ایسی کمان کا پہلے بھی کوئی وجود تھا۔ اکثروں نے ہندوستان کی عمارتوں میں اسکا سُراغ لگانے کی کوشش کی اور بعضوں نے ایران کی قدیم

(Revira's Muslim Architecture) ۱

عمارتوں میں اسکا پتہ چلایا۔ بعضوں نے مصر کی پرانی عمارتوں میں اسکی ٹوہ لگائی۔ مگر موجودہ نظریہ یہ ہے کہ نعل نما کمان اصل میں وزی گاتھی بادشاہوں کی میراث ہے اور سب سے پہلے ہسپانیہ میں ایجاد کیگئی جسے بعد کو سب قوموں نے اپنے ہاں لیا۔ لیکن اس تمام تحقیق وجدوجہد کے باوجود ہمیں یہ ماننا پڑیگا کہ اگر یہ کمان یہاں ایجاد نہیں کیگئی تو کم از کم ولید نے یا اسکے انجنیر زید بن واقد نے جسکے زیر نگرانی مسجد تیار ہوئی سب سے پیشتر نعل نما کمان کو فن تعمیر کا ایک جز قرار دیا۔

درمیانی قبہ کے متعلق یہ بھی ثابت ہے کہ یہ بھی ایک نئی چیز ہے جسکی اسی عمارت میں سب سے پہلے ابتدا ہوئی۔ اسکے پیشتر کی جتنی عمارتیں ہیں خواہ وہ مصریوں کی ہوں یا رومیوں کی ان میں یہ قبہ بالکل نہیں ہے۔ رومی فتح سے پہلے فراعنہ مصر کی عمارتوں کے تمام سقف سپاٹ اور مسطح ہیں اور کہیں کہیں کوئی گولائی آگئی ہے تو وہ محض اتفاق سے جو بعض معمولی عمارتوں میں پائی جاتی ہے۔ رومی تقریباً اس سے ناآشنا تھے ورنہ یہ وثوق کے ساتھ کہا جاسکتا ہے کہ اگر رومی اس نئی چیز سے واقف ہوتے تو اس سے ضرور فائدہ اٹھاتے اور ان کا بایہ تخت قسطنطنیہ میں منتقل ہونیکے بعد اس نمونہ کو تمام سلطنت میں پھیلا دیتے۔ لیکن اسکی کوئی مثال موجود نہیں۔ ہاں بعد کو قبہ کی ہر جگہ تقلید کیگئی ہے یہی حال اندرونی تین پیہم منطقوں کا ہے۔ اسکی نظیر ضرور ملتی ہے تاہم اس خوبی کے ساتھ سب سے پیشتر یہیں اسکی ابتدا کی گئی۔ محراب کے متعلق بھی یہ شبہ ہے کہ اسکی کلیسا سے تقلید کیگئی لیکن غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ چیز بھی مسلمانوں کی ایجاد ہے اور ہر مسجد کا ضروری عنصر ہے۔ بہرحال اس مختصر بحث سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جامع دمشق کو قدیم مندر یا کلیسا کا جانشین یا خوشہ چین سمجھنا ایک بے بنیاد خیال ہے۔ بلکہ خود یہ مسلمانوں کی ساخت وایجاد ہے۔

اُردو زبان اور افسانے

(از جناب محمد عبدالقادر صاحب سروری متعلم ایم۔ اے، ال ال۔ بی)

جناب سروری صاحب نے فن افسانہ نویسی پر ایک مستقل اور مبسوط کتاب تحریر فرمائی ہے جو زیر طبع ہے۔ یہ مضمون اُس کتاب کا ایک حصہ ہے۔

(مجلہ)

"قصہ گوئی مشرق کا خاص فن ہے"[1] رچرڈ برٹن کہتا ہے کہ:۔

"اگر انجیل مقدس کی بعض روایات کو، جن میں تاریخی واقعات ادبی اور تخیلی نزاکتوں کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں، قصہ کہہ سکتے ہیں، تو اس امر کا اعتراف کرنا پڑیگا کہ مشرق کے رگ رگ میں قصہ گوئی اُسی وقت باضابطہ شکل اختیار کر چکی تھی، جسوقت دنیا ابھی تحریر سے واقف بھی نہیں تھی..... نثر یہ روایات، جن میں رزم و بزم کے واقعات یا مقامی حالات کا ذکر ہوتا تھا، نسلاً بعد نسلٍ منتقل ہوتی چلی آتی تھیں۔ اور حافظے کی مدد سے محفوظ کر لی جاتی تھیں جس قابلیت سے یہ روایات گھڑی جاتی تھیں وہ حقیقت میں ایک معجزہ معلوم ہوتی ہے"[2]

بہرحال جتنی تحقیقات آجتک ہوئی ہیں اُن سے ثابت ہوتا ہے کہ تقدم بلحاظ زمانہ مشرقی افسانوں ہی کو حاصل ہے۔ نہ صرف یہ بلکہ افسانے کی وہ صنف بھی، جسکو ناول کہتے ہیں، اور جو موجودہ یورپی ادب کی بہترین پیداوار

---

[1] "انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا" آرٹیکل "ناول" ۱۲

[2] "ماسٹرس آف دی انگلش ناول" صفحہ ۳۔ اڈیشن (۱۲۰۰) ۱۲۔

بنگئی ہے' سب سے پہلے مشرق میں نمودار ہوئی ۔ جاپانی ادبیات میں نثریہ افسانوں کا آغاز دسویں صدی کے اوائل میں ہو چکا تھا ۔ جاپانی ناول کی موجد ایک قابل عورت مُراسا کی نوشکیبن تسلیم کیجاتی ہے ۔ جس کا پہلا ناول "گنجی مانو گاتری" ۱۰۰۴ء میں تصنیف کیا گیا ۔ یہ ناول جاپان کے "ادبیات العالیہ" میں شمار کیا جاتا ہے ۔ چین کے متعلق یہ معلوم نہو سکا کہ افسانہ نگاری کی ابتداء وہاں کب سے ہوئی ؟ لیکن چینی ناول کا وجود تیرہویں صدی میں مسلم ہے ۔ لی کوان چنگ' سب سے پہلا چینی ناول نگار ہے ۔ جسکے قصّے' خونریز جنگوں اور سیاحوں کی مہمات پر مشتمل ہیں ۔ چین کے اخلاقی ناولوں کا بہترین نمونہ " دی ٹوائس فلاورنگ پلم ٹری" ہے جسکا سال تصنیف سولہویں یا سترہویں صدی بتلایا جاتا ہے ۔ پروفیسر جیلس کہتا ہے کہ چینی ناول نگاری کا معراج کمال " دی ڈریم آف دی ریڈ چیمبر" ہے جو سترہویں صدی کے آخر میں مکمل ہو چکا تھا ۔ اسکے مصنف کا پتہ نہیں چلتا ۔ چینی معاشرت کے ایسے بے نظیر مرقعے اس میں دستیاب ہوتے ہیں کہ' اس خاص حیثیت سے یہ ناول انگلستان کے مشہور ناول نگار' فیلڈنگ کے ناولوں کا ہم پلہ تصور کیا جاتا ہے ۔

ہندوستان قدیم زمانہ سے' افسانہ نگاری میں' اپنی آپ نظیر ہے ۔ اُم الالسنہ یعنے سنسکرت کے ادب کا بیش بہا حصّہ منظوم قصّوں اور نثریہ افسانوں پر مشتمل ہے ۔ اسکے زندہ جاوید کارناموں میں سے "رامائن" "مہابھارت" کے نیم تاریخی افسانے "ہت اپدیش" (کلیلہ دمنہ) اور "شکنتلا" کے فنی' علمی اور اخلاقی قصّے آجتک الہامی ادب کے انمول خزانے تصوّر کئے جاتے ہیں ان کے علاوہ ہندوستان کی دیگر جدید اور زیادہ تر قدیم زبانوں میں افسانوں کی کثرت ہے ۔ اس کثرت کی ایک بڑی وجہ ہندوستان کی ضرب المثل ثروت اور سرزمین مالی ہے ۔ پاسیو والڈیس نے کسی ملک کے ادب میں افسانوں کی زیادتی کی یہی وجہ بتلائی ہے ۔ وہ کہتا ہے ۔

"ہم یقین کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ کسی ملک میں فنون لطیفہ کی پیدائش کیطرف اُسیوقت توجہ کیجاتی ہے ۔ جب وہاں خوش حالی عام ہوجاتی ہے ۔ اور اس ملک کے باشندے اپنی تمام مخالف قوتوں پر غلبہ پاکر' زندگی باطمینان گذارنی شروع کرتے ہیں[1]"

---

[1] مقدمہ دی انٹرنیشنل لائبریری آف فیمس لٹریچر جلد (۲۰) ۱۲

ہندوستان کی قدیم دولت، جو دیگر ممالک کیلئے افسانوں کا مواد فراہم کرتی رہی ہے، خود اہل ملک کو افسانہ گوئی میں محو کئے بغیر نہ رہ سکی۔ قدما ضروریات زندگی سے بے فکر ہوکر، اپنی تمام ذہنی اور دماغی قوتوں کو تخیلی علوم وفنون پر صرف کرتے رہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس ملک میں سائنس اور دیگر علوم عملیہ کے بجائے نظری فنون، شاعری، اور افسانہ نگاری کو بے حد ترقی نصیب ہوئی۔ لیکن یہ ترقی بھی ایک حد پر پہنچکر رک گئی۔ اسکے کئی وجوہ ہیں۔ جنکے منجملہ ایک بڑی وجہ وہ تاریخی حالات ہیں۔ جو ہندوستان کیلئے نہایت مضر ثابت ہوئے۔

تاریخ اقوام کا ایک سرسری مطالعہ ہم کو جن حالات کا پتہ دیتا ہے وہ یہ ہیں کہ یونان کے سطح ارض پر ابھرنے تک مشرق اور مغرب راہ ترقی میں دوش بدوش گام زنی کرتے رہے۔ بلکہ یہ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا کہ مشرق مغرب کیلئے چراغ ہدایت بنا رہا۔ لیکن مصر اور بابل کے تباہ ہوجانے کے بعد، جب یونانیوں نے مہذب دنیا پر اپنی عظمت کا سکہ جمایا، تو مشرق اپنے ہمقدم سے کوسوں پیچھے رہ گیا تھا مشرق کے ہمت ہارنے کا سبب یہ تھا کہ قدامت پرستی کے احساس نے، مشرقی اقوام کو "خطائے بزرگاں گرفتن خطاست" کے نمائشی دھوکے میں رکھا۔ انہوں نے اسلاف کے نقش قدم سے سرمو تجاوز کرنے کو نہ صرف غلط راہ روی بلکہ گناہ خیال کیا۔ اسکے برخلاف مغربی اقوام نے اسلاف کے کارناموں پر تنقیدی نظر ڈالی۔ اور انکے متروکے میں سے "خذ ما صفا ودع ما کدر" پر عمل کرتے ہوئے، اچھی باتوں کو اخذ کیا۔ اس قسم کی اندھی تقلید کی وجہ سے ہم میں ابن سینا، غزالی، سعدی، کالیداس، میر اور میر امن جیسے باکمال پھر نہ پیدا ہوسکے۔ اسی لئے مشرقی علوم وفنون میں، بجائے ارتقا اور گوناگونی کے یکسانی اور ایک قسم کی یکسانیت نظر آتی ہے۔

اردو زبان سے پہلے ہندوستان کی جتنی زبانوں میں بھی افسانے لکھے گئے، ان میں باضابطہ ارتقا کا پتہ نہیں چلتا۔ اسمیں شک نہیں کہ انفرادی کوششوں نے کہیں کہیں ایک آدھ مایہ ناز شہ کار پیش کر دیا، لیکن عام طور سے قدیم افسانوی ادب کے سرمایہ کی ترقی منتشر نظر آتی ہے۔ ترقی یافتہ ممالک مثلاً روس، فرانس خصوصاً انگلستان میں قصہ گوئی کے جذبہ کا اظہار، جو روایت اور کہانیوں کی شکل میں ہوا تھا، منظوم قصوں، حکایتوں، نثریہ افسانوں، اور ڈراما کے مدارج علی التسلسل طے کرتا ہوا، موجودہ ناول کے قالب میں عروج کمال کو پہونچ چکا ہے۔ مغربی ممالک میں ناول نگاری کے فن کے ساتھ، اسکے اصول اور قواعد بھی مدون کر لئے گئے ہیں۔ اب

ناول نہ صرف تفریح طبع۔ بلکہ تہذیب نفس اور تعلیم اخلاق کا بہترین ذریعہ بن گیا ہے۔ ناول کے ادب کو وہاں اسقدر اہمیت دیجاتی ہے کہ بعض لوگ اسکو ہر قسم کے اہم مسائل علوم وفنون کے سکھانے کا بہترین آسان ترین اور نہایت موثر ذریعہ تصور کرتے ہیں۔ میری کوریلی کے اکثر ناول مسائل مابعد طبیعات سے بھرے ہوئے ہیں[1]۔ خارج ایلیٹ نے نہایت فنکارانہ طریقہ سے فرقہ افادیہ کے اعتقادات کی ترجمانی اپنے ناولوں میں کی ہے[2]۔ روسو ناولوں کے توسط سے معاشرتی قیود کے خلاف تلقین کرتا ہے[3]۔ ڈکنز نے ناول ہی کے ذریعہ فرانس کے ادنیٰ طبقوں کی ناگفتہ بہ حالت کے دکھانے اور لوگوں کو ہمدردی پر ابھارنے کی کوشش کی ہے[4]۔

اسمیں شک نہیں کہ اردو زبان کا نہایت مختصر سرمایہ انگریزی زبان کے وسیع ترین ادب کا مقابلہ تو نہیں کرسکتا۔ تاہم نہایت سرسری طور پر اردو افسانوی ادب میں بھی وہ تمام خصوصیات کم وبیش موجود ہیں جو انگریزی زبان کے افسانوں میں دستیاب ہوسکتی ہیں۔ اس سے ہماری مراد یہ ہے کہ اردو افسانوی ادب بھی تاریخی انقلابات کے انہیں مراحل سے گذرتا ہوا معلوم ہوتا ہے جن سے انگریزی افسانے گذر چکے ہیں۔ تحریر میں مقید ہونے کے بعد افسانوں پر سب سے پہلا دور عموماً منظوم قصوں کا گذرتا ہے۔ دوسرے دور میں قصہ گوئی کا جذبہ فوق الفطرت افسانوں کی شکل اختیار کرلیتا ہے۔ تیسرے دور میں قصہ ڈراما کی شکل میں نمودار ہوتا ہے۔ چوتھے اور پانچویں دور میں قصہ علی الترتیب خلاف قیاسی ناول اور فطری اور فنی ناول کی پوشاک میں جلوہ گر ہوتا ہے۔ قدیم ہندی اردو قصہ دار مثنویاں اور خالص اردو مثنویاں حقیقت میں افسانہ نگاری کے باب کا افتتاح کرتی ہیں۔ دوسرے دور میں ہم "باغ وبہار" "آرایش محفل"۔ "بوستان خیال"۔ "داستان امیر حمزہ" وغیرہ جیسے فوق الفطرت قصوں کو شمار کرسکتے ہیں۔ اردو افسانوں پر تیسرا دور نہ آسکا وجہ اسکی یہ ہے کہ اردو زبان زیادہ تر مسلمانوں کی گودی میں پلی تھی۔ جن کے پاس

---

[1] ملاحظہ ہوں "دو جہاں کی سیر" (ترجمہ) ۱۲

[2] "سیلاس مارنر" ۱۲

[3] ایمیل۔ ۱۲

[4] "اے ٹیل آف ٹو سٹیز" ۱۲

نقل و سوانگ مذہباً ممنوع ہیں۔ صرف "اندر سبھا" ہی ایک ایسا قصہ ہے جسکو اُردو کی خالص ڈرامائی پیداوار کہہ سکتے ہیں لیکن یہ بھی ہندوستان کے مسلمانوں کے تنزلی دور کی یادگار ہے۔ آخری دونو دوروں میں موجودہ مبالغہ آمیز ناول اور فطری و فنی ناول داخل کیے جاسکتے ہیں۔ جو نہایت سرعت کے ساتھ بڑھ رہے ہیں۔

ابتدائی دور کے افسانے انگریزی ناول کے عروج کا خاکہ کھینچتے ہوئے، جارج سینٹس بری نے افسانوں کا آغاز ان قدیم ترین تحریری نظموں سے کیا ہے[1] جن میں کوئی نہ کوئی قصہ نما واقعہ بیان کیا گیا ہے۔ چنانچہ اسکے قول کے مطابق انگلستان میں، نارمنوں کی فتح انگلستان کے بعد سے پندرھویں صدی تک منظوم افسانوں کا دور دورہ رہا ہے۔ شاہ آرتھر[2] اور اسکے نائٹس (Knights) کے منظوم قصوں اور دیگر اسی صنف کی نظموں کو وہ افسانے کے دور اول میں شمار کرتا ہے۔ اور یہی مناسب بھی ہے جسکی وجوہات ہم ناول کی پیدائش" کے باب میں بیان کرچکے ہیں۔

اسی نظریہ کی رو سے، اگر ہم اُردو افسانوں میں تمام منظوم حصوں کو شامل کرنا مناسب سمجھیں تو اردو شاعری کی کل قصہ وار مثنویاں بھی افسانوی ادب کے دائرہ میں آجائینگی۔ اور اسی اعتبار سے اُردو افسانے کی پیدائش اسی تاریخ سے تصور کیجائیگی، جب کہ ہندی کی پہلی قصہ وار مثنوی فارسی بحر میں لکھی گئی ہوگی۔ کیونکہ اُردو شاعری کی ابتدا اسی وقت سے شمار کیجاتی ہے، جبکہ پہلا ہندی شعر فارسی بحر میں موزوں کیا گیا تھا۔ اور یہ سولہویں صدی کا آخری زمانہ خیال کیا جاتا ہے۔ میر فقی میر کی اکثر مثنویاں مثلاً "شعلۂ عشق"۔ "دریائے عشق"۔ "تعریف عشق"۔ "معاملات عشق" "عشق افغان پسر" وغیرہ درحقیقت منظوم افسانے ہیں۔ جو اُردو افسانوں کی تاریخ کا پہلا ورق تصور کیے جاسکتے ہیں "خواب خیال" اور "شعلۂ عشق" سے انکی ارتقائی کیفیت ظاہر ہوتی ہے۔ اور مثنوی "سحرالبیان" منظوم افسانہ نگاری کی انتہائے کمال ہے۔

---

[1] "دی انگلش ناول" ۱۲

[2] آرتھر اگرچہ ایک فسانوی شخصیت ہے لیکن شہرا خصوصاً لارڈ ٹی سن نے اس کے کردار اور ماحول کی تخلیق کے ذریعے سے سولہویں صدی عیسوی کا نقشہ پیش کردیا ہے۔

اُردو نثر کے آثار یوں تو پانچویں صدی ہجری سے نمودار ہیں۔ لیکن اگر مسلم الثبوت اور مستند تحقیق (یعنے شیخ عین الدین گنج العلم کے زمانے) کی رو سے دیکھا جائے تو اُردو کے نثری افسانے زبان کی حقیقی ابتدا سے بہت بعد کی پیداوار ہیں۔ اُردو زبان میں سب سے پہلے مذہبی مباحث پر قلم اٹھایا گیا۔ اور آگے چلکر افسانوں کی ابتدا ہوئی مگر تو اس عام اور فطری طور پر نہیں ہوئی، جیسی کہ دوسری زبانوں میں دیکھی جاتی ہے۔ اسکی وجہ ظاہر ہے کہ دنیا کی اکثر زبانیں ایک خاص ملک و قوم کی پیداوار ہیں۔ جیسے جیسے قومیں ترقی کرتی گئیں اُنکی زبانیں بھی بنتی اور ترقی کرتی گئیں۔ اور جیسے جیسے کسی ملک کے حالات اور مناظر اسکے باشندوں کے دل و دماغ پر مسلط ہوتے گئے افسانے بھی پیدا ہوتے رہے۔ وہی قصے اور کہانیاں جو قوم کے ایام جہالت میں اسکے عام افراد کی زبان پر ہوتی ہیں۔ اصول تحریر سے واقف ہونے کے بعد لکھے جانے شروع ہوتی ہیں اور اسطرح افسانوں کی بنیادیں قائم ہوتی ہیں۔

اردو کی ابتدا جس قوم اور جس ملک میں ہوئی وہ دونوں ارتقا کی کئی منزلیں طے کر چکے تھے۔ اسی لئے اُردو افسانوں کی پیدائش اور ارتقا میں وہ عام فطریت اور تسلسل نظر نہیں آتا جسکا نشان دوسری زبانوں میں ملتا ہے۔

جس زمانے میں اُردو زبان پیدا ہو رہی تھی، اسکے پیدا کرنے والوں (یعنے ہندو اور مسلمانوں) کی ذہنیتیں کافی طور پر ترقی کر چکی تھیں اور ارتقا کا وہ اسٹیج گزر چکا تھا جسمیں افسانے تخلیق پاتے ہیں۔ یہ زمانہ مذہبی اور معاشرتی کشمکش کا تھا۔ ہندوستان کے رہنے والے مسلمان نو واردوں کی زبان، لباس، اور انکے اکثر رسم و رواج کی دلکشیوں میں محو ہو رہے تھے۔ اور فطرتاً انکی طبیعتیں ان نو واردوں کی طرف بڑھتی تھیں۔ دوسری طرف مسلمان، اس نئے ملک کے رہنے والوں کے ساتھ تعلقات قائم کرنے اور آپس کی اجنبیت کو دور کرنے میں کوشاں تھے۔ ان دونوں کے ربط اور اتحاد کا نتیجہ ضرور تھا کہ سب سے پہلے ایک مخلوط زبان کی شکل میں پیدا ہوتا چنانچہ یہی ہوا۔ زبان کے بعد جو کام ضروری تھا وہ یہ تھا کہ اسلام اور اسکے متعلقہ خوبیوں سے، ہندوستانی واقف کئے جائیں۔ اسی لئے دسویں صدی ہجری تک جس قدر کارنامے پیش ہوئے ان سب کا موضوع مذہب تھا شیخ عین الدین گنج العلم کے رسالے خواجہ بندہ نواز گیسو دراز کی "معراج العاشقین"۔ "ہدایت نامہ"۔ "ہفت اسرار"

خواجہ صاحب، سید محمد عبداللہ حسینی کا ترجمہ "نشاط العشق" (مصنفہ حضرت محبوب سبحانی) وغیرہ سب کتابیں مذہب ہی سے متعلق تھیں۔ دسویں صدی کے بعد بھی مولانا عبداللہ کی "احکام الصلوٰۃ" میراں یعقوب کا ترجمہ "شمائل الاتقیا و دلائل الاتقیا" سید شاہ محمد قادری کے مسائل "وحدۃ الوجود" اور "قضا و قدر" سید شاہ میر کی "اسرار التوحید" وغیرہ اکثر کتابیں دینیات ہی پر مشتمل ہیں۔ غرض دکن میں پانچویں صدی ہجری سے لیکر بارھویں صدی تک جس قدر تصنیفات ہوئیں ان میں سے شاید ہی کوئی افسانہ کی حیثیت رکھتی ہو۔

شمالی ہند میں مرزا رفیع سودا، سب سے پہلے شخص نظر آتے ہیں جنہوں نے میر تقی کے قصہ "شعلۂ عشق" کو نثر میں لکھا۔ اور اسطرح اردو میں نثری افسانہ کی باضابطہ ابتدا ہوئی۔ اس موقع پر اس امر کا اظہار ضروری ہے کہ شاعری کی طرح اردو افسانوں کیلئے بھی عربی، فارسی اور ہندی قصوں کے بنے بنائے سانچے مل گئے جن قصوں پر اردو زبان میں پہلے پہل قلم اٹھایا گیا وہ یا تو فارسی قصوں کے ترجمے تھے یا ہندی قصے۔ جنسہ یا تھوڑی سی تبدیلی کے ساتھ اردو میں منتقل کر لئے گئے تھے۔ بعض قصے جو نئے سرے سے گھڑے گئے انکے اصلی پلاٹ سرزمین عراق اور عرب میں رکھے گئے ہیں۔ اشخاص قصہ تمام تر فارسی یا ہندی قصوں سے مستعار لئے ہوئے ہیں "باغ و بہار"۔ "آرایش محفل" "توتا کہانی" وغیرہ حقیقت میں اردو زبان میں فارسی یا ہندی قصے ہیں۔ فارسی زبان کا اثر خود ہندی پر بھی اسقدر گہرا پڑا تھا کہ ہندی میں فارسی الفاظ کی آمیزش بے دھڑک ہونے لگی تھی۔ ہندی قصوں کیلئے عربی اور ایرانی اشخاص قصہ کے انتخاب کرنے میں ارباب قلم کو پسند و پیش ہوتا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ ہندوستان کے مشاہیر بہیم، ارجن، بدھ، بکرماجیت کے بجائے رستم، بہمن، موسیٰ، جمشید، اور نل، دمن، کے بجائے لیلیٰ، مجنوں، شیریں، فرہاد، وغیرہ کے نام اردو زبان میں مرتسم ہوگئے۔ ہندی قصہ نویسوں میں ملک محمد جائسی کا افسانہ "پدماوت" (۱۵۴۰ء) زیادہ اہم ہے۔ کیونکہ زبان باوجود خالص ہندی ہونے اور مصنف کے مسلمان ہونے کے، اشخاص قصہ، اور واقعات تمام اپنے ہی ملک سے لئے گئے ہیں عرب یا ایران کا کوئی واقعہ درج نہیں کیا گیا ہے۔ متذکرہ بالا حالات پر نظر کرتے، کوئی تعجب کی بات نہیں کہ جب ہندی اور فارسی قصے ترجمے کے ذریعہ اردو زبان میں منتقل ہوئے ہیں، تو ایرانیت کا ایک خاصہ مواد اردو زبان میں جمع ہوگیا ہو۔

اس امر کا تصفیہ بآسانی ممکن نہیں کہ غیر زبانوں کی آمیزش اور تقلید کی وجہ سے کسی زبان کو فائدہ پہنچتا ہے یا نقصان؟ اور یہ کہ ہندی اور فارسی زبانوں کی تقلید میں اُردو زبان کو فائدہ پہنچا یا نقصان؟ کیونکہ جسطرح دن کے ساتھ رات لازمی ہے، اسیطرح ہر خوبی کے ساتھ اسکے فطری عیوب کا موجود ہونا بھی ضروری ہے۔ اُردو شاعری کو جو فوائد اور نقصانات فارسی زبان کی تقلید میں پہونچے ہیں انکا ذکر ہم مرحوم نے نہایت تفصیل کے ساتھ "مقدمہ شعر و شاعری" میں کیا ہے۔ اب بحث طلب یہ سوال ہے کہ ہندی، عربی اور خصوصاً فارسی افسانوں کی تقلید نے اُردو زبان کو کیا فائدہ پہنچائے اور کیا نقصانات؟ حقیقت یہ ہے کہ اُردو زبان، ہندی، عربی اور فارسی کے احسانات سے کبھی سبکدوش نہیں ہوسکتی۔ جو خدمات ان زبانوں نے اُردو کی، کی ہیں۔ اسکی نظیر ملنی محال ہے کسی زبان کی ترقی کیلئے اور کیا درکار ہے جب لفظیات کا ایک معتدبہ حصہ دوسری زبانوں کی بدولت جمع ہوجائے۔ اور علوم و فنون کیلئے بنے بنائے سانچے میسر آجائیں؟ یہ کام تو خود اہل زبان کا ہے کہ وہ غیر زبانوں سے سہارا حاصل کرکے اپنی زبان کی نہایت شاندار عمارت تیار کردیں۔ جب ان سے یہ نہو سکے بلکہ محض تقلید پر اکتفا کیا جائے اور جو کچھ حاصل ہوا ہے اسی کو غنیمت سمجھ لیا جائے۔ تو یہ چیز زبان کیلئے لامحالہ مضرت رساں ثابت ہوگی۔ دوسری طرف اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا کہ تقلید کی بدولت زبان کی فطری رفتار میں تبدیلی واقع ہوجاتی ہے اور اسکا اٹھان اسکی فطرت کے مطابق نہیں ہوسکتا۔ اور جب اہل زبان بھی اپج سے عاری ہوں، تو اسکے ایک ہی مرکز پر جم جانے کا خوف ہوسکتا ہے۔ اب تک اُردو زبان کی یہی حالت تھی کہ شاعری اور افسانہ نگاری کو تقلید نے ایک معتدبہ فائدہ پہنچایا۔ مگر چونکہ خود اہل زبان، اپنی طرف سے بہت کم اضافہ کرسکے تھے، اسی لئے بجز تقلید کے دیگر ذرایع مسدود ہوتے دکھائی دیرہے تھے۔ فوق الفطرت افسانے تقریباً بتمام کے تمام، زیادہ تر فارسی افسانوں کی طرز میں لکھے گئے۔ چونکہ ڈراما، فارسی زبان میں موجود نہ تھا، اسلئے اردو ادب کا ابتدائی حصہ بھی اس عنصر سے خالی رہا۔ ناول کیلئے انگریزی سانچے مہیا ہوگئے۔ غرض شروع سے لیکر آخر تک تقلید کا ایک سلسلہ بندھا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ اور پھر لطف یہ کہ شاعری اور افسانہ نگاری پر جو مختلف انقلابی دور گذرے ہیں۔ وہ خارجی اثرات کی وجہ سے اسقدر جلد جلد گزرتے چلے گئے کہ اسکی وجہ سے افسانوں کا ارتقائی رشتہ گم بلکہ منقطع نظر آتا ہے۔

تاہم یہ تمام امور اردو افسانوں کو غیر اہم ثابت نہیں کر سکتے۔ جتنی قلیل مدت ہر دور کے افسانوں کی پیدائش پر گذری ہے اسکے لحاظ سے اردو زبان نے جو کچھ بھی پیش کیا۔ وہ نہایت قابل قدر ہے اور اس لائق ہے کہ اسکو انگریزی زبان کے مماثل دور کے بعض اچھے افسانوں کے مقابل کھڑا کیا جائے۔ ہمیں یقین نہیں کہ کسی اردو جیسی کم عمر زبان میں کوئی قصہ "سحر البیان" جیسا فنکارانہ پیش کیا گیا ہو فوق الفطرت افسانوں میں تخیل اور الفاظ کے لحاظ سے بعض انگریزی افسانے بھی "باغ و بہار" "داستان امیر حمزہ" اور "طلسم ہوشربا" کے مشابہ ہیں! ناول نگاری چونکہ انگلستان کا خاص فن ہے۔ اسلئے اردو ناول کسی حال میں بھی انگریزی ناول کا مقابلہ نہیں کر سکتا تاہم اردو ناول نگاری کی رفتار جس سرعت کے ساتھ ترقی کر رہی ہے توقع کیجا سکتی ہے کہ اردو ناول بھی انگریزی ناول سے پیچھے نہ رہیگا۔

فورٹ ولیم کالج کی کوششیں اردو زبان میں افسانہ نگاری کی مستقل کوششیں فورٹ ولیم کالج کے ارباب قلم کی مرہون منت ہیں۔ جب ایسٹ انڈیا کمپنی کے انگریز عہدہ داروں کو اردو زبان سیکھنے کی ضرورت لاحق ہوئی اور انہوں نے اس طرف توجہ کی تو انہیں بہت کم ایسا مواد ہاتھ آیا جو زبان کے سیکھنے کیطرف انہیں شوق کے ساتھ متوجہ کرتا۔ اسوقت کی نثری کتابیں تمام تر پر تکلف اور بناوٹی اردو پر مشتمل تھیں۔ اسمیں شبہ نہیں کہ بول چال میں نہایت سلیس زبان استعمال ہوتی تھی۔ لیکن تصنیف و تالیف کا عام اسلوب پر تکلف تھا۔ جسکے بغیر کتاب پایہ اعتبار سے ساقط سمجھی جاتی تھی۔ سرسید کے زمانے تک یہی حال رہا۔ خود سرسید نے "آثار الصنادید" کو پہلے پہل اسی عام طرز میں لکھوایا تھا۔ اردو زبان کی اس کمی کو پورا کرنے کیلئے کمپنی کے عہدہ داروں نے جان گلکرسٹ کی سرکردگی میں دار التصنیف قائم کیا۔ اور ہندوستان سے زباندان عالموں کو جمع کر کے قصے اور کہانیاں پیش کرنیکی فرمایش کی۔ جو لوگ کام پر لگائے گئے تھے ان کو جان گلکرسٹ نے حکم دے رکھا تھا کہ تمام ترجمے اور تصانیف سادہ اور روزمرہ کی بول چال میں لکھی جائیں۔ اس حکم کی تعمیل میں سید محمد حیدر بخش حیدری نے "توتا کہانی"۔ بہادر علی حسینی نے "نثر بے نظیر"۔ میر امن نے "باغ و بہار"۔ شیر علی افسوس نے "آرایش محفل" اور مظہر علی ولا نے "قصہ مادھونل و کام کندلا" وغیرہ افسانے سادہ اور سلیس زبان میں لکھکر نہ صرف اردو ادب کے ذخیرہ میں بیش بہا اضافہ کیا۔ بلکہ آیندہ اردو نثر

اور افسانہ نگاری کیلئے مستحکم بنیادیں قائم کردیں۔ فورٹ ولیم کالج سے جتنے قصّے پیش کئے گئے ان میں طبعزاد بہت ہی کم تھے۔ تمام قصّے فارسی اور ہندی کے ترجمے تھے' یا فارسی اور ہندی قصّوں پر مبنی تھے۔ اسی لئے اُن زبانوں کے افسانوں کی خوبیوں کے ساتھ وہ تمام نقایص بھی اُردو افسانوں میں منتقل ہوگئے' جو اصلی زبان کے افسانوں میں موجود تھے۔

اسمیں شک نہیں کہ دکن میں اُردو نثر بہت پہلے مروّج ہوچکی تھی۔ لیکن اسکا یقین نہیں کہ جب شمالی ہند میں اُردو نثر کیطرف قلم اٹھایا گیا' اُسوقت ان نثر نگاروں کے سامنے دکن کی نثر کے نمونے موجود تھے۔ اسلئے اسکو حسنِ اتفاق سمجھنا چاہئے کہ شمالی ہند میں سلیس نثر نگاری کی مستقل کوششیں افسانوں کی شکل میں پیش ہوئیں فورٹ ولیم کالج کے علما کا اجنبیوں کو زبان سکھانے کیلئے افسانوں کا انتخاب کرنا' نہایت پر معنی امر ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ انہوں نے اِس بات کو بخوبی سمجھ لیا تھا۔ کہ مبتدیوں کو زبان کے سکھانے کا بہترین ذریعہ قصّے اور کہانیاں ہیں!

فورٹ ولیم کالج کی پہلی کامیاب کوششوں کے بعد سے ایک نیا باب اُردو مصنّفین کیلئے کھل گیا بیسیوں قلم قصّہ نگاری پر اٹھنے لگے۔ چنانچہ اس دور کی ادبی پیداوار تمام تر قصّوں پر مشتمل ہے۔ جو یا تو دوسری زبانوں سے ترجمہ کئے گئے تھے یا طبعزاد لکھے گئے تھے۔ اس خصوص میں نولکشور کا مطبع نہایت کارآمد ثابت ہوا کہ کلکتے کے بعد عموماً تمام قصّے یہیں سے شائع ہوتے رہے۔

انگریزی ناول کی ترویج کے قبل بھی بہت سے افسانے اُردو زبان میں "افسانہ"۔ "فسانہ"۔ "قصّہ" "کہانی"۔ "حکایت"۔ "طلسم"۔ "داستان" وغیرہ کے نام سے لکھے جاچکے تھے۔ جن میں "باغ و بہار" "فسانہ عجائب"۔ "داستان امیر حمزہ"۔ "توتا کہانی"۔ "بوستان خیال" اور "طلسم ہوشربا" قابل ذکر ہیں۔ یہ تمام فوق فطری افسانے ہیں۔ ان کی ایک مشترک خصوصیت یہ ہے کہ انکے اشخاص قصّہ باستثنائے چند سب کے سب عربی یا ایرانی نژاد ہیں۔ تقریباً تمام پلاٹ بھی سرزمین عرب یا ایران میں رکھے گئے ہیں۔

اُردو زبان کے قدیم افسانے' بالکل خیالی اور انسانیات سے عاری ہونیکی وجہ سے ممکن ہے کہ آج لغو نظر آئیں لیکن جو مہتم بالشان خدمت انہوں نے اُردو زباں کی انجام دی ہے اسکی قدر آج بھی وہی ہے' جو اس وقت خود

افسانوں کی تھی ان سے نہ صرف زبان کی وسعت میں بیش بہا اضافہ ہوا' بلکہ ان پوشیدہ قابلیتوں کا بھی پتہ چل گیا جو اردو زبان میں ہر چیز کو ادا کرنے کیلئے موجود تھیں۔

جن تخیلات نے ان کو پیدا کیا انکا خاص وصف یہ ہے کہ وہ ایک ایسی دنیا پیش کرتے ہیں جو حقائق سے کوئی علاقہ نہیں رکھتی۔ بلکہ وہ ایک ایسی کائنات ہوتی ہے جس میں پریاں' دیو اور عجیب الخلقت ہستیاں اشخاص قصہ کا کام دیتی ہیں۔ اشخاص قصہ کے خیالی ہونے سے یہ قدیم افسانے کبھی سنجیدہ مذاقی کے درجے سے گر نہیں جاتے کیونکہ اگر ایسا ہو تو شکسپیر کے بعض بہترین کارنامے بھی' جن میں فوق الفطرت اشخاص قصہ داخل کئے گئے ہیں' پایۂ اعتبار سے گر جائینگے۔ ان قدیم اردو افسانوں میں سقم اسوجہ سے نہیں پیدا کیا جاتا کہ وہ فوق الفطرت ہیں۔ بلکہ اسلئے کہ وہ خوشی' رنج اور غم اور دیگر احساسات انسانی کو تحریک میں لانیکے قطعی ناقابل ہیں قاری انمیں دلچسپی لیتا ہے۔ لیکن یہ دلچسپی اس قسم کی نہیں ہوتی جو ایک انسان کی زندگی کے واقعات میں ہو سکتی ہے۔ انمیں خیالی اشخاص' ایک ایسی فضا میں آزاد چھوڑ دئے گئے ہیں' جس میں صداقت حیات کے قیود کا پتہ تک بھی نہیں ملتا۔ مصنفین نے اپنے توسن طبع کی جولانیاں دکھانے کیلئے ایک ایسے میدان کا انتخاب کیا ہے جسکی ہر ایک شئے ایک طلسمات نظر آتی ہے۔ اسمیں شک نہیں کہ ایسے تخیلات خوش کن اور بعض وقت دلچسپ بھی ہوتے ہیں۔ لیکن اسی وقت جبکہ وہ ایک محدود تعداد میں نہایت سلیقہ کے ساتھ پیش کئے جاتے ہیں لیکن جب کہ وہ ہر افسانہ نگار کا مطمح نظر اور مرکز سعی بن جائیں اور اگر ہر افسانہ نگار انکی کورانہ تقلید شروع کر دے' تو طبیعت ان سے بیزار ہو جاتی ہے۔ علاوہ ازیں آئندہ نسلوں کیلئے افسانہ نگاری کے بے شمار راستے مسدود ہو جاتے ہیں۔ اور ہر شخص جو ان کو پڑھتا ہے' اس نتیجہ پر پہنچتا ہے کہ اردو کے افسانہ نگار' اپنے فن کی خصوصیات اور اصول سے بے بہرہ ہیں۔

اردو زبان کے ابتدائی دور میں ضخیم نثریہ افسانوں کی کثرت کی وجہ یہ ہے کہ شہنشاہ اورنگ زیب کے بعد سے مغل بادشاہوں اور شہزادوں پر جو تباہی انکی عیش پرستیوں کی وجہ سے نازل ہوئی' اس نے ان کو افسانوں میں محو ہو جانا سکھایا۔ داستان گوئی ایک باضابطہ فن ہو گیا تھا' جسکے پرجوش ماہر ہر امیر کبیر کے دربار میں موجود رہتے تھے۔

داستان گوئی ایک نہایت قدیم فن ہے۔ عربوں اور ایرانیوں میں بھی اسکا رواج تھا۔ عرب داستان کو "سمر" کہتے تھے اور داستان گو سامر کہلاتے تھے۔ کیونکہ چاندنی راتوں میں لوگ جمع ہوکر قصے اور کہانیاں بیان کرتے تھے یہ فن ایرانیوں کے ذریعے ہند میں پہونچا۔ اور محمد شاہ رنگیلے کے زمانے میں اسکی ترقی عروج کمال کو پہنچ گئی۔ عیش پرست امرا اور بادشاہوں کا یہ دستور ہوگیا تھا کہ سونے سے پہلے داستان گو قصہ شروع کرتا تاکہ ان کو نیند آجائے۔ داستان گو نہایت وقعت کی نگاہ سے دیکھے جاتے اور بہت انعام واکرام پاتے رہتے تھے۔ اردو زبان کے ابتدائی دور میں داستان گوئی کے رواج اور اسکی اہمیت نے، انہیں چند اہم خصوصیات پیدا کردی تھیں۔

داستان گوئی کی پہلی خصوصیت یہ ہے کہ جب داستان گو، کسی منظر کا بیان کرتا ہے، تو اپنی معلومات کے اظہار کی غرض سے، ایک چیز کے سارے متعلقات کا ذکر کر دیتا ہے۔ مثلاً جب وہ ایک چور کا ذکر کرتا ہے تو چوروں کے تمام اقسام بیان کرتا چلا جاتا ہے۔ اور اسیطرح خدمت گاروں کے بیان میں ماما، اردلی، مغلانی، غرض جتنی قسمیں انکی ہوسکتی ہیں۔ سب بیان کردی جاتی ہیں۔

دوسری خصوصیت داستان گوئی کی، قصہ در قصہ کہنا ہے۔ اسکی غایت یہ تھی کہ واقعات منتظرہ کثرت سے پیدا کردئے جائیں۔ تاکہ سننے والے کی دلچسپی قائم رہے۔ "باغ وبہار" میں مرکزی قصہ خواجہ سگ پرست کا ہے۔ لیکن اسمیں چار درویشوں کے قصے پھر، ملکہ زیرباد، ملکہ سرآندیب، آذر بائیجان کے سوداگر کا قصہ در قصہ بیان ہوتا چلا جاتا ہے۔

تیسری خصوصیت داستان گوئی کی وہ ہے جو افسانہ کو یا تو غیر معمولی یا فوق الفطرت بنادیتی ہے۔ جب کسی واقعہ کے حل کرنے میں، قصہ گو کو کوئی مشکل پیش آتی ہے۔ تو فطری ذرائع سے کام لینے کے بجائے وہ غیر معمولی اور اتفاقی واقعات سے کام لیتا ہے۔ مثلاً خواجہ سگ پرست جب سولی پر چڑھایا جارہا تھا۔ تو افسانہ نگار قصہ کو آگے بڑھانے کیلئے اسکو بچانا چاہتا تھا۔ اور یہ کام وہ اسطرح انجام دیتا ہے کہ بادشاہ کے پیٹ میں درد قولنج پیدا ہوتا ہے۔ جسکا علاج خیرات اور اسیروں کی رہائی بتایا جاتا ہے۔ چنانچہ اس ضمن میں خواجہ سگ پرست بھی آزاد کردیا جاتا ہے۔ چاروں درویش جب خودکشی پر آمادہ ہوجاتے ہیں تو ایک شخص

غیب سے آکر ان کو بچاتا اور تسلی دیتا ہے۔

قدیم قصوں کا ایک اہم عنصر عشق ہے۔ جو قصے کی دلچسپی کی جان ہے۔ چونکہ ایشیا میں یورپ کیطرح عشق کا اظہار علی الاعلان نہیں کیا جا سکتا تھا۔ اسلئے ان قصہ نگاروں نے اسکے اظہار کے تین طریقے نکال لئے (۱) کسی غیر قوم کی عورت پر ہیرو عاشق بنا دیا جاتا ہے۔ (۲) آوارہ عورتوں سے یہ چیز متعلق کر دیجاتی یا (۳) کسی عورت کے حسن کا شہرہ سنکر یا تصویر دیکھکر ہیرو اسپر عاشق ہو جاتا تھا مگر یہ تمام طریقے اظہار عشق کے یا تو ناموزوں ہیں یا خلاف اخلاق و عادت۔ صرف ایک طریقہ اظہار عشق کا مناسب تھا۔ وہ یہ کہ اعلیٰ طبقہ میں چونکہ پردہ کی رسم نہیں تھی۔ اسلئے ان میں فطرت اور رسم و رواج سے تجاوز کرنے کے بغیر بھی عشق کا اظہار ہو سکتا تھا۔

جب ہیرو کو عاشق بنا دیا جائے اور عاشق و معشوق میں ملاپ ہو جائے تو قصہ ہی ختم ہو جاتا۔ اس سے بچنے کیلئے ان افسانہ نگاروں نے یہ ترکیب کی کہ معشوق ہمیشہ ایک اہم سوال پیش کرتا تھا۔ جسکے حل کئے بغیر عاشق کا مقصد پورا نہیں ہو سکتا تھا۔ یہ بہت ممکن ہے کہ کئی لوگ اس پیش کردہ سوال کی مشکلات کا خیال کرکے واپس ہو جائیں۔ اور صرف ایک آدھ من چلا کامیاب۔ اس سے قصہ کی دلچسپی میں بے حد اضافہ ہو جاتا ہے۔ جب قصہ کا ہیرو، معشوق کے پیش کردہ سوال کو پورا کرنے کیلئے روانہ ہوتا ہے تو اسکے راستے میں بہت سی رکاوٹیں حائل ہوتی تھیں۔ انہیں کو دور کرنے میں ہیرو کو بہت سی مہمات سر کرنی پڑتی تھیں۔ جو قصہ کا اصل مواد ہوتا ہے۔

آخری خصوصیت داستان گوئی کی یہ ہے کہ قصوں کا مقصد صرف دلچسپی پیدا کرنا ہی نہیں بلکہ کچھ اخلاقی تعلیم دینا بھی ہوتا ہے۔ "آرایش محفل" میں جس مثالی اثیار کیطرف اشارہ کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ جب کسی شخص کو مبتلائے نظیر آلام دیکھو۔ اور اسکی تکلیف تمہاری تکلیف سے زیادہ سخت ہو، تو تمہارا یہ فرض ہونا چاہئے کہ پہلے اسکی تکلیف کو دور کرنے میں مصروف ہو جاؤ۔ "باغ و بہار" کے ذریعہ شاہزادوں اور بادشاہوں کو انصاف اور رحم کی تلقین کیگئی ہے۔ امراء کو تجارت کا شوق دلایا گیا ہے تاکہ ملک ملک پھرنے سے عجائبات عالم کا مطالعہ ہو سکے۔

انتظارِ تبسّم

از مولوی شبیر حسن خاں صاحب جوشؔ ملیح آبادی ناظر ادبی دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ

جس طرح اے حُسنِ خود بیں نبضِ کاہ و روحِ کوہ
روز و شب اِک لرزشِ پیہم سے رہتی ہے دوچار
کاہ کے دِل میں چمکتا ہے بفکرِ رنگ و بو
کاوشِ خورشید و سعیِ باد و باراں کا شرار
کوہ میں فرہادِ نو سے نازِ اشیدہ صنم
بت تراشوں کی نظر کو ڈھونڈتے ہیں بار بار
یونہی میرے جوہرِ خوابیدہ اے رازِ حیات
تیرے ہلکے سے تبسّم کے لئے ہیں بیقرار

ہیوم اور مبداءِ علم

(از جناب میر حسن الدین صاحب بی اے ال ال۔ بی (عثمانیہ)

ہیوم[1] کو تاریخ فلسفہ میں جو خاص اہمیت حاصل ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ اسنے فلسفیانہ مباحث پر اپنے پیشروؤں سے زیادہ دقیق النظری سے غور و خوض کیا ہے۔ اسی لئے اسکی تصانیف یورپ میں وقعت کی نظروں سے دیکھی جاتی ہیں۔ انگلستان میں سب سے پہلے بیکن نے تجربی فلسفہ کی بنیاد رکھی لیکن اسکی تکمیل ہیوم کے ہاتوں سے ہوئی۔ ہیوم کے فلسفہ کو اچھی طرح سمجھنے کیلئے یہ ناگزیر ہے کہ فلسفہ یورپ کے آغاز و ارتقاء پر ایک سرسری نظر ڈالی جائے اور یہ دکھایا جائے کہ ہیوم کے زمانہ میں فلسفہ کی کیا حالت تھی۔

فلسفہ قدیم کی کوشش اسی حد تک تھی کہ کائنات کی توجیہ خارجی نقطۂ نظر سے کیجائے۔ اسنے مبداء عالم اور ہستی کی علت و ماہیت کو کسی ایسی شئی میں تلاش کیا جو نفس مدرک سے باہر موجود ہے۔ ایونیا کے مفکرین نے فطرت کے بعض عناصر کو، فیثاغورسیوں نے عدد و توافق کو، ہرقلیطوس نے حرکت کو اور دیمقراطیس نے سالمات کو مبداء عالم قرار دیا۔ اس قسم کی فلسفیانہ کوششوں پر غور کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ ان تمام مذاہب نے اشیاء کی علت اولیٰ کو عالم خارجی میں تلاش کیا۔ لیکن سقراط اور رواقیین (Stoics) نے خارج سے ہٹ کر عالم باطن پر غور کرنے کی تعلیم دی۔ تاہم یونان اور اطالیہ میں غور و فکر کا میلان عالم خارجی کی طرف ہی رہا۔ فلسفۂ قدیم میں

---

[1] اس مضمون کی تیاری میں حسب ذیل کتابوں سے مدد لیگئی ہے۔ تاریخ فلسفہ از ویبر۔ تاریخ فلسفہ از لیوس۔ تاریخ فلسفہ از ارڈمین لیکن اسکا بیشتر مواد پروفیسر ہکسلے کی کتاب "ہیوم" سے ماخوذ ہے ۱۲

انا وغیری یا ذات وخارج کے باہمی اختلاف پر بحث نہیں کیگئی ۔ اس زمانہ کے مفکرین کے پیش نظر ظواہر اور "شئی بذات خود" (Thing in itself) یا اعراض وجوہر کا تعلق تھا۔

فلسفۂ قرون وسطیٰ کی جو مدرسیت (Scholasticism) کے نام سے مشہور ہے عجیب وغریب حالت تھی ۔ اس زمانہ میں فلسفہ قدیم کے ساتھ سامی ومسیحی مذاہب کا اتصال ہوا جس سے دینیات وجود میں آئی ۔ مدرسیت کی تمام فلسفیانہ کوششوں کا نتیجہ بس یہی نکلا کہ ذہن انسانی دینیات کے پیش کردہ تصورات کو صدیوں تک مسلمات سمجھتا رہا ۔ اور انسان پر روایات کا اتنا گہرا اثر پڑا کہ عقل کی آزادی مفقود ہوگئی ۔ اس عہد میں عقل انسانی غلامی کی زنجیروں میں رہنے کے باوجود یہ کوشش کرتی رہی کہ جن باتوں کو وہ روایات کی بنا پر صحیح تسلیم کرتی ہے انکو عقل کے مطابق ثابت کرے ۔

برخلاف قدما کی خارجیت یا قرون متوسطہ کی ماورائیت کے فلسفۂ جدید کا نقطۂ آغاز بالکل باطنی یا نفسی ہے ۔ فلسفۂ قدیم میں جوہر واعراض کے باہمی تعلق پر اور قرون متوسطہ میں محدود ولامحدود کے تعلق پر بحث کیجاتی تھی لیکن فلسفہ جدید کے پیش نظر ذات وخارج یا موضوع (Subject) ومعروض (Object) کا باہمی تعلق ہے ۔ اس تحریک کا بانی اول فرانسیسی فلسفی ڈیکارٹ گزرا ہے ۔ اگرچہ انگلستان میں بیکن کی تصانیف ڈیکارٹ سے پہلے شائع ہوچکی تھیں پھر بھی تاریخ فلسفہ میں ڈیکارٹ کی حیثیت بیکن سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے ۔ اور ڈیکارٹ کا فلسفہ ہی فلسفۂ جدید کا نقطۂ آغاز ہے ۔ ڈیکارٹ نے اپنے فلسفہ کی عمارت کو شعور کی بنیاد پر تعمیر کیا ہے ۔ وہ کہتا ہے کہ جب کوئی شئے بلا کسی شک وشبہ کے واضح طور پر شعور میں موجود ہو تو اسپر صداقت کا اطلاق ہوسکتا ہے ۔ اسکے نزدیک حقیقت کے دو پہلو ہیں ۔ ایک امتداد دوسرے فکر ۔ یہ نہ صرف ایک دوسرے سے مختلف ہیں بلکہ متضاد بھی ہیں ۔ ان میں کوئی قدر مشترک نہیں پائی جاتی ۔ نہ تو مادہ نفس کا آفریدہ ہے نہ نفس مادہ کا ۔ ان دونوں میں ایک وسیع خلیج حائل ہے اور عقل اس خلیج کو عبور نہیں کرسکتی ۔ اسلئے یہ لازم آتا ہے کہ عالم خارجی اور شعور باطنی میں اتحاد واتصال پیدا کرنے کیلئے ایک ایسے جوہر کا وجود ضروری ہے جو لامحدود اور ازلی ہو ۔ جسکو عام زبان میں خدا کہتے ہیں ۔

ڈیکارٹ کے بعد مالبرانش وغیرہ گذرے ہیں لیکن ان سب میں اسپنوزا کا فلسفہ زیادہ اہمیت رکھتا ہے

اسنے اپنے نظام فلسفہ میں ڈیکارٹ کی ثنویت (Dualism) کو رفع کر کے وحدیت کا نظریہ پیش کیا۔ اسپنوزا مادہ و نفس کی ثنویت کا سخت مخالف تھا۔ اسنے ان دو محدود جواہر کو ایک لامحدود جوہر کے شئون (Modes) واحوال قرار دیا۔ اسکے نزدیک ایک انتہائی جوہر اپنے آپ کو ان مظاہر میں آشکار کرتا ہے یعنے کل کائنات معہ نفس و مادہ کے ایک واحد و قائم بالذات جوہر کا مظہر ہے۔ اگر عالم میں دو ایسے محدود جواہر ہوں جو ایک دوسرے کے متضاد ہیں تو یہ ناممکن ہے کہ ان میں باہمی تعامل و تاثر ہو سکے۔ فی الحقیقت جوہر تو صرف ایک ہی ہے اور مادہ و نفس اسکے دو اعراض ہیں جو ہم کو مختلف صورتوں میں نظر آتے ہیں۔

گسنڈی نے دیمقراطیس کا مسلک اختیار کیا۔ ڈیکارٹ کا فلسفہ اسکو متاثر نہ کر سکا۔ اس نے بھی دیمقراطیس کی طرح یہ تسلیم کیا کہ سالمات (Atoms) کے اتصال و انفصال سے اجسام پیدا و فنا ہوتے ہیں ہابس بھی گسنڈی کا ہم خیال تھا۔ ہابس برخلاف اسپنوزا کے مادہ کو انتہائی اور قائم بالذات جوہر مانتا تھا عہد حاضر میں اس نے مادیت کی تجدید کی۔ اسی نے تجربی نفسیات (Empirical pshychology) کی بنیاد رکھی انگلستان میں فلسفہ کا رُخ زیادہ تر خارج کی طرف تھا لیکن کیمبرج یونیورسٹی میں چند لوگ ایسے پیدا ہو گئے تھے جو افلاطون کی پیروی کرتے تھے۔ ان کی کوششیں بار آور نہ ہوئیں۔ کچھ عرصے کے بعد پھر انگریزی فلسفہ کا رُخ باطن سے ہٹ کر خارج کیطرف پھر گیا۔ گسنڈی اور ہابس کے بعد نیوٹن وغیرہ نے علوم طبعی کو ترقی دی۔

انگلستان میں سب سے پہلے لاک نے اپنے معاصرین کی توجہ مطالعہ نفس کی طرف مبذول کرائی۔ اسکو یہ واضح طور پر نظر آتا تھا کہ ہمارا علم تمام تر عالم کی فطرت پر مبنی ہے اور علم انسان کی وسعت و حدود کا تعین ملکات انسانی (Human faculties) کی تجربی تحقیق سے ہو سکتا ہے۔ اسکی تمام تحقیقات کی بنیاد تجربہ ہے۔ اسنے سب سے پہلے عناصر شعور کی تحلیل کی اس میں بہت سے نقائص باقی رہ گئے ہیں۔ لاک نے حضوری تصورات (Innate ideas) کے نظریہ پر سخت اعتراضات کئے اور شعور کی تدریجی نشو و نما کو وضاحت سے بیان کرنے کی کوشش کی۔ وہ کہتا ہے کہ بسیط (Simple) تصورات کو جو بذریعہ حواس حاصل ہوتے ہیں ہم ترتیب دیکر ملتف (Complex) تصورات وضع کر لیتے ہیں۔ اسکا یہ قول بہت مشہور ہے کہ حقیقت میں نفس ایک سفید کاغذ کے مانند ہے جس پر ارتسامات (Impressions) خارج سے بذریعہ حواس منقوش

ہوتے ہیں۔ انہی سے ہمارا علم ماخوذ ہے۔ عالم خارجی میں کثرت ہی کثرت نظر آتی ہے۔ نفس کا یہ کام ہے کہ اس کثرت کو تحلیل کر کے مختلف اصناف میں ترتیب دے۔ اس قسم کی ترتیب سے علم تشکیل پاتا ہے لہذا ہمارے علم کا مواد کلیتہً خارج سے ماخوذ ہے۔ اس علم کو حاصل کرتے وقت نفس بالکل منفعل (Passive) رہتا ہے حصول علم کا واحد ذریعہ احساسات ہیں۔

لاک کے بعد انگلستان میں برکلے نے ڈیکارٹ کے نظریہ کو نمو دیا۔ برکلے پر افلاطون کے فلسفہ کا گہرا اثر پڑا۔ وہ کہتا ہے کہ اگر ادراک کرنے والا نفس موجود نہ ہو تو اشیاء کا بھی وجود نہیں ہو سکتا۔ یعنے اشیاء کا وجود ادراک پر مبنی ہے۔ لہذا علم کا ماخذ باطن ہے نہ کہ خارج۔ ہم جو کچھ جانتے ہیں وہ ہمارے ہی تصورات ہیں۔ برکلے کی اس تصوریت (Idealism) کا ہیوم پر زیادہ اثر نہیں پڑا البتہ لاک کا فلسفہ ہیوم کے نظریہ کی بنیاد قرار دیا جا سکتا ہے۔ اوپر ہم کہہ آئے ہیں کہ علمیات کا بانی لاک گزرا ہے۔ اسی نے سب سے پہلے مبدا و وسعت علم کا سوال اٹھایا تھا۔ سطور ذیل میں اسبات پر غور کیا جائیگا کہ مبدا علم کے متعلق ہیوم کا کیا مسلک ہے۔

مظاہر شعور کی تحلیل

سب سے پہلے یہ دیکھنا چاہئے کہ ہیوم کے نزدیک نفس کے کیا معنے ہیں اور اسنے شعور کی تحلیل کن اجزاء میں کی ہے۔ عام زبان میں نفس کو ایک ایسی ہستی سے تعبیر کرتے ہیں جو جسم سے آزاد ہے گو یہ جسم ہی میں موجود اور اس سے متحد ہے۔ اسمیں بے شمار ملکات بھی پائے جاتے ہیں جیسے حسیت فہم' ارادہ وغیرہ۔ ان ملکات کا نفس سے وہی تعلق ہے جو اعضا کا جسم سے۔ ان کے وظائف حس' حافظہ' استدلال وغیرہ ہیں۔ ان وظائف میں سے بعض (جیسے احساسات) محض منفعل ہیں یعنے احساسات کے وقوع میں آنے کا باعث ارتسامات ہیں جن کو عالم خارجی ہمارے آلات حس پر مرتسم کرتا ہے۔ دیگر وظائف جیسے حافظہ اور استدلال جزاً فاعل اور جزاً منفعل متصور ہوتے ہیں اور ارادہ سے ایک بالقوی فعلیت مراد ہے۔

نفسیات کے ایک متعلم کا یہ فرض ہے کہ وہ مظاہر نفسی کی تحلیل و تقسیم کو نفس کے صحیح مشاہدہ اور مطالعہ پر مبنی رکھے۔ جب ہم نفس کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہم کو اسکے سوا کسی اور شئے کا علم نہیں ہوتا کہ چند حوادث'

واقعات، یا مظاہر ہمارے باطنی عالم میں سرعت کے ساتھ یکے بعد دیگرے گزرتے رہتے ہیں۔ ان تمام مظاہر نفسی یا احوال شعور کو ڈیکارٹ نے "افکار" (Thoughts) اور لاک و برکلے نے "تصوّرات" (Ideas) کی اصطلاح سے تعبیر کیا۔ ہیوم کے نزدیک "تصوّرات" کی اصطلاح ناموزوں ہے۔ اسنے تمام احوال شعور کے لئے "ادراکات" (Perceptions) کی اصطلاح استعمال کی ہے۔ نفس سے ہماری مراد خواہ کچھ ہی ہو اتنا تو قطعی اور یقینی ہے کہ یہ لفظ ایک سلسلۂ ادراکات کو متضمن ہے۔ ہیوم دیگر مفکرین سے آگے بڑھ کر یہ کہتا ہے کہ "جس چیز کو ہم نفس کہتے ہیں وہ ادراکات کے مجموعہ کے سوا اور کچھ نہیں"۔ ہیوم کے اس خیال میں ایک قسم کی ادعائیت پائی جاتی ہے۔ کوئی بھی مفکر اس خیال کی تائید میں صرف اسقدر کہہ سکتا ہے کہ میں نفس کو اس حیثیت سے جانتا ہوں کہ وہ ادراکات کا ایک سلسلہ ہے مگر خود نفس کے متعلق میں کچھ نہیں جانتا۔ آیا نفس میں کوئی ایسی شئے موجود ہے جو ہمارے مشاہدہ کی دسترس سے بالاتر ہے یا خود ہمارے ادراکات کسی ایسی شئے کے آفریدہ ہیں جو خارج از نفس ہے، جسکا مشاہدہ کر سکتے ہیں۔ یہ ایسے سوالات ہیں جن کا جواب براہِ راست مشاہدہ و تجربہ سے نہیں دیا جاسکتا۔

اگر ہم فی الحال نفس کی ایک جامع تعریف دریافت کرنے کی بجائے ادراکات یا احوال شعور کا ایک سرسری معائنہ کریں تو ہم کو نظر آئیگا کہ ان کی تقسیم مختلف اضاف میں ہوتی ہے۔ ان میں سے دو اضاف کو ہیوم نے بہت اہمیت دی ہے۔ وہ کہتا ہے کہ تمام ادراکات یا تو ارتسامات ہیں یا تصورات۔ ارتسامات کے تحت اُس نے اس قسم کے اعمال کو جیسے دیکھنا، سُننا، محسوس کرنا وغیرہ بالفاظ دیگر تمام احساسات اور جذبات کو شامل کرلیا ہے۔ اسکے برخلاف تصورات خود ارتسامات ہی کی تصویریں ہیں جو ذہن میں موجود ہوتی ہیں۔ ادراکات کی ایک اور تقسیم بسیط اور ملتف میں بھی کیجاسکتی ہے۔ بسیط تصوّرات ناقابل تحلیل ہیں لیکن ملتف تصورات کی تحلیل کیجاسکتی ہے۔ تمام بسیط تصوّرات بسیط ارتسامات سے ماخوذ ہیں یعنے بسیط ارتسامات کو بسیط تصورات پر تقدم حاصل ہے۔ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ تصور کی علّت ارتسام ہے۔ مثلاً ایک نابینا پر روشنی کا کوئی ارتسام نہیں ہوتا اسلئے اُسکے ذہن میں روشنی کا کوئی تصور ہی نہیں۔

سُرخ یا سبز رنگ بسیط ارتسامات ہیں لیکن سُرخ یا سبز رنگ کے تصوّرات ان ارتسامات کی تصویریں یا

نقول ہیں۔ اسیطرح سُرخ گلاب ایک ملتف ارتسام ہے جسکی تحلیل سُرخ رنگ، اور گلاب کی بو وغیرہ جیسے بسیط ارتسامات میں ہوسکتی ہے اور سُرخ گلاب کا تصور اسی ملتف ارتسام کی ایک مدہم مگر صحیح تصویر ہے۔

اگر تصورات کو محض ارتسامات کی تصویریں یا نقول تسلیم کریں تو اس سے یہ نتیجہ لازم آتا ہے کہ اگر تمام کیفیات نفسی کی انتہائی تحلیل کیجائے تو وہ بالآخر ارتسامات ہی پر آکر ٹھہرتے ہیں۔ ہیوم کے نزدیک ارتسامات کی دو قسمیں ہیں۔ یہ ارتسامات یا تو احساسات (Sensations) سے پیدا ہوتے ہیں یا تو غور و تامل سے (Reflection)۔ اول الذکر حواس ظاہری سے حاصل ہوتے ہیں جن میں احساسات لذت والم بھی شامل ہیں۔ اور آخر الذکر کے تحت جذبات کا شمار کیا جاسکتا ہے۔ پس ابتدائی احوال شعور جو علم کا مواد خام ہیں یا تو احساسات پر مشتمل ہیں یا جذبات پر۔ ان ابتدائی احوال شعور کے علاوہ اگر نفس میں کوئی شئے دریافت ہوتی ہے تو اوسکو انہی ابتدائی احوال کی ترتیب و تغیر کا نتیجہ سمجھنا چاہئے۔

ہیوم جیسے دقیق النظر مفکر سے بعض مرکبات کی نفسیاتی تحلیل میں غلطی صادر ہوئی ہے اور اُس نے بعض مرکبات کو بھی عناصر تسلیم کیا ہے۔ اگر شعور کے ابتدائی عناصر میں سے ہیوم کے "ارتسامات فکر" (Impressions of reflection) کو خارج کر دیا جائے تو سوائے اُن ارتسامات کے کچھ باقی نہ رہیگا جو حواس کے ذریعہ سے حاصل ہوتے ہیں، جن میں لذت والم بھی شامل ہیں۔ اگر عضلاتی احساس (Muscular) سے قطع نظر بھی کر لیجائے کیونکہ احساس کیطرف ہیوم کے زمانے میں کسی کا خیال نہیں گیا تھا تو پھر یہ سوال حل طلب رہجاتا ہے کہ فکر کے ناقابل تحلیل مواد بھی ارتسامات ہیں یا ان کے سوا کچھ اور بھی مواد ہے جسکی طرف ہیوم کا خیال نہیں گیا۔ کانٹ نے اس آخری سوال کا جواب اثبات میں دیا ہے۔ ہم ذیل میں ایک مثال سے اسکو واضح کرنے کی کوشش کرینگے۔

جب کوئی سُرخ روشنی ساحت نظر (Field of vision) میں جھلکتی ہوئی دکھائی دیتی ہے تو نفس میں سُرخی کا ایک حسّی ارتسام منقوش ہوجاتا ہے۔ ہم کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ سرخی کوئی ایسی چیز ہے جو کسی ارتسام یا تصور سے جداگانہ یا منفصل وجود رکھتی ہے۔ فرض کرو کہ ایک ایسی حساس ہستی موجود ہے جسکے پاس سوائے حاسۂ بصر کے کوئی اور حاسہ نہیں اور جسنے اپنی زندگی بالکل تاریکی میں بسر کی ہے اور عمر بھر میں جسکو پہلی مرتبہ روشنی کا یہ احساس ہوا ہے

اس عارضی سُرخ روشنی کی جھلک اوسکے نفس میں ایک ارتسام پیدا کرنے کیلئے کافی ہے۔ اسکے شعور میں سوائے اس ارتسام کے کوئی اور شئے موجود نہوگی۔ اگر وہ حافظہ بھی رکھتا ہے تو اس ارتسام کا اسکو ایک تصور حاصل ہوگا۔

اگر ایسے شخص کو دوسری مرتبہ سُرخ روشنی کا تجربہ ہو اور پہلا تجربہ اُسکے حافظہ میں موجود نہ ہو تو اُسکے ذہن کی وہی حالت رہیگی جو پہلے تھی یعنے اُسکے ذہن پر محض ایک دُوسرا ارتسام منقوش ہوگا۔

فرض کرو کہ اس شخص کے ذہن میں حافظہ بھی موجود ہے اور پہلے ارتسام کا تصور بھی پیدا ہوگیا ہے۔ اگر یہ شخص ہمارے جیسا ہی ایک انسان ہے تو اسکے ذہن میں دو بالکل نئے ارتسامات پیدا ہونگے۔ ایک تو اُن دو ارتسامات کے مرور یا توالی (Succession) کا احساس دوسرے اون دونوں کی مماثلت۔

ایک تیسری صورت یہ فرض کیجا سکتی ہے کہ دو سُرخ روشنیاں وقت واحد میں چمکتی نظر آتی ہیں۔ اِس حالت میں توالی یا مماثلت کا احساس نہیں بلکہ ہمدم (Co-existing) وجود کا احساس پیدا ہوتا ہے۔ اس قسم کی حسیات اُس شئے کی بنیاد ہیں جسکو ہم نسبت (Relation) یا علاقہ کہتے ہیں۔ احساسات کیطرح ان کی بھی مزید تشریح یا بسیط عناصر میں تحلیل نہیں ہوسکتی۔ ذائقہ، بو، اور احساس لذت والم کی طرح شعوری تجربہ کے یہ ناقابل تحلیل واقعات ہیں۔ ہیوم کی زبان میں انکو "ارتسامات علایق" (Impression of relations) کہنا چاہئے۔ ہیوم کو بھی اپنے پیشروں کی طرح ارتسامات علایق کی توجیہ وتشریح میں ناکامی ہوئی۔ علایق سے اس نے جو کچھ بحث کی ہے اُس میں بے حد تناقض پایا جاتا ہے۔

"رسالہ فطرت انسانی" میں مماثلت، مقارنت زمانی ومکانی (Contiguity of time and space) اور علت ومعلول کی نسبت یہ کہا گیا ہے کہ یہ تصورات کو متصل کرنیوالے اصول یا رشتۂ اتحاد ہیں۔ ہیوم کہتا ہے کہ "یہ صفات تصورات میں تلازم یا ائتلاف (Association) پیدا کرتے ہیں۔ ایک تصور کے ظہور پذیر ہونے کے بعد قدرتی طور پر دوسرا تصور پیدا ہو جاتا ہے۔ یہ ہمارے بسیط تصورات کو متحد کرنے والے اصول ہیں۔ انمیں ایسی کشش پائی جاتی ہے جو ذہنی دنیا میں عجیب وغریب اثرات پیدا کرتی ہے۔ اسکے معلولات تو ہر جگہ نمایاں ہیں لیکن اِن کے علل ایک بڑی حد تک نامعلوم ہیں۔ ان کی تحلیل فطرت انسانی کے ابتدائی صفات میں کیجاتی چاہئے۔" مختلف تصورات کی تحلیل ہیوم نے علایق، شئون، اور جواہر میں کی ہے۔ علایق پر بحث کرتے ہوئے

وہ کہتا ہے کہ یہ ایسے صفات ہیں جن کے ذریعے سے ذہن میں تصوّرات کا اتصال ہوتا ہے۔ اس نے علایق کی سات قسمیں قرار دی ہیں جو حسب ذیل ہیں۔ مماثلت، عینیت، زماں و مکاں، کمیت، کیفیت، تضاد، اور علّت و معلول، لیکن ہیوم نے مماثلت کے متعلق ایک جگہ تو یہ کہا ہے کہ یہ تصوّر کی ایک صفت ہے اور دوسری جگہ کہتا ہے کہ یہ ایک ملتف تصور ہے۔ اسمیں جو تناقض ہے وہ واضح طور پر نظر آتا ہے۔ جن تصورات میں مماثلت، مقارنت اور علّت و معلول کی صفات پائی جاتی ہیں اونکے متعلق یہ کہا گیا ہے کہ اون میں ایک دوسرے کو اپنی طرف کھینچنے کا میلان ہے اسلئے اُن میں تلازم پیدا ہو جاتا ہے۔ ہیوم بار بار اس بات پر زور دیتا ہے کہ تصورات میں سوائے ارتسامات کی تصویروں یا نقول کے اور کوئی چیز نہیں۔ لہذا یہ نتیجہ لازم آتا ہے کہ مماثلت اور مقارنت کی صفات جو تصوّرات میں پائے جاتے ہیں اونکا بھی ارتسامات میں موجود ہونا لازمی ہے۔ اسلئے یہ صفات بھی یا تو احساسات ہیں یا جذبات۔ لیکن ایک اور جگہ ہیوم نے علایق کی ماہیت پر بحث کرتے ہوئے یہ کہا ہے کہ یہ موازنہ اور مقابلہ سے حاصل ہوتے ہیں۔ ہیوم کے اصول کے مطابق یہ چاہئے تھا کہ اوراکات علایق کو بھی اُن تصوّرات میں جگہ دیجاتی جو فکر و تامل سے پیدا ہوتے ہیں۔

ہیوم نے نفس کی جن اجزا میں تحلیل کی ہے اگر اُسمیں کسی قدر ترمیم کیجائے تو یہ اجزا حسب ذیل ہو سکتے ہیں۔

(۱) ارتسامات۔

(ا) بو، ذائقہ، سماعت، بصر، لمس، مزاحمت (حسّ عضلاتی)

(ب) لذّت والم۔

(ج) علایق۔ ہمدم وجود، توالی یا مرور، مماثلت اور مخالفت

(۲) تصوّرات۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس مافی النفس (Contents of the mind) کے کسی حصّہ پر علم کی اصطلاح کا اطلاق ہو سکتا ہے۔ لاک کے نزدیک دو تصوّرات کے باہمی توافق یا اختلاف کا ادراک علم ہے۔ ہیوم نے لاک کی اس تعریف کو تسلیم کر لیا ہے گو اس نے وضاحت سے اُسکو بیان نہیں کیا۔ اس سے یہ نتیجہ

لازم آتا ہے کہ محض ارتسامات اور تصوّرات سے علم تشکیل نہیں پاتا بلکہ جب ان ارتسامات اور تصورات میں علایق کے ارتسامات کا اضافہ کیا جاتا ہے تو علم کی تشکیل ہوتی ہے۔

مبدا ارتسامات یہ تسلیم کرنے کے بعد کہ احساسات، حسیات لذت والم اور علایق شعور کے ابتدائی اور ناقابل تحلیل احوال ہیں، تحقیقات کے دو راستے کھل جاتے ہیں۔ ایک سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ارتسامات کا مبدا کیا ہے۔ دوسری بحث یہ ہے کہ یہ ارتسامات شعور کے مرکب احوال یعنے تصوّرات میں کسطرح منتقل ہو جاتے ہیں۔

حسّ ارتسامات کے مبدا، و ماخذ کے متعلق ہیوم کے بیان میں تناقض پایا جاتا ہے۔ ایک جگہ وہ کہتا ہے کہ یہ فیصلہ کرنا دشوار ہے کہ ارتسامات اشیا سے براہ راست پیدا ہوتے ہیں یا ان کو نفس کی قوت تخلیق وجود میں لاتی ہے، یا یہ خالق عالم کے آفریدہ ہیں۔ اس خیال میں تصوّریت اور حقیقیت (Realism) دونوں کے رجحانات موجود ہیں۔ ڈیکارٹ نے بالوضاحت بیان کیا تھا کہ احساسات کا انحصار اون ماقبل تغیرات پر ہے جو نظام عصبی میں وقوع پذیر ہوتے ہیں اور یہ مفروضہ کہ احساسات براہ راست اشیاء خارجی سے پیدا ہوتے ہیں ناقابل قبول ہے۔ ہیوم نے بھی ڈیکارٹ کے اس خیال کو تسلیم کیا ہے اسکے نزدیک بھی تمام ادراکات اعضا اور اعصاب پر مبنی ہیں۔ ایک اور بحث کے ضمن میں وہ کہتا ہے کہ حواس سے تین قسم کے ارتسامات حاصل ہوتے ہیں۔ پہلی قسم کے ارتسامات مشتمل ہیں شکل، حجم، حرکت، اور صلابت پر۔ دوسری قسم میں رنگ، بو، ذائقہ، آواز، سردی اور گرمی کا شمار کیا جاسکتا ہے۔ تیسری قسم میں احساسات لذت والم داخل ہیں۔ آخرالذکر ارتسامات اُس وقت پیدا ہوتے ہیں جبکہ اشیاء خارجی کا ہمارے جسم سے مماس ہوتا ہے جیسے چاقو سے جسم کا کٹ جانا وغیرہ۔ ایک فلسفی اور ایک عامی بھی اول الذکر کے ایک منفصل اور مستقل وجود کو تسلیم کرتا ہے۔ لیکن قسم دوم کو صرف ایک عامی قسم اول سے مشابہ سمجھتا ہے لیکن قسم سوم کے متعلق دونوں خیال کرتے ہیں کہ انکا وجود منفصل اور جداگانہ نہیں۔ یہ بالکل واضح ہے کہ رنگ، آواز، سردی اور گرمی اوسی طرح موجود ہیں جس طرح کہ حرکت اور صلابت، اور ان کے مابین فرق قائم کرنیکا ذریعہ ادراک کو قرار دینا درست نہیں۔ یہ ادراکات جسمی حرکات و تغیرات سے پیدا ہوتے ہیں۔ لیکن ان کے اختلاف کی وجہ کیا ہے؟ حواس کا تو یہ فیصلہ ہے

کہ تمام ادراکات کا وجود یکساں ہے۔

اس بیان سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ہیوم نے نفسیاتی عضویات کے اس نتیجہ کو تسلیم کر لیا ہے کہ شعور کے تمام احوال وعناصر کا مبدا جسمی تغیرات ہیں جن کا مرکز دماغ ہے۔ لاک کیطرح ہیوم نے اس اعتراض کا جواب دینے کی کوشش کی کہ دماغی حرکت اور شعور میں کوئی علاقۂ علیت نہیں پایا جاتا۔ مخالفین تجربیت (Empiricism) کا یہ اعتراض تھا کہ مادہ محض مادہ ہے۔ مادہ اور حرکت صرف اشیاء کی وضع اور حیثیت میں ایک فرق پیدا کر سکتے ہیں۔ ایک جسم کو تم جس قدر چاہو تقسیم کرو وہ جسم ہی رہیگا۔ تم اوسکی شکل بدل دو پھر بھی کوئی ایک شکل باقی رہیگی۔ تم اوسکو کسی طریقہ پر بھی حرکت دو پھر بھی حرکت یا تغیر نسبت ہی پاؤ گے۔ بس یہی تغیر و تبدل ہے جس کا مادہ متحمل ہو سکتا ہے۔ لیکن اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ مادہ سے فکر یا ادراک پیدا ہوتا ہے۔ اسکے جواب میں ہیوم کہتا ہے کہ بہت کم لوگوں کو اس استدلال کی ظاہری شہادت سے انکار کرنے کی جرأت ہوتی ہے پھر بھی اسکی تردید نہایت آسان ہے۔ ہیوم نے اسپر جس قدر مفصل بحث کی ہے اُسکا ماحصل یہ ہے کہ جسم کے ہر ایک تغیر کے ساتھ نفس میں بھی تغیر واقع ہوتا ہے مثلاً شدید درد سر کی حالت میں نفس کی حالت بھی بدل جاتی ہے جس سے ہر ایک شخص بخوبی واقف ہے۔ حرکات ایسے معلولات ہیں جنکی علل کا پتہ مادّہ میں چلتا ہے اسیطرح ادراکات بھی ایسے معلولات ہیں جنکی علل کی تلاش مادۂ دماغ کے ماقبل کے تغیرات میں کرنی چاہئے۔ اگرچہ ہیوم کے زمانے میں عضویات کی اسقدر ترقی نہیں ہوئی تھی جسقدر کہ اب ہوئی ہے پھر بھی اس نے اس اساسی صداقت کو دریافت کر لیا تھا کہ اعمال نفسی کو بخوبی سمجھنے کے لئے عصبی آلات کے مکسراتی (Molecular) تغیرات کا مطالعہ ناگزیر ہے۔

اگرچہ متذکرۂ بالا خیال میں مادیت کی جھلک نظر آتی ہے لیکن اسکے ڈانڈے تصوریت سے بھی ملتے ہیں۔ کیونکہ ایک جگہ ہیوم بیان کرتا ہے کہ جب ہم اپنے اعضا پر غور کرتے ہیں تو ہم کو اپنے جسم کا ادراک نہیں ہوتا بلکہ چند ارتسامات ہم کو بذریعۂ حواس حاصل ہوتے ہیں۔ ان ارتسامات کے ایک حقیقی اور مادی وجود کو تسلیم کرنا بہت دشوار ہے۔ لہٰذا اگر ہم اس خیال کی تکمیل کریں کہ تمام مظاہر نفسی مادی مظاہر کے معلولات یا پیداوار ہیں تو ہم کو معلوم ہو جائیگا کہ اس کا مطلب اس سے زیادہ کچھ نہیں کہ جب کبھی یہ احوال شعور

جن کو ہم احساس، جذبہ یا فکر کہتے ہیں وقوع پذیر ہوتے ہیں تو کامل تحقیقات کے بعد یہ تسلیم کرنے میں کوئی امر مانع نہیں کہ ان مظاہر کے وقوع سے بیشتر اور بھی مظاہر شعور وقوع پذیر ہو چکے ہیں جن کو ہم مادہ اور حرکت کے نام سے تعبیر کرتے ہیں۔ تمام مادی تغیرات کے متعلق اگر غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ یہ حرکت ہی کی مختلف صورتیں ہیں لیکن حرکت کے متعلق ہم کو صرف اسقدر علم ہے کہ یہ ہمارے احساسات کی ترتیب وحیثیت کے ایک تغیر ہی کا نام ہے۔

لاک کی طرح ہیوم نے بھی اس سوال سے بحث کی ہے کہ آیا تمام تصوّرات تجربہ سے ماخوذ ہیں یا بعض تصورات وجدانی یا حضوری (Innate) ہیں۔ ہیوم کی اس بحث کا خلاصہ یہ ہے۔ حضوری تصورات سے کیا مراد ہے؟ اگر حضوری کی اصطلاح فطری کے مترادف ہے تو تمام تصوّرات یقیناً حضوری یا فطری ہیں اگر حضوری سے یہ مفہوم لیا جائے کہ یہ تصوّرات ہماری پیدائش کے وقت سے موجود ہیں تو کل بحث بے سود نظر آتی ہے۔ ایک اور سوال یہ اٹھایا جا سکتا ہے کہ آیا ان تصورات کا وجود ہماری پیدائش کے وقت سے ہے یا پیدائش کے بعد سے شروع ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں تصوّر کی اصطلاح بالعموم وسیع معنوں میں استعمال کیجاتی ہے۔ لاک تو تمام ادراکات، احساسات، جذبات، اور افکار کو بھی تصوّرات کے تحت رکھتا ہے۔ انہی معنوں کو پیش نظر رکھ کر یہ سوال کیا جا سکتا ہے کہ حُبِ ذات یا میلان جنسی سے کیا مراد ہے۔ اور ارتسامات اور تصورات کا وہی مفہوم لیا جائے جو اوپر بیان ہوا ہے اور حضوری سے یہ مُراد ہو کہ ایسے تصورات جو اصلی اور ابتدائی ہیں یعنے وہ کسی ماقبل ادراک کی تصویر نہیں ہیں تب بھی یہ کہا جا سکتا ہے کہ تمام ارتسامات حضوری ہیں نہ کہ تصورات۔

حضوری تصوّرات کے مفہوم کو ڈیکارٹ نے نہایت وضاحت سے بیان کیا ہے جس میں غلط فہمی ممکن نہیں۔ حضوری تصوّرات سے وہ یہ مفہوم لیتا ہے کہ ایسے تصوّرات جو وقوع پذیر ہونے سے پہلے ذہن میں بالقوی موجود ہوتے ہیں۔ ایک جگہ وہ کہتا ہے کہ "میں نے نہ تو یہ خیال کیا ہے اور نہ یہ کہا ہے کہ نفس کو ایسے حضوری تصوّرات کی ضرورت ہے جو ملکۂ فکر (Faculty of thought) سے علیحدہ وجود رکھتے ہیں۔ لیکن یہ بالکل صحیح ہے کہ بعض افکار ایسے نظر آتے ہیں جو نہ تو خارجی اشیاء سے پیدا ہوتے ہیں اور نہ انکو

میرا ارادہ پیدا کرتا ہے بلکہ یہ ملکۂ فکر کے آفریدہ ہیں"۔

اگر یہ کہا جائے کہ شعور میں جو کچھ موجود ہے وہ سب حضوری ہے تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ پھر تجربے کے کیا معنی ہیں؟ تجربہ سے مُراد ان حضوری تصورات کا جو ذہن میں بالقوی موجود ہیں چند نامعلوم علل کے ذریعہ سے فی الواقع وجود میں آجاتا ہے۔ تجربہ حاصل ہونے سے پہلے آلۂ فکر کی حیثیت بالکل ایک پیانو کی سی ہوتی ہے جس میں موسیقی بالقوے موجود ہے۔ ایک پیانو بجانے والا اس موسیقی کو جو بالقوے پیانو میں موجود ہے فی الواقع وقوع میں لاتا ہے۔ موسیقی کی تمام دلکشی پیانو بجانے والے کے ہاتھوں کی حرکت پر مبنی ہے۔ حضوری تصورات کے متعلق ڈیکارٹ کا قول ہے کہ ذہن کی باطنی ساخت ایسی ہوئی ہے کہ جب کبھی چند تجربے ہم کو حاصل ہوتے ہیں تو ساتھ ہی چند افکار بھی ذہن میں پیدا ہو جاتے ہیں۔ یہ افکار یا تصورات احساسات کی تصویریں نہیں ہوتے۔ جب ہم یہ کہتے ہیں کہ عدم سے کسی شئے کا وجود میں آنا ممکن نہیں تو اس سے ہماری یہ مراد نہیں ہوتی کہ یہ قضیہ کوئی ایسی چیز ہے جو خارج میں موجود ہے، یا یہ کسی شئے کا خاصہ ہے۔ بلکہ ہم اسکو ایک ازلی صداقت تصور کرتے ہیں جس کا وجود ہمارے ذہن میں ہے اور ہمارے نزدیک یہ اوّلیات میں داخل ہے۔ اسیطرح جب ہم یہ تسلیم کرتے ہیں کہ کوئی شئے وقتِ واحد میں موجود اور غیر موجود نہیں ہو سکتی یا یہ کہ فکر کرتے وقت مفکر کا وجود لازمی ہے۔ غرضکہ اس قبیل کے تمام قضایا ایسی صداقتیں ہیں جو فکر سے باہر موجود نہیں۔

یہ بتایا جا چکا ہے کہ ہیوم نے ڈیکارٹ کے اس قول کو تسلیم کیا ہے کہ تمام احساسات حضوری ہیں یعنے یہ اُسوقت پیدا ہوتے ہیں جبکہ آلۂ فکر کسی نامعلوم العلت مہیج (Stimulus) پر ردعمل شروع کرتا ہے ہیوم کا یہ دعویٰ ہے کہ جو کچھ نفس میں موجود ہے اُسکا ماخذ حسّی تجربہ (Sense experience) کا اجتماع اور تغیر ہے۔ مظاہر شعور کی جو تحلیل اوپر پیش کیگئی ہے اگر اوسکو صحیح تسلیم کیا جائے تو ہیوم کی غلطی صاف ظاہر ہو جائیگی۔

فارسی نثر کا آغاز اور ابو علی بلعمی

(از سید غلام محی الدین قادری زور متعلم ایم اے)

جب عربوں نے ایران پر فتح حاصل کی تو سکندر اعظم، چنگیز خاں یا تیمور کی طرح اپنے مفتوحین کے صرف ملک و مال ہی پر قبضہ نہیں کیا بلکہ ان کے دلوں اور دماغوں کو بھی اپنے ہاتھ میں لے لیا۔ یہی وہ زبردست خصوصیت تھی جس نے عرب فاتحین کو ہر جگہ امتیازی حیثیت سے بہرہ ور کر رکھا تھا۔

اسلام کے اثر سے ایرانیوں کے دل و دماغ میں علم و ادب کا شوق برقی رو کی طرح دوڑ گیا۔ وہی ایرانی جو اپنی قومی حکومتوں کے زمانہ، اور بالخصوص ساسانیوں کے عظیم الشان دور میں بھی معدودے چند علمی، ادبی اور مذہبی یادگاروں کے علاوہ کوئی مہتم بالشان کارنامہ نہیں پیش کر سکے، عربوں سے متاثر ہونے کے بعد متفرق علوم و فنون[1] کے مخزن بن گئے۔ اور حقیقت یہ ہے کہ خود فاتحین کی مادری زبان میں اس شان اور کثرت سے کتابیں لکھیں کہ اُن خوددار عربوں کو بھی جو اپنے مقابلہ میں دوسری قوموں کو بے زبان سمجھتے تھے، ان کی اعلیٰ علمی، ادبی اور مذہبی خدمات کا اعتراف کرنا پڑا۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ عربوں کے حملے اور فتح کے ساتھ ہی ایرانیوں میں جو کچھ بھی علمی و ادبی قوتیں تھیں وہ سب ایک عرصے کے لیے معطل سی ہو گئیں، لیکن جہاں سیاسی ہڑبونگ ختم ہوا اور اسلام کی صداقتیں عالمگیر اثر دکھانے لگیں، ایرانی محیط و علم و فضل کی یہ خاموشی انگریزی کے اُس مشہور مقولہ کے مطابق کہ ہر جمود کے بعد ایک طوفان ہوتا ہے

---

[1] تفصیل کے لئے دیکھو مقدمہ ابن خلدون فصل "ان حملۃ العلم فی الاسلام اکثرہم العجم"۔ ۱۲

ایک ایسے زبردست ہیجان اور تلاطم میں تبدیل ہوگئی جس نے بہت جلد فارسی زبان کو دنیا کی ترقی یافتہ اور شگفتہ زبانوں کے پہلو بہ پہلو بٹھا دیا۔

موجودہ فارسی کی ابتداء فی الحال اس امر کا کوئی قطعی تصفیہ کرنا دشوار ہے کہ موجودہ فارسی نثر کی عبارتیں کس وقت سے لکھی جانی شروع ہوئیں؟ بہت ممکن ہے کہ عربی فتح کے بالکل بعد ہی ایران کے نومسلم اپنی مادری زبان کو اپنے مذہب کی زبان (عربی) کے رسم الخط میں لکھنے کی طرف راغب ہوگئے ہوں گے کیونکہ یہ ان کے لئے بہ نسبت پہلوی لکھنے اور پڑھنے کے بہت آسان تھا۔

عربوں کے حملے کے بعد ایرانی زبان میں جو انقلاب ہوا وہ بظاہر نہایت اہم نظر آتا ہے، لیکن واقعہ یہ ہے کہ اس وقت ایران کی قدیم زبان میں کوئی بڑا اور اصولی تغیر نہیں ہوا، بلکہ صرف رسم الخط بدل گیا، جو بہ نسبت گذشتہ رسم الخط (یعنے پہلوی) کے زیادہ سہل الحصول اور سودمند تھا۔ اگر کسی پہلوی کتاب کو ہزوارش طریقہ پر نہ لکھکر موجودہ فارسی خط میں لکھا جائے تو ان دونوں میں لغت کے لحاظ سے بہت کم فرق ہوگا۔ اسی طرح اگر کسی پہلوی کتاب کو کوئی زرتشتی موبد بآواز بلند پڑھے اور آجکل کا کوئی مسلمان اس کو عربی رسم الخط میں لکھتا جائے تو وہ آخر کار موجودہ فارسی کی ایک ایسی کتاب بن جائے گی جس میں عربی عنصر مطلق نہو۔ اس کے برخلاف پہلوی سے اس کے قبل کی زبان کئی حیثیتوں سے بالکل جداگانہ تھی۔ ساسانی دور کا کوئی ایرانی، ہند ایرانی میڈی یا ہخامنشی دور کی زبان قطعاً نہیں سمجھ سکتا حالانکہ وہ موجودہ فارسی کو بہت کچھ سمجھ لیگا۔

پہلوی کے بہت جلد مفقود ہو جانے اور اس کی جگہ موجودہ فارسی (خصوصاً رسم الخط) کے رائج ہونے کے متعلق کئی اسباب قرار دئے جا سکتے ہیں۔ ان میں سب سے پہلا سبب مذہبی اثر ہے۔ عام طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ مذہب کی جو زبان ہوتی ہے اسی کو تمام اہل مذہب اختیار کرنے کی کوشش کرتے ہیں، اور اگر وہ مذہب کی زبان کو پوری طور پر اختیار نہیں کر سکتے تو کم از کم اس کے رسم الخط کو ضرور اختیار کر لیتے ہیں[1] مثلاً۔

۱۔ شام کے عربی بولنے والے عیسائی عربی رسم الخط میں لکھنے کی جگہ عربی کو شامی رسم الخط میں لکھتے ہیں۔

---

[1] دیکھو پروفیسر براؤن "تاریخ ادبیات ایران" حصہ اول صفحات ۸ اور ۹۔

۲۔ ترکی بولنے والے ارمنی و یونانی ترکی رسم الخط استعمال نہیں کرتے بلکہ اکثر ترکی زبان کو ارمنی اور یونانی حروف میں لکھتے ہیں۔

۳۔ ایران کے یہودی اگرچہ ایرانی زبان بولتے تھے لیکن لکھتے عبرانی رسم الخط میں تھے۔ چنانچہ ان کا ایک خاصا ادب ہے جو اگرچہ فارسی زبان میں ہے لیکن عبرانی رسم الخط میں لکھا ہوا ہے۔

۴۔ ہسپانیہ کے "مور" باشندے جنہوں نے عربی بولنا اگرچہ کبھی کے فراموش کر دیا تھا لیکن لکھتے عربی رسم الخط میں تھے۔ اسی طرح ایرانی اگرچہ اپنی قدیم زبان بولتے رہے لیکن لکھنا اپنے جدید مذہب کی زبان (عربی) کے رسم الخط میں شروع کیا۔

جدید فارسی رسم الخط کے بہت جلد رائج ہو جانے کا ایک دوسرا سبب یہ ہے کہ اسلامی اثر سے پہلے پہلوی زبان میں یوں بھی بہت کم لوگوں کو لکھنا پڑتا آتا تھا۔ صرف مذہبی موبد اور علما و فضلا لکھنا جانتے تھے۔ اسلام کی وجہ سے جب علم عام ہوا اور کسی خاص فرقہ تک محدود نہ رہا تو بہت سے ایرانیوں نے لکھنے پڑھنے کی طرف توجہ کی اور چونکہ اکثر کا مذہب اسلام ہو گیا تھا اس لئے سبھوں نے اسی کی زبان کے رسم الخط میں لکھنا شروع کیا۔ پہلوی کا لکھنا دشوار بھی تھا۔ وہ آسانی سے ذریعہ بیان نہیں بن سکتی تھی۔ چنانچہ جب شاپور جندشاپور کے قریب پہونچا اور وہاں شہر آباد کرنے کے متعلق ایک بوڑھے سے رائے لی تو اس نے جواب دیا کہ "اگر میں اپنی اس اہرمنی میں لکھنا لکھ سکتا تو تم کو بھی یہاں شہر آباد کرنے کی اجازت ملسکتی" پہلوی میں خاص بات یہ تھی کہ لکھتے کچھ تھے اور پڑھتے کچھ مثلاً لکھتے تھے "گبر" اور پڑھتے تھے مرد۔ اگر مردم کہنا ہوتا تو لکھتے "گبرام"۔ اسی طرح لکھتے تھے "ابتر" پڑھتے تھے "پدر"۔ رسم الخط اور تلفظ کے اختلاف کی بنا پر پہلوی کے متعلق یہ کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا کہ "وہ خیالات کے مخفی رکھنے کا ایک ہنر ہے"[1] غرض اس قسم کے اسباب تھے جن کے باعث پہلوی رسم الخط بہت جلد معدوم ہو گیا اور موجودہ فارسی رسم الخط کی ابتدا ہوئی۔

مشرق میں عام طور پر زبان کو مذہب سے گہرا تعلق رہا ہے۔ چنانچہ فارسی میں بھی غالباً اسلامی

---

[1] دیکھو پروفیسر براؤن تاریخ ادبیات ایران جلد اول صفحات ۱۰۱ - ۱۰۵

اصول و عقائد ہی سے نثر کی ابتدا ہوئی۔ لطف یہ ہے کہ اس ابتدائی فارسی اور کئی صدیوں بعد کی فارسی میں بہت کم فرق پایا جاتا ہے بعض قدیم ترین مصنفین کے کارناموں میں اس قسم کی تحریریں پائی جاتی ہیں جن کے دیکھنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ آخری ساسانی اور ابتدائی اسلامی زمانہ کی فارسی تقریباً وہی تھی جسمیں موجودہ فارسی نثر کی کتابیں لکھی جاتی ہیں۔ غرض معلوم ہوتا ہے کہ ابتداً فارسی زبان میں کوئی زیادہ تغیر نہیں ہوا۔

فارسی نثر کی اولین کتابیں پانچویں صدی ہجری تک بھی فارسی نثر میں بہت کم کتابیں لکھی گئیں۔ اس سے قبل کی جو کتابیں اس وقت تک دریافت ہوئی ہیں یا مختلف مقامات پر موجود ہیں وہ حسب ذیل ہیں۔

۱۔ طبری کی مشہور "تاریخ الامم والملوک" کا فارسی ترجمہ جسکو ابو علی بلعمی نے منصور اول سامانی کے حکم سے ۳۵۲ھ (م ۹۶۳ - ۹۶۴ء) میں کیا تھا۔

۲۔ طبری کی تفسیر کا ترجمہ[1]

۳۔ ابو منصور موفق بن علی ہراتی کی قرابادین یعنی کتاب الابنیہ عن حقائق الادویہ" جو منصور اول ہی کی فرمائش پر لکھی گئی تھی۔ اس کا ۴۴۸ھ (م ۱۰۵۵ یا ۱۰۵۶) کا لکھا ہوا ایک نسخہ دیناپور میں پایا گیا تھا جس کو سلگمن (Seligmann) نے ۱۲۷۶ھ (م ۱۸۵۹) میں نہایت ہی اہتمام کے ساتھ شائع کیا۔

۴۔ قرآن کی ایک قدیم تفسیر کا حصہ دوم جو کیمبرج یونیورسٹی کے کتب خانہ میں موجود ہے اور جو متذکرہ بالا کتابوں کے ساتھ ہی یا ان کے قریب ترین زمانہ میں لکھا گیا تھا۔

۵۔ خداے نامہ کا فارسی ترجمہ جس کو منصور بن نوح کے زمانہ میں طوس کے حاکم ابو منصور بن عبد الرزاق (زمانہ حکومت ۳۵۰ھ - ۹۶۰ء) کی فرمائش پر ابو منصور معمری نے کیا۔ مشہور ہے کہ حاکم طوس نے اس کام کے لئے چار مجوسی موبدوں کو بھی جمع کیا تھا۔[2]

۶۔ دانش نامہ علائی۔ جس کو ابن سینا نے علاء الدولہ اصفہانی (متوفی ۴۳۳ھ م ۱۰۴۲ء) کے لئے لکھا تھا۔[3]

---

[1] طبری کی ان دونو کتابوں کے متعلق ہم اسی مضمون میں آئندہ تفصیل سے بحث کرینگے [2] دیکھو حکیم شمس اللہ قادری کا آثار الکرام مطبوعہ ۱۹۲۷ء جلد ۲ حصہ ۱۱ صفحہ ۳۲۰

۷۔ خجستہ نامہ بہرامی[1]
۸۔ ترجمان البلاغہ فرخی
} یہ دونو کتابیں فنون عروض و بلاغت سے متعلق ہیں اور ۵۰۴ھ (م ۱۱۰۸ء) کے قریب لکھی گئی ہیں۔

ان کتابوں[2] میں سب سے اہم ابوعلی بلعمی کا "ترجمہ تاریخ طبری" ہے۔ بلعمی کے متعلق اس وقت تک کئی طرح کی غلط فہمیاں ہوتی چلی آئی ہیں۔ اکثر مشہور مستشرقین نے اس کے متعلق دھوکے کھائے ہیں اور خصوصاً براؤن (مسوف علیہ) کو بلعمی کی نسبت کچھ مغالطہ ہوگیا ہے۔ چنانچہ اس کے متعلق ہم اپنے اس مضمون میں بعض معلومات پیش کرنا چاہتے ہیں۔

بلعمی کے متعلق مغالطہ تاریخ طبری کے مترجم کا نام دراصل ابوعلی محمد بلعمی ہے۔ لیکن اس کے اور اس کے والد ابوالفضل محمد بلعمی کے متعلق اکثر دھوکا ہو جاتا ہے۔ پروفیسر براؤن جس نے اپنی کتاب تاریخ ادبیات کی جلد اول (دیکھو صفحہ ۳۵۶) میں اس قسم کا التباس دور کرنے کے لئے ابوعلی اور اس کے باپ ابوالفضل کی شخصیتوں کو واضح کر دیا ہے، اسی کتاب کی دوسری جلد میں خود دھوکے میں پڑ جاتا ہے۔ چنانچہ اس کے اشاریہ (انڈکس) میں ابوالفضل کے نام کے آگے قوسین میں "مترجم تاریخ طبری"[3] لکھا ہے۔ اور پھر متن کتاب میں دیوان ناصر خسرو کے بیان میں "سامانی وزیر ابوالفضل بلعمی مترجم تاریخ طبری"[4] درج ہے۔ حالانکہ تاریخ طبری کا مترجم ابوالفضل نہیں بلکہ اس کا بیٹا ابوعلی ہے۔ اسی اشتباہ کے خوف سے مرزا محمد خاں قزوینی نے ابوالفضل اور ابوعلی کی شخصیتوں کو واضح کرتے ہوئے لکھدیا ہے کہ "غالباً پدر و پسر بیگدگر مشتبہ شوند"۔[5]

نسبت بلعمی کی تحقیق بلعمیوں کا خاندان عربی النسل تھا۔ ان کا سلسلہ نسب عرب کے مشہور قبیلہ بنو تمیم سے ملتا ہے جو اس طرح ہے[6] "ابوالفضل محمد بن عبداللہ بن محمد بن عبدالرحمن بن عبداللہ

---

[1] دیکھو محمد عوفی لباب الالباب مصحح براؤن جلد دوم صفحہ ۹۶۔ [2] ان میں سے بعض کے متعلق دیکھو براؤن۔ تاریخ ادبیات ایران حصہ اول۔ صفحات ۱۱ اور ۱۲۔ حصہ دوم صفحہ ۱۱۵۔ [3] دیکھو تاریخ ادبیات ایران جلد دوم صفحہ ۵۴۸۔ [4] دیکھو تاریخ ادبیات ایران جلد دوم صفحہ ۲۲۰
[5] دیکھو۔ مرزا محمد قزوینی حواشی چہار مقالہ مطبوعہ گب میموریل سیریز صفحہ ۹۸۔ [6] دیکھو سمعانی۔ کتاب الانساب نسخہ عکسی مطبوعہ گب میموریل سیریز صفحہ ۹۰۔

بن عیسیٰ بن رجاء (غالباً رجاء ہوگا) بن معبد بن علوان بن زیاد بن غالب بن قیس بن المنذر (جو یقیناً منذر ہے) بن حرب بن حسان بن ہشام بن معیث (جو غالباً مغیث ہوگا) بن الحرث بن زید مناۃ بن تمیم"۔

لفظ بلعمی کے متعلق سمعانی نے کتاب الانساب میں دو روایتیں پیش کی ہیں[1]۔ ایک تو یہ ہے کہ یہ نسبت قصبۂ بلعمان سے حاصل کی گئی ہے جو مرو کے قریب اور قریہ بلاسجرد کے نشیب میں واقع ہے۔ اور دوسری یہ ہے جو دراصل صحیح ہے کہ بلعم ایشیائے کوچک کے ایک شہر کا نام ہے جس کو بنی تمیم کی ایک شاخ (سمعانی کے قول کے مطابق رجاء بن معبد) نے مشہور اموی سپہ سالار مسلمہ ابن عبدالملک کی ماتحتی میں حاصل کیا تھا اور وہیں آباد ہوگئی تھی۔ چنانچہ ابوالفضل اس تمیمی قبیلہ کی اولاد سے تھا اور اس نسبت سے بلعمی کہلایا جاتا تھا[2]۔ تاریخ مسعودی بیہقی[3] اور تاریخ گزیدہ[4] میں بلعمی کے لفظ کے غلط نسخے پائے جاتے ہیں۔ چنانچہ اول الذکر میں "بوالعمی" اور موخر الذکر میں اس کا نام اسطرح لکھا ہے "ابوعلی محمد بن محمد بلخی مترجم تاریخ طبری"۔

ابوالفضل بلعمی ابوالفضل بلعمی کو کتاب الانساب میں غلطی سے سامانی خاندان کے پہلے فرمانروا اسمٰعیل ابن احمد سامانی (المتوفی ۲۹۵ھ، ۹۰۷ء) کا وزیر لکھدیا ہے۔ اور اس بنا پر متاخرین کی کتابوں میں ہر جگہ یہی غلطی پیش ہوتی گئی ہے۔ چنانچہ پروفیسر براؤن نے (دیکھو تاریخ ادبیات ایران جلد اول صفحہ ۳۵۶) ابوالفضل کو اسمٰعیل بن احمد بن اسد سامانی کا وزیر بتلایا ہے۔ اور اسی طرح خانصاحب عبدالمقتدر نے بھی پبلک اورینٹیل لائبریری بانکی پور کے کٹلاگ (دیکھو جلد ششم تذکرہ تاریخ طبری) میں ابوالفضل کو امیر اسمٰعیل۔ "بانی خاندان سامانیہ" کا وزیر لکھا ہے۔ مشہور روسی محقق بارٹولڈ، جس نے انسائیکلوپیڈیا آف اسلام کے لئے بلعمیوں پر ایک مختصر سا مگر مفید مضمون (دیکھو جلد اول صفحہ ۶۱۴) لکھا ہے، یہ خیال ظاہر کرتا ہے کہ سامانیوں کے

---

[1] دیکھو سمعانی۔ کتاب الانساب نسخۂ عکسی مطبوعہ گب میموریل سیریز صفحہ ۹۰۔ [2] تفصیل کے لئے دیکھو مضمون بارٹولڈ انسائیکلوپیڈیا آف اسلام جلد اول صفحہ ۶۱۴۔ (۲) مرزا محمد قزوینی۔ حواشی چہار مقالہ مطبوعہ گب میموریل سیریز۔ صفحہ ۹۰۔ (۳) مولوی عبدالمقتدر۔ بانکی پور لائبریری کٹلاگ عربی اور فارسی نسخ قلمی جلد ششم صفحہ ۲۔ (۴) پروفیسر محمود شیرانی۔ تنقید شعر العجم رسالہ اردو۔ جلد دوم حصہ چہارم صفحہ ۴۹۴۔ [3] دیکھو تاریخ مسعودی بیہقی مصحح مورلے مطبوعہ کلکتہ ۱۸۶۲ء صفحہ ۱۱۰۔ [4] دیکھو نسخہ عکسی مطبوعہ گب میموریل صفحہ ۳۰۵۔

تاریخی احوال میں ابوالفضل کا ذکر وزیر کی حیثیت سے سب سے پہلی دفعہ اس خاندان کے تیسرے فرمانروا نصر بن احمد (۳۰۱ تا ۳۳۱ھ م ۹۱۴ تا ۹۴۳ء) کے زمانہ میں پیش ہوتا ہے اس طرح سے کہ ابوالفضل نصر بن احمد کے پہلے وزیر ابوعبداللہ جیہانی کا جانشین تھا۔ ابوالفضل کس سنہ میں مسند وزارت پر متمکن ہوا اس کا کہیں ذکر نہیں ملتا۔ ابن اثیر لکھتا ہے[1] کہ حسین ابن علی جو ربیع الثانی ۳۰۶ھ (م اگست۔ ستمبر ۹۱۸ء) میں شکست کھا کر گرفتار ہوا تھا اس کو وزیر جیہانی ہی نے قید سے آزاد کیا تھا۔ اس کے برخلاف ثعالبی نے اسی حسین کی ایک نظم نقل کی ہے[2] جس میں شاعر نے اپنی رہائی کے متعلق وزیر بلعمی کا شکریہ ادا کیا ہے۔

اس امر کا تصفیہ کرنا کہ حسین ابن علی کو جیہانی نے قید سے چھڑایا یا بلعمی نے ہمارے اس مضمون کے موضوع سے باہر ہے۔ لیکن ان دونو بیانات سے یہ واضح ہوجاتا ہے کہ ابوالفضل بلعمی نصر بن احمد بن اسمٰعیل سامانی کے زمانہ میں ضرور وزیر تھا۔

ابوعلی بلعمی ابوالفضل کے بیٹے ابوعلی محمد جس کو مقدسی نے "امیر ک بلعمی"[3] لکھا ہے، کی وزارت سامانیوں کے چھٹے حکمران عبدالملک بن نوح (۳۴۳۔ ۳۵۰ھ م ۹۵۴۔ ۹۶۱ء) کے آخری عہد حکومت میں شروع ہوتی ہے اور اس کے جانشین منصور بن نوح (۳۵۰۔ ۳۶۵ھ م ۹۶۱۔ ۹۷۶ء) کے زمانہ میں بھی جاری رہتی ہے۔ اس کے متعلق تاریخ گزیدہ میں لکھا ہے[4]:۔ "الوزیر ابوعلی محمد ابن محمد بلعمی مترجم تاریخ جریر طبری معاصر منصور ابن عبدالملک سامانی بود" منصور عبدالملک کا بیٹا نہیں بلکہ بھائی تھا اور اس کے بعد اس کا جانشین ہوا تھا۔ ممکن ہے کہ حمداللہ مستوفی نے عبدالملک کا جانشین ہونے کے باعث منصور کو اس کا بیٹا خیال کر لیا ہو۔ سامانی خاندان کے متعدد حکمرانوں کے نام ایک ہی ہونے[5] کی وجہ سے قدیم مورخوں نے اس قسم کی کئی غلطیاں کی ہیں۔

ابوعلی کی ترقی مشہور حاجب البتگین (جس نے غزنوی خاندان سلاطین کی بناڈالی) کی مرہون منت ہے۔

---

[1] دیکھو تاریخ کامل مصحو ٹورنبرگ جلد ششم صفحہ ۶۶۔ [2] دیکھو جورنال ایشیاٹیک جلد ۵۔ سیریز ۱۔ صفحہ ۲۰۴۔ [3] دیکھو احسن التقاسیم مصحو دی خویہ صفحہ ۳۳۸۔ [4] تاریخ گزیدہ۔ مطبوعہ گب موریل سیریز لیع عکسی صفحہ ۴۱۰۔ [5] دیکھو شجرہ نسب سامانیاں جو اسی مضمون میں آیندہ صفحہ ۸۵ پر پیش کیا گیا ہے۔

بلعمی اور ابتگین نے آپس میں اس امر کا عہد کر لیا تھا کہ ہر کام ایک دوسرے کی انتصواب سے کریں گے۔ چنانچہ عبدالملک کی وفات تک بلعمی اپنے دوست ابتگین سے مشورہ لیتا رہا۔ لیکن جب منصور تخت نشین ہوا اور ابتگین کا تعلق سامانی دربار سے منقطع ہو گیا تو بلعمی کو وزارت کا کام بغیر ابتگین کے مشورے کے آزادانہ انجام دینا پڑا۔ مقدسی لکھتا ہے کہ اس موقع پر بلعمی کو بھی عہدہ چھوڑ دینا پڑا تھا اگرچہ کہ بعد میں پھر وزارت اسکے سپرد کی گئی۔

بلعمیوں کی شہرت

نظام الملک نے لکھا ہے[1] کہ بلعمی مشرقی وزراء کے بہترین نمونے تھے۔ وزیر اعظم کی حیثیت سے زیادہ تر عظمت بلعمی اول سے متعلق ہے۔ (مقابلہ کرو تاریخ مسعودی بیہقی مصححہ مورلے۔ صفحہ ۱۱۷) وہ اپنے پیشرو وزیر جیہانی اور اپنے آقا نصر بن احمد کی طرح سامانی دور کے بہترین شخصیتوں کی ایک اعلیٰ مثال تھا۔ شعرا اور فضلا کا مربی ہونے کی حیثیت سے اس کو خاص طور پر شہرت حاصل ہے۔ سمعانی نے اس کے متعلق لکھا ہے کہ[2] "کان واحد عصرہ فی العقل والرای واجلال العلم"۔ اس کے متعلق مشہور ہے کہ اس نے شاعر رودکی (جس نے ۳۲۹ھ میں اسی سال انتقال کیا جس سال ابوالفضل بلعمی نے وفات پائی) کی خاص قدر دانی کی ہے اور اس کو عرب و عجم کے تمام شعراء پر ترجیح دی ہے۔ اس زمانہ میں ابوالفضل کی مدح میں رودکی کا ایک قصیدہ بہت مشہور تھا جس کے ایک شعر کی حکیم سوزنی نے بھی اپنے ممدوح (صدر جہاں شمس محمد بن عمر بن عبدالعزیز بازہ) کی تعریف میں تضمین کی تھی۔ چنانچہ وہ لکھتا ہے[3]

در مدح تو بصورت تضمین ادا کنم — یک بیت رودکی را در حق بلعمی

صدر جہاں جہاں ہمہ تاریک شب شدہ است — از بہر ما سپیدہ صادق ہمی دمی

ناصر خسرو بلعمی کے متعلق کہتا ہے ؎

بوالفضل بلعمی بتوانی شدن بفضل — گر نیستی بنسبت بوالفضل بلعمی[3]

ابو منصور ثعالبی نے "کتاب النثر النظم" میں ابوالفضل بلعمی کے متعلق ابی احمد بن ابی بکر الکاتب کے

---

[1] دیکھو سیاست نامہ مصححہ شیفر صفحہ ۱۵۰۔ [2] کتاب الانساب نسخہ عکسی مطبوعہ گب میموریل سیریز صفحہ ۹۰۔ [3] تنقید شعر العجم جناب محمد شبلی نعمانی رسالہ اردو۔ جلد دوم۔ حصہ ہشتم صفحہ ۴۹۳۔

حسب ذیل اشعار نقل کئے ہیں[1]:-

یا ابا الفضل لك الفضل المبین　　وبما تکنی به انت قمین

لیس تخلو من زکاة نعمة　　اوجبت شکراً الرب العالمین

فزکاة المال من اضافه　　وزکاة الجاه رفد المستعین

مرو اور بخارا میں ابو الفضل نے جو عمارتیں بنائی تھیں اُن کا بیان اصطخری نے خاص طور پر کیا ہے[2] وہ ابو الفضل کو "الشیخ الجلیل" لکھتا ہے۔ بخارا کے ایک دروازہ شیخ الجلال کا نام بہت ممکن ہے کہ اسی بلعمی سے منسلق ہو۔ ابن اثیر کے قول کے مطابق[3] بلعمی اول کو ۳۲۶ (م ۹۳۷-۹۳۸ء) میں عہدہ وزارت چھوڑ دینا پڑا تھا۔ اور سمعانی کی روایت کے مطابق اُس نے دسویں صفر ۳۲۹ (م ۱۴ ستمبر ۹۴۰ء) کو وفات پائی۔ اس کی اولاد سمعانی (۵۰۵ھ م ۱۱۵۵ء) کے زمانہ تک زندہ تھی۔ اس کے بیٹے ابو علی بلعمی کے متعلق سمعانی نے کوئی ذکر نہیں کیا اور دیگر مورخین نے بھی اس کی وزارت کے کارناموں کے نسبت کچھ نہیں لکھا اس کی تمام شہرت یا تو صرف اس کے باپ کی وجہ سے ہے یا مشہور تاریخ طبری کے ترجمہ کے باعث[4]۔

ابو علی کی تاریخ وفات کے متعلق اختلافات

گردیزی کے خیال کے مطابق[5] ابو علی بلعمی جمادی (الاول یا الثانی) ۳۶۳ھ (م ۲۰ فروری یا مارچ ۹۷۴ء) میں اپنی وزارت کے زمانہ ہی میں انتقال کر گیا[6]۔ اس کے برخلاف عتبی کہتا ہے کہ ابو علی دوبارہ ۳۸۳ (م ۹۹۲ء) میں نوح بن منصور (۳۶۵-۳۸۷ھ م ۹۷۶-۹۹۷ء) کے زمانہ میں وزیر بنایا گیا تھا۔ لیکن اسی سال تھوڑے دنوں کے بعد ہی مستعفی ہو گیا۔ کیونکہ ایلک خانی حملوں کی وجہ سے اس وقت سامانی حکومت کی حالت بہت نازک ہو گئی تھی

---

[1] دیکھو کتاب النثر النظم وحل العقد مطبوعہ مصر ۱۳۱۷۔ صفحہ ۲۵ ..... [2] دیکھو کتاب المسالک والممالک مصحبہ دی خویہ۔ صفحات ۲۶۰ اور ۳۰۰

[3] دیکھو تاریخ کامل جلد ۸ صفحہ ۲۸۳ ..... [4] دیکھو مضمون بارٹولڈ انسائیکلو پیڈیا آف اسلام صفحہ ۶۱۴۔

[5] زین الاخبار نسخۂ بوڈلین لائبریری آکسفورڈ صفحہ ۱۲۹ ..... [6] دیکھو ڈسکرپٹیو کٹلاگ آف پرشین مینوسکرپٹس کتب خانہ ایشیاٹک سوسائٹی بنگال صفحہ ۱ ..... [7] تاریخ یمینی معہ شرح منینی طبع قاہرہ ۱۲۸۶ھ۔ اول صفحہ ۱۷۶۔

اور بلعمی کا خیال تھا کہ وہ ایسے خطرناک زمانہ میں کامیابی کے ساتھ وزارت نہیں کرسکتا۔ لیکن ان تمام واقعات کے تذکرہ کے باوجود عتبی نے بلعمی کی تاریخ وفات کا کہیں ذکر نہیں کیا۔ اس کی وفات کی تاریخ ۳۸۶ھ (م ۹۹۶ء) جو عام طور پر پیش کی گئی ہے اور خصوصاً ریو (دیکھو برٹش میوزیم کٹلاگ جلد اول۔ صفحہ ۷۰) ایتھے (دیکھو گرنڈرس ڈرایرانشین فیلالوجی جلد دوم۔ صفحہ ۳۵۵) اور براؤن (دیکھو تاریخ ادبیات ایران جلد اول صفحہ ۳۵۶) نے جس کا تذکرہ کیا ہے، دراصل ابوعلی سیمجوری کی تاریخ وفات ہے اور مغالطہ کی وجہ سے ابوعلی بلعمی سے منسوب کردی گئی ہے۔ اس کے متعلق مشہور روسی مستشرق بارٹولڈ نے ابوعلی بلعمی (دیکھو صفحہ ۶۱۴) اور ابوعلی سیمجوری (دیکھو صفحہ ۷۷) پر انسائیکلوپیڈیا آف اسلام میں جو مضامین لکھے ہیں، ان میں وضاحت کردی ہے۔

تاریخ طبری امام ابوجعفر بن جریر الطبری ۲۲۴ یا ۲۲۵ (م ۸۳۸ء) میں آمول (طبرستان) میں پیدا ہوئے اور بغداد میں ۳۱۰ (م ۹۲۱ء) میں انتقال کیا[1]۔ تاریخ طبری کے سنہ تصنیف میں اختلافات ہیں۔ معجم الادبا میں لکھا ہے "وفرغ من تصنیف کتاب التاریخ ومن عرضہ علیہ فی یوم الاربعاء لثلاث بقین من شہر ربیع الاخر سنہ ۳۰۳..... الخ" (دیکھو صفحہ ۴۲۶) مورلے لکھتا ہے کہ طبری نے یہ تاریخ ۳۰۰ (م ۹۱۲ء) کے قریب لکھی لیکن حاجی خلیفہ نے اس کی تصنیف کی تاریخ ۳۰۹ (م ۹۲۱ء) لکھی ہے۔ اور تعجب ہے کہ باوجود یاقوت کے مستند بیان کے بانکی پور لائبریری کے کٹلاگ میں اسی کو زیادہ صحیح تسلیم کیا گیا[2]

بعض مورخین کا خیال ہے کہ طبری نے اپنی تاریخ کا نام "تاریخ الامم والملوک" رکھا[3]۔ اور بعضوں کا خیال ہے کہ اس کا نام "اخبار الرسل والملوک" ہے[4]۔ حاجی خلیفہ نے ابن سبکی کی روایت پر (مقابلہ کرو معجم الادبا جلد ششم۔ صفحہ ۴۲۵) لکھا ہے کہ تاریخ طبری دراصل تیس ہزار اوراق پر مشتمل تھی اور اس وقت جو تاریخ طبری

---

[1] دیکھو ارشاد الاریب الی معرفۃ الادیب المعروف بہ معجم الادبا یاقوت الرومی مطبوعہ گب میموریل سیریز جلد ششم۔ صفحات ۴۲۳۔ اور ۴۲۸۔

[2] تفصیل کے لئے دیکھو کٹلاگ آف پرشین عربک مینوسکرپٹس بانکی پور لائبریری۔ جلد ۶۔ [3] دیکھو (۱) معجم الادبا مطبوعہ گب میموریل سیریز جلد ششم۔ صفحہ ۴۲۴۔ (۲) کشف الظنون۔ حاجی خلیفہ جلد دوم صفحہ ۱۳۶۔ [4] براکلمن۔ جلد اول صفحہ ۱۴۶۔

پائی جاتی ہے وہ اصل تاریخ کا خلاصہ ہے جو خود طبری نے کیا تھا۔[1]

تاریخ طبری کا فارسی ترجمہ

خلافت عباسیہ کے کمزور ہو جانے کے بعد جو جو مرکزی حکومتیں قائم ہوئیں، ان سب میں سامانیوں کو خاص طور پر امتیاز حاصل ہے۔ جس طرح اردو زبان میں غدر کے زمانہ تک تصنیف و تالیف کرنا معیوب خیال کیا جاتا تھا، ایران میں سامانی عہد تک عربیت کا اس قدر گہرا اثر چھایا ہوا تھا کہ فارسی میں نثر کی کوئی کتاب لکھنی تو کجا فارسی شعر و سخن کا ذوق و شوق بھی عالموں اور فاضلوں کی شان کے منافی سمجھا جاتا تھا۔ چنانچہ اس زمانہ تک ایک کتاب بھی فارسی نثر میں نہیں لکھی گئی اور جس قدر فارسی شاعر گزرے ان کی قدر و منزلت اتنی نہیں کی گئی جتنی کے بعد کے زمانہ میں کی جاتی ہے۔

یہ سامانی حکمران تھے جنہوں نے فارسیت کو بہت زیادہ فروغ بخشا۔ وہ اپنے تئیں ہر طرح سے ایران کے قدیم ساسانی بادشاہوں کے جانشین ثابت کرنا چاہتے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ انہوں نے ہر اس چیز کی جو خالص ایرانی ہوتی تھی خاص طور پر قدر کی۔ عربیت کا جو گہرا اثر ایران اور ایرانیوں پر پڑ چکا تھا اس کا رد عمل کرنا چاہا۔ قدیم ایرانی معاشرت کے احیاء کی کوشش کی اور ایرانیوں کے دل میں اس بات کو جاگزیں کر دیا کہ گویا اب پھر قدیم ایرانی قومی سلطنت از سر نو زندہ ہو گئی ہے۔

یوں تو اس خاندان کے تمام حکمراں روشن خیال اور علم پرور تھے[2] لیکن ساتویں فرمانروا منصور بن نوح

---

[1] اس امر کے متعلق ارتھ ناٹ سامانیوں کے علمی کارناموں کا ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے (دیکھو پرشین پورٹرٹس صفحہ ۱۱) کہ امیر نصر نے تاریخ طبری کا خلاصہ کے طور پر ترجمہ کیا تھا اور اپنے اس بیان کے متعلق ذیل میں لکھتا ہے کہ "تاریخ طبری در اصل عربی زبان میں لکھی گئی اس کو خلاصہ کے طور پر امیر نصر بن احمد سامانی نے فارسی میں لکھا۔ اس کے علاوہ اس کا اور ایک ترجمہ ابو علی وزیر منصور بن نوح نے کیا اس کے بعد ابو محمد بترتی نے ۱۱۱۸ء (م ۵۱۲ھ) میں کیا اور سب کے آخر میں ابو عبداللہ صالح بن محمد نے کیا۔"

ارتھ ناٹ نے یہ کتاب ۱۸۸۰ء میں لکھی اور دیباچہ میں پچیس ۲۵ مستشرقین کے نام لکھے ہیں جن کی تحقیقات سے اس نے اپنی کتاب میں مدد لی تھی۔ لیکن کتاب کے متن میں اس نے کہیں کسی کا حوالہ یا سند نہیں پیش کی اور جا بجا اس قدر غلطیاں کی ہیں کہ اس وقت اس کی کتاب سے کچھ نقل کرنا یا اس کا حوالہ دینا بھی بیکار ہے۔

[2] اس خاندان کی علمی خدمات کے متعلق کتاب "سلطان محمود غزنوی کی بزم ادب" میں کافی معلومات پیش کی گئی ہیں۔

(۳۵۰ - ۳۶۵ھ م ۹۶۱ - ۹۷۶ء) کے زمانہ میں یہ روشن خیالی اور علم پروری معراج کمال کو پہنچ گئی تھی ۔ چونکہ اس مضمون میں سامانی خاندان کے فرمانرواؤں کا اکثر تذکرہ کیا گیا ہے اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان کے سلسلہ نسب کو واضح کر دیا جائے تاکہ پڑھنے والوں کو ہر حکمران کے نام کے ساتھ اس کے تقدم و تاخر اور تعلقات کی نسبت واقفیت میں آسانی ہو:۔



منصور بن نوح (اول) کا سب سے بڑا علمی کارنامہ یہ ہے کہ اس نے فارسی زبان میں باضابطہ نثر نگاری کا سنگِ بنیاد رکھا۔ چنانچہ اس کے زمانہ کی کئی نثری کتابوں میں سب سے زیادہ اہم تاریخ طبری کا فارسی ترجمہ ہے جس کے لئے ۳۵۲ھ (م ۹۶۳ء) میں منصور نے اپنے نائب ابوالحسن فائق کے ذریعہ وزیر بلعمی کو

حکم دیا تھا[1]۔ بلعمی نے تاریخ طبری کا لفظی ترجمہ نہیں کیا بلکہ جگہ جگہ نئے نئے عنوانات کا اضافہ کر کے ایک حد تک اصل کتاب کی ترتیب بھی بدلدی۔ اُس نے اِس تاریخ کو کئی چھوٹی بڑی فصلوں پر منقسم کر دیا اور اس بات کا خاص طور پر لحاظ رکھا کہ واقعات سنین وار ترتیب کے ساتھ پیش کیے جائیں۔ چنانچہ اس کے ضمن میں اُس نے اپنے زمانے کے جدید حالات سے بھی مدد حاصل کی ہے۔ اصل کتاب کے عربی اشعار اور دیگر عناصر کو بالکل ترک کر دیا ہے اور اگرچہ بہت سا نیا مواد بھی داخل کیا لیکن بجائے اصل کتاب سے ترجمہ کا حجم زیادہ ہونے کے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تاریخ طبری فارسی زبان میں بالکل خلاصہ کے طور پر پیش کی گئی ہے۔

تاریخ طبری میں بلعمی کے بعد دو تین دفعہ صلہ اور ذیل کے نام سے اور بھی اضافے کئے گئے ہیں چنانچہ اس کے متعلق اسی مضمون میں ایک جگہ ذیل میں ارتھ ناٹ کا خیال پیش کیا جا چکا ہے لیکن کتب خانہ بانکی پور کی عربی اور فارسی کتابوں کے کٹلاگ (جلد ششم) میں حاجی خلیفہ کے حوالے سے لکھا ہے کہ ابو محمد عبداللہ ابن محمد الفرغانی نے اس تاریخ میں "الصلۃ" کے عنوان سے اور اضافہ کیا ہے اور اس طرح ابو الحسن محمد بن عبدالملک بن ابراھیم بن احمد الہمدانی نے بھی، جس کا انتقال ۵۲۱ھ (م ۱۱۲۷ء) میں ہوا اس میں عباسی خلیفہ مستظہر باللہ (۴۸۷ھ م ۱۰۹۴ - ۱۱۱۸ء) کے زمانہ تک کے حالات کا اضافہ کیا ہے[2]۔

تاریخ طبری کے اور ترجمے (۱) بلعمی کی فارسی تاریخ طبری کا ایک عثمانی ترکی ترجمہ قسطنطنیہ سے ۱۲۶۰ھ (م ۱۸۴۳ء) میں شایع ہوا تھا۔ اس کا ذکر ڈاکٹر جی روزن نے بھی کیا ہے۔

(۲) ایک اور مشرقی ترکی ترجمہ (جو ۹۲۸ھ م ۱۵۲۱ء میں کیا گیا تھا) کا ذکر کوسگارٹن نے اپنی کتاب طبرستانسس انیلس (Taberist anensis Annales) صفحہ ۱۰ میں کیا ہے۔

(۳) فرانسیسی زبان میں ایم۔ ہرماں۔ زوتن برگ نے ترجمہ کر کے ۱۲۸۴ھ (م ۱۸۶۷ء) میں چار جلدوں میں شائع کیا ہے۔

---

[1] دیکھو کٹلاگ بانکی پور لائبریری پرشین اور عربک مینوسکرپٹس جلد ششم۔ صفحہ ۲۔

[2] دیکھو ایشیاٹک سوسائٹی بنگال (جہاں بلعمی کے ترجمے کے دو نسخے موجود ہیں) کے فارسی مینوسکرپٹس کا ڈسکرپٹیو کٹلاگ صفحہ اول۔

ترجمہ تاریخ طبری اور بلعمی کے متعلق معلومات

بلعمی اور اس کے ترجمہ تاریخ طبری وغیرہ کے متعلق چند یورپین و دیگر محققین کی کتابوں کے حوالے حسب ذیل درج کئے جاتے ہیں۔

(۱) سینٹ پیٹرس برگ کٹلاگ پرشین مینوسکرپٹس صفحات ۲۶۰ تا ۲۶۴

(۲) برٹش میوزیم (لنڈن) پرشین مینوسکرپٹس جلد اول صفحہ ۶۸

(۳) بوڈلین لائبریری (اکسفورڈ) " " " " نمبر ۲ تا ۱۳

(۴) بیلیوتھیک نیشونیل (پیرس) کٹلاگ پرشین مینوسکرپٹ۔ جلد اول نمبر ۲۳۸ تا ۲۴۴

(۵) وئینا لائبریری کٹلاگ آف پرشین مینوسکرپٹس جلد دوم صفحہ ۶۴

(۶) انڈیا آفس لائبریری کٹلاگ آف " " " " اول نمبر ۲ تا ۱۳

(۷) بانکی پور لائبریری " " " " ششم نمبر ۴۴۹ اور ۴۵۰

(۸) ڈسکرپٹیو " " " " ایشیاٹک سوسائٹی بنگال صفحہ ۱۔

(۹) کشف الظنون حاجی خلیفہ جلد دوم صفحہ ۱۳۶

(۱۰) تاریخ آداب اللغۃ العربیہ براکلمن جلد اول صفحہ ۱۴۲

(۱۱) اسپرنگر جرنل آف دی ایشیاٹک سوسائٹی بنگال جلد ۱۷۔ حصہ ۲۔ صفحات ۳۳۷ تا ۴۰۱

(۱۲) بارٹولڈ۔ انسائیکلوپیڈیا آف اسلام جلد اول صفحہ ۶۱۴

(۱۳) براؤن۔ تاریخ ادبیات ایران۔ جلد اول صفحات ۱۱۔ ۱۱۰۔ ۳۵۶۔ جلد دوم صفحات ۳۶۸ تا ۳۶۹

(۱۴) زوتن برگ اور دیو بے کے فرانسیسی ترجمۂ تاریخ طبری کا مقدمہ

(۱۵) آقا میرزا محمد قزوینی حواشی چہار مقالہ صفحہ ۹۸

(۱۶) کوسگارٹن۔ طبرستانسس انیلس (مطبوعہ ۱۸۳۱ء) کے تمہیدی صفحات نمبر ۱۰۔ ۱۱

بلعمی کے دوسرے فارسی کارنامے

ترجمہ تاریخ طبری کے علاوہ ابوعلی بلعمی سے دو اور ترجمے منسوب کئے جاتے ہیں جن میں سے ایک بید پائے کی کہانیوں کا ترجمہ ہے۔ ارتھ ناٹ نے لکھا ہے[1] کہ

---

[1] دیکھو پرشین پوئٹریس مطبوعہ ۱۸۸۷ء صفحہ ۱۱

سامانیوں کے زمانہ میں مشہور شاعر رودکی نے بیدپائے کا فارسی نظم میں ترجمہ کیا اور وزیر بلعمی نے نثر میں۔ لیکن جس طرح پہلے بھی ہم نے ذکر کیا ہے ارتھ ناٹ اپنے بیانات کا کوئی حوالہ نہیں دیتا چنانچہ اس کے اس بیان کی بھی کہ بلعمی نے بیدپائے کا فارسی نثر میں ترجمہ کیا کہیں تصدیق نہیں ہوتی۔ معلوم نہیں کہ خود اس کو یہ بات کس ذریعہ سے حاصل ہوئی تھی۔

فارسی نثر کا ایک اور کارنامہ جو ابوعلی بلعمی سے منسوب کیا جاتا ہے تفسیر طبری کا فارسی ترجمہ ہے۔ اس کا ذکر براؤن جیسے مستند مستشرق نے اپنی کتاب تاریخ ادبیات ایران کی جلد دوم صفحہ ۱۱۵ میں کیا ہے۔ لیکن یہ بات بھی پہلے کی طرح سہو نظر معلوم ہوتی ہے کیونکہ سوائے براؤن کی کتاب کے اس ذکر کے کہیں اور اس کا تذکرہ نہیں پایا جاتا۔ خود پروفیسر براؤن نے اسی کتاب کے حصہ اول صفحہ ۴۰۸ میں ترجمہ تفسیر طبری کا اس طرح ذکر کیا ہے کہ گویا اس کا مترجم ابوعلی بلعمی نہیں بلکہ کوئی اور شخص ہے چنانچہ وہ کہتا ہے:۔ "طبری کی تفسیر کا ترجمہ اسی زمانہ میں کیا گیا تھا جب کہ بلعمی نے اس مشہور مورخ اور فاضل کی تاریخ کا ترجمہ کیا تھا"۔ برٹش میوزیم (جہاں اس تفسیر کا ایک قلمی نسخہ پائے جانے کے متعلق براؤن نے اسی ذکر میں حوالہ دیا ہے) کے کٹلاگ میں ترجمہ تفسیر طبری کے متعلق جو لکھا ہے[1] اس کا ترجمہ یہ ہے:۔

"ابوجعفر محمد بن جریر الطبری کی تفسیر قرآن کا فارسی ترجمہ۔ پہلے کے دو صفحوں میں مصنف کا عربی دیباچہ جو الحمد للہ الذی افتحہ بالحمد کتابہ وحمد نفسہ حین انزل خطابہ سے شروع ہوتا ہے۔ اسکے بعد ایک صفحہ کا فارسی دیباچہ ہے جس میں ترجمہ کے متعلق لکھا گیا ہے کہ اصل عربی کتاب جو چالیس جلدوں میں تھی بغداد سے امیر ملک مظفر ابوصالح منصور بن نوح (وہی سامانی امیر جس کے لئے طبری کی تاریخ کا ترجمہ کیا گیا تھا) کے دربار میں لائی گئی۔ امیر نے علمائے ماوراء النہر سے اس کے فارسی میں ترجمہ کرنے کے متعلق مشورہ کیا، جب انہوں نے اس کے جواز کا فتویٰ دیا تو حکم دیا کہ اپنے میں سے چند ایسے افراد کا انتخاب کریں جو اس کام کے لئے موزوں تر ہوں"۔

براؤن نے اس عبارت کی طرف اشارہ کیا ہے اور اس کے پڑھنے سے خیال پیدا ہوتا ہے کہ ممکن ہے ان چند افراد میں سے جو ترجمہ تفسیر طبری کیلئے منتخب کئے گئے تھے ابوعلی بلعمی بھی ایک ہو لیکن اس میں بھی شبہ ہے بلیو ٹھیک نیشنیل پریس کے

---

[1] دیکھو برٹش میوزیم۔ کٹلاگ آف پرشین مینوسکرپٹس جلد اول صفحہ ۸۔

کٹلاگ میں[1] تفسیر طبری کے دیباچہ کی یہ عبارت نقل کرتے ہوئے :-

"ایں کتاب تفسیر بزرگ است از روایت محمد بن جریر الطبری رحمۃ اللہ علیہ ترجمہ کردہ بزبان پارسی دری راہ راست وایں کتاب را بیاوردند از بغداد چہل مصحف بود ایں کتاب نبشتہ بزبان تازی وباسناد ہائے دراز بود وبیاوردند سوئے امیر سید منظر ابوصالح منصور بن نوح بن نصر بن احمد بن اسمٰعیل رحمۃ اللہ علیہم اجمعین..... وچناں خواست کہ مرایں را ترجمہ کردند بزبان پارسی پس علماء ماوراء النہر را گرد کرد وایں از یشان فتویٰ کرد کی روا باشد کی ایں کتاب را بزبان پارسی گردانیم گفتند روا باشد خواندن ونبشتن تفسیر قرآن بپارسی مراں کسے را کی او تازی نداند....."

لکھا ہے کہ فارسی زبان میں ترجمہ کو جائز قرار دینے کی بابت حسب ذیل شخصیتوں کے ناموں کا ذکر کافی ہے۔ ابوبکر محمد ابن فضل الانام۔ محمد بن اسمٰعیل۔ ابوبکر احمد ابن حامد۔ خلیل ابن احمد سجستانی۔ ابوجعفر محمد ابن علی باب الہند ابوالہیثم خالد ابن ہانی۔ ان تمام نے چند ایسے افراد کا انتخاب کیا جو فارسی میں ترجمہ کر سکتے تھے۔ غرض اس تذکرہ میں بھی اُن علماء کے نام نہیں دئے گئے جنہوں نے تفسیر طبری کا ترجمہ کیا تھا اس میں کوئی شک نہیں کہ منصور نے سمرقند، اسبیجاب[2] اور فرغانہ سے علمائے وقت کو طلب کر کے اس تفسیر کا ترجمہ کرایا تھا لیکن اس امر کا کہیں پتہ نہیں چلتا کہ آیا ابوعلی بلعمی کا بھی اس ترجمہ میں کوئی حصہ ہے یا نہیں ؟

---

[1] دیکھو جلد اول صفحہ ۱۶۔

[2] دیکھو آثار الکرام شمس اللہ قادری صاحب مطبوعہ اردو۔ باب اول صفحہ ۳۶۰۔

شبِ پھول کی سرگز

از جناب ابوالکلام محمد بدرالدین صاحب بدر متعلم بی اے

ظلمتِ شب سے ہے لرزاں دلِ نازک میرا
مجھے تاروں کی یہ چشمک نہیں بھاتی اصلا
کانپتا ہوں جو فلک پر کوئی تارا ٹوٹا
حسرت آلودہ ہے کچھ آج قمر کا چہرہ
اوس پڑتی ہے مسلسل کہ فلک روتا ہے صبح تک خیر نہیں دیکھئے کیا ہوتا ہے
آہ فطرت نے مجھے آنکھ کا تارا سمجھا
تختۂ گل تھا مرے واسطے اک گہوارہ
جھونکے دیتی تھی وہ جنگل کی پری ٹھنڈی ہوا
ایسے نازوں سے میں وادی میں پلا اور بڑھا
رس جو ٹپکا تو مرے داغِ جگر دھلنے لگے حوصلہ بڑھنے لگا بند قبا کھلنے لگے
سانس چلنے لگی رحمت کی ہوا آنے لگی
رنگ چڑھتا گیا صورت مری شرمانے لگی
دیدبازی مجھے خورشید کی کچھ بھانے لگی
خودنمائی مرے نیرنگ کو جھلکانے لگی

ہائے ایسے میں کوئی کیوں مجھے برباد کرے　　تن بتقدیر ہوں گلچیں کو خدا شاد کرے

صورتیں وہ کہ کریں حور جناں بھی تعریف
موت کے ہاتھ نے چھینا تھا جنھیں نیکے حریف
رگ و ریشہ میں ہے مٹی کے وہی خونِ شریف
مجھے دیکھو کہ اُسی خاک کی ہوں رُوح لطیف

لاکھ جانیں ہیں نہاں ہمسے بھی بے جانوں میں　　دوڑتی پھرتی ہیں روحیں مری شریانوں میں

چیر کر دِل مرا کوئی تو تماشا دیکھے
کتنے جلوے ہیں مرے طور پہ پیدا دیکھے
میری اِس ننھی سی ہستی میں ہے کیا کیا دیکھے
دیکھنے والا اگر دیکھے تو دنیا دیکھے

ہوں تو ہنس مکھ ہی مگر چاک ہے سینہ میرا　　یہ بھی اِک راز ہے کانٹوں پہ ہے جینا میرا

کیا وہ جینا جو نہ ہنگامہ ہو برپا یارب
ایسے جینے سے تو بہتر ہے نہ جینا یارب
حُسن کو نرم بنا عشق کو گرما یارب
خیر یوں ہی سہی گر ہے ترا منشا یارب

عشق کو آگ میں جلنے کے لئے شید اکر　　حسن کو خاک میں ملنے کے لئے پیدا کر

تخیل اور داستان امیر حمزہ

(از جناب سید وقار احمد صاحب متعلم ام۔ اے)

کہا گیا ہے کہ انسان خدا کا خلیفہ ہے چنانچہ مالک نے تقریباً اپنی تمام صفات بندہ میں ودیعت کی ہیں۔ اور صفات کی شہادت تو شاید آسانی سے مل جائے لیکن یہاں خدا کی صفت خلاقی سے بحث ہے جو اس کی ایک عظیم الشان صفت ہے۔ خلق کے معنی کسی معدوم شئے کو پیدا کرنا ہے۔ اب انسان کے متعلق دیکھنا چاہئے کہ یہ کن چیزوں کو خلق کر سکتا ہے۔ دانہ کو زمین میں بونا خلق کرنا نہیں ہے۔ کیوں کہ اس میں تمام کام فطرت کے قوانین کرتے ہیں۔ غور کرنے سے معلوم ہوا کہ انسان کے ذہن کی پیداوار البتہ اس کی اپنی پیدا کی ہوئی ہے۔ کوئی نظم لکھنی کوئی قصہ گھڑنا انسان ہی کے دماغ کا کام ہے اور جو قوت یہ کام کرتی ہے اس کو اصطلاح میں تخیل کہتے ہیں۔ یہ وہ قوت ہے جس کا ہونا خصوصاً شاعر، مصور، ناول نویس اور ہر ادبی آدمی کے لئے ضروری ہے۔

تخیل کی تعریف کرنی مشکل ہے۔ رسکن[1] کہتا ہے "تخیلی قوت کی روح بالکل مبہم اور ناقابل تفہیم ہے اس کو ہم صرف اثر کی صورت میں دیکھ سکتے ہیں"۔

تخیل کوئی نئی چیز نہیں پیدا کرتا بلکہ دماغ میں دنیا کی کثیر التعداد اشیاء کے جو تصورات ہوتے ہیں انہیں کو تخیل مختلف طور پر جمع کر کے پیش کرتا ہے۔ اس طرح اس کا جمع کرنا یا آمیزش کر کے نئی صورت گھڑنا دو طرح کا

---

[1] (John Ruskin)

ہوتا ہے ۔ ایک تو یہ کسی پہلی دیکھی ہوئی یا محسوس کی ہوئی چیز کی ہو بہو تصویر دماغ میں پیدا کر دے مثلاً اگر کسی شخص نے تاج محل دیکھا ہو اور پھر وہ اپنے تصور میں تاج محل کی تصویر قائم کرے ۔ اس کو محاکاتی تخیل کہتے ہیں ۔ بیانیہ شاعری کی تمام تر عمارت اسی قسم کے تخیل پر مبنی ہے ۔ دوسری صورت تخیل کی یہ ہے کہ انسان اپنی دیکھی ہوئی اشیاء سے اپنی پسند کے موافق اس کے لوازمات کو اپنے ذہن میں علیحدہ کرلے اور ان کو ترتیب دیکر ایک نئی چیز پیدا کرے مثلاً ایک شخص اپنے ذہن میں ایک ایسے جانور کا تصور پیدا کر سکتا ہے جس کا منہ بندر کا سونڈ ہاتھی کی، کان گھوڑے کے، پیر ہرن کے اور بدن انسان کا ہو ۔ ایسے تخیل کو جو مختلف اجزا جمع کر کے نئی چیز پیدا کرتا ہے تخلیقی یا اختراعی تخیل کہتے ہیں ۔

ادب میں محاکاتی تخیل کی کچھ کم اہمیت نہیں لیکن وہ تخلیقی تخیل کے مقابلہ میں بہت ادنیٰ درجہ کا ہے محاکات میں تخیل کا کام اصل شئے کی پابندی کے ساتھ نقالی کرنا ہے ۔ لیکن انسان کے خالق ہونے کی صفت کامل طور پر تخلیقی تخیل سے ظاہر ہوتی ہے ۔ اس سے یہ نہ سمجھنا چاہئے کہ ہر قسم کا تخلیقی تخیل قابل قدر ہے ۔ تخلیقی تخیل کو قابل قدر بنانے کے لئے چند قواعد ضروری ہیں ۔ اگر یہ قواعد نہ ہوں تو جیسا کہ شکسپیر نے کہا ہے " دیوانہ عاشق اور شاعر تینوں کا درجہ مساوی ہو جائیگا " اس میں شک نہیں کہ تخیل تینوں کا یکساں ہوتا ہے لیکن دیوانہ کا تخیل بے لگام اور غیر منتظم ہوتا ہے ۔ وہ بلا سبب کبھی جانور پیدا کرتا ہے کبھی انسان کبھی کوئی درخت اور اسی طرح دنیا کی اشیاء سے عجیب عجیب مرقعے ۔ عاشق کا تخیل اتنا بے لگام نہیں ہوتا، اس کی جولانگاہ معشوق اور اس کے متعلقات ہوتے ہیں اس جولانگاہ میں عاشق کا تخیل بھی دیوانہ کی طرح بے لگام ہوتا ہے ۔ کبھی کہیں اور کبھی کہیں ۔ برخلاف ان دونوں کے شاعر کا تخیل سدھایا ہوا اور منتظم ہوتا ہے ۔ وہ دنیا کو غور سے دیکھتا ہے فطرت کے قوانین سے آگاہ ہوتا ہے ۔ زندگی کے اسرار سے واقف ہوتا ہے ۔ تب کہیں خدا کی بنائی ہوئی دنیا کے مقابلہ میں اپنی ایک اور دنیا پیدا کرتا ہے، جو تقریباً ویسی ہی ہوتی ہے ۔ اس کے انسان خدا کے بنائے ہوئے انسانوں کی طرح زندہ اور ذی روح ہوتے ہیں ۔ ویسا ہی عمل کرتے، رہتے، سہتے، سوچتے، اور غور کرتے ہیں جیسے کہ دنیا کے واقعی انسان اگر دنیا میں ویسے ہی حالات پیدا کر دئے جائیں جو شاعر نے اپنی تصنیف میں پیدا کئے ہیں تو ان حالات میں دنیا میں بھی ویسا ہی انسان پیدا ہوگا جو شاعر نے پیدا کیا ہے ۔ یہی ہے وہ نکتہ

جس کی بنا پر شعرا کو تلامذہ الرحمٰن کہا گیا ہے۔

شکسپیر کے ڈراما ہملٹ کو لیجئے اس میں اس کے ہیرو ہملٹ کو دیکھئے جو واقعات اس پر گزرے ہیں، کیا وہ ایسے نہیں کہ اچھے خاصے انسان کو پاگل بنا دیں اور ایسے دماغی خلجان میں اگر کوئی انسان واقعی مبتلا ہو جائے تو کیا وہ خودکشی کا ارادہ نہ کریگا؟ جولیس سیزر کو لیجئے، بروٹس اگرچہ سیزر کا دوست ہے مگر وطن پرستی اور آزادی اس پر غالب ہے۔ جب مختلف طریقوں سے اس کو باور کرایا گیا کہ سیزر ملک کو غلام بنا رہا ہے" تو اُٹھ اور ملک کو بچا" اس صورت میں ایسے اعلیٰ خاندان اور بلند خیال والے انسان کا کیا فریضہ ہوگا؟ بیچارے نے ملک پر دوستی کو قربان کیا اور اپنے محسن دوست کو تلوار کے گھاٹ اُتارا۔ پھر لطف یہ ہے کہ بروٹس کو آپ محسن کش یا غدار نہیں کہہ سکتے۔ اسی طرح میکبتھ کو لیجئے، میکبتھ بذات خود نیک انسان تھا لیکن اسی میکبتھ نے انتہائی بزدلی اور کمینہ پن سے اپنے مہربان بادشاہ کو قتل کیا۔

غرض بڑا کمال شاعر کا یہ ہے کہ پہلے تو وہ زندگی کو سمجھے فطرت کے قوانین سے واقف ہو اور اس علم کو صحیح طور پر اپنے تخیل پر منطبق کرے۔ تب کہیں وہ تخیل تخلیقی تخیل ہوگا۔ اور اس سے وہ جواہر پارے نکلیں گے جن کی چمک رہتی دنیا تک باقی رہیگی۔

اس میں شک نہیں کہ تمثیل نگار یا ناول نویس اپنے ذہنی ذخیرہ سے چند باتوں کو منتخب کرتا ہے، مگر یہ عمل بالکل غیر شعوری ہوتا ہے۔ رسکن نے شاعروں اور صناعوں کے تخیل کی نسبت لکھا ہے کہ یہ لوگ جو کچھ اپنی زندگی میں سنتے اور دیکھتے ہیں وہ تمام چیزیں ان کے حافظہ کے غیر محدود ذخیرہ میں محفوظ رہتی ہیں، اس کو وہ وقت پر استعمال کرتے ہیں۔

جب مشاہدہ تجربہ اور نتائج اس طرح مرتب کئے جائیں کہ اس سے ایک نئی چیز پیدا ہو جائے تو یہ تخلیق ہے۔ تخلیقی تخیل کے امکانات غیر محدود ہیں۔ ہر فرد کی حقیقی زندگی کو جس قدر چاہیں گھٹا بڑھا کر تخیل کی دنیا میں لا سکتے ہیں۔ حقیقت میں تخیل ہی ہمارے دماغی عمل کا کارفرما ہے۔ ہم اشیاء کو ہمیشہ اپنے خیال میں جوڑتے اور ان کو ایک تخیلی صورت دیتے رہتے ہیں اور ان سے نتائج مستنبط کرتے ہیں کہ فلاں چیز کیسی ہوگی یا فلاں چیز کیسی ہو سکتی ہے۔ اکثر دماغ ایسے ہوتے ہیں جو کوئی زندہ تصویر پیش نہیں کر سکتے۔

اس لئے اس کا کوئی مدامی اثر ہمارے جذبات پر نہیں ہوتا۔ مگر شاعر یا تمثیل نگار اس راز سے واقف ہوتا ہے کہ اپنی تخیلی دنیا کو اس طرح پیش کرے جو حقیقت کی تصویر ہو یا اس سے بھی زیادہ دلچسپ۔

ہم خواب میں اپنے گذشتہ تجربہ کی بنا پر بعض اوقات ایسی چیزیں دیکھتے ہیں جو دلچسپ معلوم ہوتی ہیں اور اصلی رنگ میں دکھائی دیتی ہیں۔ ؎

تھا خواب میں خیال کو تجھ سے معاملہ　　جب آنکھ کھل گئی نہ زیاں تھا نہ سود تھا

مگر جب خواب کی حالت گزر جاتی ہے اور پھر ہم وہی حالت اپنے آپ پر طاری کرنا چاہتے ہیں تو وہ صورت ناممکن ہو جاتی ہے کیوں کہ اب ہمیں خواب کی چیزوں کو استدلال کی کسوٹی پر کسنا پڑتا ہے مگر خواب کی حالت میں ہمیں اس کا احساس نہیں ہوتا۔ ہم خواب میں ڈرتے اور خوش ہوتے ہیں مگر کبھی استعجاب نہیں ظاہر کرتے اس کی یہ وجہ ہے کہ اس وقت ہماری اشیاء کو مقابلہ کرنے اور ان کے معقول سمجھنے کی استدلالی قوت غائب ہو جاتی ہے۔ جب ہم سوتے ہیں تو ہمارا تخیل عمل پیرا رہتا ہے مگر ہماری استدلالی قوت سو جاتی ہے۔ بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ ہمارا تخیل خواب میں ایسی وہمی اور واہی تباہی چیزیں پیش کرتا ہے جن کا تعلق قانون فطرت کے قوانین سے بالکل جدا ہوتا ہے ان کو ہم محض خیالی تصویریں کہینگے۔

"خیال" سے ایسا تخیل مراد ہے جو بغیر کسی رکاوٹ یا استدلال کی رہبری کے کام کرتا ہے"۔

تلازمی تخیل، اشیا، تصور، یا خیال کی جذباتی تصویروں کے ساتھ رہتا ہے۔ اگر اس ائتلاف کی بنا جذباتی رشتہ پر نہ ہو تو اس صورت میں اس کو محض خیال یا وہم کہتے ہیں۔

تیسری صورت میں تخیل کی حالت اس سے علیحدہ ہوتی ہے اس میں شاعر اپنے خیالات کی ترجمانی کرتا ہے اور وہ ترجمانی اس طرح کی جاتی ہے کہ شاعر اپنے جذبات کو دوسری چیزوں سے وابستہ کر دیتا ہے گویا وہ ان اشیائیں انسانی صفات پاتا ہے اور اس پردہ میں اپنے دلی خیالات کو ظاہر کرتا ہے۔ جیسے ڈاکٹر اقبال "ہلال عید" کو مخاطب کر کے کہتے ہیں۔

غرۂ شوال اے نورِ نگاہِ روزہ دار　　آ! کہ تھے تیرے لئے مسلم سراپا انتظار

سرگزشتِ ملتِ بیضا کا تو آئینہ ہے　　اے مہ نو! ہم کو تجھ سے الفتِ دیرینہ ہے

جس عَلَم کے سایہ میں تیغ آزما ہوتے تھے ہم　　دشمنوں کے خون سے رنگیں قبا ہوتے تھے ہم

اوج گردوں سے ذرا دنیا کی پستی دیکھ لے　　اپنی رفعت سے ہمارے گھر کی پستی دیکھ لے

یہاں شاعر چاند کو ذی حس فرض کرتا ہے اور اس کو مخاطب کر کے اپنے جذبات اور تاثرات کا اظہار کرتا ہے۔

ذرا غور کریں تو معلوم ہوگا کہ ہمارا روحانی تاثر ہی ہمارے احساسی تجربوں کو اہمیت دیتا ہے۔ اگر روحانی تاثر موجود نہ ہو تو زندگی بیکار ہے۔

جب ہم کسی باغ میں سیر کے لئے جاتے ہیں، اس کے سبزہ زختوں اور کھلے ہوئے پھولوں کو یا کبھی کسی تالاب کے کنارے بیٹھ کر بطخوں اور مچھلیوں اور اس کے دلکش منظر کو دیکھتے ہیں تو ان تمام چیزوں کے دیکھنے سے ہمارے دل پر ایک کیفیت طاری ہوتی ہے مگر ہم اس کو تخیل نہیں کہہ سکتے۔ تخیل کا آغاز اس وقت ہوتا ہے جب ہم ان اشیا کے دیکھنے سے روحانی اثر لیتے ہیں اور جب روحانی اہمیت پیدا ہو جاتی ہے تو وہ ہمارے جذبات کو اکسانے کی حقیقی علت ہوتی ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ شاعر ان اشیا کو بیان ہی نہیں کرتا بلکہ ان کی ترجمانی بھی کرتا ہے۔ ورڈسورتھ کہتا ہے کہ کسی چیز کو ٹھیک طور پر دیکھنے اور غور کرنے سے بعض اوقات تخیل کی راہ میں رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہے۔ اس کی نفسیاتی تحلیل یہ ہے کہ اس کا دماغ غیر شعوری طور پر اس کے مشاہدہ ہی میں مصروف رہتا ہے اور اسکے اسرار پورے طور پر ادا نہیں ہوتے۔ اس لئے شاعر کا کام یہی نہیں ہے کہ ان کی ہو بہو تصویر کھینچے بلکہ اس کے اثر کی ترجمانی بھی کرے۔ اور اس میں اصل کی ایک جھلک ضرور نمایاں ہو۔

ایک اچھی مثال ورسفولڈ[1] نے یہ دی ہے کہ ہومر نے الیڈ میں ہیلن کے حُسن کا بیان کرنے میں اس کے خط و خال کا ذکر نہیں کیا بلکہ اس کے حُسن کا اثر دکھلایا ہے جو ٹرائے[2] کے تجربہ کار بڈھوں پر ہوا۔

"یہ کوئی حیرت[3] انگیز بات نہیں کہ ٹروجن اور مصیبت زدہ ایچین نے ایسی عورت کے لئے اتنے عرصہ تک

---

[1] (B. Worsfold)

[2] (Troy)

[3] (الیڈ ترجمہ انگریزی)

تکلیفیں برداشت کیں۔ وہ ایک ہراس ڈالنے والی غیر فانی دیوی نظر آتی ہے۔"

اب یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ بعض چیزیں قدرت نے ایسی پیدا کی ہیں جن کے دیکھنے سے دل مسرور ہوتا ہے اور ان کی ہو بہو تصویر سے فرحت ہوتی ہے۔ تو کیا ایسی صورت میں بھی اس کا ایک ہی رُخ دکھانا کافی ہوگا یعنی صرف وہ تاثیر جو ایسی چیزوں کے دیکھنے سے حاصل ہو۔ نہیں۔ ایسی صورتوں میں صرف تاثیر کا ظاہر کرنا کافی نہیں۔

کسی منظر کا اچھا یا بُرا ہونا شاعر کی دماغی کیفیت پر منحصر ہے اس میں کچھ شک نہیں کہ بعض مناظر قدرت ایسے ہوتے ہیں جن کا اثر ایک اچھے دماغ پر اسی طرح ہوتا ہے جو دوسرے کے دماغ پر۔ ایسی صورت میں اسکی ہو بہو تصویر کھینچنے سے اس کا اثر اچھا ہوگا۔ یہی ایک اہم صورت ہے جس میں محاکاتی تخیل کی ضرورت پڑتی ہے۔ ورڈسورتھ کی شاعری میں یہ بات ایک بڑی حد تک موجود ہے مگر ہم یہاں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتے کہ دنیا بھی ہمارے ہی رنگ میں رنگی ہوئی ہے۔ آج دنیا کی ایک چیز ہمیں اچھی معلوم ہوتی ہے اور اس سے لطف اٹھاتے ہیں مگر کل ہماری حالت بدل جاتی ہے اور جو چیز ہمارے لئے باعث انبساط تھی وہی وبال جان ہو جاتی ہے۔ اس لئے محاکاتی تخیل ہمیشہ کسی شخص کے نزدیک یا کسی ملک میں یکساں مقبول نہیں رہ سکتا۔ زمانہ کے ساتھ افراد کا اور ملکوں کا مذاق شاعری بھی بدلتا جاتا ہے کوئی چیز کسی زمانہ میں اچھی معلوم ہوتی ہے اور بعد میں وہی بُری نظر آتی ہے۔

جب ایک چیز کے دونوں رخ بتائے جاتے ہیں تو یہ تخیل کی انتہا ہے۔ اس طرح تخیل ترجمانی کرتا ہے ان اشیا کی جن کا ہم احساس و ادراک کرتے ہیں۔ خارجی شاعری میں یہ فرض آسانی کے ساتھ انجام دیا جا سکتا ہے مگر داخلی شاعری میں جہاں انسان کے کردار کی حقیقی یا تخیلی ترجمانی کی جاتی ہے یہ بات بہت مشکل ہے۔ جب کوئی مصنف انسان کے صحیح کردار کو ظاہر نہیں کر سکتا تو اس کی کتاب دلچسپ ہی نہیں بنتی۔

ان تینوں قسموں کے تخیل میں جن کی مثالیں اوپر دی گئی ہیں حتی الامکان امتیاز کرنا چاہئے گو ان میں ایک دوسرے سے قریبی تعلق ہے۔

تمام انسانی صفات میں زیادہ مفید اور کارآمد چیز تخیل ہے، تمام ادبی تحریروں میں تخیل کا ہونا ضروری ہے۔ جس قدر ادب اعلیٰ ہوگا اسی قدر تخیل بھی پاکیزہ ہوگا۔ خصوصاً ناول، داستان میں تو اس کی سخت ضرورت ہے غرض تخیل کی ضرورت صرف تاریخ یا افسانہ ہی میں نہیں ہے بلکہ بغیر اسکے شاعری شاعری کہلانے کی مستحق نہیں ہے

اور نہ صرف شاعری میں بلکہ کل فنون لطیفہ میں اس کی ویسی ہی اہمیت ہے۔

اس وقت ہمارا مقصد یہ بتلانا ہے کہ اردو فسانہ نویسی میں تخیل سے کتنا کام لیا گیا ہے اور فسانوں کے مصنفوں کا تخیل کس درجہ کا ہے۔ خیالی افسانوں میں اس وقت ہمارے پیش نظر داستان امیر حمزہ ہے جس میں بے حد خیال آفرینی کی گئی ہے اگرچہ خیالی قصوں کی فہرست میں سب سے طویل طلسم ہوش ربا یا بوستان خیال کا سلسلہ ہو سکتا ہے لیکن اختصار کے لحاظ سے داستان امیر حمزہ ہمیں زیادہ مناسب معلوم ہوتی ہے۔

قصہ پر تنقید

داستان امیر حمزہ کا قصہ تاریخ پر مبنی نہیں ہے لیکن اس میں اہم شخصیتیں تاریخی ہیں۔ پورے قصہ میں مرکزی شخصیت حضرت امیر حمزہ کی ہے۔ نوشیروان کا بیان آغاز قصہ سے آخر تک رہتا ہے۔ داستان نگار کا مقصد امیر حمزہ کی شجاعت کو چمکانا اور نوشیروان کو بے وفا نادان اور ڈرپوک ثابت کرنا ہے۔

تاریخی اشخاص جن کے کردار زیادہ اہم ہیں وہ نوشیروان، امیر حمزہ اور بزرجمہر ہیں۔ معدی کرب کی بھی تاریخی شخصیت ہے مگر اس قصہ میں اس کا بڑا حصہ نہیں۔ عمرو عیار کی شخصیت بالکل مصنف کی تخیلی پیداوار ہے اور اسی طرح مہرنگار اور بقیہ غیر اہم شخصیتیں بھی۔

ہم نے جیسا کہ تخیل کے ضمن میں رسکن کا قول لکھا ہے کہ شاعر یا صناع جو جو باتیں اپنی پوری زندگی میں سنتے، دیکھتے اور محسوس کرتے ہیں وہ تمام چیزیں ان کے حافظہ کے غیر محدود ذخیرہ میں موجود رہتی ہیں اور وہ ان کا استعمال غیر شعوری طور پر کرتے ہیں۔

داستان امیر حمزہ کے مصنف نے جس ماحول میں نشو و نما پائی وہ خالص ایشیائی ہے۔ مغربی خیالات کا اثر اس وقت تک ملک میں اچھی طرح نہیں ہوا تھا اس لئے ساری کتاب ایشیائی رنگ میں ڈوبی ہوئی ہے۔

تمام داستان کو پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مرتب نے کئی ایک مشرقی قصوں کو اپنا لیا ہے۔ اس میں گلستان کے اس قصہ کا ماخذ ہے جس میں سعدی نے لکھا ہے کہ ایک شخص کو جو کشتی میں بہت گھبراتا تھا غوطہ دیکر نکالا تو آرام سے بیٹھ گیا۔ ذرا سے تغیر سے مصنف نے اس کو عمرو عیار سے متعلق کر دیا کہ وہ مچھلی پر کود پڑا مگر جب وہاں سے

زندہ نکالا گیا تو خاموش ہو رہا۔

"باغ بیداد" میں نقش نے بادشاہ کے لئے جو تخت بنوایا تھا اس کی تصویر قصہ نویس نے شاہ جہاں کے تخت کی سی کھینچی ہے۔

ہندوستان کے سفر میں امیر مع اپنے رفیقوں کے تسمہ پا کے ہاتھوں میں گرفتار ہو جاتے ہیں۔ الف لیلہ میں سندباد جہازی کے قصہ میں تسمہ پا کا ذکر آیا ہے اسی طرح گرداب سکندری اور منار کا قصہ الف لیلہ سے لیا گیا ہے۔

غرض مختلف قصوں سے اخذ کر کے داستان کو مرتب کیا ہے ہم یہاں قصہ کی بندش یا ترتیب سے بحث نہیں کریں گے کیونکہ اس داستان کو جدید معنوں میں قصہ (ناول) سمجھنا اور قصہ نویسی کے اصول پر منطبق کرنا ایک فعل عبث ہے۔ البتہ آگے چلکر ہم اشخاص داستان کے حقیقی تاریخی حالات اور داستان میں ظاہر کئے ہوئے کردار دونوں علٰحدہ علٰحدہ بیان کرتے ہیں جس سے ناظرین کو مقابلہ کے بعد مصنف کے تخیل کا صحیح اندازہ ہو سکے۔

اس سارے قصہ میں اکثر موقعوں پر لڑائیوں کا سین شاہنامہ سے لیا گیا ہے اور اس کے اشعار بھی من وعن نقل کر دئے گئے ہیں۔ یہ شعر اکثر موقعوں پر استعمال کیا ہے۔

تو ضربے زدی ضرب مانوش کن غم ہر دو عالم فراموش کن

شاہنامہ میں جنگ کا یہ طریقہ لکھا ہے کہ سب سے پہلے ایک بہادر آتا اور اپنا مقابل چاہتا۔ اول ایک دوسرے کا نام معلوم کر لیتا اور کہتا کہ ایسا نہ ہو کہ تو گمنام مارا جائے۔ اس کے بعد خاص طور پر اپنے مقابل کو ہوشیار کر کے وار کرتا۔ ان دونوں میں لڑائیاں ہوتیں۔ مگر وہ اکثر برابر رہتے یا کسی ایک کے کمزور ہونے کی صورت میں ایک ہی وار میں اس کا خاتمہ ہو جاتا۔ جب اس پہلوان کا خاتمہ ہو جاتا تو دوسرا میدان جنگ میں آتا۔ بعض اوقات ایسا ہوتا کہ صرف ایک شخص سے سارا لشکر مرعوب ہو کر بھاگ جاتا۔

ایک شخص کا دن بھر اپنے حریف سے لڑتے رہنا اس زمانہ میں ایک عجیب بات معلوم ہوتی ہے مگر اس زمانہ میں دشمن کے ہر ایک حملہ سے بچنے کیلئے جنگجو خاص خاص داؤ جانتے تھے اور اپنی ساری عمر اسی میں

صرف کرتے تھے۔

بعض موقعوں پر قصہ نویس نے سلطنت مغلیہ کے زوال کے وقت فوج کی جو حالت تھی اس کی تصویر کھینچی ہے۔ مثلاً لندھور اور امیر حمزہ میں جو لڑائی ہوئی اس رات سپاہیوں میں جو چہ میگوئیاں ہوئیں وہ بالکل آخری دور کے مغلیہ لشکر کی تصویر ہے۔

اصل قصہ میں ایرانیوں کا غرور و فخر ظاہر کیا ہے اس وقت ایرانی عربوں کو بہت ذلیل سمجھتے تھے نوشیروان اور اس کے وزرا کی گفتگو میں اکثر اس کی جھلک نظر آتی ہے اس کے ساتھ بھی مصنف نے اپنی جانب سے مغلیہ خاندان کے زوال کے وقت سلطنت کی جو حالت تھی اس سے بہت کام لیا ہے۔

قصہ نویس نے جس طرح اس سے پیشتر لکھے ہوئے قصوں میں مشکلوں کو حل کرنے کا طریقہ اختیار کیا گیا ہے اسی پر عمل کیا ہے اس لئے اس میں مافوق العادۃ باتیں کثرت سے ہیں۔ اکثر موقعوں پر حضرت آدم، حضرت خضر، حضرت الیاس، حضرت داؤد، اشخاص داستان کی کبھی سمندر میں کبھی خشکی پر نمودار ہو کر مشکل کو رفع کرتے ہیں یہ باتیں رفتہ رفتہ زائل ہوتی جارہی ہیں مگر اس زمانہ میں ان کو حقیقی تصور کیا جاتا تھا اور ان پر اقوام کے اکثر افراد اور داستان نویس کا اعتقاد تھا۔ انہیں خیالات کا مظہر یہ کتاب ہے۔

داستان نویس کا منشا، اس قصہ سے یہ بھی ہے کہ ابتدائے اسلام کے حالات بیان کرے یعنی اسلام کس طرح ترقی کرتا گیا۔ اس مقصد کو پیش نظر رکھکر اس نے امیر حمزہ کے پردے میں اسلام کے بعد کے حالات اور پارسیوں اور غیر اقوام کا حلقۂ اسلام میں آنا ظاہر کیا ہے۔ کیونکہ قصہ نویس کو معلوم ہے کہ نوشیروان کا کارنامہ اسلام کے کچھ دنوں پہلے اور امیر حمزہ کا اسلام کے چند روز بعد ختم ہو جاتا ہے۔ نوشیروان نے آں حضرت کی ولادت کے چھ یا سات سال بعد ہی وفات پائی اور امیر حمزہ بدر میں بہادری سے لڑے اور اُحد میں شہید ہوئے۔

ان چیزوں کو پیش نظر رکھکر جہاں جہاں لوگوں کے اسلام قبول کرنے کا ذکر کیا ہے وہاں اس بات کا بھی اشارہ کر دیا ہے کہ امیر حمزہ لوگوں کو ملت ابراہیمیہ میں داخل کرتے تھے۔ اس طرح قصہ نویس نے اہل اسلام کے تمام خصوصیات بیان کئے ہیں جو اس کی ذہنی دنیا میں موجود تھے۔ چنانچہ مہر نگار کے متعلق قصہ نویس نے ایک جگہ لکھا ہے کہ وہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کرتی ہے یا بزرجمہر نے اپنے باپ بخت جمال کی جس طرح تجہیز و تکفین کی ہے

وہ ہو بہو ہند کے مسلمانوں کے رسم و رواج کے موافق ہے۔ مثلاً مقبرہ بنوا کر روشنی کرنا اور فاتحہ دلوا کے غربا کو کھلانا تقسیم کروانا اور چالیس دن (چہلم) تک وہاں رہنا۔

قصہ نویس کا تخیل بہت زبردست ہے اس قصہ کا جال نہایت عمدہ ہے۔ ابتدا ہی سے ایک گونہ دلچسپی پیدا ہو جاتی ہے جو ختم قصہ تک باقی رہتی ہے اس طرح ایک داستان کے بعد دوسری داستان پڑھنے میں زیادہ لطف آتا ہے۔ سخت جاں کے قتل کے بعد ہی اس کے انتقام کا خیال پیدا ہوتا ہے۔ اس انتقام کے بعد نر رجمہر کی دلچسپ پیشین گوئی شروع ہوتی ہے جس کو تاریخی اہمیت حاصل ہے اسی کو کسی قدر بدل کر قصہ نویس نے حضرت امیر حمزہ، مقبل اور عمرو کی جانب منسوب کر دیا ہے۔ امیر کی تعلیم و تربیت کے زمانہ کا بہت دلچسپ حال بیان کیا ہے۔ پھر مہرنگار کے عشق سے قصہ میں جان پڑ جاتی ہے اور واقعات ایسے پیش آتے ہیں جن سے امید بندھتی ہے کہ ان دونوں کی شادی جلد ہو جائے گی۔ مگر قصہ نویس نے نہایت دانائی سے پہلے ہی پیشین گوئی میں یہ بات ظاہر کر دی تھی کہ ایک بدطینت مصاحب کی وجہ نوشیروان کو پریشانی اٹھانی پڑے گی۔ چنانچہ ہندوستان سے جب امیر لندھور کو گرفتار کر کے لاتے ہیں تو پھر سنجتک کے اکسانے سے نوشیروان امیر کو روم، یونان، مصر روانہ کرتا ہے اس طرح ان کی شادی ہونے نہیں پاتی۔ جب امیر حمزہ ان مہموں کو فتح کر کے واپس آتے ہیں تو بھی ان کی مراد پوری نہیں ہوتی آخر کار وہ مہرنگار کو اپنے قبضہ میں کر لیتے ہیں۔

اس کے بعد قوی توقع ہوتی ہے کہ ان دونوں کی شادی ہو جائے گی اور وہ عیش و عشرت سے زندگی بسر کریں گے۔ لیکن پرستان کا جو ذکر قصہ نویس نے آغاز قصہ میں کیا تھا اس کا ظہور ہوتا ہے اور امیر اٹھارہ سال کے لئے پرستان چلے جاتے ہیں جس کی وجہ قصہ نویس نے یہ گھڑی ہے کہ وہ "انشاءاللہ" کہنا بھول گئے تھے۔

پرستان سے واپسی کے بعد مہرنگار کا نکاح امیر حمزہ سے ہو جاتا ہے۔ پھر بھی لڑائیوں کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ آخر کار مہرنگار ماری جاتی ہے۔ امیر اس کی قبر پر مقبل کے ہمراہ بیٹھ کر مجاوری کرتے ہیں۔ یہاں یہ معلوم ہوتا ہے کہ اب تو قصہ کا خاتمہ ہو گیا مگر قصہ نویس پھر اس کو طول دیتا ہے اور لڑائیوں کا سلسلہ جاری رکھتا ہے۔

نوشیروان اپنی بیوی کے قتل ہونے کے بعد سلطنت چھوڑ کر چلا جاتا ہے۔ امیر اس کی تلاش میں جاتے ہیں جس سے قصّہ میں پھر جان پڑ جاتی ہے۔

سب سے زیادہ لطف اس قصّہ میں اس وقت آتا ہے جب امیر حمزہ نوشیروان سے ملکر اُس کی تکالیف کا باعث دریافت کرتے ہیں اور اپنے آپ کو ظاہر نہیں کرتے اور کہتے ہیں "اگر میں امیر حمزہ کو گرفتار کر کے لا دونگا تو تم کیا دو گے" نوشیروان کہتا ہے اگر تم اس کو گرفتار کر کے لا دو گے تو میں اپنی دوسری بیٹی سے تمھارا نکاح کر دوں گا۔

یہ بات قصّہ نویس کو خوب سوجھی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ پھر دوسرا واقعہ ہونے والا ہے۔ چنانچہ باوجود سختک کی مخالفت کے نوشیروان اپنی چھوٹی بیٹی کی شادی امیر سے کر دیتا ہے۔ ایرانی اپنی عصبیت کی وجہ امیر سے مقابلہ کرتے ہیں۔ آخر کار نوشیروان سلطنت چھوڑ کر اپنے بیٹے ہرمز کو تخت نشین کر دیتا ہے اور امیر حمزہ آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر مشرف باسلام ہوتے ہیں اور اُحد کی جنگ میں شہید ہوتے ہیں۔

باوجودیکہ داستان نویس کے ذہن میں قومی اساطیر، رسم و رواج و معتقدات کا ذخیرہ موجود ہے مگر بعض اوقات وہ اپنے تخیّل کی عنان کو بے تحاشا چھوڑ دیتا ہے۔ جس کی وجہ اس کا بیان غیر مدلل ہو جاتا ہے اور قصّہ کی وقعت بہت گھٹ جاتی ہے۔

قباد کے وزیر جب اس کے خواب کی تعبیر نہیں بیان کرتے تو وہ کہتا ہے "قسم ہے آتش کدہ نمرود کی" اس کے بعد ہی اس کے وزیر کے متعلق لکھا ہے کہ اس نے لات و منات کی قسم کھائی۔ حالانکہ لات و منات عرب کے بُت ہیں ذرا سے غور سے مصنّف اس غلطی کو رفع کر سکتا تھا۔

یہ بات بھی انسانی فطرت کے خلاف ہے کہ کوئی شخص اپنے باغ کا نام جس میں واقعی ظلم ہوا ہو۔ "باغ بیداد" رکھے۔

"حکایت قباد ہیزم فروش" میں تو مصنّف کے تخیل نے گذشتہ واقعات کی تکذیب کی ہے۔ جہاں تک اس داستان کا تعلق ہے بزرجمہر کی پیشین گوئی حرف بحرف صحیح ہوتی ہے مگر اس حکایت میں دلآرام کے مقابلہ میں بزرجمہر کی پیشین گوئی جھوٹی ہوتی ہے۔

نوشیروان کو تعلیم و تربیت کے وقت تو ذہین بیان کیا ہے مگر سارے قصہ میں اس کی نادانی ثابت کی ہے۔ تجربہ کے بعد تجربہ۔ ذلت کے بعد ذلت اٹھانی پڑتی ہے مگر نوشیروان اس سے کوئی سبق نہیں لیتا۔

مہرنگار مسلمان ہونے سے پہلے اپنی دائی سے کہتی ہے "قسم ہے خدائے پاک اور بے عیب کی"

اس قسم کے قصہ میں بہت سے ایسے مقامات ہیں جہاں قصہ نویس کے تخیل نے اشیاء کو بے جوڑ ملانے کی کوشش کی ہے۔

جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے عمرو عیار کے کردار کو قصہ نویس نے اپنی ذہنی ذخیرہ سے پیدا کیا ہے اور اس میں سب سے زیادہ کامیاب رہا۔ عمرو عیار کی ایسی دلچسپ شخصیت ہے کہ باوجود لڑائیوں کے قصہ سے طبیعت نہیں اکتاتی۔ اس کے علاوہ نوشیروان کے کردار کو اس نے بالکل نیا جامہ پہنایا ہے۔

حضرت امیر حمزہ کے کردار کو جس قدر قصہ نویس کے امکان میں تھا بڑھا چڑھا کر بیان کیا ہے۔ اور نوشیروان کو انتہا درجہ کا ذلیل۔ یہانتک کہ چور ثابت کیا ہے۔

اب ہم افراد قصہ کے تاریخی حالات بیان کرتے ہیں اور پھر ان کے داستانی کردار پیش کرتے ہیں، ان دونوں کے مقابلہ سے ناظرین کو یہ اندازہ ہو جائے گا کہ حقیقی واقعات کیا ہیں اور ان میں مصنف کے تخیل نے کیا کیا کام کئے ہیں۔

کردار حضرت امیر حمزہ

تاریخی حالات حمزہ بن عبدالمطلب پیغمبرؐ کے چچا اور رضائی بھائی تھے۔ آپ بڑے بہادر تھے آپ کی شجاعت اور دلیری کی وجہ پیغمبرؐ نے آپ کو اسداللہ کا خطاب دیا تھا۔ آپ اسلام کے سب سے پہلے علم بردار تھے۔ آپ نے جنگ بدر میں بڑی شجاعت دکھائی۔

جنگ اُحد جو قریش اور پیغمبرؐ کے درمیان ہوئی تھی اس میں اسلام کے دشمنوں کا سپہ سالار ابوسفیان تھا اس لڑائی میں وحشی حبشی نے آپ کے سینے میں برچھی بھونک دی جس سے آپ نے انتقال فرمایا۔ کہتے ہیں کہ وحشی نے آپ کا پھیپھڑا نکالا ہوا جگر ہند معاویہ کی ماں کے روبرو پیش کیا۔ اور اس نے اپنے دانتوں سے

اس کو چھایا۔ آپ نے ۵۰ بقول بعض ۵۹ برس کی عمر پائی۔

داستانی حالات اور کردار

امیر حمزہ کی دلیری تاریخ میں مشہور ہے۔ آپ نے بدر میں اپنی بہادری کا ثبوت دیا۔ قصہ نویس آپ کی بہادری کو دنیا کے پہلوانوں سے مقابلہ کرکے ثابت کرتا ہے کہ کوئی آپ کے برابر نہ تھا۔

آغاز قصہ میں بزرجمہر نوشیروان کے خواب کی تعبیر میں کہتا ہے کہ

"حشام ابن القمہ خیبری ایک بادشاہ زادہ مشرق میں پیدا ہوگا اور بادشاہ نوشیروان کا تخت و تاج چھین لیگا۔ حمزہ نامی ایک لڑکا حشام کو مار کر تخت و تاج حضور میں گزرانے گا۔"

اس پیشین گوئی کی بنا، پر بزرجمہر مکہ روانہ کیا گیا اور اس نے امیر حمزہ کی پیدائش کے وقت طالع کو دیکھکر کہا۔

"یہ وہ لڑکا ہے جو ہفت اقلیم سے خراج لیگا اور تمام جہان میں اپنا عمل کریگا۔ اور ملک ملک کے پہلوانوں اور بادشاہوں کو زیر کرکے اُن کے کان میں حلقہ بندی ڈالیگا۔ اور مسلمان کریگا۔ اور عمرو عیار اور مقبل اس کے جانی یار ہوں گے"

ساری داستان میں اس پیشین گوئی کی جھلک پائی جاتی ہے۔

پیدائش کے چھ روز بعد امیر کا گہوارہ بزرجمہر کے کہنے سے بالاخانہ پر رکھوا دیا جاتا ہے اور وہ گم ہوجاتا ہے بزرجمہر عبدالمطلب سے کہدیتا ہے کہ امیر حمزہ شہپال بن شارخ کے پاس سات روز رہینگے اور انھیں پرستان میں دیو، پری، جن، غول و شیر کا دودھ پلایا جائے گا۔ تاکہ عالم جوانی میں وہ کسی سے دہشت نہ کھائیں۔ اور امیر کا بیاہ آسمان پری سے ہوگا۔ ابتدا ہی سے ان کی زندگی میں مافوق العادۃ عنصر شامل کردیا گیا ہے۔

امیر کو اپنے دوستوں سے بہت محبت تھی کبھی انکا ساتھ چھوڑنا پسند نہیں کرتے تھے، چنانچہ مقبل اور عمرو کا انہوں نے ہمیشہ ساتھ دیا۔ عمرو کی خاطر انھوں نے اپنی ساری تعلیم برباد کی۔ جب عبدالمطلب نے عمرو کو گھر سے نکالدیا تو امیر نے کھانا کھانا چھوڑ دیا۔

بزرجمہر نے امیر کے پاس تحائف روانہ کئے تھے۔ عمرو نے امیر کو دھوکا دیکر کہا کہ "میں ہرمز تاجدار کے پاس

چلا جانا چاہتا ہوں۔ کیوں کہ اس نے میرے لئے یہ چیزیں روانہ کی ہیں۔ اب آپ سے رخصت لینے آیا ہوں"
امیر یہ سنکر ملول ہوتے ہیں اور انھیں عمرو سے جدائی پسند نہیں۔

ہندوستان کے سفر میں عمرو امیر کا ساتھ دینا نہیں چاہتا مگر امیر اس کو دھوکے سے ساتھ لیجاتے ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انھیں اپنے دوستوں سے کتنی محبّت تھی کہ کسی حالت میں جُدائی گوارا نہیں کرتے تھے۔

امیر کی پہلی بہادری اس سے معلوم ہوتی ہے جب انہوں نے تین درخت عمرو کے اکسانے سے جڑ سے اکھاڑ دئے۔ اس کے بعد ہی انہوں نے سرکش گھوڑے پر سواری کی۔

جب امیر کی عمر سات سال کی تھی اس وقت انہوں نے بینی کو شکست دی اور اسے مسلمان کیا۔ یہ ان کی سب سے پہلی لڑائی ہے۔ اس کے بعد امیر کا مقابلہ امیر حشام بن القمہ خیبری سے ہوتا ہے۔ یہی وہ بہادر تھا جس نے نوشیروان کو شکست دی اور اپنی اس شجاعت کا ثبوت دیا جس کی پیشین گوئی کی گئی تھی۔ مگر امیر نے اس کو مار کر تخت و تاج نوشیروان کی خدمت میں روانہ کیا۔

امیر جب مدائن جاتے ہیں تو نوشیروان کی بیٹی مہرنگار پر عاشق ہو جاتے ہیں اور اس کے محل میں برابر جایا کرتے ہیں۔ نوشیروان کو اطلاع ملتی ہے کہ کوئی شخص اس کے محل میں داخل ہوتا ہے اس لئے وہ ایک دن قارن کو مقرر کرتا ہے کہ وہ محل کی نگرانی کرے اور کسی کو بھی اندر داخل ہونے نہ دے۔ باوجود عمرو عیار کی نصیحت کے امیر حمزہ محل میں جاتے ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ کس قدر دلیر تھے۔

بیشہ فیض میں امیر شیر کے پاؤں کو پکڑ کر زمین پر دے مارتے ہیں اس سے قصہ نویس اس بات کو ثابت کرنا چاہتا ہے کہ وہ کسی مہیب سے مہیب چیز سے بھی نہیں ڈرتے تھے۔

ہندوستان میں وہ لندھور کا نہایت شجاعت کے ساتھ مقابلہ کر کے اس کو حلقہ بگوش کرتے ہیں۔ اور مدائن جاتے ہیں۔

یونان، روم اور مصر میں امیر حمزہ نے اپنی شجاعت کو چمکایا اور وہاں خدا کے فضل سے سب پر غالب رہے۔ اس کے بعد نوشیروان کی وعدہ خلافیوں سے تنگ ہو کر مہرنگار کو اپنی حراست میں لے لیتے ہیں تاکہ وہ اپنی منافقت سے کسی اور سے شادی نہ کر دے۔

امیر میں بہادری کے ساتھ ہی رحم کا بھی مادہ بہت بڑھا ہوا ظاہر کیا ہے۔ وہ پہلوانوں کو گرفتار کرنے کے بعد نہایت اخلاق سے برتاؤ کرتے اور اُن سے پوچھتے تھے کہ "میں نے تجھ کو کس طرح گرفتار کیا"! اس سے ان کا منشا یہ تھا کہ کسی کو دھوکے یا مکر سے گرفتار کرنا جوانمردی کے خلاف ہے۔ اکثر صورتوں میں لوگ آپ کے اخلاق حسنہ سے متاثر ہو کر مسلمان ہو جاتے۔ یہ صفت پیغمبر خدا کی تھی۔ مصنف نے اسے پیغمبرؐ کے چچا سے بھی منسوب کر دیا۔

جب انتہائی شرارتوں کے بعد نوشیروان، زوبین اور بختک گرفتار ہو کر آتے ہیں تو امیر عمرو کو تاکید کرتے ہیں کہ نوشیروان کو کسی قسم کی تکلیف نہ دینا اور خود ان سے نہایت خوش اخلاقی سے پیش آتے ہیں۔

پرستان میں امیر کا بڑے بڑے دیوؤں سے مقابلہ ہوتا ہے مگر وہ سب پر غالب آتے ہیں اور تمام پرستان میں اُن کی شجاعت کا ڈنکا بج جاتا ہے۔

یوپین فولادتن بڑی مشکلوں سے گرفتار ہو کر آتا ہے۔ امیر کے مصاحب اس خوف سے کہ کہیں امیر اس کو رہا نہ کر دیں عمرو کو لالچ دیکر کہتے ہیں کہ کسی طرح اس کو قتل کرے۔ عمرو ان کے کہنے پر عمل کرتا ہے اس کی اطلاع جب امیر کو ہوتی ہے تو وہ عمرو کی اس حرکت سے بہت ناراض ہوتے ہیں اور اپنے عزیز دوست کو بقول عمرو عیار ایک کافر کے مقابلہ میں سات کوڑے لگاتے ہیں۔ جس کی وجہ وہ اُن سے جُدا ہو جاتا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ امیر کے رحم کی کیا حالت تھی کہ ایسی صورتوں میں اپنے عزیز سے عزیز دوستوں سے بھی ناراض ہو جاتے تھے۔

امیر اپنے وعدہ کا برابر خیال رکھتے تھے چنانچہ انہوں نے مہرنگار سے جو وعدہ کیا تھا ایفا کیا۔ مہرنگار کی وفات پر امیر مقبل کے ساتھ قبر پر بیٹھ جاتے ہیں اور دنیا کو ترک کر دیتے ہیں۔ اس سے اُن کی وفاداری کا ثبوت ملتا ہے۔

امیر کی شرافت کا ثبوت اس سے ملتا ہے کہ جب نوشیروان کی بیوی زرانگیز ان پر عاشق ہو جاتی ہے اور دارو سے بیہوشی پلا کر ان کو قید کرتی اور اپنا عشق ظاہر کرتی ہے تو وہ اس سے کہتے ہیں "تو میری ماں ہے" جس کی وجہ انھیں سخت تکلیفیں برداشت کرنی پڑتی ہیں مگر انھیں اس کی پروا نہیں۔

جب نوشیروان اپنی بیوی کی ناپاک حرکات سنتا ہے تو تخت و تاج چھوڑ کر ملک سے نکل جاتا ہے اور نہایت تکلیف سے زندگی بسر کرتا ہے۔ بزرجمہر کے کہنے پر پھر امیر سے استدعا کی جاتی ہے کہ وہ نوشیروان کو تلاش کر کے وطن واپس لائیں۔ امیر باوجود اس کی غداریوں کے اس کی جستجو میں نکل جاتے ہیں اور بڑی دقتوں کے بعد اس کو تلاش کر کے واپس لاتے ہیں۔

راستے میں امیر نوشیروان سے دریافت کرتے ہیں "اگر میں حمزہ کو گرفتار کر کے تیرے حوالہ کردوں گا تو، مجھے تو کیا دیگا" نوشیروان اپنی دوسری لڑکی دینے کا وعدہ کرتا ہے۔ مدائن آنے کے بعد امیر باوجود دوستوں کی نصیحت کے اپنے آپ کو قیدی بنا کر اس کے سامنے پیش کرتے ہیں۔

بقول قصہ نویس امیر حمزہ نے ہزاروں مسلمان کئے اور ان کے پیروؤں کا دائرہ روز بہ روز بڑھتا گیا۔ انہوں نے تمام عمر شریفانہ کام کئے اور اپنے اخلاق، رحم، فیاضی سے لوگوں کے دلوں کو مسخر کر لیا۔ یہ انسانی کردار کا اعلیٰ نمونہ ہے۔

کردار نوشیروان

تاریخی نوشیروان عادل ایران کے بادشاہ قباد کا بیٹا تھا۔ اس کی وفات کے بعد ۵۳۱ء میں تخت نشین ہوا۔ مشرقی اور مغربی مصنفوں نے روم پر اس کے حملہ کا ذکر کیا ہے اور لکھا ہے کہ وہ روم پر فتحیاب ہوا۔ ان کے بیانات میں بہت کم اختلاف ہے۔ بعض مصنفوں نے لکھا ہے کہ اس نے شہنشاہ روم کو قید کیا۔ اس قسم کے واقعات کو ایرانیوں نے اپنی قومی داستان میں شریک کر لیا ہے جس سے انکی عصبیت کا پتا چلتا ہے۔ نوشیروان کی سلطنت کے آغاز میں روما کے مشہور مقنن شہنشاہ جسٹینین اور اس کے درمیان صلح نامہ ہوا تھا۔ اس صلحنامہ میں نوشیروان کا لہجہ فاتحانہ ہے، روم سے دوسری لڑائی میں نوشیروان نے بھی حصہ لیا تھا اس وقت اس کی عمر ۸۰ سال کی تھی۔

اس نے نہایت شان و شوکت سے (۴۸) سال تک حکومت کی اور ۵۷۹ء میں وفات پائی اس کے بعد اس کا بیٹا ہرمز چہارم تخت نشین ہوا۔

آفتاب رسالت ۵۷۱ء میں طلوع ہوا اور خود مفخر موجودات نے اس بات پر ناز کیا ہے کہ آپ کی ولادت ایسے عادل بادشاہ کے عہد میں ہوئی۔

داستانی نوشیروان کی شخصیت تاریخی ہے مشرق و مغرب کے علماء اس کو عادل مانتے ہیں شیخ سعدیؒ نے لکھا ہے۔

زندہ است نام فرخ نوشیرواں بعدل گرچہ بسے گذشت کہ نوشیرواں نماند

مگر قصہ نویس اپنے ہیرو امیر حمزہ کے کردار کو چمکانا چاہتا ہے اس لئے اس کو بے ایمان وعدہ خلاف کٹھ پتلی، چور ثابت کرنے کی کوشش کی ہے چنانچہ مصنف کی تخیلی تصویر یہ ہے۔

جب نوشیروان پیدا ہوا تو بزرجمہر نے یہ پیشین گوئی کی

"یہ بادشاہ ملک ایران میں سو برس بادشاہت کریگا بلکہ ہفت اقلیم سے خراج لیگا۔ ایک معاصب بد کے سبب سرگردانی بھی بہت اٹھائیگا"

جب نوشیروان کی شادی خاقان اعظم بادشاہ چین کی لڑکی سے ہوئی تو قباد نے اپنے حین حیات نوشیروان کو تخت نشین کیا اور اس وقت نوشیروان کو نصیحت کی کہ

"باباجان خبردار بزرجمہر کی مشورت بغیر کچھ کام نہ کرنا اور کسی بات میں بختک کا کہنا نہ ماننا"

مگر نوشیروان عجیب نادان آدمی تھا کہ اس نے اپنے والد کی نصیحت پر عمل نہیں کیا۔

اس نے امیر سے وعدہ کیا تھا کہ اگر تم لندھور کا سر لاؤ گے تو تمہاری شادی مہرنگار سے کردی جائیگی مگر اس کے ساتھ ہی اس نے بختک کے مشورہ سے گستہم کو ہندوستان روانہ کیا کہ کسی طرح امیر کو ہلاک کرے چنانچہ اس نے امیر کو دھوکے سے زہر دے ہی دیا۔

جب امیر کے مرنے کی جھوٹی خبر مشہور ہو جاتی ہے تو بختک کے مشورہ پر عمل کرکے نوشیروان نے

لہ (Encyclopaedia Britannica) حاشیہ صفحہ (۱۰۷)

مہرنگار کی شادی اولاد بن مرزبان سے اس شرط پر کردی کہ اگر چالیس دن کے اندر امیر نہ لوٹیں تو مہرنگار تمھاری ہوجائیگی۔ اس سے اس کی منافقت ظاہر ہوتی ہے۔ جب امیر زندہ واپس آتے ہیں تو نوشیروان تختک کے اکسانے سے امیر کو اور مقامات پر جنگ کرنے کے لئے روانہ کرتا ہے۔ دوسرے سفر میں قارن دیوبند کو امیر کے ہمراہ کرتا ہے اور یہ تاکید کرتا ہے کہ امیر کا کسی طرح کام ختم کردے۔

راستہ میں جب امیر کو پیاس لگتی ہے تو یہ ملعون امیر کو زہر کا پیالہ دیتا ہے مگر امیر اس کو نہیں پیتے۔ اس طرح بار بار امیر کے خلاف سازشیں کرتا ہے۔ امیر نے جو خط نوشیروان کے نام لکھا تھا اس سے نوشیروان کے کردار پر بخوبی روشنی پڑتی ہے چنانچہ امیر لکھتے ہیں۔

"حمزہ بن عبدالمطلب کی طرف سے تجھے معلوم ہو کہ تو بادشاہ ظالم ہو کے عادل کہلاتا ہے اور اپنا خطاب عادل معین کیا ہے۔ بتلا کہ میں نے تیری کیا تقصیر کی ہے جو تو نے اول کہا تھا کہ لندھور کا سر لے آنے پر مہرنگار تجھے دونگا۔ اس لئے لندھور کو میں زندہ پکڑ لایا اور تیرے حوالے کیا اور تو نے اپنی بیٹی مرزبان کو دی اور گستہم کے ہاتھ سے مجھے زہر دلایا اور بعد اس کے مصر، یونان و روم کو بھیجا۔ اور وہاں بھی خطوط لکھکر حیلہ اور مکر کرایا۔ پھر خدا نے مجھے وہاں سے بھی خلاصی دی پھر بھی تو اپنی بیٹی مغلوں[1] کو دینے کے لئے تیار ہوا۔ بارے خدائے تعالیٰ نے مجھے غیب سے مدد پہنچائی اور مہرنگار کو مغلوں[1] کے ننگ سے بچایا۔ تب میں نے ناچار ہو کے تجھ کو بھیجدیا ہے اور دشمنوں کی آنکھوں میں خاک ڈالدی ہے۔ اور اب تیرے پاس اس لئے آیا ہوں کہ اپنے کئے سے پشیمانی اٹھاکر توبہ کرکے میرے ساتھ صلح کریگا اور اپنی بیٹی مہرنگار کو اپنی رضامندی سے مجھ پر حلال کریگا۔" [1] ظاہراً مغول]

باوجود اس کے نوشیروان کا دل امیر سے صاف نہیں ہوتا اور وہ لڑائی برابر جاری رکھتا ہے اور شداد کو امیر کے خلاف ابھارتا ہے۔

شداد کو جب امیر شکست دیتے ہیں تو وہ مدائن جاکر نوشیروان سے انتقام لیتا ہے اور "اس کو

گرفتار کر کے در کے روبرو لٹکا دیتا ہے" ہر روز ایک روٹی جو کی اور ایک گھونٹ پانی کا دیکر کہتا ہے کہ" تو مجھے نہ بلاتا تو میں جاکر اس عرب کے ہاتھ سے فضیحت نہ پاتا اور نہ کان میں حلقہ غلامی پہنتا"

اس کے جواب میں نوشیروان کہتا ہے کہ یہ کام بختک کا ہے اس پر شداد بختک کو اپنے حوالے کرنے کے لئے کہتا ہے مگر وہ بدنصیب اس بات پر راضی نہیں ہوتا اور تکلیف برداشت کرتا ہے

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نوشیروان کے دل میں بختک کی کتنی محبت تھی باوجود بختک کی فطرت کو جاننے کے اس کو شداد کے حوالہ نہیں کرتا اور خود تکلیفیں برداشت کرتا ہے۔

نوشیروان کی بیوی زرنگار امیر حمزہ پر عاشق ہو جاتی ہے اور ان پر اپنا عشق ظاہر کرتی ہے۔ امیر کہتے ہیں" تو میری ماں ہے" اس کے بعد وہ ماری جاتی ہے۔ نوشیروان کو اس سے سخت ندامت ہوتی ہے اور تجارت کرنے کے لئے بغیر کسی اطلاع کے نکل جاتا ہے۔ راستہ میں رہزن اس کو لوٹ لیتے ہیں۔ اس کے بعد وہ بادشاہ ختن کو اس واقعہ کی اطلاع دیتا ہے۔ اس کو یقین نہیں آتا کہ نوشیروان یہی ہے۔ اس لئے اس کو نکالدیتا ہے اس طرح ذلت اٹھاکر آتشکدۂ نمرود میں آتا ہے اور اپنے غلاموں کے پاس آکر کہتا ہے کہ "میں نوشیروان ہوں" تو وہ اس کو باور نہیں کرتے اور مار مار کر اس کا منہ لال کر دیتے ہیں۔ اسلئے نوشیروان فقیروں میں رہنا قبول کرتا ہے۔ مگر تین دن کے بعد وہاں سے بھی جواب ملتا ہے کہ فقیر تین دن سے زیادہ نہیں ٹھہر سکتے۔ اگر تو لکڑیاں لائیگا تو کھانا ملیگا۔ چنانچہ اسی طرح زندگی بسر کرتا ہے۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نوشیروان کس قدر بے وقوف تھا کہ بختک کے کرتوت کی وجہ بیحد تکلیف اٹھاتا اور پھر بھی اسکے مشورہ پر عمل کرتا۔

ہرمز کی درخواست پر امیر نوشیروان کی تلاش میں نکل جاتے ہیں اور اس کو اس ذلت و خواری میں دیکھکر اپنے آپ کو ظاہر نہیں کرتے۔ مگر اس کے ساتھ نہایت مہربانی سے پیش آتے اور اس کے حالات دریافت کرتے اور کہتے ہیں کہ یہ تیرا کیا حال ہوا۔ نوشیروان کہتا ہے

"بدبخت عرب کے ظلم سے میں اپنا ملک و مال و تاج چھوڑ کر سوداگری میں خوشی سے بسر کرتا تھا..... مگر چوروں نے اسباب لوٹ لیا"..... امیر نے کہا حمزہ نے

تیرے اوپر کیا ظلم کیا..... نوشیروان نے کہا" اول وہ مطیع تھا پھر میری
لڑکی پر عاشق ہو کر مجھ سے پھرا" امیر نے کہا تم ہی ہر بار اسکے دشمن ہوئے اسکو رنج دیتے تھے"

(نوشیروان امیر حمزہ کے جواب میں کہتا ہے) "سچ یہی ہے جو تو نے کہا مگر حمزہ میری جان کا دشمن تھا اور مجھسے ملک نہ چھینتا تھا۔ لیکن میرے وزیر میرے اور اس کے درمیان مخالفت ڈالکر مجھے شہر بہ شہر ملک بہ ملک پھراتے رہے"۔

امیر اس پر کہتے ہیں" اگر حمزہ کو گرفتار کر کے تیرے حوالے کر دوں گا تو مجھے کیا دیگا" نوشیروان نے کہا کہ" سوگند ہے مجھے لات کی اور قسم ہے چھوٹے منات کی اگر تو حمزہ کو پکڑ کر مجھے دیگا تو میں تجھ کو چھوٹی بیٹی بہرافروز دوں گا اور تجھے دامادی میں قبول کروں گا"۔

اس نکتہ پر مصنف کی داد دینی چاہیئے ایسی حالت میں بظاہر یہ نظر آتا ہے کہ نوشیروان بڑا بیوقوف تھا یا سخت بدذات۔ مگر حقیقت میں یہ انسانی فطرت کی صحیح تصویر ہے۔ انسان کی غیر تربیت یافتہ نفسی حالت بالکل یہی ہوتی ہے یعنی ایک ایسے شخص کو جس کی اخلاقی تربیت اور سمجھ اچھی نہ ہو جب کوئی ذلت یا تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اس تکلیف کے اصل سبب سے ناراض ہونے سے زیادہ اس ذریعہ پر ناراض ہوتا اور غصہ نکالتا ہے جس سے صدمہ پہنچا ہو۔ بچے جس بید سے پٹتے ہیں اس کو وہ استاد سے زیادہ قابل لعنت سمجھتے ہیں۔ جہلا راستے میں ٹھوکر کھا کر پتھر پر غصہ نکالتے ہیں۔ عوام جج سے زیادہ پھانسی دینے والے پر خون تھوکتے ہیں۔

ایک دفعہ امیر بہرام اور نوشیروان جنگل میں لکڑیاں لانے گئے اور تھک کر سو رہے۔ نوشیروان بیدار ہوتا ہے اور ان کو اٹھا کر کہتا ہے کہ لکڑیاں جمع کر لو۔ امیر کہتے ہیں" تم سو رہو ہم تمھاری لکڑیاں بھی جمع کر دینگے۔ مگر نوشیروان کو اس سے تشفی نہیں ہوتی اور دوسرے لکڑہاروں کی لکڑیوں میں سے تھوڑی تھوڑی لکڑیاں چرا لیتا ہے امیر ہوشیار تھے اس حالت کو دیکھ کر افسوس کرتے اور کہتے ہیں۔

"نوشیروان کا کیا حال تھا اور کیا ہو گیا"

امیر نوشیروان کو آرام سے مدائن واپس لاتے ہیں اور وہاں ایک بھٹیارے کی دوکان میں کھانا کھاتے ہیں

عمر اور مقبل بھی وہاں پہنچ جاتے ہیں۔ نوشیروان امیر کو پہچان لیتا ہے اور فرار ہو کر اپنے لشکر سے جا ملتا ہے۔ وطن واپس ہونے کے بعد امیر اپنا وعدہ ایفا کرتے ہیں۔ جب وہ اپنے آپ کو گرفتار کروا کر نوشیروان کے سامنے پیش کرتے ہیں تو بختک کہتا ہے "امیر کو اس وقت مار ڈالو اس سے بہتر موقع نہیں مل سکتا" مگر نوشیروان باوجود ان کے احسانات کے خاموش ہو جاتا ہے۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نوشیروان کا ضمیر ایسا ناپاک ہو گیا تھا کہ اب اس کو کچھ احساس باقی ہی نہیں رہا تھا۔ انسانی ہستی کی یہ تصویر اگرچہ بالکل صحیح تو نہیں مگر ساری داستان میں اس سے زیادہ مکمل کوئی نہیں۔ سب کرداروں میں مافوق العادت عنصر شامل کر دینے سے اصلیت سے دور ہو گئے ہیں۔ نوشیروان گو بادشاہ ضرور تھا مگر پھر بھی انسان تھا متواتر شکستوں اور ذلتوں نے اس کے احساس خودداری کو بالکل فنا کر دیا تھا اس طرح مصنف نے اس سے جو ایسی کمینہ حرکتوں کا صادر ہونا بیان کیا وہ بالکل فطرت کے مطابق اور لائق داد ہے۔

آخر کار امیر کا بیاہ مہر افروز سے کر دیتا ہے مگر اس کے بعد پھر بختک کے داؤ میں آجاتا ہے اور امیر سے جنگ کرتا ہے۔ آخر کار اپنے بیٹے ہرمز کو تخت نشین کر دیتا ہے۔

جیسی پیشین گوئی کی گئی تھی اسی طرح محض بختک کی وجہ نوشیروان کی زندگی تکلیفوں میں گزرتی ہے۔ اور اس کو ذلیل سے ذلیل حرکت کرنی پڑتی ہے۔ اس کا قلب سیاہ ہو گیا تھا وہ بجائے عادل کے ظالم، وعدہ خلاف، عذار، بے ایمان اور چور بن گیا۔

کردار بزرجمہر[1]

تاریخی بزرجمہر (عربی) بزرگ مہر (فارسی) واپرگ متر (پہلوی[2]) سوخرا مروزی کا بیٹا تھا۔ یہ نوشیروان عادل کا ایک جلیل القدر حکیم اور وزیر با تدبیر تھا۔ اس کے باپ کا لقب

---

[1] آثار عجم۔ دائرۃ المعارف اسلامیہ۔ کنز العلوم فرید وجدی شرح مجانی الادب حصہ ہفتم۔ [2] Justi, Iranisches Namenbuch.

بزرگان تھا جو انوشیروان کے باپ قباد کے عہد میں قتل کیا گیا۔

بزرجمہر ابتدا میں ایک خدمت پر مامور تھا۔ جب بہبود نامی وزیر خیانت کے جرم میں قتل کیا گیا تو یہ مدائن (طیسفون[1]) میں منصب وزارت پر فایز ہوا۔ مزدک کو جس نے قباد کے زمانہ میں پیغمبری کا دعوی کیا تھا انوشیروان نے بزرگ مہر کے کہنے سے قتل کروا دیا۔

اسی وزیر کے عہد میں ہندوستان سے شطرنج ایران میں پہنچی جس کے جواب میں بزرگ مہر نے نرد (چوسر) ایجاد کر کے ہندوستان روانہ کیا۔

انوشیروان نے ایک خواب دیکھا کہ رات کو ایک آفتاب نکلا اور ایک سیڑھی ہے جو ایوان کے سرے سے گزر گئی ہے۔ وہ آفتاب حجاز کی جانب سے خراماں خراماں اور خوشی و ناز سے برآمد ہوا اس آفتاب سے تمام آفاق روشن ہو گیا لیکن ایوان کسریٰ تاریک ہی رہا۔

اس خواب کے باعث انوشیروان آدھی رات کو سوتے سے اچھل پڑا لیکن کسی سے خواب نہیں بیان کیا۔ جب صبح ہوئی تو بزرگ مہر سے سب حال بیان کیا۔ اس نے غور و فکر کے بعد عرض کیا کہ یہ ایک راز نہفتہ ہے اسکی تعبیر سے تعجب نہ فرمایئے۔

آج سے چالیس سال کے بعد عربوں میں ایک شخص یہاں قدم رکھے گا راستی اور استقامت کی راہ اختیار کریگا اور کج روی سے احتراز کریگا۔ دین زردشت کو نیست و نابود کر دے گا۔ چاند کو انگلی دکھائیگا جس سے وہ شق ہو جائیگا۔ کل قدیم مذاہب یہودیت و مسیحیت وغیرہ قائم نہ رہیں گے۔ بادشاہ کے قصر کے سوا سب ملک قرنوں تک ویران و آباد رہیگا۔

یہ پیشین گوئی آنحضرتؐ کے متعلق تھی۔

انوشیروان نے بزرگ مہر کو اس کے عین عظمت و جلال کے زمانہ میں کسی اہتمام کے باعث غضبناک ہو کے قتل کروا دیا۔ ظہور اسلام سے چند سال پہلے اس نے انتقال کیا۔

اس کے مقالات میں سے ہے کہ سلطنت کا مدار گیارہ چیزوں پر ہے (۱) غضب بیجا سے احتراز (۲) صداقت و راستی (۳) دانشمندوں سے مشورہ (۴) تعظیم بزرگان (۵) قیدیوں کے حالات کی

---

[1] (Ctesiphon)

خبر گیری (۶) راستوں کی محافظت (۷) جرائم کے انداز سے کے موافق سیاست وعفو (۸) سپاہ کی آرایش (۹) قبائل واقارب کے سات مراعات (۱۰) ملک کے اطراف وجوانب جاسوسوں کا تعین (۱۱) ارباب خدمت واہل کمال پر مہربانی۔

بزرگ مہر سے پوچھا کہ آپ نے علم وحکمت میں یہ مقام کیونکر حاصل کیا۔ فرمایا۔

بِبُکورِ کَبُکورِ الغُرَاب وَحِرصِ کَحِرصِ الخِنزِیر
وَتَملُّقٍ کَتَملُّقِ الکَلب وَصَبرٍ کَصَبرِ الحِمار

یعنی علم وحکمت میں نے اس طرح حاصل کیا کہ کوے کی طرح علی الصباح بیدار ہوتا تھا۔ ادراک مطالب میں سور کی مانند حریص تھا علماء سے کتے کی مثل خوشامد کرتا تھا اور مصائب وآفات کے وقت گدھے کے مانند صبر کرتا تھا۔

داستانی بزرگ مہر کی تاریخی شخصیت ہے مگر مصنف نے داستان کی ضرورت کے لحاظ سے اس کو ردوبدل کرکے ایک نئے قالب میں ڈھالا ہے وہ یہ کہ بزرجمہر کو رمل ورمز میں ملا تھا یعنی اس کو ایک کتاب ایسی ملی تھی جس سے باطن کا حال معلوم ہوجاتا تھا چنانچہ یہ وہ قوت ہے جس کی وجہ بزرجمہر نے اپنے باپ بخت جمال کا بدل القش سے لیا اور اسی کی وجہ قباد کا وزیر ہوگیا۔

باپ کا انتقام لینے کے بعد بزرجمہر نے اس کے خاندان کے ساتھ اچھا سلوک کیا چنانچہ القش کے نواسے بختگ کی قباد سے سفارش کی اور اس کو وزیر بنا دیا۔ مصنف نے اس سے اس کی شرافت ثابت کی ہے۔

بزرجمہر بڑا مدبر تھا اس نے قباد سے اجازت لے کر نوشیروان عادل کو چالیس دن تک قید رکھا اور اس کے بعد آپ گھوڑے پر سوار ہوا اور نوشیروان کو پیدل ساتھ لایا اور اس کے تین کوڑے لگائے اس سے بزرجمہر کا مقصد یہ تھا کہ تکلیف کا احساس ہو۔

بزرجمہر جانوروں کی زبان سے بھی واقف تھا چنانچہ الوؤں کے جوڑے کی گفتگو نوشیروان سے بیان کردی تھی جس کی وجہ نوشیروان نے اپنے ظلم وستم سے ہاتھ اٹھالیا۔

بزرجمہر رمل دانی میں یگانہ روزگار تھا۔ اس نے جتنے حالات بیان کئے وہ سب (بجز ایک کے)

صحیح نکلے۔ چنانچہ بنیئے، قصاب اور صراف کا احوال باطن بیان کر کے ان سے تمام چیزیں مفت حاصل کیں۔ باغبان سے بیان کیا کہ "قفل کے نیچے سانپ ہے اگر تم نہ مارو گے تو کاٹ لیگا" چنانچہ یہ بالکل صحیح نکلا اور وہ اس کا معتقد ہو گیا۔ جب باغبان نے بکری کو ہلاک کیا تو بزرجمہر نے کہا کہ "تو نے تین خون کئے" باغبان نے ہنس کر کہا "میں نے تو صرف ایک ہی خون کیا" تو اس نے کہا ایک تو بکری اور دو بچے اس کے پیٹ میں ہیں جس سے وہ حیران رہ گیا اور القش نے خیال کیا کہ یہ روشن ضمیر ہے۔

جب القش نے بختیار کو بزرجمہر کے مار ڈالنے کے لئے بھیجا اور وہ اس کو مارنا چاہتا تھا تو اس نے کہا تو اپنے مقصد میں کامیاب نہیں رہیگا اس پر اس نے کہا "میرا کیا مقصد ہے"؟ بزرجمہر نے بیان کیا "تو القش کی بیٹی پر عاشق ہے اگر تو مجھے مار ڈالیگا تو وہ وعدہ پورا نہیں کریگا۔ اس سے متاثر ہو کر وہ اس کو چھوڑ دیتا ہے اس کے بعد اس سے بادشاہ کے خواب کے متعلق پیشین گوئی کرتا ہے جو حرف بحرف صحیح ہوتی ہے

القمہ[1] خیبری کے متعلق جو بادشاہ سے پیشین گوئی کی تھی وہ بالکل صحیح نکلی۔ چنانچہ القمہ خیبری کا خاتمہ امیر نے کیا تو نوشیروان کا تخت و تاج اس کو واپس ملا۔

جب گستہم نے امیر کو زہر دیا تو عام طور پر مدائن میں یہ خبر مشہور ہو گئی تھی کہ امیر کا انتقال ہو گیا اس وقت بزرجمہر نے مہرنگار سے کہدیا کہ امیر حمزہ زندہ ہیں اور چالیس دن کے اندر آجائینگے۔ اسی طرح جب امیر پرنستان چلے گئے تو اس نے کہا چونکہ امیر نے "انشاء اللہ" نہیں کہا اس لئے اٹھارہ سال کے بعد شہر تنجہ[2] میں ملیں گے۔

بزرجمہر اور بختک نے نوشیروان کے روبرو پیشین گوئی کی تھی جس میں نوشیروان کو دھوکا ہوا تھا اس لئے اس نے بزرجمہر کو بختک کے حوالہ کیا تھا اس ناپاک نے اس کی آنکھوں میں سلائی پھروادی۔

ابتداء سے انتہا تک بزرجمہر امیر کا ہمدرد رہا۔ اس کے دل میں ہر وقت امیر کا خیال رہتا تھا جب اس کو امیر کے عشق کا حال معلوم ہوا تو اس نے امیر کی شادی کی یہ تدبیر نکالی کہ امیر ہندوستان جا کر لندہ کو مغلوب کریں تو ان کی شادی مہرنگار سے ہو جائے۔

امیر جب ہندوستان جا رہے تھے تو اس نے ان کی ران میں زہر مہرہ رکھدیا تھا جسکی وجہ وہ ہلاکت سے بچے

---

[1] علقمہ عالیاد انسان نویس نے اپنے ہیرو کیلئے تاریخی ناموں کو وسیع کر دیا ہے۔ [2] طنجہ (Tangier) معجم البلدان، والتحفۃ الازہریہ صفحہ (۳۲۰)

غرض ہر موقع پر اس نے امیر کی مدد کی۔

جب نوشیروان آتشکدہ نمرود میں لکڑیاں لاکر زندگی بسر کرتا تھا تو اس وقت بھی اس نے ہرمز سے کہا کہ اس کو امیر حمزہ کے سوائے کوئی نہیں لاسکتا اس طرح غیر شعوری طور پر وہ امیر حمزہ کی دوسری شادی کا باعث ہوتا ہے جو نوشیروان نے وطن واپس ہوکر اپنی دوسری لڑکی سے کردی۔

جب عمرو عیار نے بختک کے گوشت کا ہریسہ نوشیروان کے سامنے پیش کیا تو بزرجمہر نے خاموشی اختیار کی جس کی وجہ نوشیروان نے ناراض ہوکر اس کی دونوں آنکھیں نکلوادیں۔ اس طرح اس نے امیر حمزہ کی محبت میں اپنی آنکھیں کھودیں۔

بزرجمہر دانیال پیغمبر علیہ السّلام کی اولاد میں تھا چنانچہ جب وہ بادشاہ چین کے پاس گیا تو اس نے بزرجمہر کو بتخانہ میں اپنے ہمراہ رکھا جب بادشاہ نے بت کے سامنے سجدہ کیا تو بزرجمہر تماشا دیکھتا کھڑا رہا۔ بادشاہ نے اس سے اس کی وجہ دریافت کی۔ بزرجمہر نے کہا

"جو چیز تم نے بنائی ہو اسے سجدہ کس طرح جائز ہے"

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وحدانیت کا خیال اس کے دل میں تھا۔ آخر کار جیسا کہ اس کو رمل سے معلوم ہوچکا تھا پیغمبرؑ کی خدمت میں حاضر ہوکر قدم بوس ہوا اور اس کی آنکھیں اچھی ہوگئیں۔

بزرجمہر کے کردار کے بیان میں فنّی نقطۂ نظر سے مصنّف نے کوئی بات نہیں پیدا کی۔ بزرجمہر کی زندگی ہی مافوق العادت باتوں سے شروع ہوتی ہے اور اس کے کردار میں فن کے اعتبار سے طرح طرح کی غلطیاں کی ہیں۔ منشا مصنّف کا یہ تھا کہ امیر حمزہ کے لئے ایک ہمدرد پیدا کرے۔ اسی ہمدردی میں بزرجمہر سے وہ تمام افعال صادر ہوتے ہیں جو ایک سطحی نظر والے کو بھی معلوم ہوتے ہیں۔ اس لئے اسکے کردار کو عوام اچھا سمجھتے ہیں اور اس سے ہمدردی رکھتے ہیں۔

باقی آیندہ

غزلیات

(۱)

عالیجناب نواب حیدر یار جنگ بہادر علامہ سید علی حیدر نظم طباطبائی

سرو کی طرح اگر برزدہ داماں ہوتا
مثل غنچہ کے نہ میں سر بہ گریباں ہوتا

رشکِ فغفور نہ ہم رتبۂ خاقاں ہوتا
آدمی کچھ بھی نہ ہوتا مگر انساں ہوتا

مار ڈالا ہے زمانہ کی دو رنگی نے مجھے
لاش پر بھی کوئی گریاں کوئی خنداں ہوتا

ہم کہاں بیٹھ کے رستہ میں ترے سستاتے
نقشِ پا کوئی تو اے عمرِ گریزاں ہوتا

چھپ گئے گرد میں سب قافلے والے افسوس
اس طرح بھی ہے نظر سے کوئی پنہاں ہوتا

مرغِ بسمل ہوں نہیں میرے تڑپنے کا علاج
چاہتا ہوں کہ وہی سر وہی ساماں ہوتا

حلقے تدویر کواکب کے مسلسل رہتے ؟
کوئی ان کا نہ اگر سلسلہ جنباں ہوتا

اعتبارات پہ ہستی کی بنا ہے قائم
ہم نہ ہوتے تو کہاں عالمِ امکاں ہوتا

ڈر تھا سوزِ غمِ ہجراں کا مجھے اے واعظ
میں بھلا خوف سے دوزخ کے مسلماں ہوتا

دل کا ارمان نکلنا تو ہے مشکل اے نظم
دم نکلنا ہی کسی طرح سے آساں ہوتا

(۲)

از لسان القوم مولانا سید شاہ ابراہیم ۔ عفو ۔

اُسی کا راگ گایا جا رہا ہے آبشاروں میں
اُسی کی دھن میں موجیں نغمہ زن ہیں جوئباروں میں

ہے اُسکے رنگ سے رنگین ہر اک گلشنِ ہستی
ہیں جلوے سب اُسی کے چاند میں سورج میں تاروں میں

پسِ پردہ یہ کس کے بول ہیں یا رب قیامت ہے
یہ میٹھے سُر کہاں سے آگئے بیجان تاروں میں

بتوں کی گردنیں جھکتی پڑتی ہیں کیوں اُنکے قدموں پر
کچھ ایسی بات ہے دلکش تمھارے خاکساروں میں

ضرورت ہے ذرا سی چھیڑ کی مضرابِ الفت کو
تڑپ جاتے ہیں نغمے ربطِ ہستی کے تاروں میں

لئے دو پھول بھی مجھسے دمِ رخصت نہ بدظن نے
کہ میری روح بو ہو کر نہ ہو پھولوں کے ہاروں میں

زمانہ نے جھنجھوڑا خواب نوشیں سے بہت ہمکو
مگر اے عفو اب تک نیند کے ماتے ہیں یاروں میں

کتاب کے کیڑے

از مولوی عظمت اللہ خاں صاحب بی۔ اے مددگار ناظم تعلیمات سرکار عالی

چارلس لیمب نے نسل انسان کو دو انواع میں تقسیم کیا ہے۔ ایک وہ جو قرض لیتے ہیں اور دوسرے وہ جو قرض دیتے ہیں۔ یہ تقسیم بڑی حد تک درست ہے اور تقریباً کل ہندوستانی مسلمان پہلی نوع میں آجاتے ہیں لیکن یہ ضرور ہے کہ اس تقسیم کی حدیں پتھر کی لکیریں نہیں۔ ایسے اللہ کے بندے بھی پائے جاتے ہیں جو اپنی زندگی کی ابتداء میں قرض لینے سے پرہیز نہیں کرتے تھے۔ جہاں کوئی گرم جیب والا ہاتھ لگا اور وہ قرض مانگ بیٹھے۔ لیکن ایک زمانہ ایسا بھی آیا کہ یہ خود صاحب ثروت ہو گئے اور حاجتمندوں کی قرض سے دستگیری فرمانے لگے۔ اس طرح ایک نوع سے دوسری نوع میں بدل جانا صرف ممکن ہی نہیں بلکہ روزمرہ کی بات ہے۔

اگر نوع انسان کی تقسیم اس طرح کیجائے کہ ایک خانہ میں وہ لوگ ہوں جو کتاب کے کیڑے ہیں اور دوسرے میں وہ جو اس طرح کے کیڑے کہلانے کے مستحق نہیں تو یہ تقسیم لیمب والی تقسیم سے زیادہ فطری ہوگی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ آدمی پیدا ہونے کے بعد قرض دینے یا لینے والا بن سکتا ہے۔ اس کا انحصار زیادہ تر اس کی معاشی حالت پر ہوتا ہے۔ لیکن کتاب کا کیڑا ماں کے پیٹ ہی سے کتاب کا کیڑا بنکر نکلتا ہے اس دھوکے میں نہ پڑنا چاہئے کہ ہر کتاب کا دیکھنے والا کتاب کا کیڑا ہے۔ کتابوں کا دیکھنا اور بات ہے اور کتاب کا کیڑا بننا اور چیز۔ ان میں زمین اور آسمان کا فرق ہے۔

کتاب کے کیڑوں کی بھی دنیا کی ہر چیز کی طرح بہت سی قسمیں ہیں۔ ایک قسم اُن کی ہے جو نمائشی کیڑے ہوتے ہیں۔ ان کو کتاب کا بڑا شوق ہوتا ہے اور جہاں کہیں خوبصورت جلد نظر آگئی اور یہ بیتاب ہو گئے

لوٹنے لگے ۔ ان کے گھر یا کتب خانہ میں آپ پیاری پیاری دلکش اور خوشنما جلدیں پائیں گے جن کی پشتیں سنہری حروف میں مسکراتی ہیں جس طرح ۔ خیر تشبیہ کو جانے دیجئے ۔ اس قسم کے کتاب کے کیڑے کتابوں کے حسن کے ایسے متوالے اور قدر دان ہوتے ہیں کہ کتابوں کو چھوٹی موٹی بنا دیتے ہیں ۔ نہ خود ہاتھ لگاتے ہیں اور نہ کسی اور کو ہاتھ لگانے دیتے ہیں ۔ ان کے نزدیک چھونے سے کتاب خراب ہو جاتی ہے کھول کر پڑھنا اور گھنٹوں پڑھنا تو بس کتاب کو ستیاناس ہی کر دینا ہے ۔ ان اصحاب کا کتاب کا دیکھنا یہی ہے کہ کتبخانہ میں بیٹھ گئے اور کتابوں کی قطاروں کو دیکھ دیکھ کر خوش ہوتے گئے اور اخبار پڑھتے گئے ۔ ان سے کبھی بھولے سے بھولے پن کے ساتھ آپ کتاب مستعار مانگ بیٹھئے تو غضب ہی کر دیا ۔ وہ چونک پڑتے ہیں اور اس قدر اہمیت اور سنجیدگی ان کے چہرہ پر دوڑ جاتی ہے گویا کسی نے ان کی صاحبزادی سے پیام دیدیا یا آنکھوں سے اس طرح کا شک اور شبہ ٹپکنے لگتا ہے گویا مانگنے والا امیر علی ٹھگ کے قبیلہ سے ہے اور کتاب کو ٹھگ کر ہضم کرنا چاہتا ہے ۔ ان کتاب کے کیڑوں کو کتاب سے افلاطونی محبت ہوتی ہے ۔

ان کے بالکل برعکس جو کیڑے ہیں وہ کتابوں کی جلدوں کی خوشنمائی اور سنہری پشتوں سے ناک بھوں چڑھاتے ہیں ۔ ان کو اس ظاہری دلکشی اور نظر فریبی سے یہ بدگمانی پیدا ہوتی ہے کہ بس یہ کتابیں نری دیکھت ہی کی ہیں ۔ ان کے باطن کا خدا ہی حافظ ہے ۔ ایک ایسے کیڑے اس درجہ غلو کر گئے تھے کہ وہ اچھی سے اچھی تصنیف کو بھی اچھی جلد میں برداشت نہیں کر سکتے تھے ۔ سرے سے پڑھتے ہی نہ تھے ۔ کچھ پوپنی سی چھپی ہوئی پھٹی پرانی کرم خوردہ کتاب پر لٹو ہو جاتے تھے ۔ وہ فرمایا کرتے تھے کہ کتب بینی علم کی خاطر ہوتی ہے اور علم ایک باطنی چیز ہے ۔ کتاب کی سیرت اصل شئے ہے ۔ نری اچھی صورت سے کیا حاصل ہوتا ہے ۔ ان حضرات کی محبت ڈس ڈمونا (Desdemona) کی سی محبت ہے ۔ او تھے لو (Othello) کی دھواں کھانی جلد سے اسے سروکار نہ تھا بلکہ وہ تو او تھے لو کی سیرت پر مرتی تھی ۔

کتاب کے کیڑوں کی جس قسم کا ابھی ذکر کیا گیا ہے اس سے ملتی جلتی کیڑوں کی ایک اور شاخ ہے جس کا مقولہ یہ ہے کہ کتاب ایسی ہونی چاہئے کہ اسے جس طرح چاہیں برت سکیں ۔ ایک ہاتھ میں حقہ کی نے ہے ۔ کتاب کو بیچ میں سے موڑا اس طرح کہ ذرا ٹانکے ڈھیلے ہو جائیں اور دہرا کر لیا ۔ اب کیا ہے

آسانی سے کتاب کو ایک ہاتھ میں لے لیا۔ حقہ کا حقہ پیتے رہے اور کتب بینی کی کتب بینی ہوتی رہی۔ بھلا نفیس جلد والی کتاب کا اس طرح دھڑ توڑنے کی کب ہمت ہو سکتی ہے۔ پھٹے حالوں ستی کتاب کو دیکھتے دیکھتے رکھنا پڑا تو صفحہ کا ایک کونا لیا اور ولایتی کتے کے کان کی طرح موڑ دیا۔ کسی نشانی وشانی کی حاجت نہیں۔

اس قماش کے ایک کیڑے کے کتب خانہ میں معمولی الماریاں تھیں۔ کسی خانہ میں شیشہ تھا اور کسی میں نہیں کوئی کتاب ایسی نظر نہ آتی تھی جس کی پشت پر جھریاں اور دراڑیں نہ پڑی ہوئی ہوں۔ پشت پر نام کے متعلق صرف یہ گمان ہو سکتا تھا کہ کبھی یہاں حروف تھے۔ آپ نے کسی کتاب کو نکالنا چاہا تو جلد نکلی چلی آتی ہے یا اگر اس خانہ میں بہت سی کتابیں اور بھڑی ہوئی ہوں اور آپ نے ہاتھ آگے کو ڈالکر کھینچا تو بیچ میں سے کتاب نکلی چلی آتی ہے جلد بیچاری پھنسی کی پھنسی رہجاتی ہے۔ ان بزرگوار کا استدلال یہ تھا:۔۔۔

"ارے میاں کتابیں پڑھنے کے لئے ہوتی ہیں بازی دیکھنے کو؟ ایسی کتابیں کیا کہ ان سے کام لیتے آپ کا دل دکھے یا آپ کو ادب آداب سے بیٹھ کر پڑھنا پڑے۔ ایسی کتابیں کیا ہوئیں وبال جان ہوئیں۔ اور یہ بھی تو خیال کرو کہ علم کو سستا ہونا چاہیے کتابیں سستی نہ ہوں گی تو پھر علم کب سستا ہو سکتا ہے؟ آپ یہ جتنے فیشن ایبل کتب خانے دیکھتے ہیں وہاں کیا خاک کتب بینی ہوتی ہے یوں کہو کہ کتابوں کی نمائش بینی ہوتی ہے"

بعض کتاب کے کیڑے اس مزاج کے ہوتے ہیں اور یہ ایک قابل قدر نوع ہے کہ کتاب کے پڑھتے ہی ان میں لکھنے کی رس بیدار ہو جاتی ہے۔ وہ بغیر پنسل یا سیاہی دار قلم کے پڑھ نہیں سکتے۔ ان میں سے بعض تو سطروں کے نیچے یا حاشیہ پر لکیروں کا کھینچ دینا کافی سمجھتے ہیں۔ لیکن اس رجحان کے لوگوں میں بیشتر ایسے ہوتے ہیں جو حاشیہ پر کچھ نہ کچھ خامہ فرسائی فرماتے جاتے ہیں اور جہاں کہیں خالی صفحے مل گئے وہاں اپنی رائے اور خیالات کا اظہار فرما دیتے ہیں۔ اس رجحان کی تہ میں اتنی سی کھوٹ ضرور ہوتی ہے کہ یہ لوگ یہ بھی خیال کرتے ہیں کہ جو لوگ اس کتاب کو پڑھینگے وہ ہمارے حاشیے دیکھ کر ہماری قابلیت کا لوہا مان لینگے۔ ایک عنایت فرما اس مرض میں اس قدر مبتلا تھے کہ ان کے کتب خانہ کی ہر کتاب محشی ہو گئی تھی۔ جہاں مصنف نے کوئی ایسا خیال ظاہر کیا جو حضرت کی پسند خاطر ہوا اور جھٹ انھوں نے حاشیہ پر لکھدیا "ماشاءاللہ! مجھے پورا پورا اتفاق ہے"۔ اگر کوئی بات پسند نہیں آئی تو تحریر ارشاد ہوا "قبلہ! آپ یہاں بہک گئے ہیں"۔

ان کی ایک کتاب تھی۔ ان کی لکھی ہوئی نہیں بلکہ ان کے کتب خانہ کی۔ یہ کتاب غالباً لارڈ مارلے کے مضامین کا مجموعہ تھا۔ اس میں ایک مضمون تھا "مطالعہ ادبیات"! کتاب دیکھنے اور کتاب پڑھنے کے فرق پر بحث تھی۔ ایک جگہ یہ خیال تھا کہ سچ مچ پڑھنے والا بغیر پنسل کے نہیں پڑھتا۔ اس پر قبلہ نے نوٹ کیا تھا "اے تمھاری صدقے کیا بات کہی ہے"۔ یہ مرض متعدی سا ہے اور ہر قسم کے کیڑوں میں اس قدر پھیلا ہوا ہے کہ پبلک کتبخانوں کے قواعد میں اس امر کی تنبیہ کی جاتی ہے کہ کتاب پر کچھ نہ لکھا جائے۔ ان کتب خانوں کے رکھوالوں کو معلوم ہونا چاہیئے کہ جن کتاب کے کیڑوں میں یہ مرض گھن کی طرح لگ چکا ہے ان کو اس لغو تنبیہ سے کس قدر دکھ سہنا پڑتا ہے۔ یہ ایک طرح کی بیرحمی ہے جس کا زخم نفسیاتی ہوتا ہے۔

کتاب کے کیڑوں کی ایک اور پہلو سے دو قسمیں ہو سکتی ہیں۔ خال خال کتاب کے کیڑے ایسے ہوتے ہیں کہ جو کچھ کتابوں سے چاٹا جائے اسکو ادل بدل کر یا کمی بیشی کر کے اپنی جانب سے ایک کتاب کی صورت دید یتے ہیں اور موجودہ اور آنے والے کتاب کے کیڑوں کے لئے ذہنی اور روحانی غذا فراہم کر دیتے ہیں۔ اگر کسی ملک سے ایسے لوگ کم یا مفقود ہو جائیں تو بڑا ستم ہو جائے۔ نئی کتابوں کا کال ہو جائے اور کتاب کے کیڑوں پر ایک بیتا پڑ جائے۔ یہ لوگ کتاب کی رگ و پے میں سرایت کر جاتے ہیں۔ اس کا مغز نکال لیتے ہیں اور پھر اس مغز کو اور کتابوں کے مغز سے سلیقہ کے ساتھ گھلاتے ملاتے ہیں اور ایک نئی چیز کی صورت میں کتابی دنیا میں پیش کرتے ہیں۔ اس رنگ ڈھنگ اور آن بان کے کتابی کیڑے بہت کم ہوتے ہیں۔ لیکن ان کی دیکھا دیکھی اور موجودہ تعلیم کے فروغ کی بدولت اس زمرہ میں نصاب کی کتابیں بنانے والے شرحیں اور طلبہ کے رہنما تیار کرنے والے حشرات ارض کی طرح نکل آئے ہیں۔ ان کا کام یہی ہے کہ کتابوں کا پورا یا ادھورا۔ عموماً ادھورا۔ مغز نکالا یا اوندھا سیدھا مطلب لکھ مارا اور لیجئے صاحب کتاب تیار ہو گئی اور ملک کے سررشتہ تعلیمات کا مارمراسلوں کے ناک میں دم ہے کہ اس کتاب کو نصاب میں داخل کیا جائے یا بذریعہ مراسلہ گشتی صدر مدرسوں کو ہدایت کی جائے کہ وہ اس لاجواب شرح سے مدد لیکر بچوں کے ذہن میں صحیح مطالب اتروائیں اور اس طرح غلط مطلب اور معنے سے ملک کے ہونہار نونہالوں کو بچائیں۔ یہ خدمت قوم کی خاطر کی گئی ہے اس سے "اس ناچیز" شارح کا کوئی خاص فائدہ نہیں۔ اس طرح کے ایک بگڑے دل

کتاب بنانے والے نے ایک کتاب یا کتابوں کا سلسلہ تیار کیا۔ بدقسمتی سے کسی سرشتہ تعلیمات نے ہندوستان میں اس کو نصاب کے قابل اور بچوں کے لئے موزوں نہیں سمجھا۔ آپ نے عام بے قدری اور جوہر ناشناسی کا ماتم کرتے ہوئے تحریر فرمایا۔

گر ہمیں مکتب است وایں ملا وغیرہ۔

اصلی کتاب کا کیڑا ان سب سے انوکھا ہوتا ہے۔ وہ کتاب کو اپنی جان سمجھتا ہے۔ اگر کتاب اس سے منہا کر دی جائے تو پھر یہ بیچارہ کچھ نہیں۔ وہ کتاب کا عاشق ہوتا ہے۔ کتاب کی صورت اور سیرت کا اس کی محبت پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ بھونڈی سے بھونڈی اور موہنی سے موہنی کتاب اس کی نظروں میں یکساں ہوتی ہے۔ صدیوں عمر والی اور جدید سے جدید دو شیزہ اشاعت دونوں پر اس کا دل لوٹ کے آتا ہے۔ دیمک لگی بوسیدہ اور چکنے چکنے کاغذ اور تصویروں والی کتابیں اس کے جذبات پر یکساں بجلیاں گراتی ہیں۔ اسطرح کے ایک کتابی کیڑے کی عمر بھر کی آرزو یہ تھی کہ اپنے کتب خانہ کے لئے ایک نفیس اور موزوں عمارت بنائیں۔ ان کی یہ آرزو پوری ہوئی۔ اس عمارت میں کتب خانہ کے متعلق جتنی ایجادیں آرام اور آسایش کی یورپ میں ہو چکی ہیں ان سب سے کام لیا گیا تھا۔ کتاب پڑھنے کی کرسی عجیب چیز تھی۔ نرم نرم اور جس طرح لیٹنا چاہو اسی طرح جچی تلی اوپر نیچے ہو جائے۔ پشت پر لیمپ گیر لگا ہوا جسکو جتنا چاہا ہٹا لیا گھٹا لیا بڑھا لیا۔ اس کرسی پر دراز ہونا بچپن کا آغوش مادری میں شانتی سے لیٹنا یاد دلا دیتا تھا۔ کرسی۔ خواہ آرام کرسی ہی کیوں نہ ہو۔ پیروں کے لئے تکلیف دہ ہوتی ہے۔ کرسی کے ہاتھوں پر پیر رکھئے یا تو ضرورت سے زیادہ اونچے یا بے ڈھنگے پن کے ساتھ آڑے ترچھے ہو جاتے ہیں۔ اگر پنڈلیاں ہاتھوں پر ٹکی ہوئی ہیں تو گھٹنوں کو سہارا نہیں ملتا۔ ٹخنے سے لیکر پنجوں تک پاؤں کرسی کے ہاتھوں سے نکلے ہوتے ہیں۔ اور بے سہارا ہونے کی وجہ سے دکھنے لگتے ہیں۔ لیکن اس کتب بینی والی کرسی میں پیروں والا اجز متحرک ہوتا ہے اور آپ جس زاویہ تک چاہیں اونچا نیچا کر لیں پھر اس پر مراقش کا چمڑا منڈھا ہوا۔ لیٹتے ہی یہ معلوم ہو کہ بالائی کے ملایم ملایم ڈھیر میں دھنس گئے۔ اسطرح دھنس دھنسا کر لیمپ کو ٹھیک کیا۔ ٹانگوں کو ٹھیک زاویہ پر ٹکایا۔ بنگلہ اول تو شہر کی غل پکار سے دور اور پھر رات اور دس گیارہ کا عمل۔ سوائے فطرت کی رات کی دھیمی دھیمی سریلی اور بن سری آوازوں کے

باقی ہر طرح سناٹا۔ رہ رہ کر میاں کتاب کے کیڑے کے حقہ کی گڑگڑاہٹ اور کبھی کبھی گیدڑوں کی پکار کے اور کسی قسم کی کھنڈت اس سنسانی میں نہیں پڑتی۔ اس وقت کتاب کے کیڑے صاحب کے ہاتھ میں ایسے مصنف کی کتاب مان لیجئے جس کا قلم ایک ایک لفظ میں جان ڈال دیتا ہو۔ پھر کیا کہنے ہیں؟ کتاب کے کیڑے صاحب کی آنکھوں کے سامنے ایک جیتی جاگتی دنیا کھل پڑتی ہے۔ کتب خانہ کا دلکشا کمرہ اس کمرہ کی نفیس نفیس الماریاں اور ان الماریوں میں کے کتاب کی پریوں کے جھرمٹ سب حواس کے سامنے سے پگھل جاتے ہیں۔ جادوگر مصنف فرض کیجئے کہ کپ لنگ ہے اور اس کی کتاب 'نولکھا' ہمارے کتاب کے کیڑے مطالعہ فرما رہے ہیں۔ یہ مصنف اپنے قلم کی چھڑی سے ایک خوبصورت تالاب کے کنارے جہاں سنگِ مرمر کا چکنا چکنا ٹھنڈا ٹھنڈا فرش ہے ٹارون اور سیتا بائی جیسی کی زندہ تصویریں کھڑی کر دیتا ہے۔ راجپوتانہ کا نیم شبی تاروں بھرا آسمان اوپر ہے۔ کٹورا سا تالاب ہلکی ہلکی ملایم ملایم ہوا سے ایک طرف جھلمل جھلمل کر رہا ہے۔ ٹارون کی سمندر کی سی نیلی نیلی اور سیتا بائی کی ناگن کی سی کالی اور کٹار کی تیز دھار والی آنکھوں سے دو طاقتور نفوس کی نفسیاتی فضائیں مکالمہ کی کھڑکیوں سے پیش نظر ہو جاتی ہیں۔ جذبات کے جوالا مکھ کی سرگرمی میں وقت کے بہاؤ کا احساس نہیں۔ اب کچھ دیر میں پو پھٹنے کو ہے۔ لیکن یہ دونوں پیکر خیالی ایک دوسرے کو قابو میں لانے کی دھن میں ہیں۔ آخر سیتا بائی کا ساتھی جگت سنگھ جو خواجہ سرا ہے تاریکی سے نمودار ہو کر گرد و رسے چلنے کا اشارہ کرتا ہے اور اس وقت ٹاروں سیتا بائی کے پہلو سے الگ ہوتا ہے۔ اغراض کے داؤ پیچ میں اسنے سیتا بائی کی کمر میں ہاتھ حائل کر دئے تھے اور یہ پتہ لگا لیا تھا کہ 'نولکھا ہار' اس کی کمر میں ہے ساتھ ہی اس دلربا ہستی کے تصادم سے جذبات کی بجلیاں عقل کو جلا کر خاک کر دینا چاہتی تھیں۔ الگ ہوتے ہی طمنچہ کی نال کے زور پر ٹاروں نولکھا ہار سیتا بائی سے لیتا ہے۔ ہار کے دیتے وقت سیتا بائی کی چمکیلی آنکھیں بجلیاں بجاتی ہیں اور جذبات کے ہیجان سے ابھرتے اور لرزتے سینہ کی چولی میں سے پیش قبض کا زمرد رنگ جواہر نگار قبضہ دکھائی دیتا ہے اور ایک دفعہ ہی سیتا بائی اپنے گھوڑے کی طرف لپکتی ہے سوار ہونے سے پہلے اس کے ننھے منے مہندی لگے اور انگوٹھیاں بھرے ہاتھ سے پیش قبض تیر کی طرح ٹارون کی طرف لپکتی ہے اور ٹارون ابھی گھوڑے

بیٹھا نہ تھا۔ اس کے کندھے پر سے سائیں سے نکل کاٹھی میں جا بیٹھتی ہے۔ یہ قاتلانہ ادا ٹارون کو بے تاب کر دیتی ہے۔ گھوڑے پر اچک دم بھر میں ٹارون سیتا بائی کے برابر ہے جو ابھی گھوڑے پر سوار نہیں ہو سکی ہے اور جھک سیتا بائی کی کولی بھر اچکا اُسے گھوڑے پر بٹھا دیتا ہے اور دونوں ننھے ننھے پیارے پیارے ہاتھ پکڑ یہ کہتا ہوا جھکتا ہے۔ "اب ایک بوسہ"۔ اتنے میں بنگلہ کی مرغی خانہ کا مرغ اذاں دیتا ہے اور میاں کتاب کے کیڑے چونک پڑتے ہیں کیونکہ مرغ کی اذاں کے ساتھ جیسا کہ شکسپیر نے لکھا ہے بھٹکتی ہوئی روحیں پھر اپنے اپنے ستھان لوٹتی ہوں یا نہ لوٹتی ہوں لیکن یہ صحیح ہے کہ خلاق دماغ کے پیدا کئے ہوئے خیالی پیکر فجر کی دیوی کی ملائم ملائم آہٹ کے ساتھ پھر الفاظ کا بھیس لے لیتے ہیں اور کتاب کی آغوش میں سو جاتے ہیں اور پھر کتاب کے کیڑے کو اپنی کتب بینی کی فردوس میں قدم رکھنے کے لئے بارہ گھنٹوں کی کٹھن منزل طے کرنی پڑتی ہے۔

یہ ہے اصلی کتاب کا کیڑا پن اور ایسے کتاب کے کیڑے کی اصلی کتب بینی۔

ڈاک کے ٹکٹ

از جناب محمد حمید اللہ صاحب متعلم بی۔ اے

گزشتہ دو تین سالوں میں ٹکٹی نمایشوں (Philatelic exhibitions) کی امریکہ اور یورپ میں غیر معمولی کثرت رہی۔ ہر نمایش میں اس بات کی کوشش رہی کہ وہ پیشتر کی تمام نمایشوں سے زیادہ دلچسپ اور بہتر بنائی جائے۔ خصوصاً بین الاقوامی ٹکٹی نمایش کو جو ۲ مئی ۱۹۲۵ء سے ۱۲ ماہ مذکور تک پیرس میں ہوتی رہی[1] اس قدر کامیابی حاصل ہوی کہ اب یہ تفریحی مشغلہ علم سکہ جات (Numismatics) کی طرح ایک علم بن گیا ہے۔ چنانچہ پیرس کی نمایش کے دو ماہ بعد ہی "میری لینڈ اکاڈیمی آف دی سائنسز" واقع بالٹی مور میں اور علوم و فنون کے ساتھ ایک کرسی اس علم کے لئے بھی قائم کرنے کا تصفیہ کیا گیا[2]۔

یوں تو ٹپہ یا ڈاک قدیم زمانے سے رائج ہے اور ہر متمدن ملک میں اس کی ضرورت رہی ہے لیکن قدیم اور موجودہ زمانہ کا نمایاں فرق یہ ہے کہ ۱۸۴۰ء سے پہلے تک ٹکٹ لگانے کا رواج نہ تھا۔ سب سے پہلے انگلستان نے خطوط پر نقد محصول لینے کی بجائے اسی قیمت کے ٹکٹ چسپاں کرنے کی اجازت یکم مئی ۱۸۴۰ء میں دی[3]۔ جبکہ شرح ڈاک نہ صرف بیحد گراں تھی بلکہ اس میں وزن کے علاوہ فاصلہ کے لحاظ سے بھی محصول میں کمی و بیشی ہوتی تھی[4]۔ سب سے پہلا ٹکٹ ایک پنی کا تھا جس کا رنگ گہرا سیاہ تھا[3]۔

---

[1] (Stanely Gibbons, Monthly Journal, June 1925. P. 200)

[2] ایضاً بابتہ جولائی ۱۹۲۵ء صفحہ ۲۲۸۔ [3] گبنز کیٹلاگ صفحہ ۱۔ [4] گبنز جرنل دسمبر ۱۹۲۴ء صفحہ ۵۸۔

اس کی تقلید میکسیکو اور دیگر ممالک میں ہونے لگی۔ اور آج کچھ اوپر چھ سو ممالک[1] میں ڈاک کے ٹکٹوں کا رواج ہے۔ ان ممالک کے شائع کردہ ٹکٹ انگلستان کی سربرآوردہ کمپنی اسٹانلی گبنز (Stanely Gibbons) کے اندازہ کے مطابق فروری ۱۹۲۶ء میں ایک لاکھ ساٹھ ہزار قسم کے تھے[2] جس میں ہر ماہ اوسطاً سو پچاس کا اضافہ ہوتا ہی رہتا ہے۔ اس تعداد میں وہ ٹکٹ بھی شامل ہیں جو چھپائی کی غلطی، کاغذ کے فرق اور پرفریشن (Perforation) یا کنگروں کے اختلاف کی وجہ سے عام ٹکٹوں سے الگ قرار دئے گئے ہیں جیسا کہ آئندہ واضح ہوگا۔ لیکن بظاہر یہ ناممکن معلوم ہوتا ہے کہ چھپائی کی تمام غلطیاں معلوم کرلی جائیں۔ اس لئے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ دریافت شدہ ٹکٹوں کے علاوہ دنیا میں ایک بڑی تعداد ایسے ٹکٹوں کی بھی ہوگی جنکا علم عام طور پر لوگوں کو نہیں ہوا ہے۔ مثلاً میں کوئی نہ کوئی ٹکٹی نہیں ہوں صرف شوقیہ مختلف نمونے جمع کرتا رہتا ہوں لیکن میرے پاس بعض نمونے ایسے بھی ہیں جو کسی کمپنی کی فہرست میں نہیں ملتے۔ حال ہی میں ہندوستان میں جب ڈاک کی شرح دُگنی کردی گئی تو پاؤ آنہ والے کارڈ پر مزید پاؤ آنہ کا ٹکٹ لگانے کی ضرورت لاحق ہوئی۔ چونکہ پاؤ آنہ کے ٹکٹوں کا ذخیرہ ناکافی تھا اس لئے آدہ آنہ والے ٹکٹ پر پاؤ آنہ کا نشان ڈالکر شایع کیا گیا جس کی شکل ($\frac{1}{4}$) تھی۔ اس کی دو تین غلطیوں کا علم تو ہوگیا یعنی ایک کے ہندسے کے اوپر کا شوشہ نہیں اٹھا (⊥) یا ایک کے نیچے کے شوشے نہ چھپے۔ مگر میرے پاس دو ٹکٹ ایسے ہیں جن میں چار کے نیچے کے شوشے پورے طور پر موجود نہیں ہیں (4 4) اس کا داخلہ کسی فہرست میں نہیں ملا۔ چھپائی کی ایسی غلطیوں سے ٹکٹوں کے پاس اس کی قدر بڑھ جاتی ہے

ہندوستان میں سب سے پہلا ٹکٹ کمشنر سندھ سر بارٹل فریر کے حکم سے یکم جولائی ۱۸۵۲ء کو سندھ میں شائع ہوا[3]۔ جس پر انگریزی میں "سندھ ڈسٹرکٹ ڈاک" اور "½ آنہ" لکھا ہوا تھا۔ لیکن دو سال بعد

---

[1] گبنز کیٹلاگ اسمائے ممالک۔ [2] ضمیمہ گبنز جرنل بابتہ فروری ۲۶ء۔ [3] ٹکٹوں کے جدولی سوراخ جو اس غرض سے کئے جاتے ہیں کہ ٹکٹوں کو ایک دوسرے سے علیحدہ کرنے میں سہولت ہو۔

[4] گبنز کیٹلاگ ۱۹۲۰ء جلد اول صفحہ ۱۶۰۔

اس لئے بند کر دیا گیا۔ کہ برطانوی ہند کے عام ٹکٹ شائع ہو چکے تھے۔ حیدرآباد میں ۱۸۶۹ء میں پہلے پہل ٹکٹ رائج ہوئے[1]۔ چنانچہ ایک آنہ والا ٹکٹ شائع ہوا۔ جس پر "سرکار آصفیہ یک آنہ ۱۲۸۳ھ" لکھا ہوا تھا۔ اس کا رنگ زیتونی سبز تھا اور وہ موجودہ ٹکٹوں سے کسی قدر بڑا اور مستطیل شکل کا تھا۔

لندن کے سب سے پہلے ٹکٹ کی قیمت ایک پنی تھی۔ دنیا میں سب سے زیادہ قیمت کے ٹکٹ اسٹریٹس سٹلمنٹ (Straits settlement) کے ہیں جہاں سو ڈالر کا ٹکٹ بھی مروج ہے[2]۔ سب سے کم قیمت ٹکٹ فرانسیسی نوآبادیوں میں چلتا ہے۔ جو ½ سانتیم[3] یعنی $\frac{3}{25}$ پائی کا ہے۔ جو فرانک کی قیمت کے گھٹ جانے سے اور بھی کم قیمت ہو گیا ہے۔ جب جرمنی میں مارک کی قیمت بہت گھٹ گئی تھی تو وہاں جو ٹکٹ سب سے زیادہ قیمت کا شائع ہوا وہ (۵۰) ارب مارک کا تھا۔ اس زمانہ میں مارک نی پونڈ ۴۴ کروڑ سے زیادہ ملتے تھے[4]۔

بہت کم لوگ جانتے ہوں گے کہ حیدرآباد میں اب تک تقریباً سوا تین سو قسم کے ٹکٹ شائع ہو چکے ہیں[5]۔ جن میں چند ٹکٹ مطبع کی غلطیوں کے بھی ہیں۔ سب سے کم قیمت ٹکٹ پاؤ آنہ یا تین پائی کا ہے اور سب سے بیش قیمت ایک روپیہ کا، جس کی اشاعت ہو چکی ہے یا آج ہی کل میں ہونے والی ہے۔ مروجہ ٹکٹ صرف سات آٹھ ہی قسم کے ہیں اور اتنے ہی سرکاری یا دفتری ہیں۔ دنیا میں سب سے زیادہ ٹکٹ امریکہ نے شائع کئے جو (۱۴۰۰) سے زائد قسم کے ہیں[6]۔ ترکی اس کے بعد ہے جس نے تقریباً چودہ سو شائع کئے[7]۔ ۱۸۶۶ء میں یہاں چند ٹکٹ خاص اخبارات و رسائل کے لئے شائع ہوئے تھے۔

ہندوستان کی چھ دیسی ریاستوں میں برطانوی ہند کے ٹکٹ ہی مستعمل تھے ان پر ریاست کا نام چھاپ دیا جاتا تھا۔ وہ چھ دیسی ریاستیں یہ ہیں:۔ گوالیار، چمبا، فرید کوٹ، جھینڈ، نابھ اور پٹیالہ۔

---

[1] گبنز کیٹلاگ ۱۹۲۰ء جلد اول صفحہ ۱۹۶۔ [2] ایضاً صفحہ ۳۰۔ [3] (Yvert et Telliers Catalogue)
[4] گبنز کیٹلاگ ..... ۔ [5] گبنز کیٹلاگ صفحہ ۱۰ ..... [6] ایضاً۔
[7] ایضاً۔

لیکن یہ طریقہ اب صرف چند ریاستوں میں باقی رہ گیا ہے مثلاً گوالیار، پٹیالہ ۔ ۲۰ ریاستوں میں خود ریاست کے ٹکٹ شائع ہوتے ہیں جو ریاست کے اندر ہی کارآمد ہوتے ہیں البتہ حیدرآباد دکن کے سرکاری ٹکٹ برطانوی ہند میں بھی جاتے ہیں۔ دفتری ٹکٹوں پر حیدرآباد میں لفظ سرکاری لکھا جاتا ہے۔ برطانوی ہند میں پہلے (On H.M.S.) لکھا جاتا تھا اب صرف (Service) لکھا جاتا ہے۔ ایران میں اس کو "رسمی" اور مصر میں "امیری" کہتے ہیں۔

ایسے ممالک کے ٹکٹ جن پر عام دسترس نہ ہو بڑی قیمت پاتے ہیں۔ حیدرآباد اور دیگر ریاستوں کے قدیم ٹکٹ بھی اور مقامات کی بہ نسبت زیادہ قیمت پر خریدے جاتے ہیں۔ کیونکہ پہلی اشاعتوں کے وقت اُن کی مانگ نہ تھی اور نہ وہ ریاستوں کے باہر جاتے تھے۔ اب چونکہ اُن کا چلن منسوخ ہو گیا ہے اس لئے نئے شوقینوں کی مانگ پوری کرنے کے لئے اُن کا کافی ذخیرہ نہیں ہے۔

مشہور ذخیروں میں شاہ انگلستان کا ذخیرہ سب سے بہتر ہے۔ اس کے بعد لندن میوزیم میں ٹاپ لنگ، ممبر پارلیمنٹ کا ذخیرہ ہے جو قومی چندہ سے ایک لاکھ پونڈ میں خریدا گیا[1]۔ جرمنی کا قومی ذخیرہ بھی بہت مشہور ہے۔

مہر زدہ ٹکٹ بھی بے کار نہیں ہوتے معمولی سے معمولی قیمت کے ہزار ٹکٹ آٹھ دس آنوں میں بک جاتے ہیں۔ اگر یہ بیرون ہند بھیجے جائیں تو اور بھی زیادہ قیمت آتی ہے۔ یہی حال ہر قسم کے ٹکٹوں کا ہے۔ ہر ٹکٹ جو پھٹا ہوا نہ ہو اور جس کے کنگرے درست ہوں کارآمد اور قیمتی ہے۔ کنگروں کے کٹ جانے اور ٹکٹ کے پھٹ جانے سے اس کی قیمت جاتی رہتی ہے۔ قدیم ٹکٹ عموماً قیمتی ہوتے ہیں۔ اگر وہ کمیاب اور نادر ہوں تو قیمت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔

نادر ٹکٹوں سے وہ ٹکٹ مراد ہیں جن میں مطبع کی جانب سے کوئی بیّن غلطی ہو گئی ہو مثلاً جزیرہ موریشس کے ایک ٹکٹ پر پوسٹیج (Postage) کی بجائے پوسٹ آفس (Post office) چھپ گیا۔

---

[1] (Irrington and Martin price list)

اس غلطی کے معلوم ہوجانے پر فوراً باقی ٹکٹ تلف کر دیئے گئے۔ جو ٹکٹ شائع ہو چکے تھے ان میں سے ایک کی قیمت ۲ پنس تھی اور دوسرے کی ایک پنی اول الذکر کی موجودہ قیمت چار ہزار پونڈ ہے دوسرے کی قیمت آخری فروخت میں (۳۲۵۰) پونڈ تھی۔ حیدرآباد کے بعض ٹکٹوں پر لفظ سرکاری الٹا (SERVICE) چھپ گیا تھا۔ جس سے اُن کی قیمت بہت بڑھ گئی حال ہی میں ہندوستان میں نو پائی کے ٹکٹ جاری ہوئے تھے۔ لیکن چند ایک پر مطبع کی غلطی سے نو پائی کی جگہ (نو نو) اور بعض پر (پائی پائی) لکھا گیا تھا۔ ایسے ٹکٹ ڈیڑھ سو روپیوں میں بھی بک رہے ہیں۔ بعض مرتبہ دوہری چھپائی ہوجاتی ہے۔ اس کی بھی بڑی قیمت آتی ہے۔ غرض ندرت اور کمیابی سے قیمت میں اضافہ ہوجاتا ہے۔

ٹکٹ کی قیمت میں کنگروں کے سوراخ کی فراخی و تنگی سے بھی فرق پڑ جاتا ہے۔ کیونکہ اگر ایک انچ میں ۱۲½ سوراخ والے ٹکٹ جلد بدل جائیں اور ۱۳ سوراخ کے ٹکٹ زیادہ دن رائج رہیں تو کچھ عرصہ کے بعد لازمی طور پر پہلی قسم کے ٹکٹوں کی قیمت بڑھ جائے گی۔ کاغذ کی طرح ٹکٹوں میں بھی مائی علامت (Water Mark) ہوتی ہے۔ ان علامتوں کے فرق سے بھی قیمت بدل جاتی ہے۔ ٹکٹ کے رنگ کا ہلکا اور گہرا ہونا بھی کبھی کبھی قیمت میں تفاوت پیدا کر دیتا ہے۔

اوپر جتنی قیمتوں کا ذکر ہوا ہے ان سے وہ قیمتیں مراد ہیں جو ٹکٹ کے شوقین دیتے ہیں۔ ورنہ ٹکٹ صحیح چھپا ہو یا غلط سرکار ایک ہی قیمت پر دیتی ہے۔ مثلاً بھوپال کے ایک ٹکٹ پر (Bagam) میں M کا آخری شوشہ نہیں چھپا اور وہ (Bagan) پڑھا جاتا ہے۔ ان دونوں کی قیمت ٹکٹیوں کے پاس جدا جدا ہے۔ لیکن سرکار نے ایک ہی قیمت پر فروخت کیا۔

ٹکٹوں سے کئی قسم کے فائدے حاصل ہوتے ہیں۔ اولاً وہ تاریخی حیثیت رکھتے ہیں اور آئندہ نسلوں کے لئے تاریخی مواد کا کام دیتے ہیں۔ ان سے ملکوں کے رسم و رواج اور معاشرت کا پتہ چلتا ہے۔ ہر پڑھا لکھا شخص جانتا ہے کہ یونان میں ہر چیز ایک دیوتا سے منسوب تھی۔ یونان کے اکثر ٹکٹوں پر عریاں دیوتاؤں کی تصویریں ہیں۔ مملکت یوراگائے (Uragauy) بھی اسی کے قدم بقدم ہے۔ چنانچہ وہاں کے بعض ٹکٹوں پر بیل بوٹوں کی جگہ عورتوں کی تصویریں لباس فطرت میں بتلائی گئی ہیں۔ اطالیہ کے ٹکٹوں میں بھی

رومائی صنمیات (Mythology) کا اثر ہے۔ چینی دور شہنشاہیت کے تمام ٹکٹوں پر سانپ کی تصویر پائی جاتی ہے۔ جس سے پتہ چلتا ہے کہ چین میں سانپ متبرک جانور سمجھا جاتا ہے۔ ٹکٹوں سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ فلاں ملک میں شخصی حکومت ہے یا جمہوری وہ ملک آزاد ہے یا غیر آزاد۔ وہاں کی زبان آریائی نسل کی ہے یا سامی۔ شہنشاہ اور صدر جمہوریہ کی تصویروں کے علاوہ ٹکٹوں پر قومی مشاہیر کی تصویریں بھی ہوتی ہیں۔ چنانچہ جرمنی میں فریڈرک اعظم، شلر، گیٹے اور دیگر مشاہیر کی تصویریں چھپ رہی ہیں۔ ٹکٹی نمائشوں یا اور اہم موقعوں پر بھی خاص طور پر عارضی ٹکٹ شائع ہوتے ہیں۔ پیرس کی بین الاقوامی نمائش میں ایک ٹکٹ شائع کیا گیا تھا جس پر فرانسیسی مذاق کے موافق عریاں آدمی کی تصویر تھی۔ ویملی کی شہنشاہی نمائش کے موقع پر بھی دو ٹکٹ اس کی یادگار میں جاری کئے گئے تھے۔ افغانستان میں قومی آزادی کی ساتویں سالگرہ کی تقریب میں ایک جدید ٹکٹ جاری کیا گیا۔ پرتگالی ہند کے بعض ٹکٹوں پر "ہند کے راستے کی دریافت" کا واقعہ تصویر میں ظاہر کیا گیا ہے۔ جاپان کے ایک ٹکٹ پر ایک شاہزادے کی شادی کا مرقع پایا جاتا ہے۔ امریکہ کے ٹکٹوں پر کولمبس کے ساحل پر اترنے اور اعلان آزادی کے سے اہم تاریخی واقعات کے علاوہ واشنگٹن، لنکن اور فرانکلن کی تصویریں بھی ہیں۔ کولمبس کی مہم سولہ تصویروں میں دکھائی گئی ہے۔ ملکۂ ازابیلا کے دربار سے لیکر اس کی واپسی تک کے اہم واقعات ان تصویروں میں بتلائے گئے ہیں۔ امریکہ میں معاشرتی اور تجارتی زندگی کے مختلف پہلوؤں کے ساتھ ساتھ حسن اور فن لطیف کے کمال بھی ٹکٹوں پر دکھائے گئے ہیں۔ کینڈا میں ملکہ وکٹوریا کی جوبلی، پیرو میں پیرو اور چلی (Chily) کی جنگ رومانیہ میں سلطنت کی دو صد سالہ سالگرہ، پرتگال میں واسکوڈی گاما یا بندۂ ہند، جوہو (Juhu) میں سلطان ابراہیم کی تصویریں ملتی ہیں۔ غرض سینکڑوں اہم اور دلچسپ واقعات کا تاریخی اور معاشرتی مواد ٹکٹوں سے ملتا ہے۔

سوئٹزرلینڈ نے ٹکٹوں ہی کے ذریعہ سے اپنے ملک کے صحت بخش مقامات کا اشتہار دیا۔ بعض ٹکٹوں سے حیوانات کے متعلق بھی تھوڑا بہت مواد ملجاتا ہے۔ میکسیکو کے عقاب، آسٹریلیا کے کنگرو، نیو فونڈلینڈ کے کتے اور گیانا کے چیونٹی خوار جانور کا پتہ بہ آسانی ٹکٹوں سے ملتا ہے۔

ٹکٹ ایک تعلیمی امداد بھی بن سکتے ہیں۔ ان سے طالب العلم کو تھوڑی مدت میں بہت سے معلومات حاصل ہو سکتے ہیں۔ ٹکٹ ایک قسم کا کھلونا ہے جو لڑکوں کے لئے ایک تفریحی مشغلہ بن جاتا ہے۔ اپنے ٹکٹوں کے متعلق لڑکے کو دیگر ضروری معلومات حاصل کرنے کا شوق اس کی تلاش کے نتیجے کو نہ صرف خوشگوار بلکہ علمی حیثیت سے بھی مفید بنا دیتا ہے۔ جن لڑکوں کو جغرافیہ سے نسبتہً کم دلچسپی ہوتی ہے انھیں ٹکٹوں کے ذریعے سے جغرافیہ کا ایک خاموش استاد ملجاتا ہے۔ یہ کہنا صحیح ہے کہ کسی ملک سے نئے ٹکٹوں کی اشاعت، تخت نشینی، سیاسی انقلاب یا ملک کی غیر معمولی ترقی کے موقعوں پر ہوتی ہے۔ اس لئے ان کو جمع کرنے سے ان تمام ضروری واقعات کا ایک سرسری علم حاصل ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ایک ہی ملک کے مختلف زمانوں کے ٹکٹوں کا معائنہ کرنے سے وہاں کی ترقی یا تنزل کا بھی علم ہو سکتا ہے۔ مثلاً ترکی کے ابتدائی ٹکٹوں میں مشرقیت زیادہ پائی جاتی ہے۔ اُن پر نہ تو غیر زبان کی کوئی عبارت موجود ہے اور نہ کوئی ہندسہ بلکہ سب کے سب ترکی زبان اور عربی طرز تحریر میں ہیں۔ لیکن جدید ٹکٹوں میں مغربی اثر کی جھلکیوں کے ساتھ حکمرانوں کی تصویریں بھی نمایاں ہیں۔ مثلاً سلطان رشاد مرحوم سلطان وحید الدین مرحوم غازی کمال پاشاہ صدر جمہوریہ۔ ان تصویروں سے وہاں کے سیاسی رجحان کا پتہ چلتا ہے۔ مصر میں اہرام اور ابوالہول کے ساتھ اب شاہ فواد بھی نظر پڑتے ہیں۔ افسوس ہے کہ حیدرآباد میں ڈاک کے ٹکٹ ملک کی ترقی کو ظاہر نہیں کرتے۔ جامعۂ عثمانیہ کا قیام، عدالت العالیہ کا منشور اور دو صد سالہ جشن آزادی حیدرآباد کے بہت اہم واقعات ہیں۔ ایلورا اور اجنٹہ کے غار، گولکنڈہ اور دولت آباد کے قلعے، چارمینار اور مکہ مسجد یہاں کی قابل دید یادگار ہیں۔ ان کی تصویریں اگر ٹکٹوں پر ہوتیں تو نہایت موزوں اور مناسب ہوتا۔

ٹکٹوں کی تاریخی اور تمدنی دلچسپی کے علاوہ فی زمانہ کاروباری اہمیت بھی خاصی ہو چلی ہے۔ گنیز کی مشہور و معروف کمپنی وقت واحد میں ۳۰ ہزار پونڈ کا ذخیرہ خریدتی ہے اور اُن کی ایک ایک نمائش پر بیس بیس ہزار پونڈ خرچ کر دیا جاتا ہے[1]۔

---

[1] کمپنی کی چہل سالہ جوبلی میں کمپنی کے اخبار کا جو ضمیمہ شائع ہوا ہے اس میں لکھا ہے کہ گنیز کا باپ ایک دوا فروش تھا۔ بیٹا بھی اس کا باقی سخن آئندہ

مشہور کمپنیوں کی فہرستیں ہر سال نہ صرف لاکھوں کی تعداد میں چھپتی ہیں بلکہ ہر ماہ اُن کے ضمیمے بھی شائع ہوتے رہتے ہیں۔ اس فن پر کئی رسالے مختلف ممالک سے نکلتے ہیں اور تقریباً ہر بڑے ملک میں دو ایک رسالے صرف اس غرض سے نکلتے ہیں کہ اجرت لے کر کسی ٹکٹ کے خریدار یا بیوپاری کا پتہ ضروری معلومات کے ساتھ شائع کریں تاکہ مختلف مقامات کے لوگ بہ آسانی اس کا کاروبار کر سکیں۔

چند روز قبل گنبز کمپنی نے انعامی مقابلہ کرایا تھا کہ ٹکٹ کی کوئی بہترین وضع پیش کی جائے۔ ہزاروں نمونوں میں جو نمونہ پسند کیا گیا اس میں دنیا کا ایک نقشہ دکھایا گیا ہے جس میں دونوں طرف دو عورتیں کھڑی ہیں جو بعد المشرقین کے باوجود نہایت سہولت سے خطوط کا تبادلہ کر رہی ہیں۔ موجودہ تمدن کی یہ ایک حقیقت ہے جو اس تصویر میں ظاہر کی گئی ہے۔

اس سلسلہ میں حیدرآباد کے چند مشہور ٹکٹی شوقینوں کا ذکر بے جا نہ ہوگا۔ مسٹر میبارٹ (مقیم قریب باغ عامہ) کی اسّی سال کی عمر اسی شوق میں گزری ہے۔ اُن کے ذخیرہ کی قیمت ایک لاکھ روپیہ سے متجاوز ہے۔ اس کے بعد "نگروالا" (شراب فروش، توپ کا سانچہ) مسٹر احمد عبداللہ پروفیسر نظام کالج، مسٹر اسپیٹ پروفیسر عثمانیہ کالج اور مسٹر محمد صبغۃ اللہ مددگار مہتمم بندوبست ہیں۔ مسٹر اسپیٹ نے حال ہی میں ایک حیدرآبادی شوقین کا ذخیرہ ساڑھے چار ہزار کلدار میں خریدا۔

آخر میں اپنے مضمون کو دنیا کے سب سے بڑے ٹکٹی ہز میجسٹی کنگ جارج پنجم کے مختصر حالات پر ختم کرتا ہوں۔ آپ کئی سال تک رائل فلاٹلک سوسائٹی لندن (The Rayal Philatelic Society of London) کے صدر رہ چکے ہیں اور اب اس کے سرپرست ہیں۔ ہز میجسٹی کو بچپن ہی سے ٹکٹ جمع کرنے کا شوق رہا ہے[1]۔ اور اس خصوص میں اپنے چچا ڈیوک آف ایڈنبرا سے بہت مدد حاصل کی۔

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ۔ شریک کار تھا۔ گنبز نے اپنے باپ کو اس بات پر آمادہ کیا کہ وہ چھوٹے سے پیمانہ پر ٹکٹ کا کاروبار بھی شروع کردے۔ باپ کے انتقال کے بعد گنبز نے اس کاروبار میں جو عظیم الشان کامیابی حاصل کی ہے اس سے آج ساری دنیا واقف ہے۔

[1] یہ امر بھی خالی از دلچسپی نہیں کہ ہز میجسٹی کے فرزند اکبر یعنی پرنس آف ویلز کو بھی اس کا شوق وراثتہً ملا ہے۔ انکے پاس کا بھی ذخیرہ نایاب و بیش بہا ہے۔

۱۸۹۳ء میں ہز مجسٹی نے (جو اس زمانہ میں ڈیوک آف یارک تھے) لندن کی ٹکٹی انجمن کی رکنیت اختیار کی۔ ۱۸۹۶ء میں صدارت پر آپ کا انتخاب عمل میں آیا۔ ۱۹۰۴ء میں ٹکٹ جمع کرنے والوں کے نام ایک خط شائع کرتے ہوئے ہز مجسٹی نے (جو اس وقت پرنس آف ویلز تھے) لکھا تھا کہ "وہ میری زندگی کے دلچسپ ترین مشغلوں میں سے ایک مشغلہ ہے"۔ متعدد مرتبہ ہز مجسٹی نے "فلاٹلک سوسائٹی" کے جلسوں میں دلچسپ اور قیمتی مضمون پڑھے جو انھیں کے الفاظ میں طابعیات[1] (Philatelics) پر تھے۔ شاہی ذخیرہ کی بہترین چیزیں ذاتی طور پر ہندوستان آسٹریلیا اور کینڈا کے سفر میں جمع کی گئی تھیں۔ ان میں سے مشہور ترین جواہر "پوسٹ آفس" کا جو غیر مستعمل ٹکٹ ہے جس کا ذکر اوپر آچکا ہے۔ یہ ٹکٹ لندن میں ۱۹۰۴ء میں ہراج ہوا تھا (۱۴۲۰) پونڈ تک جرمنی نے بولی لگائی تھی۔ تاکہ وہ جرمنی کے قومی ذخیرہ میں رکھا جائے لیکن شاہ جارج نے ۱۴۵۰ پونڈ میں اس کو خرید لیا۔[2] اب اس کی قیمت ہر سال بڑھ رہی ہے۔[3]

---

[1] مصری ٹکٹ کو طابع کہتے ہیں اور یہاں طابعیات سے ٹکٹوں کا علم مراد ہے۔

[2] (Errington and Martin Co price List 1912. P.100

[3] یہ ٹکٹ اب چار ہزار پونڈ سے زیادہ قیمت پر دستیاب ہو سکتا ہے۔ اس لئے کہ ایسے اور دو ایک ٹکٹ بعض کمپنیوں میں موجود ہیں۔

بُتِ کمسن

از جناب سید محمد اکبر وفا فانی صاحب بی اے (عثمانیہ)

اے نور کی پتلی روحِ حیا — اے حورِ بہشتی کی ہمتا
اِک کیف تری گفتار میں ہے — اِک وجد تری رفتار میں ہے
پیمانہ تیری آنکھیں ہیں — میخانہ تیری آنکھیں ہیں
تو ننھی بھولی بھالی ہے — تو کالے کاکل والی ہے
شاعر کے دل کی آہ ہے تو — عاشق کا عزّ و جاہ ہے تو
تصویرِ تبسّم تو ہی ہے — اور جانِ تکلّم تو ہی ہے
تو حور ہے یا جنّت کی پری — یا حسن کی مے شیشہ میں بھری
زلفوں پہ کرن کا ہے جلوہ — زر بفت ہے نور و ظلمت کا
گالوں میں جانِ گلاب بھری — آنکھوں میں روحِ شراب بھری
واں آنکھ میں پتلی کالی ہے — یاں پہلو سے دل خالی ہے

کیا اَلڑھ پن کی باتیں ہیں　　کیا بھولے پن کی گھاتیں ہیں
کیا سادہ اور پُرکار ہے تو　　انجان ہے اور عیّار ہے تو
کانوں میں تاگے کے ڈورے　　دل صدقے ایسے زیور کے
چہرے پہ بلا کی معصومی　　ہے تجھ میں خدا کی معصومی
شوخی و شرارت بھولاپن　　بچپن میں جوانی کا جوبن
عاشق کے دل کو چور کرے　　جو وار کرے بھرپور کرے
آ۔ میرے دل کو مست بنا　　بیکل ہوں مست الست بنا
اس دنیا سے بیزار ہوں میں　　ان جھگڑوں سے ناچار ہوں میں
ہوں خاکسترِ اس گلشن میں　　بے بال و پر اس گلشن میں
بلبل ہوں اور گل کا جویا　　بیمار ہوں سنبل کا جویا
گمنامی کا پیغام ہوں میں　　یعنی کہ شکستہ جام ہوں میں
الفت کا ٹوٹا ساز ہوں میں　　بسمل کے دل کا راز ہوں میں
منوالے کا اک راگ ہوں میں　　پتھر میں چمکتی آگ ہوں میں
ناکام مری خاموشی ہے　　بدنام مری سرگوشی ہے
تو مجھ کو بے پایاں کر دے　　اور الفت کے شایاں کر دے

یونانیوں کی اصنام پرستی[1]

(از جناب احمد عارف صاحب)

عرب قدیم اور ہندوستان کی اصنام پرستی دنیا میں بہت مشہور ہے۔ لیکن اگر قدیم یونانیوں کے صنمیات کی چھان بین کی جائے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ عرب اور ہند کی اصنام پرستی یونانیوں کے مقابلہ میں عشر عشیر بھی نہیں۔ قدیم یونانیوں کا یہ عقیدہ تھا کہ سارا عالم دیوتاؤں اور دیویوں سے بھرا پڑا ہے۔ ان کے ہر چھوٹے سے چھوٹے اور بڑے سے بڑے کام کے لئے علیحدہ علیحدہ دیوتا مقرر تھے۔ سارے مناظر قدرت مثلاً پہاڑ، دریا، جنگل وغیرہ کے دیوتا ہی حاکم تھے۔ فطرت کے ہمیشہ جاری رہنے والے اعمال تمام تر دیوتاؤں کے اختیار میں تھے جیسے پانی کا برسنا، بلاؤں کا نازل ہونا وغیرہ۔ اور سب سے بڑی بات یہ کہ تمام انسانی جذبات غم، غصہ امید وغیرہ پر بھی دیوتاؤں ہی کا قبضہ تھا۔ ان کی طبیعتوں میں ذوقِ صنم پرستی اسقدر رچا ہوا تھا کہ دنیا میں جہاں کہیں ان کی نظر پڑ جاتی یا فضائے کائنات میں ان کا طائرِ خیال جہاں کہیں اڑ جاتا وہیں ایک دیوتا انھیں دکھائی دیتا۔ جب اس قوم نے جہالت کے تاریک زمانہ سے اپنا قدم باہر نکالا اور ترقی کے میدان میں

---

[1] مضمون کے ماخذ:-

1. Greek Sculpture. by Ernest A. Gardner, M. A.
2. Greek Art, by Walter.
3. Select Passages from Ancient Writers
4. Encyclopaedia Britannica.
5. The Modern Encyclopaedia.

گام زن ہوئی تو تہذیب و تمدّن اور علوم و فنون کے ارتقاء کے ساتھ ساتھ اصنام پرستی میں بھی ترقی ہوتی گئی۔ شاعرانہ نازک خیالی، لطافت پسندی اور حُسن پرستی قدرت سے یونانیوں کے حصّہ میں آئی تھی۔ اور اس کا اثر اُن کی اصنام پرستی پر پڑے بغیر نہ رہا۔ چنانچہ دیوتاؤں اور دیویوں کے ایسے حسین ترین مجسّمے تعمیر کرائے جاتے تھے اور صرف مرقعوں کے ذریعہ اُن دیوتاؤں کی طاقتوں کا اظہار اس شاعرانہ انداز سے کیا جاتا تھا جیسے یونانیوں کے معیارِ حُسن اور نزاکت خیال کی انتہائی حد سمجھنا چاہئے۔ ان بتوں کے مجسّمے اُن کی تہذیب و تمدّن کا ایک ضروری جزو تھے۔ نہ صرف یہ بلکہ سارا یورپ ان مجسّموں کو بطور آرائش کے استعمال کرتا تھا۔ گو اب موجودہ تہذیب میں اس کے آثار نہ پائے جاتے ہوں لیکن جس طرح ایرانی تمدّن نے اردو لٹریچر پر اثر ڈالا، بالکل اسی طرح یورپین لٹریچر یونان کی اس تہذیب سے متاثر ہوا کہ آج اس میں سینکڑوں تشبیہات، استعارات اور تلمیحات، ان بتوں اور ان کی پیچ در پیچ داستانوں سے متعلّق موجود ہیں۔

صنمیات کے ماہرین کا یہ ایک دلچسپ مسئلہ ہے کہ آیا یونانی اپنے خداؤں کو مافوق الفطرت ہستیاں جان کر ان کی یادگار میں بت بناتے اور ان کی پرستش کرتے تھے یا طاقتور انسانی ہستیوں کو اپنا معبود سمجھ کر قدرت کی قوتوں کو ان سے منسوب کر دیتے تھے۔ لیکن اکثر لوگوں نے بعض قرائن کی بنا پر یہ نتیجہ نکالا ہے کہ وہ صرف انھیں کی قوم کے باجبروت انسان تھے جنہیں وہ اپنا خدا سمجھتے تھے۔ ایک وجہ تو وہ یہ بتاتے ہیں کہ ان بتوں کے واقعات سے یہ مترشح ہوتا ہے کہ ان کا رہنا بسنا، اٹھنا بیٹھنا، اور کھانا پینا غرض ہر فعل بالکل انسانوں کا سا تھا اور دوسری وجہ یہ کہ جس قدر مجسّمے ان بتوں کے یہ تیار کرتے تھے وہ تمام تر خوبصورت انسانوں کے ہوتے تھے۔ بہرحال ان کے خدا، خدا ہوں یا انسان۔ لیکن ان کے حالات دلچسپی سے خالی نہیں۔ اب ہم چند جلیل القدر دیوتاؤں کا کچھ ذکر کرتے ہیں۔

آفرینش عالم کے متعلّق یونانیوں کا عقیدہ تھا کہ دنیا کے وجود میں آنے سے پہلے کیاس (Chaos) نامی ایک مادہ تھا جس کو وہ اپنا سب سے بڑا دیوتا سمجھتے تھے اور جس میں ہر قسم کی چیز پیدا کرنے کی قابلیت موجود تھی۔ تخلیق عالم کی خاطر کیاس نے تاریکی کے ساتھ جسے وہ دیوی سمجھتے تھے شادی کر لی۔ اس کے بطن سے تین بچے زمن رات اور ایریبس (Erebus) نامی ایک دیوتا جو بعد میں جہنم کا مالک قرار دیا گیا، پیدا ہوئے۔

ان بچوں میں ایریبس اور رات نے شادی کی تو رات کے بطن سے دو بچے دن اور آسمان پیدا ہوئے۔ اسکے بعد آسمان کا زمین سے، جو رشتہ میں آسمان کی خالہ یا پھوپی ہوتی تھی، آپس میں نکاح ہوگیا۔ ان کے پھر تین بچے پیدا ہوے۔ ایک سائیکلوپس (Cyclops) جس کی پیشانی میں صرف ایک آنکھ تھی۔ دوسرا ٹائٹنس (Titans) جس کے سو سر تھے اور تیسرا ساٹرن (Saturn) اس کو (Cronos) یا زحل بھی کہتے تھے۔ انہیں تینوں بھائیوں کی اولاد آگے چلکر دنیا کی آبادی بڑھانے کا سبب ہوئی۔ اور ان میں کا ہر فرد یونانیوں کے عقیدہ میں بجائے خود ایک دیوتا تھا۔ ان کی سب سے جلیل القدر دیویاں اور دیوتا بارہ تھے جو قدرت کی جدا جدا قوتوں کے مالک بنکر عام انسانوں کے کاروبار انجام دیتے تھے۔ ان تمام کی سکونت یونان کے سب سے بلند پہاڑ المپس پر تھی۔ ان بارہ دیوتاؤں کا حال یہ ہے۔

(۱) زیئوس (Zeus) اس کو (Jupiter) یعنی مشتری بھی کہتے تھے۔ یہ یونان کا سب سے بڑا دیوتا ہے۔ سیٹرن نے اپنی بہن رہیا (Rhea) کے ساتھ بیاہ کیا تو اس کے ہاں چھ بچے پیدا ہوئے جنمیں زیئوس سب سے بڑا تھا۔ چونکہ یہ تمام عالم پر حکمرانی کرتا تھا اس لئے اہل یونان اس کو کل دیوتاؤں کا سردار سمجھتے تھے اور دنیا میں جس قدر برائیاں انسانوں سے سرزد ہوتی تھیں ان سب کا کرنے والا اسی کو جانتے تھے۔ زیئوس نے سب سے پہلے دانائی کی دیوی میٹس سے شادی کی جو سمندر کی بیٹی تھی۔ میٹس کے ایام حمل میں زیئوس نے خیال کیا کہ اگر میٹس (Metis) کو کوئی بچہ پیدا ہو تو وہ ضرور عقل و دانائی میں سب سے بڑھا چڑھا ہوگا۔ اور بہت ممکن ہے کہ اس کا وجود میری حکومت کی تباہی کا سبب ہو۔ اس خیال سے وہ میٹس کو کھا گیا۔ لیکن اس کو کھاتے ہی زیئوس کے سر میں ناقابل برداشت درد شروع ہوگیا۔ اس لئے اسنے حکم دیا کہ کلہاڑی سے اس کے سر کے دو ٹکڑے کردئے جائیں جب اس کے سر کے دو ٹکڑے ہوئے تو اس میں سے ایک حسین نوجوان اور مسلح دیوی نمودار ہوئی جس کا نام اتھینی (Athene) تھا۔ اس کے پیدا ہوتے ہی تمام دیویوں نے اس کو اپنا سردار تسلیم کیا۔ مگر چونکہ عقل کی دیوی تھی اس لئے زیئوس نے اس کو اپنا مشیر خاص بنایا اور وہ نہایت اطاعت کے ساتھ اپنی خدمت انجام دیتی رہی۔ اس کے بعد زیئوس نے اپنی بہن ہیری (Here) کے ساتھ بڑے ہی تکلف سے شادی کی اور برات میں سارے عالم کے دیوتا شریک رہے لیکن زیئوس

بہت عیاش واقع ہوا تھا اس لئے ہیری اس سے ہمیشہ ناراض رہی۔ زیئوس کے متعلق اہل یونان کا عقیدہ تھا کہ وہ سارے انسانوں اور دیوتاؤں کا جدامجد ہے انسانوں کا اس لئے کہ وہ عیاش ہونے کی وجہ سے (انسان) عورتوں سے تعلقات رکھتا تھا اور ان عورتوں سے جو اولاد ہوتی وہ انسان ہی ہوتے تھے۔ ان کا خیال تھا کہ انسانوں کے اعمال کی جزا و سزا دینا۔ پانی برسانا، بجلی چمکانا، بادل گرجانا اور رات دن پیدا کرنا زیئوس ہی کے فرائض تھے۔ یونانی زیئوس کا جو بت بھی تیار کرتے وہ نہایت بیش قیمت اور خوبصورت ہوتا تھا۔ سونے کے تخت پر ہاتھی دانت کا مجسمہ بٹھایا جاتا اور سر پر ایک زرنگار سائبان ہوتا۔ بت کے دائیں بازو ایک عقاب ہوتا جو پر کھولے مورت کو دیکھتا ہوتا اوپر کی طرف اٹھے ہوئے دائیں ہاتھ میں کچھ رسیاں ہوتیں جو آسمانی قوتوں کی علامت تھی۔ اور بائیں ہاتھ میں ایک مرصع عصا ہوتا تھا۔ برہنہ جسم پر لہراتی ہوئی لمبی داڑھی یا توشان خدائی کو ظاہر کرتی تھی یا سینہ اور پیٹ پر سے اتر کر نچلے حصہ کو ڈھانکتی تھی[1]۔

(۲) ہفاسٹس (Hephæstus) آگ اور لوہاروں کا دیوتا مانا جاتا ہے۔ یہ ہیری کے بطن سے زیئوس کا بیٹا تھا۔ اور اسی کے ساتھ آسمان پر رہا کرتا تھا۔ لیکن کسی بات پر زیئوس اس سے ناراض ہوا تو اسکو زمین پر پھنکوا دیا۔ وہ جزیرۂ لیمناس میں آگرا اور اس کی ایک ٹانگ ضائع ہوگئی۔ یہاں وہ بڑی شان و شوکت سے رہنے سہنے لگا۔ چونکہ لوہاروں کا دیوتا تھا اس لئے وہ لوہے کے بڑے بڑے کارخانے قائم کرکے تمام دیوتاؤں کے لئے ہتیار مہیا کرتا تھا۔ اس نے مٹی کی ایک مورت بنا کر اس میں جان بھری جو آگے چل کر پینڈورا (Pandora) دیوی مشہور ہوئی۔ چونکہ تمام دیوتا اس کے وجود پر نازاں تھے اس لئے سبھوں نے تحفہ تحائف دیئے۔ زیئوس نے بھی اسے یہ کہکر ایک خوبصورت صندوق دیا کہ اس کی شادی ہوجانے پر یہ اس کے خاوند کی ملکیت ہے۔ چنانچہ جب ایک دیوتا ایپی میتھیوس (Epimetheus) سے اس کی شادی ہوئی تو اس نے اس صندوق کو کھولا اور معاً سارے امراض اور برائیاں عالم میں پھیل گئیں۔ صرف امید اس صندوق کی تہ میں باقی رہ گئی۔ آج انسان اسی "امید" کی امید پر دنیا جہان کی مصیبتیں اٹھاتا اور زندگی

---

[1] اسکے مجسمے کی ایک اور تصویر دیکھنے میں آئی جس میں کسی قدر اختلاف ہے۔ یعنی داڑھی مختصر ہے اور جسم ایک نیلگوں چادر سے نیم برہنہ۔

بسر کرتا ہے ۔

یونانیوں کا خیال تھا کہ دنیا میں جہاں کہیں کوہ آتش فشاں ہیں وہ سب کے سب ہیفائیسٹس کے لوہے کے کارخانے ہیں ۔ اور آگ جہاں کہیں اپنا کام کرتی ہے سو وہ سب اسی کے حکم سے ۔ زمین و آسمان کی اولاد سائیکلوپس کی نسل جس کی صرف ایک ہی آنکھ پیشانی میں ہوا کرتی تھی، ہیفائیسٹس ہی کے زیر حکومت تھی ۔

(۳) پوسائیڈن (Poseidon) سمندر کا دیوتا تھا ۔ زیئوس نے اس کو سمندروں کی سلطنت اسوجہ سے دی تھی کہ وہ اس کا حقیقی بھائی تھا ۔ سمندروں میں طوفان اور تلاطم پیدا کرنا، جہازوں کو غرقاب کرنا، دریاؤں جھیلوں، نالابوں اور چشموں سے کام لینا اس کے فرائض تھے ۔ گویا پانی پر اس کی پوری حکومت تھی ۔ اہل روم اسکو نپچونس (Neptunus) کہتے تھے ۔ اسکے دوسرے بھائی بہنوں کی طرح اسکا باپ کرونوس اس کی پیدائش کے ساتھ ہی اُسے بھی کھا گیا تھا مگر بعد میں کرونوس نے اس کو اگل دیا ۔ اسکا محل سمندر کی گہرائی میں تھا جہاں اسکے سنہری ایال اور پیتلی سموں والے گھوڑے بھی رہتے تھے ۔ وہ انھیں گھوڑوں کی ایک رتھ میں بیٹھ کر سمندر کی موجوں پر جو اس کی سواری کے وقت ہموار ہو جایا کرتی تھیں، سیر کیا کرتا ۔ یولیسس (Ulysses) کو اسی نے جبکہ وہ اپنی مہم سے گھر واپس ہو رہا تھا ۔ روک دیا تھا ۔ کیونکہ یولیسس نے اسکے بیٹے پالیفیمس (Polyphemus) کی آنکھ پھوڑ دی تھی ۔

(۴) ایرس (Ares) یہ دیوتا بھی ہیری کے بطن سے زیئوس کا بیٹا تھا ۔ زیئوس نے اس کو جنگ کی خدمت عطا کی تھی ۔ اہل یونان سمجھتے تھے کہ دنیا میں جس قدر جنگ و جدال واقع ہوتے ہیں وہ سب ایرس ہی کے کرشمے ہیں اور فتح و شکست کا ہونا، کسی قوم پر اس کی مہربانی اور نامہربانی کا نتیجہ ہے ۔ رومیوں کے ہاں اس دیوتا کی بڑی عزت تھی ۔ وہ اس کو مارس (Mars) یعنے مریخ کہتے تھے ۔ جنگ کو جاتے وقت ہر رومی سپاہی کا یہ فرض تھا کہ ایرس کے مندر میں جا کر اس کی برکت حاصل کرے ۔ کیمپس مارٹیس (Campus Martius) جو روما میں ایک بہت بڑا میدان تھا، اس دیوتا کی عبادت گاہ قرار دیا گیا تھا جہاں ہر رومی سپاہی فنون سپہگری کی مشق کر کے کمال حاصل کرتا ۔

یونان سے زیادہ روما میں ایرس کے مندروں کی کثرت تھی ۔ چونکہ اہل روما کسی زمانہ میں خالص

سپاہی پیشہ تھے اس لئے وہ اس دیوتا کی یونانیوں سے زیادہ قدر منزلت کرتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ روم میں جگہ جگہ اس کے مندر پائے جاتے ہیں۔ اس کا مجسمہ نہایت شاندار بنایا جاتا تھا۔ دو گھوڑوں کی رتھ میں ایک ضعیف آدمی بیٹھا ہوا ہوتا لیکن چہرہ سے جلال اور شان خونخواری ہویدا۔ تمام جسم بیش قیمت اسلحہ سے آراستہ جلو میں آگے کی طرف ایک عورت پھٹے کپڑوں میں لپٹی ہوئی دوڑ رہی ہے۔ اسے نااتفاقی کہتے تھے۔ پیچھے کی طرف ایک برہنہ وحشی کی مورت ہے جسے وہ غیظ و غضب سے تعبیر کرتے تھے۔

(۵) اپالو (Apollo) موسیقی، شاعری اور فصاحت کا دیوتا مانا جاتا ہے۔ یہ بھی لیٹونا (Latona) کے بطن سے زیئوس ہی کا بیٹا تھا۔ زیئوس نے اپالو کے بیٹے اسکیولائپس (Aesculapius) کو بجلی کی رسی سے جسے سائیکلوپس کی نسل نے تیار کیا تھا، ہلاک کر دیا۔ اس بناء پر اپالو نے سائیکلوپس کی قوم کو قتل کر ڈالا۔ زیئوس اس حرکت پر بہت خفا ہوا اور اپالو کو اپنی آسمانی بادشاہت سے نکال باہر کیا۔ وہ ایک عرصہ تک تھسلی کے بادشاہ کی بھیڑوں کی گلہ بانی کرتا رہا۔ اس کے بعد وہ کوہ پرناسس (Parnassus) پر جہاں فنون لطیفہ وغیرہ کی نو دیویاں جلوہ آرا تھیں مقیم ہو گیا۔ دیویوں کو جب اس کی آمد آمد کی خبر ہوئی تو اسکو ہاتھوں ہاتھ لیا اور اپنی بزم سرود کا صدر نشین بنایا۔ اب ہمیشہ راگ کی محفلیں سجنے لگیں۔ اپالو ایک زرین تخت پر رونق افروز ہوتا۔ نو دیویاں تخت کو اپنے حلقہ میں لئے کھڑی رہتیں۔ اپالو اپنی موسیقی اور آلات موسیقی سے ان کو نغمے سکھایا کرتا۔ ان نو دیویوں کو میوزیس (Muses) کہتے ہیں جن کی تفصیل یہ ہے:-

(۱) یورینیا	(Urania)	علم ہیئت کی دیوی
(۲) پولی ہمنیا	(Polyhymnia)	علم کلام 〃 〃
(۳) کلیو	(Clio)	تاریخ 〃 〃
(۴) کیلیوپی	(Calliope)	نظم رزمیہ و فصاحت 〃 〃
(۵) اراٹو	(Erato)	عشقیہ غزلیات 〃 〃
(۶) یوٹرپی	(Euterpe)	علم موسیقی کی دیوی
(۷) ٹرپسیکور	(Terpsichore)	رقص 〃 〃

(۸) میلپومین (Melpomene) سرود کی دیوی

(۹) تھیلیا (Thalia) نقل وسوانگ ،، ،،

(۶) ہرمیز (Hermes) یا عطارد (Mercurius) بھی زیئوس ہی کا بیٹا تھا۔ زیئوس نے اس کو تمام دیوتاؤں کا ایلچی اور دولت وتجارت کا سرپرست بنایا تھا۔ اس کے علاوہ اس کو اور باتوں میں بھی دخل تھا مثلاً وہ فصاحت اور فن تقریر میں صاحب کمال ہونے کے ساتھ ساتھ چوری کرنے میں بھی استاد تھا۔ چنانچہ وہ مختلف دیوتاؤں کے سامانوں کو باوجود اُن کی سخت احتیاط کے کمال ہوشیاری سے چرایا کرتا تھا۔ اسی بنا پر یونانیوں کا خیال تھا کہ وہ چوروں کا بھی دیوتا ہے۔ اور جس قدر ڈاکہ زنی اور چوریاں دنیا میں ہوا کرتی ہیں وہ سب اسی کی ایما سے۔ لیکن اہل روما کے نزدیک ہرمیز کا اصلی کام تمام دیوتاؤں کو زیئوس کی پیغام رسانی کرنا ہے اور بس۔ اسی غرض سے زیئوس نے اس کو ایک جوتا اور ٹوپی ایسی عنایت کی تھی کہ وہ اس کو پہنتے ہی چشم زدن میں جہاں چاہے پہنچ جاتا تھا۔

(۷) ہیری (Here) دیویوں میں سب سے زبردست دیوی تسلیم کی گئی ہے۔ یہ زیئوس کی سگی بہن ہے لیکن جب زیئوس اپنی پہلی بیوی میٹس کو کھا چکا تو ہیری کو اپنی زوجیت میں لینا چاہا ایک عرصہ تک ہیری انکار کرتی رہی۔ لیکن تمام دیوتاؤں کے اصرار سے بالآخر مجبور ہوگئی، اس کی شادی میں جو نہایت اعلیٰ پیمانہ پر ہوئی، عالم کے تمام دیوتا شریک تھے۔ ہیری کی زندگی شادی ہونے کے بعد سے ہمیشہ تلخ رہی کیوں کہ زیئوس کے عیاش ہونے کی وجہ سے ہیری اس سے ہمیشہ جھگڑا کرتی رہتی تھی اس کو زیئوس کے ساتھ آئینی شادی کرنے پر ناز تھا، اور اس لئے وہ اپنی ناجائز سوکنوں کو نفرت سے دیکھا کرتی تھی۔ ایک مرتبہ اپنی سوکنوں کی اولاد سے برا سلوک کرنے کی بنا پر زیئوس نے اس کو آسمان سے زمین پر دے پٹکا۔ اس کے بعد وہ ہمیشہ کے لئے زیئوس کی نظروں سے گر گئی۔

یونانی جس طرح زیئوس کو اپنا سب سے بڑا دیوتا مانتے ہیں اسی طرح ہیری بھی دیویوں میں سب سے بڑی دیوی ہے۔ زیئوس کے علاوہ سب دیوتاؤں سے زیادہ یونان میں اس کے مندر پائے جاتے ہیں۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ اور دیوتاؤں سے بھی زیادہ یہ دیوی ہر دلعزیز تھی، یونانی اس کے مجسمے طرح طرح کے

نہایت خوبصورت اور عالیشان تیار کراتے تھے جنہیں فنون لطیفہ کا بہترین مظہر سمجھنا چاہئے۔

(۸) وینس[1] (Venus) یا زہرہ حسن و عشق کی دیوی ہے۔ یونانیوں میں اس کی پیدائش کے متعلق ایک عجیب مضحکہ خیز روایت چلی آتی ہے۔ تکوین عالم کے دوران میں جبکہ آسمان و زمین کا آپس میں نکاح ہوا تو ان کو اولاد بہت قوی اور زبردست ہونے لگی، آسمان کو اُن کی قوت کی بناء پر شبہ ہوا کہ کہیں بڑے ہو جانے پر وہ مجھے اپنی حکومت سے نہ خارج کر دیں، اس لئے آسمان اُن کو ہوش سنبھالتے ہی قید کر دیا کرتا زمین اپنے کمسن بچوں کی مصیبت کو برداشت نہ کر سکتی تھی، ایک دن اس نے اپنے گودی کے بچے کرونوس کو ایک ہتیار دیا، اور اُس وقت جبکہ آسمان زمین سے اختلاط کرنے کے لئے تیار تھا، کرونوس نے اپنے باپ آسمان کا عضو تناسل کاٹ ڈالا۔ جو سمندر میں آگرا جس کی وجہ سے سمندر میں تھوڑی دیر تک ایک غیر معمولی تلاطم اور جوش و خروش پیدا ہوا اور اس کے بعد اس عضو تناسل سے ایک حسین و جمیل دیوی نمودار ہوئی۔ یہی وینس تھی۔ زیئوس کے حکم سے یہ ہیفائیسٹس کے ساتھ بیاہی گئی۔ یہ اس قدر حسین تھی کہ ساری دیویوں میں بے مثل سمجھی گئی۔ ایک مرتبہ شاہ تھسلی پیلیوس (Peleus) نے اپنی شادی میں سوائے نااتفاقی کی دیوی کے تمام دیویوں کو دعوت دی۔ نااتفاقی کی دیوی نے صرف ایک سیب روانہ کر دیا کہ یہ اس دیوی کو دیا جائے جو سب سے زیادہ حسین ہو۔ ہیری، وینس اور ایتھن، تینوں دیویاں اپنے آپ کو سب سے زیادہ حسین سمجھتی تھیں لہٰذا یہ تینوں اس سیب کے لئے جھگڑا کرنے لگیں۔ بالآخر پیارس نامی ایک چرواہا اس جھگڑے کا منصف قرار پایا۔ تینوں نے اپنی اپنی قوت کے مطابق دنیوی سلطنت، حسین عورت اور فوجی شان و حکومت کی لالچ دلائی کہ سیب مجھے دیدیا جائے، لیکن پیارس پر حسن کا جادو چل گیا اور اسنے وینس کے حق میں فیصلہ کر دیا۔ اور وینس نے حسب وعدہ اس وقت کی مشہور ترین ملکہ حسن ہیلن[2] (Helen) کو

---

[1] یہ رومی زبان کا لفظ ہے اور یہی یونانیوں میں بھی رائج تھا، تاہم (Ahprodite) ایک خاص نام اس دیوی کو انہوں نے دے رکھا تھا۔

[2] یہ وہی ہیلن ہے جس کے نام کو ہومر کی مشہور و معروف نظم الیڈ نے زندۂ جاوید کر دیا ہے۔ اور جنگ ٹرائے کا واقعہ جو اس نظم میں مذکور ہے سو اس کا سبب یہی مندرجہ بالا واقعہ ہے۔

جو شاہ اسپارٹا میانلاس (Menelaus) کی بیوی تھی، پیارس کے حوالے کر دیا۔ حسن و عشق کے باب میں یونانیوں کی ساری آرزوؤں اور تمناؤں کا ملجا و ماوٰی یہی دیوی تھی۔ اس کے بھی نہایت خوبصورت اور پرشکوہ مجسمے بنائے جاتے تھے۔

(۹) ایتھینی، علوم و فنون اور تہذیب و شائستگی اور عقل و دانش کی دیوی ہے، اس کی پیدائش کا ذکر ہم نے تفصیل سے زیئوس کے حال میں کر دیا ہے، مختصر یہ ہے کہ وہ زیئوس کے سر سے جبکہ اس کے دو ٹکڑے کر دئے گئے، ایک حسین مسلح اور نوجوان دیوی کی شکل میں نمودار ہوئی تمام دیویوں نے اس کو اپنا سردار مانا۔ اور خود زیئوس بھی اس کے کمالات کا معترف ہو کر اس کو اپنا مشیر خاص بنایا۔ یہ ہمیشہ کنواری رہی۔ شہر ایتھنز[1] میں اس دیوی کا بہت ہی خوبصورت مندر تھا جہاں صرف کنواریاں جمع ہو کر اس کی عبادت کیا کرتی تھیں۔

(۱۰) آرٹمیس (Artemis) چاند اور شکار کی دیوی کہلاتی تھی۔ یہ بھی لیٹونا کے بطن سے زیئوس کی بیٹی تھی۔ زیئوس نے حاملہ عورتوں کی حفاظت کی خدمت اس کے سپرد کر رکھی تھی، یہ بھی کنواری رہی۔ اس کے ساتھ ہمیشہ ایک جماعت کنواری دیویوں کی رہا کرتی تھی جو اس کے دست نگر تھی۔ وہ شکار کی بہت شایق تھی، اور ہمیشہ جنگلوں کو اپنی پوری جماعت کے ساتھ سیر و شکار کو جایا کرتی۔ حاملہ عورتیں خواہ وہ زمین کی ہوں یا آسمانی دیویاں، اس کی خاص طور پر عبادت کرتی تھیں۔ اہل روم اس کو ڈیانا[2] (Diana) کہتے تھے اور انکا خیال تھا کہ اس دیوی کا مسکن چاند کے اندر ہے۔

(۱۱) ڈیمیٹر (Demeter) کا کام غلہ اگانا تھا۔ یونانیوں کے عقیدہ میں ان کے بارہ دیوتاؤں میں اس دیوی کی خاصی منزلت تھی، کیونکہ وہ دنیا کے انسانوں کے لئے خورد و نوش کی چیزیں فراہم کرنے والی تھی۔ اس کی ایک خوبصورت بیٹی پروسرپن (Proserpina) تھی۔ ایک وقت جبکہ یہ سسلی کی کسی وادی میں سیر کر رہی تھی، پلوٹو (Pluto) نامی ایک دیوتا نے اسے دیکھا اور اس کے حسن پر شیدا ہو کر اس سے

---

[1] چونکہ اس شہر میں ایتھینی کا مندر تھا اسلئے شہر کا نام بھی قدرے تغیر کے ساتھ ایتھنز (Athens) ہو گیا۔

[2] اہل روم اس کو (Ceres) کہتے تھے۔

اپنی محبت کا اظہار کرنے لگا۔ لیکن جب پروسرپن کسی طرح اس کے دام میں نہ آئی تو بہ جبر اس کو آسمان پر اڑا لے گیا۔ ڈیمیٹر اپنی بیٹی کی تلاش میں بہت سرگرداں پھری۔ جب اس کو ہر طرف سے نا امیدی ہوئی تو وہ آسمان پر زیئوس کے دربار میں حاضر ہو کر داد کی طلبگار ہوئی۔ زیئوس نے پہلے پہل اس کی کچھ حامی نہ بھری۔ لیکن جب وہ زار و قطار رونے لگی تو اس کو کچھ رحم آیا اور اس نے پروسرپن کو حکم دیا کہ وہ سال میں چھ مہینے اپنی ماں کے پاس رہے۔ جب وہ آسمان سے زمین پر آئی تو اس نے دیکھا کہ کاشتکاری سے واقف نہ ہونے کی وجہ سے ساری مخلوق بھوکی مر رہی ہے۔ ڈیمیٹر نے خیال کیا کہ اگر میں ایک عرصہ کے لئے زمین سے غیر حاضر ہو جاؤں تو ساری دنیا تباہ ہو جائے گی۔ یہیں سے اس نے انسانوں کو کاشتکاری کا فن سکھانا شروع کیا

(۱۲) ہسٹیا، خانگی کاروبار (جن کا تعلق گھریلو زندگی سے ہوتا تھا) کی دیوی تھی رومی اس دیوی کی عبادت عام طریق پر کیا کرتے تھے۔ برخلاف اس کے یونانی اس کے نام سے ایک آگ پارسیوں کی طرح جلایا کرتے تھے جو ہر وقت گھروں میں جلتی رہتی تھی۔ وہ اس آگ کی پوجا اور اس کی حفاظت کیا کرتے اگر اتفاقاً کسی گھر میں آگ بجھ جاتی تو یہ سمجھا جاتا کہ اس خاندان پر بہت بڑی بلا نازل ہونے والی ہے۔ رومیوں میں اس دیوی کی خاص طور پر عبادت ہوا کرتی تھی یعنی کنواری عورتوں کی ایک جماعت اس کی عبادت کے لئے وقف ہوتی تھی۔ اگر اس حلقہ کی کسی عورت کے دامن عفت پر دھبہ آجاتا تو وہ ایک منظر عام پر زندہ جلا دی جاتی۔

کل کا گھوڑا

از جناب مرزا الم نشرح صاحب

یہ مضمون بغرض اشاعت رسالۂ نمایش کو بھیجا گیا تھا۔ لیکن ہمارے کرم فرما مولوی عظمت اللہ خانصاحب کے اصرار پر جناب رفیق بیگ صاحب ایڈیٹر نمایش نے ازراہ عنایت ہمارے ہاں روانہ فرمادیا۔ صاحب موصوف کے ہم بے انتہا ممنون ہیں۔ مرزا الم نشرح صاحب کی ابتداءً جو خط ایڈیٹر صاحب نمایش کو لکھا تھا وہ بجائے خود دلچسپ ہے۔ اس لئے وہ بھی ہدیہ ناظرین کیا جاتا ہے۔

"مجلہ"

جناب ایڈیٹر صاحب رسالہ نمایش

السلام علیکم

آپ جانتے ہیں کہ آجکل کی نئی پود نے ملک کی بہبودی کیلئے ڈاکہ کو جائز قرار دیا ہے چنانچہ بنگالہ کی حالت اسکی کھلی ہوئی مثال ہے۔ اگر یہ اصول صحیح ہے تو میں بھی "بیچ کہیں بلی تو بلی ہی سہی" کے مقولہ پر عمل کرکے اردو کی خاطر انگریزی ادب پر ڈاکہ ڈالتا ہوں۔ لیکن مال کی ہیئت تبدیل کرنے کے لئے بہت کچھ کتر بیونت کردیتا ہوں۔ تاکہ شناخت کی وجہ سے ڈاکہ کا الزام عاید نہ ہوسکے۔ اگر چوری کا مال خریدنے اور نکاسی کرنے کی ہمت ہے تو بسم اللہ نمایش میں کسی جگہ جما دیجئے ورنہ واپس فرمائیے۔ خدا کے فضل سے دنیا میں مال مسروقہ خریدنے والوں کا توڑا نہیں۔ مال کھرا ہے۔ میں کہیں اور دام کھرے کرلونگا۔ دیکھئے ایک راز کی بات بھی کہے دیتا ہوں۔ کسی سے کہیگا نہیں اس مضمون کا کچھ خاکہ جون ۱۹۰۹ء کے پیرسنز میگزین سے اڑایا گیا ہے۔ لیکن اضافہ واقعات اور طرز ادا نے دونوں مضمونوں میں زمین آسمان کا فرق پیدا کردیا ہے۔ کوئی بیوقوف سے بیوقوف بھی نہ کہیگا

کہ یہ مال فلاں مال کو گلا کر بنایا گیا ہے۔ پریسنز میگزین بھی اس کے ساتھ بھیجتا ہوں۔ آپ مقابلہ کر کے اپنی عقل کا اندازہ لگا لیجئے۔ والسلام

کمترین مرزا الم نشرح

موجد دنیا میں سیکڑوں ہیں اور ہوتے چلے آئے ہیں۔ مگر توبہ توبہ خدا کسی کو میرے دوست مسٹر مور جیسا موجد نہ کرے۔ بندہ خدا کو دنیا سے کوئی واسطہ ہی نہ رہا تھا۔ جب دیکھو اپنے دارالتجربہ میں بیٹھے ہیں۔ جب جاؤ اس کو توڑ اس کو جوڑ رہے ہیں۔ بیٹھے بیٹھے آندھ آجاتی تھی۔ مگر وہ اللہ کا بندہ یہ بھی نہیں پوچھتا تھا کہ میاں خیریت سے تو ہو۔ ہزاروں ایجادوں سے دنیا کو مالا مال کر دیا۔ لیکن یہ بھی نہ سمجھے کہ دنیا ہے کیا بلا۔ اور دنیا میں ہو کیا رہا ہے۔ جنگ عظیم میں ان کی بیسیوں ایجادیں کام میں لائی گئیں۔ لیکن ان کو یہ بھی خبر نہ ہوئی کہ جنگ کب چھڑی! کیوں چھڑی!! کون جیتا کون ہارا۔ ایک دن میں نے باتوں ہی باتوں میں ذکر کیا کہ اس لڑائی میں بلجیم نے اپنی بساط سے بہت زیادہ ہمت دکھائی۔ پوچھنے لگے کہ یہ مسٹر بلجیم کون صاحب ہیں اور کہاں رہتے ہیں۔ بھلا ایسوں کی صحبت سے کسی کا کیا دل بہل سکتا ہے۔

میں تو ٹھیرا بیوپاری کہ بیسیوں کے لئے مردہ کا کفن بھی اتروا لوں۔ اور مسٹر مور ٹھیرے ایسے بے پروا کہ اپنی کسی ایجاد کی رجسٹری تک نہ کروائی۔ میں نے کئی دفعہ کہا بھی تو یہی جواب ملا کہ ہر ایجاد عامۂ خلایق کے فائدہ کے لئے ہے۔ کسی خاص شخص کا حق نہیں ہے اور نہ ٹکے پیدا کرنے کے لئے ہے۔ ایک دوربین ایجاد کی تھی کہ گھر کے باہر سے گھر کے اندر کا حال دکھاتی تھی۔ لیکن میرے یار نے اس کی بھی رجسٹری نہ کرائی۔ نتیجہ یہ ہوا ایک کارخانہ نے اپنے نام سے اس کی رجسٹری کرا کے لاکھوں روپیہ کھڑے کر لئے۔ جب میں نے مور سے اسکا ذکر کیا تو وہ یہ بھی نہ سمجھے کہ اس کارخانہ پر ہرجہ کا دعویٰ ہو سکتا ہے۔ بہرحال مور کی ایجادات دریا کی لہریں تھیں کہ یکے بعد دیگرے پیدا ہوتی تھیں۔ اور بغیر ان کو فائدہ پہنچائے ان کی حد تک فنا ہو جاتی تھیں۔ گو دوسرے ان سے پوری طرح متمتع ہوتے تھے۔ اگر باپ دادا نے جائداد نہ چھوڑی ہوتی تو میرے یار کبھی کے محتاج خانہ میں پہنچا دیئے گئے ہوتے۔ ان کی ذات سے سب ہی کو فائدہ پہنچتا تھا۔ نہ پہنچتا تھا تو مجھکو۔ کیونکہ مجھے خبر تک نہ ہوتی تھی کہ ان کی کوئی تازہ ایجاد کب مکمل ہوئی اور کب نصیب دشمناں ہو گئی۔ خود مور سے تو اس کی توقع رکھنی ہی فضول تھی کہ وہ اس کا ذکر مجھ سے کرتے۔ اگر حال کھلتا تھا تو اخباروں سے۔ اور اب پچھتائے

کیا ہوت ہے جب چڑیاں چگ گئیں کھیت" کی مثل ہمیشہ مجھ پر صادق آتی تھی۔ اگر میری مالی حالت اچھی ہوتی۔ تو میں پروا بھی نکرتا۔ لیکن کاروبار کے مندے اور اکثر بیوپاریوں کی نادھندی نے مجھکو کھک کر دیا تھا۔ ایسی صورت میں آپ ہی انصاف کیجئے کہ اپنے سچے مگر حاجتمند دوست کے ساتھ مور کی یہہ بے اعتنائی قابلِ شکایت ہے یا نہیں۔ ایک دن میں پریشانی کی حالت میں دفتر سے سیدھا مور کے ہاں پہنچا۔ معلوم ہوا کہ وہ اپنے دارالتجربہ میں کچھ کام کر رہے ہیں۔ وہیں چلا گیا اس روز ان کی طبیعت کچھ بشاش معلوم ہوتی تھی۔ میرے ہاتھ میں کتاب دیکھکر پوچھنے لگے "یہ کیا کتاب ہے" میں نے کہا دہلی کے ایک شاعر میر حسن نے ایک مثنوی اردو میں لکھی تھی اس کا انگریزی ترجمہ ہے۔ پوچھا کہ مضمون کیا ہے۔ میں نے کہا کہ یوں ہی واہی تباہی بکا ہے۔ ایک کل کا گھوڑا بنایا ہے۔ اس پر سوار ہو کر شاہزادہ آسمان پر ہوا خوری کو جایا کرتا تھا۔ غرض اسی طرح کی بے تکی باتیں ہیں۔ مجھسے اتنا سنتے ہی مور کے چہرہ پر سُرخی دوڑ گئی۔ آنکھیں چمکنے لگیں اور کہنے لگے۔ "ذرا مجھکو کل کے گھوڑے والا حصہ تو سناؤ" میں نے کتاب میں سے وہ داستان نکالی اور پڑھنا شروع کیا۔ لیکن پڑھنے میں خلاف فطرت باتوں کے متعلق شاعر کا مذاق بھی اڑاتا گیا۔ میں پڑھ ہی رہا تھا کہ مور نے نہایت غصیلی آواز سے کہا "او بے ادب خاموش۔ تجھ جیسا جاہل اس عالی قدر شاعر کو کیا سمجھ سکتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ وہ شاعر ہی نہ تھا بلکہ بجلی کی قوت اور کل پرزوں کی ترکیب کا بھی پورا ماہر تھا۔ تم جیسوں کے لئے اس کی باتیں مضحکہ خیز ہوں تو ہوں۔ لیکن سمجھنے والے کے لئے اس کا ہر نکتہ چراغِ ہدایت ہے"۔ یہ سنکر میں دم بخود ہو گیا۔ کیونکہ ڈرتا تھا کہ یہ حضرت کہیں بجلی کے ایک جھٹکہ میں میرے جسم کے ذرات بنا کر ہوا میں نہ اڑا دیں۔ اس لئے ٹالنے کے لئے مسکرا کر کہا کہ اگر تم کو یہ کتاب پسند ہے تو میں چھوڑے جاتا ہوں۔ میرے تو کسی کام کی نہیں۔ اس سے کیا بہتر ہے کہ میرے کسی دوست کے کام آجائے۔ مور نے کتاب میرے ہاتھ سے لے لی۔ میرا بہت بہت شکریہ ادا کیا اور کہا کہ "یار عزیز اس کتاب نے اس وقت دماغ میں ایک نیا خیال پیدا کر دیا ہے۔ اس کو میں عملی صورت دینا چاہتا ہوں۔ بس اب آپ اپنے گھر سدھاریں تو بہتر ہے۔ اچھا خدا حافظ"۔ اس کی یہ اکھڑی اکھڑی باتیں سنکر بڑی کوفت ہوئی اور میں دل میں اس کو صلواتیں سناتا ہوا اپنے گھر چلا آیا۔

چند روز تک میر امور کے پاس جانا نہو سکا۔ ایک دن جو اُدھر گیا تو کیا دیکھتا ہوں کہ مور کے دار التجربہ میں ایک نہایت خوبصورت مشکی گھوڑا کھڑا ہنہنا رہا ہے۔ مجھے مور کے پاس گھوڑا دیکھکر بڑا تعجب ہوا۔ کیونکہ بھلا ایسے شخص کو ایسی چیزوں سے کیا واسطہ۔ میں خود گھوڑوں کا بہت شوقین ہوں۔ کوئی گھوڑ دوڑ نہیں ہوتی جس میں اپنا کام ہرج کرکے نہ جاؤں۔ اس گھوڑے کو جو دیکھا تو بظاہر جاندار پایا۔ پاس جاکر ٹھپکا۔ سم دیکھے بھونریاں دیکھیں۔ جوڑ دیکھے۔ غرض ہر طرح بے عیب پایا۔ اتنے میں مور بھی اپنے کسی تجربہ سے فارغ ہوکر میرے پاس آکھڑے ہوئے۔ میں نے پوچھا "یار من یہ گھوڑا کہاں سے مار لائے اور لاکر کہاں رکھا ہے کہ دار التجربہ میں۔ کیا خون کا امتحان کر رہے ہو۔ یا بجلی سے علاج"۔ مور نے بڑے زور سے قہقہہ مارا اور کہا "یار جانی۔ یہ وہی میر حسن کی مثنوی والا گھوڑا ہے۔ فرق اتنا ہے کہ یہ صرف دوڑتا ہے۔ اُڑ نہیں سکتا۔ میں نے تم سے پہلے ہی کہا تھا۔ کہ یہ شاعر غضب کا دماغ لیکر آیا تھا۔ پر زے تو میں نے بھی نکال لئے مگر ان کو بٹھا نہیں سکتا۔ خیر آیندہ دیکھا جائیگا"۔ مجھے مور کی یہ گفتگو بہت بُری معلوم ہوئی۔ گو باہم کو اندھا بنا رہا ہے میں اُس کو بُرا بھلا کہتا رہا۔ مگر وہ برابر ہنستا رہا۔ آخر کہنے لگا کہ "کیا واقعی تم اس کو اصلی گھوڑا سمجھتے ہو"! میں نے کہا اور نہیں تو کیا یہ مٹی کا ہے۔

مور۔ مٹی کا نہیں تو کل کا ضرور ہے۔

میں۔ تو کیا میں اندھا ہوں۔

مور۔ تو اس کا اندازہ تم خود کر لو۔

یہ کہکر اُس نے گھوڑے کے ایک پہلو کو دبایا اور پہلو کا پہلوا اٹھا کر دوسری طرف الٹ دیا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ گھوڑے کے پیٹ میں ہزاروں تار اِدھر سے اُدھر دوڑے ہوئے ہیں۔ سینکڑوں پُرزے اس سرے سے اس سرے تک بیٹھے ہوئے ہیں۔ اور بیسیوں مقناطیس اور بیڑیاں جا بجا جمی ہوئی ہیں یہ دیکھکر میرے ہوش گم ہو گئے۔ جب ذرا سنبھلا تو پوچھا کہ مور کیا واقعی یہ گھوڑا دوڑ سکتا ہے۔

مور۔ تو کیا میں نے یہ بچّوں کا کھلونا بنایا ہے یہاں دوڑیگا اور خوب دوڑیگا۔

میں۔ اور اس کی انتہائی رفتار۔

مور۔ اس کا تو میں کوئی صحیح اندازہ نہیں کر سکتا۔ لیکن میرے خیال میں کم از کم (۳۰۰) میل فی گھنٹہ ہوگی۔

میں۔ (۳۰۰) میل!

مور۔ ہاں (۳۰۰) تین سو میل بلکہ کچھ زیادہ۔

یہ سنتے ہی مجھے ٹکے پیدا کرنے کا خیال آگیا۔ اور سوچا کہ اس گھوڑے سے کچھ فائدہ اٹھانا چاہیے۔ میں نے مور پر ڈورے ڈالنے شروع کئے۔ کیونکہ میں سمجھتا تھا کہ اگر یہ دو تین دوڑیں بھی جیت گیا۔ تو بس میرے دلدّر پار ہو گئے۔

میں۔ کیوں یار اسے ڈربی کی گھوڑ دوڑ میں کیوں نہیں دوڑاتے۔

مور۔ ڈربی کیا بلا ہے۔

میں نے اس کو سمجھانا چاہا مگر گھوڑ دوڑ کا مطلب نہ اس کی سمجھ میں آنا تھا نہ آیا۔ آخر تھک کر میں نے اس سے کہا "اچھا یہ تو بتاؤ اس کی رفتار کم زیادہ ہو سکتی ہے۔

مور۔ یہ بھی ایک ہی کہی۔ اگر رفتار کم زیادہ نہ ہو سکے تو پھر ایجاد ہی کیا خاک ہوئی۔

میں۔ خیر یہ تو بتاؤ کہ اس گھوڑے کا تم کرو گے کیا۔ کیا آچار ڈالو گے۔

مور۔ کچھ نہیں کوئی صاحب آکر اٹھا لیجائینگے پھر نہ گھوڑے کو مجھ سے کچھ کام اور نہ مجھکو گھوڑے سے کچھ غرض۔

میں۔ تو پھر یہ مجھے ہی دے ڈالو۔

مور۔ تم ہی لیجاؤ اور سچ تو یہ ہے کہ یہ حق بھی تمھارا ہی ہے۔ تمھاری ہی کتاب سے یہ پیدا ہوا ہے۔ اور تم ہی اس کے سب سے زیادہ مستحق ہو۔ اندھا کیا چاہے دو آنکھیں۔ یعنے مور سے اس کے چلانے کی پوری ترکیب سیکھ لی۔ گھوڑے کو کمرہ سے نکالا۔ سوار ہو کر گھر آیا۔ اور تھان پر باندھ دیا۔ اس کے ایک دو روز بعد میں مور کے پاس گیا۔ اس گھوڑے کا کچھ ذکر بھی چھیڑا۔ لیکن میرے یار کو یہ بھی یاد نہ رہا کہ اس نے ایسا کوئی گھوڑا بنایا بھی تھا یا نہیں چلو گئی گذری بات ہوئی۔

میرا ارادہ ہوا کہ ڈربی سے پہلے اس گھوڑے کو دو تین چھوٹی موٹی دوڑوں میں بھگا لوں تاکہ لوگ اس کی حالت سے آگاہ ہو جائیں اور ایک دفعہ ہی ایسی بڑی دوڑ میں شریک ہونے کے متعلق کوئی ضابطہ کا

اعتراض نہو سکے۔ رجسٹر میں گھوڑے کا اندراج کرنے کے لئے گھوڑ دوڑ کے مہتمم نے اسکا نام دریافت کیا۔ یہہ ٹیڑھی کھیر تھی اور میں اس کے لئے تیار نہ تھا۔ لیکن میری تیزی طبع نے اس مشکل کو بہ آسانی رفع کردیا۔ پہلے میں نے اس کا نام "آدم" بتایا۔ مہتمم نے ماں اور باپ کا نام پوچھا۔ میں نے کہا کہ آدم کی پیدائش کیلئے ماں باپ کی ضرورت نہیں ہے۔ مگر جب انھوں نے ضابطہ کی وفعہ بتائی تو مجھے لاچار نام تبدیل کرنا پڑا۔ آخر سوچتے سوچتے "ایجاد" نام سمجھ میں آیا "ضرورت" کو ایجاد کی ماں بتایا اور "تجربہ" کو اس کا باپ۔ دادا پردادا کا نام دریافت کیا گیا تو نادرشاہ کے نسب نامہ پر عمل کرکے "شمشیر ابن شمشیر ابن شمشیر" کی بجائے۔ ترقی ابن ترقی ابن ترقی کا سلسلہ ستر پشت تک گنوا دیا۔ یہ بیان کافی سمجھا گیا۔ اور "ایجاد" کے نام سے میرے گھوڑے کی رجسٹری ہوگئی۔

اب دوسری مشکل چابک سوار کی تھی۔ سوار ایسا ہونا چاہئے تھا جس کا نام فہرست چابک سواروں میں بھی درج ہو۔ اور جو لفظ ضمیر اور اس کے مفہوم سے بالکل بے خبر ہو۔ اور ساتھ ہی قابل اعتبار بھی ہو ظاہر ہے کہ ان صفات کا انسان ملنا آسان نہیں ہے۔ مگر مثل مشہور ہے جوینده یابنده۔ ایک اللہ کے بندے کو ڈھونڈ ڈھانڈ کر نکال ہی لیا۔ اس کا نام فہرست میں تو ضرور تھا لیکن مرد میداں نہ تھے۔ دو چار مرتبہ گھوڑ دوڑ میں شریک بھی ہوئے۔ مگر اپنی نااہلی سے جیتے ہوئے گھوڑوں کو ہرا دیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ روٹیوں کو محتاج ہوگئے۔

آپ سمجھ سکتے ہیں کہ جس کے کھانے کو رزق اور مرنے کو موت نہو۔ وہ بیچارہ ضمیر اور اس کے پیچیدہ افعال کی بحث میں کیوں جانے لگا۔ قصہ مختصر انہوں نے بلا پس وپیش نہایت خوشی سے میری ملازمت قبول کرلی۔ مجھے ان کی تمام صفتوں میں ان کی خاموشی سب سے زیادہ پسند آئی۔ ان کی خاموشی کا آپ اس سے اندازہ لگا سکتے ہیں کہ تصاویر ان کی خاموشی پر رشک کرتی تھیں اور بت اس دیوجانس کلبی کے سامنے افلاطون اور سسرو معلوم ہوتے تھے۔

انکا نام تو کلیمنٹس۔ جولیس۔ آگسٹس جوفری ڈی گبریلیو تھا۔ لیکن اپنی خاموشی کو نباہنے کے لئے یہ صرف اپنا نام "کل" بتایا کرتے تھے۔ چلو چھٹی ہوئی۔ گھوڑا بھی کل کا اور چلانے والا بھی مجسم "کل"۔

میاں بات یہ ہے کہ یہ سب بن پڑی کا سودا ہے۔ جب تقدیر سیدھی ہو جاتی ہے تو سب مشکلیں اپنے آپ کھلتی چلی جاتی ہیں۔ چند ہی روز میں گھوڑا بھی مل گیا۔ اور کوڑا بھی مل گیا۔ اب رہ گئی دوڑ تو وہ تو پہلے سے جیتی جتائی رکھی تھی۔

غرض اسی طرح دن پر دن گذرتے گئے اور آخر کار گھوڑ دوڑ کا دن آگیا۔ لیکن اس گھوڑے نے ایسی گمنامی میں پرورش پائی تھی کہ کسی کو کانوں کان یہ بھی خبر نہ تھی کہ "ایجاد" کیا بلا ہے کس دم کس کا ہے اور اس کے جیتنے کی بھی توقع ہے یا نہیں۔ عین گھوڑ دوڑ کے دن صبح کو سور کی پہلی بیوقوفی کا اظہار ہوا شاید اس کو یہ بھی معلوم نہ تھا کہ زین گھوڑے کی کمر پر کسا جاتا ہے۔ اگر معلوم ہوتا تو رفتار بدلنے کے بٹن پیٹھ پر قایم نکرتا۔ پہلی رفتار کا تعلق کو لگام سے رکھا تھا۔ لیکن بقیہ جس قدر تیز رفتاریاں تھیں۔ ان کے بٹن آگے پیچھے گھوڑے کی پیٹھ پر لگا دئے تھے۔ آخر مسٹر کل نے اس معمہ کو حل کیا اور زین بجائے پیٹھ کے "ایجاد" کے پٹھوں پر کس دیا گیا۔ چونکہ رکابوں کے لئے جگہ نہ تھی اس لئے ان کو سرے سے اڑا ہی دیا گیا۔ اور مسٹر کل زین پر اکڑوں بیٹھکر مقابلہ کے لئے میدان میں اس طرح داخل ہوئے کہ ان کی سوکھی سوکھی ٹانگوں کے گھٹنے اون کے کانوں سے اوپر نکل گئے تھے۔ کمر دوہری ہو کر کمان بن گئی تھی۔ اور وہ گھوڑے کے ہر جھٹکہ پر زین سے پھدکتے اور پھر وہیں آبیٹھتے تھے۔

رغبت اور نفرت دیوانگی کی ابتدائی حالتوں کا نام ہے۔ طبیعت ایک چیز کو بلا وجہ پسند کرتی ہے اور دوسری کو بلا وجہ ناپسند۔ یہی حالت گھوڑ دوڑ کے گھوڑوں کی ہے۔ بعض گھوڑوں کو محض اس وجہ سے پسند کیا جاتا ہے کہ ان کے باپ داداؤں نے یہ یہ کارگذاریاں دکھائی تھیں اور بعض کو اس لئے نظر سے گرایا جاتا ہے کہ انکا سلسلہ نصب حضرت آدم کے گھوڑے تک نہیں پہنچتا۔ میرے بچارے گھوڑے کو اس طوفان بے تمیزی میں کون پوچھتا۔ اس کی حالت بس اس نواب بوچڑ یا راجہ پنساری کی سی تھی جو پشتینی نوابوں اور راجاؤں کے کسی جلسہ میں آگیا ہو۔ کسی نے نظر اٹھا کر بھی نہ دیکھا کہ یہ گھوڑا ہے یا گھوڑی۔ گدھا ہے یا خچر۔ جب یہ صورت ہو تو بھلا اس چیز کا کون اندازہ کرنے لگا کہ واقعی یہ گھوڑا ہے بھی یا نہیں۔ البتہ مسٹر کل کے طریقہ نشست کا بڑا خاکہ اڑایا گیا۔ مگر اس اللہ کے بندے نے یہ بھی سمجھنے کی کوشش نہ کی

کہ یہ فقرے اس پر کسے جا رہے ہیں یا کسی اور پر۔ شرطوں کی یہ حالت تھی کہ بعض گھوڑوں پر ایک پر دو بھی مشکل سے ملتے تھے مگر "ایجاد" پر ایک ایک کے سو سو دینے پر لوگ تیار تھے۔ میں نے بھی اپنی جمع پونجی سب اس شرط پر لگا دی۔ اور نہایت اطمینان کے ساتھ کرسی پر بیٹھ کر نتیجہ کا منتظر رہا۔ گھنٹی بجی۔ جھنڈی گری اور گھوڑے تیر کی طرح نکلے۔ مسٹر کل نے یہ ہوشیاری کی کہ "ایجاد" کو شتر بے مہار نہیں کیا۔ بلکہ اس کو نہایت احتیاط سے چلاتا ہوا لایا۔ اور صرف ناک کی پھننگ سے یہ دوڑ جیتی۔ ہزاروں کے دیوالے نکل گئے۔ اور میں نے صرف ایک دوڑ میں دس لاکھ روپے سمیٹ لئے۔ اس میں سے ایک لاکھ روپے تو مسٹر کل کے حصہ میں آئے۔ اور بقیہ نے میری حالت قابل رشک بنا دی۔ تمام دنیا میں اسی دوڑ کا چرچا ہو گیا۔ تین اخباروں کے مضامین کے کچھ حصے نقل کرتا ہوں۔ اس سے لوگوں کے خیالات کا اندازہ لگ سکیگا۔

"اخبار گھوڑ دوڑ"

لکھتا ہے ہم کو معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ جو گھوڑا گذشتہ دوڑ میں جیتا ہے۔ وہ سلطان روم کی خاص سواری کا تھا اور محض اس کی قوت اور کس کا اندازہ کرنے کے لئے تبدیل نام کے ساتھ اس کو اس دوڑ میں شریک کیا گیا تھا۔ ہم نے اپنے قارئین کی اطلاع کے لئے ہزاروں روپے خرچ کر کے یہ بھی دریافت کر لیا ہے کہ اس گھوڑے کی نسل کو پوشیدہ رکھنے میں انتہا کی کوشش کیجاتی ہے۔ اور بچہ پیدا ہونے کے بعد ہی ماں اور باپ دونوں کو مار دیا جاتا ہے۔ تاکہ نسل زیادہ نہ بڑھے۔ یہ ابتک پتہ نہ چلا کہ ان گھوڑوں کا جنگل صحرائے عرب کے کس حصہ میں واقع ہے۔ البتہ یہ ضرور معلوم ہو چکا ہے کہ جتنے سائیس اور سوار اس جنگل میں ہیں۔ اُن کی آنکھیں پھوڑ دی گئی ہیں۔ اور زبانیں کاٹ لی گئی ہیں۔ تاکہ کسی کو اس جنگل کی جائے وقوع معلوم نہ ہو سکے۔ آیندہ جو مزید حالات ظاہر ہوں گے وہ ناظرین کے معلومات میں اضافہ کرنے کے لئے پیش کئے جائیں گے۔

اقتباس از اخبار پنچ

محققین زبان کو یہ معلوم کر کے بڑی مسرت ہو گی کہ "دم پر نمدہ باندھنے" اور "دم دبا کر بھاگنے" کے محاوروں کی اصلیت کو گذشتہ گھوڑ دوڑ میں ایک نئے گھوڑے "ایجاد" نامی نے بآسانی کھول دیا۔

ان دونوں محاوروں کا مفہوم ہمیشہ "بے تحاشا بھاگنا" لیا جاتا تھا لیکن کسی کی سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ دم پر سندہ باندھنے یا دم دبانے سے رفتار میں تیزی کس طرح پیدا ہو سکتی ہے۔ اس گھوڑ دوڑ میں "ایجاد" کے زین کا سندہ یعنی عرق گیر بجائے کمر پر رکھنے کے اس کے پٹھوں پر رکھا گیا اور واقعی اس طرح اس کی دم پر سندہ بھی آگیا۔ اور دُم دب بھی گئی۔ اس گھوڑے کا ایسی بڑی دوڑ جیتنا اس کی تیز رفتاری کا بیّن ثبوت ہے۔ ہم اس گھوڑے کے مالک کو ان کی کامیابی پر مبارکباد بھی دیتے ہیں اور لغات کے اہل فن کی جانب سے شکریہ بھی ادا کرتے ہیں کہ ان کے گھوڑے کی بدولت بہ آسانی دو پیچیدہ محاوروں کی تشریح ہو گئی۔

مقالہ افتتاحیہ اخبار سائنس

رواج اور قدامت پسندی ہمیشہ سے مانع ترقی رہے ہیں۔ لیکن بلحاظ اپنی قدامت کے کوئی ایسا رواج ہماری نظر سے نہیں گذرا۔ جو گھوڑوں پر زین کسنے کے پرانے طریقے کا مقابلہ کر سکے۔ تاریخ پر جہاں تک نظر ڈالی جاتی ہے اور پرانے کتبوں۔ تصویروں اور مجسموں کو جہاں تک دیکھا جاتا ہے یہی پتہ چلتا ہے کہ زین یا چار جامہ ہمیشہ گھوڑوں کی پیٹھ ہی پر ڈالا گیا ہے۔ لیکن اصول سائنس سے اگر اس طریقہ عمل کو دیکھا جائے تو یقیناً پہلی ہی نظر میں یہ بالکل خلاف فطرت معلوم ہوگا۔ گھوڑے کی بناوٹ ظاہر کر رہی ہے۔ کہ اس کے پچھلے پٹھے بوجھ سہارنے کے لئے بنائے گئے ہیں نہ کہ اگلی ٹانگیں۔ اگر فطرت کا یہ تقاضا ہوتا کہ پیٹھ پر بوجھ قائم کیا جائے تو گھوڑے کے اگلے اور پچھلے پیر دونوں کی وضع ایک ہی ہوتی تاکہ بوجھ ان چاروں حصوں پر برابر تقسیم ہو جائے۔ لیکن گھوڑے کی ساخت زبان حال سے بتا رہی ہے کہ اس کے پچھلے پیروں پر بوجھ ڈالو اور اگلے پاؤں رفتار کے لئے چھوڑ دو۔

خود چوپاؤں کے بھاگنے کے طریقہ پر اگر سائنس کے اصولوں کو پیش نظر رکھ کر دیکھا جائے۔ تو یہ مسئلہ اور بھی آسانی سے حل ہو جاتا ہے۔ جانور کی چاروں ٹانگیں اگر آگے کو جھکینگی تو ہمیشہ رفتار میں تیزی پیدا ہوگی۔ برخلاف اس کے اگر دو آگے کی طرف اور دو پیچھے کی جانب مائل ہوں گی تو اس کو تیز چلنے میں دشواری ہوگی۔ اس اصول کو اب واقعات سے منطبق کیجئے۔ جانور کی پیٹھ پر بوجھ رکھنے کا یہ لازمی نتیجہ ہوتا ہے کہ اس کی پچھلی ٹانگیں تو ضرور آگے کو جھک آتی ہیں۔ لیکن اس کے ساتھ ہی اس کے اگلے پیر بجائے آگے جھکنے کے

پیچھے کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔ اور اس سے یقیناً رفتار پر بہت برا اثر پڑتا ہے۔ یہ مسئلہ عرصہ سے ہمارے زیر غور تھا۔ لیکن ہم اس پر کچھ لکھنے کی ہرگز جرأت نہ کرتے۔ اگر گذشتہ گھوڑ دوڑ میں "ایجاد" نے اس اصول کو عملاً ثابت نہ کر دیا ہوتا کیونکہ ایسے قدیم رواج کے خلاف ایک حرف بھی لکھنا مفت کی لڑائی مول لینا ہے۔ ہم کو امید ہے کہ اب قدامت پسند لوگوں کی آنکھیں سائنس کا عملی تجربہ دیکھنے کے بعد کھلینگی۔ اور آیندہ گھوڑ دوڑ میں ہم رواج کے مقابلہ میں سائنس کی فتح کو اس شکل میں دیکھینگے کہ بجائے پیٹھ کے سب گھوڑوں کے پیٹھوں پر زین کسے ہوئے ہونگے۔

غرض خدا خدا کر کے ایک ہی گھوڑ دوڑ میں میری مالت حالت درست ہو گئی۔ لیکن اب مصیبت یہ آپڑی کہ جو سہولتیں "ایجاد" کی گمنامی کی وجہ سے بچتیں وہ جاتی رہیں۔ اور اب لوگوں پر یہ ظاہر کرنا پڑا یہ کھاتا' پیتا' ہگتا' موتتا ہوا گھوڑا ہے۔ یہ کام بظاہر مشکل تھا مگر میری جدت طبع نے اس کو بھی آسان کر دیا ایک اسی کے قد و قامت' رنگ ڈھنگ' وضع قطع کا گھوڑا راتوں رات خرید لایا۔ اصلی گھوڑے کو تھان پر باندھ دیا۔ اور نقلی کو ایک کمرہ میں بند کر دیا۔ بڑے بڑے ماہران فن آتے اور گھوڑے کو دیکھ کر حیران ہو جاتے کہ اس میں تو کوئی ایسی خوبی نظر نہیں آتی جو اتنی بڑی گھوڑ دوڑ اس کو جتوا سکے۔ نہ تو جوڑ ہی مضبوط ہیں اور نہ بناوٹ ایسی سبک ہے۔ پھر اس قیامت کی رفتار اس میں پیدا ہو گئی تو کہاں سے پیدا ہو گئی۔ غرض جتنے منہ اتنی باتیں۔ ہر شخص اپنی اپنی ہانکتا تھا۔ مگر اس مسئلہ لاینحل کو نہ کھول سکتا تھا۔ آخر ہوتے ہوتے دوسری گھوڑ دوڑ کا دن آگیا۔ رات ہی کو نقلی اصطبل میں اور اصلی کمرہ میں منتقل کر دیا گیا۔ اور میں اور مسٹر کل گھوڑے کو لیکر عین وقت پر میدان میں پہنچے۔ کیا دیکھتا ہوں کہ جتنے گھوڑے دوڑنے والے ہیں سب ایک قطار باندھے کھڑے ہیں اور بڑے بڑے حساب داں تقسیم وزن کا لحاظ کر کے ناپ ناپ کر انکے پٹھوں پر زین بندھوا رہے ہیں۔ غرض یہ مشکل بھی آسان ہوئی۔ اور گھنٹہ بجتے ہی سب گھوڑے دوڑ کے لئے ایک صف میں کھڑے ہو گئے۔ ادھر جھنڈی گری اور ادھر سواروں نے گھوڑوں کے چابک رسید کئے۔ چابک مارنا تھا کہ قیامت بپا ہو گئی۔ مارے دولتیوں اور پشتکوں کے گھوڑوں نے سواروں کی جانیں ہلا دیں۔ بعض تو ڈر کر کود گئے۔ بعض ہمت والے تھے وہ یہ جھٹکے جھیلتے رہے لیکن تھوڑی ہی دیر میں

تماشائیوں کے سروں اور کندھوں پر گٹھڑیوں کی شکل میں نظر آئے۔ ایک "ایجاد" تھا کہ وہ ہوا لاول ہوا لاخر سب ہی کچھ رہا۔ چونکہ اس دوڑ میں لوگوں نے ذرا سمجھ بوجھ کر روپیہ لگایا تھا۔ اس لئے میری آمدنی بھی کچھ زیادہ ہوئی۔ پھر بھی ستر اسی ہزار میں نے بنا ہی لئے۔

اس واقعہ کے متعلق اخباروں میں جو مضامین شائع ہوئے ہیں ان میں سے بعض کا اقتباس ناظرین کی ضیافت طبع کے لئے درج ذیل کیا جاتا ہے۔

"اخبار گھوڑ دوڑ"

ہم کو سرکاری طور پر اطلاع ملی ہے کہ علاقہ نجد کے کسی نامعلوم مقام پر دو ہوائی جہازوں پر گولیاں برسائی گئیں جسکی وجہ سے وہ نیچے اترنے پر مجبور ہوئے۔ دونوں جہازوں پر جتنے لوگ سوار تھے۔ ان سب کو نہایت بیدردی سے ذبح کر دیا گیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ اسی مقام کے آس پاس کہیں سلطان روم کے خاصہ کے گھوڑوں کا جنگل ہے۔ ورنہ بلاوجہ جہازوں پر گولیاں چلانے اور ان کی سواریوں کو ہلاک کرنے کی کیا ضرورت تھی امید ہے کہ گورنمنٹ اس اہم معاملہ کو اپنے ہاتھ میں لیکر صدیوں کے راز کا انکشاف کریگی۔

پنچ میں ایک نہایت مختصر سا مضمون تھا۔ لکھا تھا کہ اس مرتبہ گھوڑوں کی دموں پر سہرہ باندھا گیا تھا۔ مگر بدقسمتی سے دوڑ کے وقت بہت سے سواروں کے چوتڑوں پر سہرہ بندہ گیا اور اکثر سواروں میں اتنی تیزی آگئی کہ وہ اپنے زور میں اچھل اچھل کر گھوڑوں کی گردنوں سے آگے نکل گئے۔

اخبار سائنس کا مضمون بہت عالمانہ تھا۔ اس نے روح پر بحث کر کے لکھا تھا کہ "ماہران فن علم حیوانات اس وقت تک قائل نہ تھے کہ انسان اور حیوان دونوں میں ایک ہی قسم کی روح ہوتی ہے۔ اور اسی لئے حیوانوں میں بھی رواج اور قدامت پسندی اسیطرح جاری اور ساری ہے۔ جس طرح انسانوں میں ہے۔ اس مسئلہ کا تصفیہ گذشتہ گھوڑ دوڑ نے نہایت اطمینان بخش طریقہ پر کر دیا اور اب کسی کو اس کے خلاف زبان ہلانے کی گنجایش نہیں رہی۔ رواج قدیم کے خلاف مگر اصول سائنس کے موافق اس گھوڑ دوڑ میں زین بجائے پیٹھ پر رکھنے کے گھوڑوں کے پٹھوں پر کسا گیا تھا۔ گو اس طریق عمل سے ان جانوروں کو زیادہ آسایش و سہولت تھی۔ لیکن رواج قدیم کے خلاف ہونے کی وجہ سے انہوں نے بطور احتجاج دولتیاں جھاڑنا

اور شیخیں مارنا شروع کیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اُن گھوڑوں کی بیوقوفی کے باعث پھر "ایجاد" نامی گھوڑا جو اصول سائنس کو سمجھتا اور اپنی آسایش کا احساس رکھتا تھا' بازی لیگیا۔ لیکن وہ زمانہ کچھ دور نہیں ہے۔ جب یہ جانور بھی اپنی ضد سے باز آئینگے اور اپنی قدامت پسندی کو اسی طرح ترک کر دینگے جس طرح گذشتہ گھوڑ دوڑ کے بعد سے انسانوں نے ترک کر دیا ہے۔

اب ڈربی کا نازک زمانہ قریب آگیا اور "ایجاد" کے ٹکٹوں کی قیمت چڑھنا شروع ہوئی۔ نوبت یہانتک پہنچی کہ روپے پر ایک آنہ بھی کوئی دینے پر تیار نہ تھا۔ لیکن اس کے ساتھ ہی میرے پیچھے ایک دوسرا خفقان لگ گیا۔ جو لوگ گھوڑ دوڑ کے فن سے واقف ہیں وہ جانتے ہیں کہ ایک گھوڑے کے نکل جانے سے شرطوں میں زمین آسمان کا فرق پڑھ جاتا ہے۔ اس لئے بعض بے ایمان لوگ ایسے نکل آتے ہیں جو گھوڑوں کو زہر دیدینے یا اصطبل کو بم سے اڑا دینے میں بھی تامل نہیں کرتے۔ باوجود میری حفاظتی تدابیر کے ایک روز رات کے بارہ بجے میرا اصطبل مع اصلی گھوڑے کے بم سے اڑا دیا گیا۔ اور بیچارے ناکردہ گناہ کے چیتھڑے اور کھال کے ٹکڑے کئی کئی میل کے فاصلہ پر پائے گئے۔ لیکن شکر ہے کہ میرا "ایجاد" اس حملہ سے محفوظ رہا۔ دوسرے ہی دن صبح کو اس واقعہ کا حال اخباروں میں بڑے بڑے موٹے موٹے حرفوں میں چھپ گیا اور چھپنے کے ساتھ ہی۔ ایجاد کے ٹکٹوں کی قیمت گر گئی۔ میرے لئے یہ "خدا شرے برانگیزد کہ خیرے ما در آں باشد" کا مصداق ہوگیا۔ اور میں نے دل کھولکر ٹکٹ خرید نا شروع کئے۔ ہزاروں تار تعزیت کے آئے۔ مگر میں نے ایک کا بھی جواب نہیں دیا۔ لوگوں کو تعجب ہوتا تھا کہ میں مرے ہوئے گھوڑے کے ٹکٹ کیوں خرید رہا ہوں۔ لوگوں میں بہت کچھ چہ میگوئیاں ہوئیں اور آخر انہوں نے پتہ چلالیا کہ "ایجاد" میرے سونے کے کمرے میں صحیح سلامت موجود ہے۔

ڈربی سے ایک دن پہلے میں اور مسٹر کل اپنے کمرہ میں کھڑے گھوڑے کی دیکھ بھال کر رہے تھے کہ سامنے کی کھڑکی میں سے پستول چلا اور گولی "ایجاد" کے پہلو میں لگ کر آر سے پار ہوگئی۔ میں کھڑکی سے کود کر اُس شخص کے پیچھے بھاگا لیکن وہ ہاتھ نہ آیا۔ پولیس میں اطلاع دینا گویا اپنا راز کھول کر خود کو تباہ کر لینا تھا۔ اس لئے خاموشی اختیار کی۔ واپس آکر میں نے اور مسٹر کل نے "ایجاد" کے پرزوں کو اچھی طرح

دیکھا بھالا۔ لیکن کوئی خرابی نظر نہ آئی۔ اور ہم نے "رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گذشت" کا ورد کر کے ساری رات آنکھوں ہی آنکھوں میں کاٹ دی۔ میں "ایجاد" کے مالک کی حیثیت سے تو تمام دنیا میں مشہور ہو گیا تھا لیکن دل چاہتا تھا کہ "ایجاد" پر سوار ہو کر اور خود ڈربی جیت کر اپنی شہرت کے چار چاند لگاؤں۔ اسلئے میں نے تہیہ کر لیا کہ کچھ ہی کیوں نہ ہو۔ اس مرتبہ تو میں ہی اسپر سوار ہونگا۔ مسٹر کل نے منع بھی کیا لیکن میں نے ایک نہ مانی۔ اور صبح ہی سے تیاری شروع کر دی۔

ڈربی کے میدان میں پہنچا تو دل ہیبت سے کانپ گیا جہاں تک نظر جاتی تھی آدمی ہی آدمی نظر آتے تھے۔ خود بادشاہ سلامت بھی معہ خاندان شاہی کے رونق افروز تھے۔ تمام گھوڑے یکے بعد دیگرے انکے سامنے سے گذارے گئے۔ جب "ایجاد" میدان میں آیا تو تالیوں کی گونج سے آسمان لرز گیا۔ بینے بھی خراماں خراماں گھوڑے کو میدان کا چکر دیا۔ اور سب گھوڑوں میں ملا کر کھڑا کر دیا۔ گھنٹہ بجا جھنڈی گری۔ اور سب گھوڑے آندھی کی طرح رواں ہوئے مگر "ایجاد" نے بے تحاشا بدکنا شروع کیا۔ ایک تو غصہ دوسرے شرمندگی۔ میں نے آؤ دیکھا نہ تاؤ۔ پورے زور سے تیز رفتاری کا بٹن دبا دیا۔ جس وقت بٹن دبایا تو اس کے منہ کی بجائے اسکی پیٹھ میدان کی طرف تھی۔ میری حیرت کی کچھ انتہا نہ رہی۔ جب میں نے دیکھا "ایجاد" نے پوری رفتار کے ساتھ الٹے پاؤں بھاگنا شروع کیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ رات کی گولی نے لگام والی رفتار کے پرزہ کو تو کوئی ضرر نہیں پہنچایا تھا۔ مگر تیز رفتاری کے پرزوں کے عمل کو بالکل بدل دیا تھا۔ یعنے گھوڑے کو روکنا چاہا۔ تو پسینے چھوٹ گئے۔ کیونکہ میرے زور سے دبانے کی وجہ سے بٹن دب کر ٹوٹ گیا تھا۔ اب کیا تھا گھوڑا ہوا سے باتیں کرنے لگا۔ اور تھوڑی دیر میں دوسرے گھوڑوں کو جا لیا۔ اور آن واحد میں اُن سے آگے نکل گیا۔ گو یہ گھوڑے آگے بڑھ رہے تھے۔ مگر میرے الٹی رفتار کے باعث پیچھے ہٹتے ہوئے معلوم ہوتے تھے۔ اور گو میں پیچھے ہٹ رہا تھا۔ لیکن دراصل اُن سے آگے بڑھا جاتا تھا۔ لوگوں کے قہقہوں اور تالیوں نے صور اسرافیل کی صورت پیدا کر لی۔ بعض سواروں کو ہنسی کی وجہ سے اپنے گھوڑوں کو روکنا پڑا۔ واقعہ کے بیان کرنے میں عرصہ لگا ہے۔ لیکن خود یہ واقعہ شروع ہوا اور آناً فاناً میں ختم ہو گیا۔ اور ڈربی کی تاریخ میں یہ پہلا اور آخری موقع تھا کہ جیتنے میں

کسی گھوڑے کا حساب سر کی لمبان سے لگانے کی بجائے دم کی لمبان لگانا پڑا ہو۔

اب مشکل یہ آپڑی کہ گھوڑا نہ اب رُکتا ہے نہ جب میدان کو عبور کر کے باڑ کو توڑتا ہوا تماشائیوں میں گھس گیا۔ جدھر نکل گیا۔ کائی سی پھٹ گئی۔ بھیڑ چھٹ گئی اور میدان صاف ہوگیا۔ اب میں کروں تو کیا کروں رفتار ایسی تیز تھی کہ کودنے کی ہمت نہ پڑتی تھی۔ میں نے دُور سے دیکھا کہ ایک خالی موٹر کھڑی ہے۔ جب گھوڑا اُس کے پاس سے نکلا۔ میں اللہ کا نام لے دھم سے موٹر میں کود پڑا۔ اب رہے میاں "ایجاد" تو خدا ہی بہتر جانتا ہے کہ اس کا کیا حشر ہوا۔ البتہ دوسرے روز کے اخبار میں ہوائی خبر سے یہ ضرور معلوم ہوا کہ ایک گھوڑا اُلٹا تیرتا ہوا افریقہ کے جنوبی کنارے پر دیکھا گیا۔ اخبار گھوڑ دوڑ کا خیال ہے کہ فطرت اس کو اپنے مسکن کی طرف لیجا رہی ہے۔ لیکن پنچ کی رائے ہے کہ جب تک اُس کی دم پہ سنہرہ بندھا رہیگا اس کی رفتار کم نہ ہوگی۔ اب آپ ہی بتائیے۔ کہ دونوں میں کون سچا ہے۔ میرے چوٹ تو آئی مگر سمجھا چلو جان بچی لاکھوں پائے۔ لنگڑے ہوگئے تو کیا ہرج۔ ڈربی تو جیت لی۔ بڈھیا مری تو مری آگرہ تو دیکھ لیا۔

کلیہ کی خبریں

از ابوالحسنات سید غلام محی الدین قادری ۔ زور

غالباً اس امر کا اظہار ضرور مسرت بخش ہوگا کہ ہمارا کلیہ ہر سال زیادہ مہتم بالشان ہوتا جارہا ہے، چنانچہ اس کی زندگی کا سال رواں بھی کئی امور کے لحاظ سے گذشتہ سالوں سے ممتاز ہے۔ اس بارے میں ہمیں سب سے پہلے جس امر کا ذکر کرنا ہے، وہ کلیہ کے حلقۂ اساتذہ کی وسعت ہے۔ نہایت خوشی کا مقام ہے کہ کلیہ کے شعبۂ السنۂ مشرقیہ میں اساتذہ کی جو کمی تھی اب وہ کما حقہٗ پوری ہوگئی ہے۔

حلقۂ اساتذہ میں اضافہ

فارسی کی پروفیسری پر جناب ڈاکٹر محمد نظام الدین صاحب مولوی فاضل ۔ پی، ایچ، ڈی اور عربی کے لئے جناب ڈاکٹر عبدالحق صاحب بی، لٹ ۔ پی، ایچ، ڈی کا تقرر اس شعبہ کے طلبہ کیلئے خوش قسمتی کا باعث ہے!! نیز اسی اثناء میں ہمارے ہی کلیہ کے ایک قدیم طالب علم جناب قاری سید کلیم اللہ حسینی صاحب ام، اے ۔ ال، ال، بی کا انتخاب مددگار پروفیسر فارسی کی جائداد پر عمل میں آیا ہے۔

برادرانِ کلیہ حلقۂ اساتذہ میں

جناب قاری صاحب سے پہلے بھی ہمارے کلیہ کے دو قدیم طالب علم جناب عبدالمجید صاحب صدیقی ام، اے ۔ ال، ال، بی اور جناب ضیاء الدین صاحب انصاری ام، اے کا تقرر شعبۂ تاریخ اور شعبۂ ریاضی کی مددگار پروفیسری پر ہوچکا ہے ہم اپنے ان تینوں برادران کلیہ کو مبارکباد دیتے ہیں!

چونکہ اس اثناء میں جناب ضیاء الدین صاحب انصاری مزید تعلیم حاصل کرنے کی خاطر متذکرہ بالا عہدہ سے مستعفی ہوکر راہی یورپ ہوئے، اس لئے ان کی جگہ پر

جناب خواجہ محی الدین صاحب اِم۔اے۔ کا تقرر عمل میں آیا ہے۔ اسی طرح جب بابر میرزا صاحب بی، اِس، سی۔ مددگار پروفیسر حیاتیات بھی مزید تعلیم کے لئے یورپ روانہ ہوئے تو ان کا کام جناب عبدالباری صاحب بی، اِس، سی۔ بی، ٹی۔ کے تفویض ہوا۔ نہایت خوشی کا مقام ہے کہ مسٹر ای۔ ای اسپیٹ پروفیسر انگریزی کی مدت ملازمت میں دو سال کی توسیع منظور ہوئی ہے، اور جناب ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم صاحب اِم اے۔ پی، اِچ، ڈی جو چند سال قبل مزید تعلیم حاصل کرنے کے لئے یورپ تشریف لے گئے تھے اب فائز المرام واپس ہو کر فلسفہ کے پروفیسر مقرر ہوئے ہیں۔ یہ امر بھی موجب مسرت ہے کہ اسی دوران میں جناب حسین علی مرزا صاحب بارسٹرایٹ لا قانون کے پروفیسر مقرر ہوئے ہیں۔ اور وکلائے عدالت العالیہ میں سے رائے بشیشر ناتھ صاحب بی، اے۔ اِل، اِل، بی، مسٹر رامچندر نائک اِم، اے۔ بارسٹرایٹ لا اور جناب خلیل الزماں صاحب بارسٹرایٹ لا کالیہ کی قانونی جماعتوں میں زائد درس دینے کے لئے انتخاب کیا گیا ہے۔

اب تک کلیہ میں جہاں شیعہ فنون کے "سنی" طلبہ کے لئے دینیات لازمی کی تعلیم کا انتظام تھا، شیعہ اور ہندو طالبعلم اس سے محروم تھے لیکن اب جناب ڈاکٹر ظہیر الدین احمد صاحب منشی فاضل۔ مولوی عالم۔ اجازۃ التدریس، لیسانس جو اسی سال مصر سے فارغ التحصیل ہو کر اور وہاں کے علمی حلقہ میں اپنی غیر معمولی قابلیت اور ذہانت کے باعث خاص طور پر شہرت حاصل کر کے بلدہ واپس ہوئے ہیں، ہندو اور شیعہ اخلاقیات کی تعلیم کے لئے کلیہ میں مددگار پروفیسر مقرر کئے گئے ہیں۔

ہم تمام جدید اساتذہ کا تہ دل سے خیر مقدم کرتے ہیں۔

برادرانِ کلیہ بلادِ یورپ میں

اسی سلسلہ میں اس امر کا اظہار بھی نامناسب نہوگا کہ اس وقت تک ہمارے کلیہ کے کئی طالب علم یورپ کی متفرق یونیورسٹیوں میں تعلیم حاصل کرنے کی خاطر روانہ ہو چکے ہیں اور نہایت مستعدی کے ساتھ کام کر رہے ہیں ان کی تفصیل حسب ذیل ہے:۔

	نام	مضمون	ڈگری	یونیورسٹی	کیفیت
۱	سید حسین صاحب اِم، اس، سی۔	کیمیا	پی، اِچ، ڈی	لندن	وظیفہ یاب سرکاری
۲	صلاح الدین صاحب اِم، اے۔	فلسفہ	" "	آکسفورڈ	" "

	نام	مضمون	ڈگری	یونیورسٹی	کیفیت
۳	میر ولی الدین صاحب منشی فاضل۔ اِم اے۔	فلسفہ	پی، ایچ، ڈی	لندن	وظیفہ یاب سرکاری
۴	میر سیادت علیخاں صاحب مولوی فاضل۔	اصول قانون	〃 〃 〃	اکسفورڈ	〃 〃
	اِم، اے۔ اِل، اِل، بی۔				
۵	مقبول علی صاحب بی، اے۔	طبابت	اِف، آر، سی، اِس	لندن	〃 〃
۶	اکبر علیخاں صاحب بی، اے۔	قانون	اِل، اِل، بی۔	〃	ذاتی اخراجات سے روانہ ہوئے تھے۔ اِل، اِل، بی آنرز کی ڈگری حاصل کرنے اور بارسٹرایٹ لا ہونے کے بعد پیوستہ ماہ میں حیدرآباد واپس ہوئے ہیں۔ ہم انکا خیر مقدم کرتے ہیں۔
۷	محمود عالم صاحب بی، اے۔	انجنیرنگ	بی، اِس، سی	مینچسٹر	وظیفہ یاب سرکاری
۸	نعمت اللہ صاحب	〃	〃	〃	بی، اِس، سی آنرس کی سند حاصل کرنے کے بعد حیدرآباد واپس ہوئے ہیں، ہم انکا خیر مقدم کرتے ہیں۔
۹	جعفر حسن صاحب	معاشیات	پی، ایچ، ڈی	جرمنی	ہمارے کلیہ میں انٹرمیڈیٹ کے طالب علم تھے۔ ذاتی اخراجات سے روانہ ہوئے ہیں۔
۱۰	صاحبزادہ سردار علیخاں صاحب	معاشیات	بی، کام	کمبرج	انٹرمیڈیٹ کا امتحان کامیاب کرنے کے بعد سرکاری وظیفہ پر گئے ہیں۔

	نام	مضمون	ڈگری	یونیورسٹی	کیفیت
۱۱	عبدالوحید صاحب مولوی عالم منشی فاضل قانون	اِل اِل ڈی		لندن	ذاتی اخراجات سے روانہ ہوئے ہیں
	ام اے ۔ اِل اِل بی				
۱۲	ضیاءالدین صاحب انصاری	انجینیرنگ	بی اس سی	مینچسٹر	مددگار پروفیسر کی جائداد سے مستعفی ہوکر وظیفہ سرکاری سے روانہ ہوئے ہیں ۔
	اِم اے ۔				
۱۳	رضی الدین صاحب بی اے ۔	ریاضی	(ٹرائپس)	کیمبرج	انعامی وظیفہ یاب

ان کے علاوہ شعبہ دینیات کے ایک طیلسانی قاری قطب الدین صاحب بی اے ۔ کو مصر میں اعلیٰ تعلیم پانے کے لئے وظیفہ دیکر روانہ کیا گیا ہے اور محمد ابراھیم صاحب بی اے کو ام اس سی کی تعلیم ختم کرنے کے بعد انجنیری کی تعلیم حاصل کرنے کے لئے ایک ایشیائی وظیفہ دیا گیا ہے ۔

ہمیں قوی اُمید ہے کہ یہ تمام برادران کلیہ اپنے اعلیٰ ارادوں میں مستقل رہکر اور اپنے اپنے مقاصد میں کامیاب ہوکر وطن واپس ہوں گے اور اپنے ملک کی خدمت بوجہ احسن انجام دینگے ۔ ہم ان کی ہر قسم کی ترقی کے لئے دست بدعا ہیں ۔

حیدرآباد سول سروس کئی سال تک بند رہنے کے بعد اس سال سے پھر حیدرآباد سول سروس کے لئے انتخابات شروع ہوئے ہیں، چنانچہ اس سال ہمارے کلیہ کے ایک طیلسانی حمید الدین محمود صاحب بی اے بھی منتخب کئے گئے ہیں ۔ ہم ان کو مبارکباد دیتے ہیں ۔

انجمن اتحاد کلیہ کے کارہائے نمایاں اس سال کلیہ کی زندگی کو شاندار بنانے میں انجمن اتحاد نے بھی کافی حصہ لیا ۔ اس کا پہلا جلسہ ایک مشاعرہ تھا جو نہ صرف کلیہ بلکہ حیدرآباد میں اپنی نوعیت کے لحاظ سے پہلا جلسہ تھا ۔ اس میں عام مشاعروں کی طرح غزلگوئی کے لئے مصرعہ طرح دینے کے علاوہ ایک خاص موضوع "نغمہ" پر نظمیں لکھائی گئی تھیں ۔ یہ نظمیں غیر معمولی طور پر کامیاب رہیں ۔ چنانچہ جب انجمن اتحاد نے

ان کا مجموعہ شائع کیا تو ادبی حلقوں میں اس کا خاطر خواہ خیر مقدم کیا گیا۔ رسالجات "اردو"۔ "ہمایوں"۔ "الناظر" اور دیگر رسائل و اخبارات میں اس کی تعریفیں کی گئیں۔

انجمن اتحاد کا دوسرا جلسہ معاشرتی تھا۔ (Social Gathering) جو مسرت منزل میں منعقد ہوا تھا۔ اور درحقیقت کلیہ کی معاشرتی زندگی میں پہلا قدم تھا۔ اس میں ایک چھوٹا سا ڈرامہ کیا گیا تھا نظم خوانی کے علاوہ موسیقی سے بھی حاضرین بے حد محظوظ ہوئے۔ اس جلسہ میں سید اکبر وفا قانی صاحب بی اے (عثمانیہ) کو بہترین سوانگ (Acting) کے صلہ میں ایک تمغہ دیا گیا۔

علاوہ متعدد معمولی جلسوں کے انجمن اتحاد نے خاص نوعیت کے چند غیر معمولی جلسے بھی کئے جن میں سے بعض کی تفصیل حسب ذیل ہے:۔

۱۔ ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم صاحب ایم اے۔ پی ایچ ڈی پروفیسر فلسفہ کی تقریر "شاعری کا اثر زندگی پر" کے نہایت دلچسپ موضوع پر ہوئی۔ ڈاکٹر صاحب موصوف نے اسکو ایک مستقل اور نئے عنوان سے قلمبند کر کے ہمارے رسالے کے لئے عنایت کیا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ وہ اس سلسلہ کو جاری رکھینگے۔

۲۔ جناب حسین علی مرزا صاحب بارسٹرایٹ لا پروفیسر قانون نے انگریزی میں ایک نہایت عالمانہ تقریر (Teh Rational Good in Legislation) پر فرمائی جس سے ہماری معلومات میں مفید اضافہ ہوا۔

۳۔ ڈاکٹر محمد مظفر الدین صاحب قریشی ایم اے۔ پی ایچ ڈی پروفیسر کیمیا نے بھی انگریزی میں (Science and what the world owes to it) پر تقریر فرمائی جو باوجود ایک مخصوص علمی موضوع پر ہونے کے عام فہم اور جدت آمیز تھی۔

کلیہ جامعہ عثمانیہ اور نظام کالج میں ادبی اور معاشرتی اتحاد

اس سال کے خوشگوار واقعات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ کلیہ جامعہ عثمانیہ اور نظام کالج میں ادبی و معاشرتی اتحاد قائم ہوا "نظام کالج یونین" کے انگریزی "انٹر کالجیٹ ڈیبیٹ" میں ہمارے یہاں سے تین طلبہ بھیجے گئے تھے مضمون (The League of Nations has justified itself) تھا۔ مقابلہ میں ہمارے

کلیہ کے ایک طالب علم محمد عبدالجلیل صاحب حال متعلم اِل' اِل' بی (ابتدائی) کی تقریر بہتر سمجھی گئی اور انھیں تمغہ دیا گیا۔ اس کے علاوہ "نظام کالج یونین" نے "اردو برجستہ مضمون نگاری" کیلئے بھی ہمیں مدعو کیا۔ "تہذیب حاضر کی خصوصیات" پر مضمون لکھا گیا انہیں بھی ہمارے ہاں کے ایک طالبعلم محمد حمید اللہ صاحب حال متعلم بی' اے (سال دوم) اول آئے۔ اور انھیں تمغہ ملا۔

انجمن اتحاد اور دیگر مقامی انجمنیں انجمن اتحاد کو اس سال حیدرآباد کی اور انجمنوں نے بھی مقابلہ کی دعوت دی۔ "انجمن اتحاد المسلمین" کے مقابلے کے جلسوں میں ہمارے ہی کلیہ کے دو طالب علم اول رہے۔ سید محمد صاحب متعلم اِم' اے (سال اول) کو تقریر میں طلائی تمغہ ملا اور ابوالکلام بدرالدین صاحب بدر متعلم بی' اے (سال اول) کو "خلیفہ شاعری تمغہ" ملا۔ "مجلس جشن میلاد النبی" سکندرآباد کی مضمون نگاری کے مقابلہ میں بھی ہمارے ہاں کے طالب علم محمد حمید اللہ صاحب متعلم بی' اے (سال دوم) اول آئے ــــ ہم اپنے ان تمام کامگار بھائیوں کو مبارکباد دیتے ہیں۔

انجمن اتحاد اور "مجلہ عثمانیہ" کی اجرائی یہاں اس امر کا اظہار بھی ضروری ہے کہ اس سال انجمن اتحاد کا سب سے بڑا کارنامہ "مجلہ عثمانیہ" کی اجرائی ہے اس کے موجودہ عہدہ دار قابل مبارکباد ہیں کہ ان کے زمانہ میں انجمن کو یہ کامیابی حاصل ہوئی۔ اس باب میں جناب صدر صاحب کلیہ کی خاص عنایتوں کا شکریہ کسیطرح بھی ادا نہیں کیا جاسکتا انہوں نے اجرائی رسالہ کے متعلق انجمن کے جملہ مطالبات پر کافی غور و خوض فرمانے کے بعد نہ صرف ان کو کامیاب بنایا بلکہ رسالہ کے جملہ امور میں ہماری خاطر خواہ مدد فرمائی۔ انجمن اتحاد کے نائب صدر سید معین الدین صاحب قریشی نے اپنے خطبہ صدارت میں اپنے پیشروؤں کی طرح رسالہ کی اجرائی کا صرف وعدہ ہی نہیں کیا بلکہ اس کو پورا کرنے کے لئے بھی کافی جدوجہد کی' ہم ان کی مساعی جمیلہ کے معترف ہیں۔ اس بارے میں انجمن اپنے خزانہ دار ڈاکٹر نظام الدین صاحب کی بھی رہین منت ہے جنہوں نے رسالہ کی اجرائی کی تحریک میں خاص طور پر انجمن کا ہاتھ بٹایا۔

کلیہ کی دوسری انجمنیں اسی سلسلہ میں کلیہ کی بعض دوسری انجمنوں کا ذکر کرنا بھی ضروری ہے:ــــ

۱۔ بزم معاشیات:ــــ کلیہ کی سب سے قدیم انجمن ہے۔ اس کا ابتدائی دور بہت شاندار تھا۔ اب

خاموشی سے اپنا کام انجام دے رہی ہے۔ اس کے نائب صدر ابو منصور حمید صاحب متعلم بی اے (سال سوم) اور معتمد عبدالرحمٰن رئیس صاحب متعلم (سال دوم) ہیں۔

۲۔ بزم تاریخ:۔۔۔۔ اس میں زیادہ تر تحقیقی مضامین پڑھے جاتے تھے۔ توقع ہے کہ اس کے مضامین عنقریب ایک رسالہ کی صورت میں شایع ہو جائیں گے۔ اس کے صدر سید ضیاالعارفین صاحب متعلم ام اے و ال ال بی (آخری) اور معتمد نذیرالدین صاحب متعلم بی اے ہیں۔

۳۔ بزم سائنس:۔۔۔۔ اس میں سائنٹیفک مضامین پڑھے جانے کے علاوہ سائنس اور ریاضی کے اہم مسائل پر مباحثے ہوتے ہیں۔ اسکے نائب صدر رضی الدین صاحب اور معتمد انصارالدین صاحب متعلم بی اے (سال دوم)

۴۔ بزم قانون:۔۔۔۔ یہ انجمن بہت گرمجوشی سے کام کر رہی ہے، علاوہ قانونی مباحث کے مصنوعی عدالتیں بھی اس کے زیر اہتمام قائم کیجاتی ہیں۔ نائب صدر۔ عبدالرؤف صاحب متعلم ام اے۔ ال ال بی (آخری) معتمد مدن موہن لعل صاحب متعلم ال ال بی (ابتدائی)

۵۔ ہم اس سلسلہ میں مرحوم ۔۔۔ بزم ادب ۔۔۔ کے متعلق بھی کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ یہ بزم تقریباً چار سال سے معطل ہے۔ ہمیں اُمید ہے کہ السنۂ مشرقیہ اور خصوصاً اُردو کے اساتذہ اور طلبہ اس کی طرف خاص توجہ فرمائینگے

۶۔ "الجمعیۃ العربیہ"۔۔۔۔ ان طلبہ کی بزم ہے جن کا اختیاری مضمون عربی ادب ہے۔ اسی سال قائم ہوئی ہے۔ اس کے صدر ڈاکٹر عبدالحق صاحب پروفیسر عربی ہیں۔ اس کی خصوصیت یہ ہے کہ اس کا جملہ کاروبار عربی میں ہوتا ہے۔ شرکاء کو عربی زبان کی تقریر و تحریر کی طرف متوجہ کرنا اور اس کی عادت ڈالنا اس کا مقصد ہے۔ اس میں صرف عربی زبان میں تقریریں کرائی جاتی ہیں۔ اس کے نائب صدر خواجہ محمد احمد صاحب متعلم بی اے (سال دوم) اور معتمد حمید اللہ صاحب متعلم بی اے (سال دوم)۔

۷۔ "یونیورسٹی ٹریننگ کور"۔۔۔۔ اس کے متعلق بھی کارروائی جاری ہے۔

کھیل اس سال رقمی گنجایش میں کمی ہونے کے باعث طلبہ کو کھیلوں کی شرکت میں دقت واقع ہو رہی تھی لیکن عالیجناب صدر صاحب کلیہ، کھیلوں کے نگرانکار اساتذہ اور نائب صدر صاحب انجمن اتحاد کی ہمدردی اور مدد کی وجہ سے یہ مشکل بہت کچھ رفع ہوئی۔

۱۔ فٹ بال ٹیم :۔۔۔ ہمارے کلیہ کی فٹ بال ٹیم نے غیر معمولی شہرت حاصل کی ہے۔ اورنگ آباد، علی گڈھ، اور آل انڈیا مجید ٹورنمنٹس میں شاندار کامیابیاں حاصل کیں۔ یہاں کے سررشتہ تعلیمات کے ٹورنمنٹ میں ہر سال کامیاب ہوتی رہی ہے۔ اس سال اورنگ آباد ٹورنمنٹ میں باوجود سخت مقابلوں کے نہایت شاندار کامیابیاں حاصل کیں۔ ہم اس کے تمام کھلاڑیوں خصوصاً اس کے کپتان صاحبزادہ میر محبوب علیخاں صاحب متعلم انٹرمیڈیٹ (سال دوم) کی مساعی جمیلہ کی داد دیتے ہیں۔

اس اثناء میں "بی ٹیم" بھی خاصی ترقی کرتی رہی۔ لیکن گذشتہ سال پونہ نہ جاسکنے کے باعث اس میں کچھ پستی سی پیدا ہوگئی ہے اس وقت اس کی حوصلہ افزائی کی ضرورت ہے۔ فٹ بال ٹیم کے نگرانکار جناب الیاس برنی صاحب ایم اے۔ ایل ایل بی پروفیسر معاشیات ہیں

۲۔ ہاکی ٹیم :۔۔۔ گذشتہ دو ایک سالوں سے خوب کام کر رہی ہے۔ اس سال بھی اورنگ آباد ٹورنمنٹ میں جہاں نہایت مشاق ٹیموں سے مقابلہ کرنا پڑا خاصی کامیابی حاصل کی۔ اس کے کپتان بشیرالدین احمد صاحب متعلم بی اے (سال دوم) کی دلچسپی قابل قدر ہے۔ اس کے نگرانکار جناب ابن حسن صاحب ایم اے پروفیسر تاریخ ہیں۔

۳۔ کرکٹ ٹیم :۔۔۔ اس ٹیم نے اس سال خاطر خواہ ترقی کی ہے۔ چنانچہ جملہ مقامی ٹیموں کے مقابلہ میں کامیابیاں حاصل کیں۔ اس کے کپتان علی محمد خانصاحب متعلم ایم اے۔ ایل ایل بی (سال ابتدائی) ہیں جن کی گرمجوشی اور مستعدی کے باعث اس سال یہ ٹیم خاص طور پر مہتم بالشان ہوگئی ہے۔ چنانچہ اورنگ آباد میں بھی اس نے لائق تحسین کامیابی حاصل کی۔ اس کے نگرانکار ای، ای اسسٹنٹ پروفیسر انگریزی ہیں۔

۴۔ "ٹینس کلب" بھی خاصی ترقی کر رہا ہے۔ اسکے سکرٹری اکرام اللہ صاحب متعلم۔ بی اے (سال دوم) ہیں اور نگرانکار پروفیسر صدیق حسن صاحب ایم اے ہیں۔ اس سال کھلاڑیوں میں محبوب علیصاحب نے (جنکو فٹبال ہاکی اور کرکٹ تینوں سے خاص شغف ہے) بولنگ (Bowling) میں بشیرالدین احمد صاحب جمیل احمد صاحب و عبیداللہ صاحب کاظمی نے بیٹنگ (Batting) میں نمایاں طور پر ترقی کر کے تمغہ امتیاز حاصل کیا ہے۔ علی محمد خانصاحب جو جنرل سکرٹری کی حیثیت سے ٹیموں کے ساتھ اورنگ آباد گئے تھے ہمارے کھلاڑیوں کو اپنے حسن انتظام سے

آرام پہونچانے میں کافی کامیابی حاصل کی۔ ہم ان تمام کو مبارکباد دیتے ہیں۔

کھیلوں کا ذکر کرتے ہوئے عالیجناب صدر صاحب کلیہ کی ان تمام عنایتوں کا اظہار کرنا ضروری ہے جو انہوں نے حیدرآباد کے مقامی ٹورنمنٹوں میں جب ہماری فٹ بال اور ہاکی ٹیمیں کامیاب رہیں تو انعامات تقسیم کئے اور کھلاڑیوں کی خاطر خواہ ہمت افزائی کی ہم نگرانکار صاحبان کو بھی ان کی ٹیموں کی کامیابیوں پر مبارکباد دیتے ہیں اور توقع کرتے ہیں کہ آئندہ وہ اپنی ٹیموں سے اور بھی زیادہ اظہار دلچسپی فرمائیں گے۔

متفرق مجالس علمی

اس سال "الہ آباد اورینٹل کانفرنس" کی شرکت کے لئے ہماری جامعہ کی جانب سے بھی میں اساتذۂ کلیہ کی اساتذہ روانہ کئے گئے تھے۔ جناب ڈاکٹر محمد نظام الدین صاحب نے شعبہ فارسی کی جامعہ عثمانیہ کی جانب جناب ڈاکٹر عبدالحق صاحب نے شعبہ عربی کی اور جناب سبارائو صاحب نے السنہ سے نمایندگی تلنگی وکنڑی وغیرہ کی نمایندگی کی۔

اسی طرح "سائینس کانگرس لاہور" میں جناب وحیدالرحمن صاحب پروفیسر طبیعیات اور جناب ڈاکٹر مظفرالدین صاحب قریشی پروفیسر کیمیا نے اور "فلاسفکل کانفرنس بنارس" میں جناب ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم صاحب پروفیسر فلسفہ نے نمایندگی کی۔

وائس چانسلر ڈھاکہ یونیورسٹی کی آمد۔

تعطیلات دسہرہ کے موقع پر مسٹر لانگلے وائس چانسلر ڈھاکہ یونیورسٹی حیدرآباد تشریف لائے اور جامعۂ عثمانیہ اور دارالترجمہ کو دیکھکر ان کی خاطر خواہ داد دی۔

بڑودہ یونیورسٹی کمیشن کی آمد

حال ہی میں تعطیلات موسم سرما کے زمانہ میں بڑودہ یونیورسٹی کمیشن کے اراکین مسٹر وجیری اور ڈاکٹر ناٹک جامعہ عثمانیہ کے علمی کاروبار اور علی الخصوص زبان مادری میں تعلیم دینے کے طریقے اور ان کے نتائج وغیرہ سے بہرہ ور ہونے کے لئے حیدرآباد آئے تھے جامعہ کے بعض عہدہ داروں اور اساتذہ سے دیر تک ملاقات کرنے کے بعد جامعہ کی سرگرمیوں اور اس کی وسیع کارگزاریوں کا اثر اپنے ساتھ لیتے گئے۔

نواب حیدر نواز جنگ بہادر کی خدمت میں مبارکباد

نہایت خوشی کا مقام ہے کہ عالیجناب نواب حیدر نواز جنگ بہادر صدر المہام فینانس گذشتہ سال پنجاب یونیورسٹی کی جانب سے جلسہ تقسیم اسناد میں خطبہ سنانے کی دعوت دیگئی تھی

اور اب وہ "انٹر یونیورسٹی بورڈ" کے صدر منتخب ہوئے ہیں۔ ہم اس اعزاز پر نواب صاحب ممدوح کو مبارکباد دیتے ہیں۔

جلسہ تقسیم اسناد اس سال کا بھی جلسہ تقسیم اسناد نہایت شاندار تھا۔ مہاراجہ سر کشن پرشاد بہادر یمین السلطنت صدر اعظم اور میر جامعہ عثمانیہ نے کامیاب طلبہ کو سندیں عنایت کیں۔ اور عالیجناب نواب صدر یار جنگ بہادر صدر التصدور اور میر شعبہ دینیات جامعہ عثمانیہ نے اپنا پر مغز اور عالمانہ خطبہ سنایا۔ اگرچہ یہ خطبہ متعدد اخبارو رسائل میں شائع ہو چکا ہے لیکن اس کے بعض حصے ہمارے لئے خاص طور پر کارآمد ہیں اسلئے ہم ذیل میں اس کا اقتباس درج کرتے ہیں امید ہے کہ برادران کلیہ ان کا بغور مطالعہ کرکے کما حقہٗ مستفید ہوں گے۔

ہم نواب سر امین جنگ بہادر کے 'سی' آئی' ای۔ اِل' اِل' بی۔ اِف' آر' اے' اِس کی خدمت میں جن کو اس سال ہماری جامعہ کی طرف سے ان کے علمی ذوق اور وسیع معلومات کے اعتراف میں اِل اِل ڈی۔ کی اعزازی ڈگری دی گئی ہے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ اور ان کے ساتھ ہمارے اُن کامیاب برادران کلیہ کو بھی جنھوں نے اس سال بی' اے۔ اِم' اے اور اِل' اِل' بی کی سندیں حاصل کی ہیں مبارکباد دیتے ہیں۔

اقتباس خطبہ نواب صدر یار جنگ بہادر "میرے عزیز طلبا سامعین۔ چند لفظ خصوصاً آپ کو بھی مخاطب کرکے پیش کرتے ہیں۔ یہ نصیحت نہیں ہے۔ ناصح بننا مشکلات کا دروازہ کھولنا ہے۔ بات صرف اتنی ہے کہ آپ کی خیر خواہی اس موقع پر چند باتیں کہنے پر آمادہ کرتی ہے۔ آپ کی سعادتمندی سے امید ہے کہ دل لگا کر سنینگے۔ آپ تحصیل سے فارغ ہوکر جامعہ کو خیرباد کہہ رہے ہیں اور مادر علم کی آغوش شفقت سے عنقریب جدا ہوکر میدان عمل میں اپنے بل پر کھڑے رہنے والے ہیں جس کا دوسرا نام زندگی کی کشمکش میں در آنا ہے۔ اس کشمکش میں آپ کا طرز عمل ثابت کردیگا کہ آپ حصول تعلیم میں کہاں تک کامیاب ہوئے اور اس جامعہ کی تربیت نے کتنا گہرا اثر آپ کے دل و دماغ پر کیا۔ آیندہ زندگی کا امیدافزا آپ کی نگاہوں میں اُمید کا ایسا دلکش سبزہ زار ہے' جس کی کامیابی کی راحت لہرا رہی ہے اور فتح و فیروزی کی بشارت سامعہ نواز ہے۔ اس دل خوش کن خیال میں خلل انداز ہونا' سنگدلی ہوسکتا ہے مگر فرض خیر خواہی

مجبور کرتا ہے کہ میں آپ سے کہوں کہ اس سبزہ زار میں کانٹے بھی ہیں، نشیب و فراز بھی۔ اسی طرح ٹھوکریں کھانے اور پاؤں زخمی ہونے کا سامان بھی تیار ہے۔ آپ کو احتیاط سے چلنا اور پھونک پھونک کر قدم رکھنا ہوگا۔ مشکلات پر غالب آنے کی سعی کرنی ہوگی۔ کامیابی کے دو طریقے آپ کے سامنے ہوں گے۔ ایک مردانہ اور فاتحانہ ہے دوسرا بزدلانہ اور غلامانہ۔ ان دونوں طریقوں میں سے ایک کا انتخاب ثابت کردیگا کہ آپ جامعہ سے کیا لیکر نکلے۔ مردانہ طریقہ صداقت، ہمت اور عزت نفس میں پوشیدہ ہے۔ اس طریقے سے مشکلات پر غالب آکر آپ کا دل وہ مسرت محسوس کرے گا جو ایک فاتح کا دل محسوس کرتا ہے۔ اس مسرت سے آپ کا دل بڑھیگا اور ہمت کی صدا "شاباش بیٹے" آپ کے ضمیر کے کان سنتے رہینگے۔ یہ صدا آپکے کاروان سعی کی بانگ درا ہوگی۔ جو شریفانہ صفات آپ جامعہ سے لیکر نکلے تھے وہ اس طرح پرورش پاتے اور ترقی کرتے رہینگے اور ان کا سایہ دنیا و آخرت میں آپ کے لئے روحی راحت کا سامان بنے گا۔ اور یہ بھی سُن لو کہ جب آپ کی ان کامیابیوں کی خبریں آپ کی مادر مشفقہ جامعہ سنیگی اُسکے گھر میں عید ہوگی اور گھی کے چراغوں کی روشنی۔ وہ نور آیندہ نسل طلبا کے لئے چراغ ہدایت بنے گا۔ مبارک زندگی اسکو کہتے ہیں۔

دوسرا طریقہ حصول مُدعا کا بزدلانہ میں نے بتایا ہے، اس طریقے کے گندے عناصر خوشامد، دھوکہ اور پست ہمتی ہیں۔ ان کے ذریعے سے مقصد اعلیٰ تو حاصل ہی نہیں ہوسکتا۔ ادنیٰ فوائد البتہ حاصل ہوجاتے ہیں۔ اس طریقے سے حصول مقصد کے بعد ضمیر وہ ندامت محسوس کرتا رہتا ہے جو ایک چور چوری کے بعد کرتا ہے اس روش سے وہ شریفانہ خصال جو ثمرۂ تعلیم و تربیت ہیں رفتہ رفتہ پژمردہ ہوکر فنا ہوجاتے ہیں اور یہ پڑھے لکھے آدمی پھر جاہلوں کے طبقے میں جا ملتے ہیں۔

یہانتک میری التماس کا تعلق آپ کے تربیتی پہلو سے تھا۔ دُوسرا پہلو آپ کی زندگی کا علمی ہے۔ اس جامعہ میں رہکر جو شرف علمی آپ نے حاصل کیا ہے وہ، وہ شرف ہے جس کی بدولت انسان انسان بنا بلکہ فرشتوں کا مسجود۔ اس شرف کی حفاظت اُسی طرح آپ پر فرض ہے جس طرح یہاں کے حاصل کردہ اخلاقی خصائل کی۔ یہ خیال رکھنا چاہئے کہ جامعہ کا نصاب ختم کرکے آپ شہر علم میں داخل ہوئے ہیں۔ جامعہ سے جدا ہوکر علمی ترقی اور مطالعے کا اہتمام آپ کا رفیق زندگی رہے۔ ایک عالم سے پوچھا کہ مطالعہ کی

انتہا کیا ہے۔ کہا جب تک زندگی مہربان رہے۔ مادامت الحیواۃ تحسن بہ۔ امام ادب ثعلب چلتے چلتے سرراہ کتاب دیکھتے جاتے تھے، کسی سواری کے دھکے سے گرے اور اس صدمے سے جاں بحق ہوئے۔ افسوس ان کی عمر ۹۶ برس کی تھی۔ ان دو مثالوں سے آپ کو سرحد مطالعہ کی دوری کا تصور ہو سکے گا۔

کلیوں کی دیواروں پر پرانے طلبا کے ناموں کی فہرستیں جلی حروف میں لکھی ہوئی آویزاں رہتی ہیں۔ ان فہرستوں میں اُن طلبا کے نام ہوتے ہیں جو جامعہ کی چار دیواری میں کسی نہ کسی حیثیت سے نامور رہے۔ کلیہ سے باہر جاکر بہت سے ایسے ہوتے ہیں جو گمنام ہو جاتے ہیں۔ ان کے نام پڑھکر مفقود الخبر عزیزوں کی گم شدگی کا سماں آنکھوں میں پھر جاتا ہے۔ بعض ایسے ہوتے ہیں جو اعلیٰ مدارج پر فائز ہوئے، ان کے نام پڑھنے سے دل میں ایک فخریہ خیال پیدا ہوتا ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ کلیہ کے در و دیوار بھی اس فخر میں شریک ہیں۔ بعض ایسے نام ہوتے ہیں جو مابعد کی زندگی میں بدنام ہوئے، ان کو دیکھکر دل میں خجالت پیدا ہوتی ہے اور محسوس ہوتا ہے کہ درسگاہ کے در و دیوار بھی اظہار ندامت کر رہے ہیں۔

خدا کرے آپ صداقت، ہمت، خودداری کے سایہ میں کامیابی کا سہرا حاصل کریں۔ بسم اللہ، زندگی کے میدان میں قدم رکھئے مادر علمی کا پیام ہے۔ ع دیدۂ سعدی و دل ہمراہ تست۔

اے وہ نونہالانِ جامعہ جن کو ابھی یہاں رہنا ہے، خوبیٔ قسمت نے آپ کو اس مقام تک پہنچادیا ہے جو انسان بننے کا مقام ہے۔ آپ کی کوشش یہ ہونی چاہئے کہ یہاں کے فیض سے پورا نفع اٹھائیں، علم کے جواہرات سے دل و دماغ منور و پرنور ہو، تربیت عمدہ اخلاق کو طبیعت ثانیہ بنادے۔ یہ ممکن نہیں جب تک کہ آپ خود اپنی تعلیم میں اپنے استادوں کا ہاتھ نہ بٹائیں۔ استاد، علم کی صدا آپ کے پردۂ گوش تک پہنچا سکتا ہے، وہاں سے دل تک لیجانا اور دل میں محفوظ رکھنا یہ آپ کا کام ہے، اس طرح آپکا کام بھی آسان نہیں۔ سستی اور ایام گزاری طالب علمانہ زندگی کیلئے سم قاتل ہے۔ ہمت کی بلندی ہی سے منزل طے ہوتی ہے۔ حکیم فارابی کو طالبعلمی کے زمانے میں چراغ جلانے کی مقدرت نہ تھی البتہ شوق، چراغ ہدایت تھا۔ پاسبانوں کی قندیلوں سے مطالعہ کرتا۔ اسی ہمت کی بلندی نے اسکو معلم ثانی یا دوسرا ارسطو بنادیا۔ جب تم بحر علم کے کنارے پر کھڑے ہو تو گھونگوں اور صدف پاروں کے جمع کرنے پر قانع مت ہو، سمندر میں کود و غوطے لگاؤ، گہرے جاؤ، درشاہوار نکالو، اونچی روشنی نہ صرف تم کو بلکہ تمھاری جامعہ کے در و دیوار کو بھی روشن و تابناک بنادیگی۔"

خطبۂ صدارت

جشن

سید معین الدین قریشی نائب صدر انجمن اتحاد نے فروری ۱۹۳۵ء کو انجمن اتحاد کے سالانہ اجتماع کے افتتاحیہ جلسہ میں پڑھا۔

جناب صدر، معزز اساتذہ اور برادرانِ کلیہ۔

آپ حضرات کے اس لطف و کرم کا میں تہ دل سے ممنون ہوں جس کی بنا پر مجھے اس سال آپ کی خدمت گزاری کی سعادت حاصل ہوئی ہے۔ جس حسنِ عقیدت اور عنایت سے آپ نے مجھے یہ اعزاز بخشا ہے اس کا جواب یہی ہو سکتا ہے کہ اپنے خدمات اور فرائض کو بہ احسن وجوہ انجام دوں اور آپ کے جذبات اور خیالات کی ترجمانی میں کسی قسم کی کوتاہی نہ کروں۔

ہر نیا سال اپنے ساتھ نئی امیدوں اور تمناؤں کا ایک طوفان لاتا ہے۔ اس کی آمد زندگی کی ایک نوید ہوتی ہے جو ہمارے جوش میں تازگی اور ہمارے عمل میں استقامت پیدا کرتی ہے۔ میں جانتا ہوں کہ نت نئے توقعات اور رنگ برنگ کے ولولوں سے آپ کے دل معمور ہیں۔ اور اُن کی تکمیل کے ذمہ دار میں اور میرے ساتھی گردانے گئے ہیں۔ ہم آپ کو اس امر کا یقین دلاتے ہیں کہ آپ کی توقعات کو پورا کرنے میں ممکنہ کوشش کریں گے لیکن یہ کام تنہا ہمارے بس کا نہیں۔ خود آپ حضرات کی دلچسپی اور اتحادِ عمل مستقل طور پر ہمارے شاملِ حال رہا تو یقین ہے کہ ہم اپنے "خواب تمنا" کی تعبیر دیکھ سکیں۔

حضرات! ایک سال ختم ہو چکا اور نئے سال کا آغاز ہے لیکن مرحوم سال نے جاتے ہوئے ہماری بعض عزیز ترین ہستیوں کو بھی اپنے دامن میں چھپا لیا۔ حضرت منجھلی شہزادی صاحبہ کی وفات نے ملک پر غم و اندوہ کی ایک گھٹا مسلط کر دی۔ اعلیحضرت بندگان عالی کے اس رنج و الم میں ملک کا بچہ بچہ شریک ہے جس کا ثبوت اس عام سوگواری سے مل سکتا ہے جو ملک کے گوشہ گوشہ میں بپا ہے۔

کالج کی زندگی میں مولوی محبوب علیصاحب پروفیسر قانون کا انتقال نہایت ہی جاں سوز اور المناک سانحہ ہے جس نے یہاں کی علمی دنیا کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا۔ اُن کی زندگی کا چراغ اگرچہ ہمیشہ کے لئے گل ہو گیا لیکن مرحوم کی غیر معمولی ذہانت، ان تھک محنت اور سچے خلوص کا نقش ہمارے دلوں پر ثبت رہیگا۔ وہ مصروف خواب ہیں لیکن اُن کے کارنامے ہمیشہ کے لئے زندہ رہینگے۔ ہمارے دل کے زخم ابھی ہرے ہی تھے کہ ملک کے ایک سچے خدمتگزار کے لئے پھر ہمیں صف ماتم بچھانی پڑی جو صحیح معنوں میں شہید قوم کہا جا سکتا ہے۔ اس کی زندگی کا تعلق اگرچہ کالج سے براہِ راست نہیں تھا لیکن اسکی کوششیں بڑی حد تک فرزندانِ کلیہ کی فلاح و بہبود سے وابستہ تھیں۔ مولوی محمد مرتضیٰ، معتمد ایجوکیشنل کانفرنس ملک کے سچے ہمدرد اور خاموش کام کرنے والوں میں تھے۔ اُن کی پاکیزہ سیرت، اور جذبۂ وطن پرستی آیندہ نسلوں کے لئے چراغ ہدایت کا کام دیگا۔

حضرات! حیدرآباد کی تاریخ میں جامعۂ عثمانیہ کا قیام وہ عہد آفرین کارنامہ ہے جس نے ہندوستان کے نظام تعلیم میں ایک نئے نصب العین کو پیش کیا ہے۔ حیدرآباد اب تک تعلیمی حیثیت سے ہندوستان کے اور حصوں سے بہت پیچھے نظر آتا تھا۔ اور ارباب نظر کے لئے یہ ایک اہم اور دشوار طلب مسئلہ تھا کہ آخر یہاں کی تعلیمی حالت اس قدر پست اور گری ہوی کیوں ہے۔ سررشتہ تعلیمات پر ایک زمانہ سے کثیر روپیہ صرف کیا جا رہا ہے اور اس بے دریغ فیاضی کے لحاظ سے یہاں کی تعلیمی پیداوار خاطر خواہ امید افزا نہ تھی۔ منجملہ اور اسباب کے ایک وجہ نمایاں طور پر مجھے یہ نظر آتی ہے کہ اہل دکن اس عالمگیر نئی تہذیب کے اثر سے محفوظ رہے جس کی زد میں تقریباً تمام اہل ہند آچکے ہیں۔ براہِ راست اس سرزمین کو اس جدوجہد اور کشمکش سے سابقہ نہیں پڑا جس نے ہندوستان کے معاشرتی قالب میں ایک نئی روح

پھونک دی۔ مجھے یہاں اس امر سے بحث نہیں کہ آیا یہ نئی روح ہندوستان کی عظمت و بزرگی، قدیم شہرت اور نام آوری کی بھی صحیح معنوں میں ضامن ہو سکی یا نہیں۔ لیکن اس بات سے کسی شخص کو انکار نہیں ہو سکتا کہ جب کسی پست اور افتادہ قوم کو ایک دوسری زندہ اور ترقی یافتہ قوم سے میل جول اور تعلقات قائم کرنے کا موقع ملتا ہے تو زندہ قوم کی معاشرت اور تہذیب کا اثر غالب آنے لگتا ہے اور اگر وہ قوم اتفاق سے فاتح قوم ہے تو اس کے اثرات اور بھی گہرے اور دیرپا ہو جاتے ہیں۔ اس طرح دو قوموں کے اختلاط اور میل جول سے زندگی اور بیداری کے وہ آثار نمایاں ہونے لگتے ہیں جن سے خستہ حال افراد قوم ترقی کے راستہ پر پڑ جاتے ہیں۔ یہ تصویر کا روشن پہلو ہے لیکن اگر آپ اس کے دوسرے رخ پر نظر ڈالیں تو معلوم ہوگا کہ قوم کے سارے نصب العین ایک پردیسی تہذیب کی فاتحانہ شان میں گم ہونے لگتے ہیں۔ وہ کچھ لیتے ہیں لیکن اپنی چیز ہمیشہ کے لئے دے بیٹھتے ہیں۔ ساری قومی روایات اور قدیم انسٹیٹیوشن ایک اجنبی چیز میں ضم ہو جاتے ہیں۔ نئی روشنی کی تیز کرنوں سے ہماری آنکھیں چندھیا جاتی ہیں اور ہم سراسیمگی اور مرعوبیت کی حالت میں آزو بازو ٹٹولنے لگتے ہیں۔ اور جو چیز بھی ہمیں مل جائے اسے قدرت کا عطیہ اور ربانی برکات کا نمونہ سمجھکر حاصل کر لیتے ہیں۔ اس طرح اس اندھی تقلید کی طرف قوم کی توجہ مائل ہو جاتی ہے جو بجائے اس کے کہ ہماری زندگی میں صحت بخش عنصر شامل کرے ہماری تہذیب کو گھن لگا دیتی ہے۔ بچہ کے ذہن میں کسی غلط چیز کے بٹھانے سے یہ کہیں بہتر سمجھا گیا ہے کہ وہ نرا جاہل ہی رہے۔ غلط بات ذہن سے بہت دنوں میں نکلتی ہے لیکن صحیح چیز کی تعلیم خواہ کتنی ہی دیر میں شروع کیجائے ذہنوں میں بہت جلد گھر کر لیتی ہے۔ یہی حال معاشرت اور تہذیب کا ہے جو مضر اور برباد کن اجزا اس کے تار و پود میں پیوست ہو جاتے ہیں اُن کا دُور کرنا ایک کٹھن کام ہے۔ بظاہر ہندوستان بہت سے معاملات میں بہت دُور نکل گیا ہے لیکن اب وہ اپنے غلطی کو سمجھکر پیچھے ہٹنے کی کوشش کر رہا ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ حیدرآباد خوش نصیب ہے کہ اس کے تمدن میں مضر عنصر شامل نہ ہو سکے۔ اس نے اگرچہ ترقی نہیں کی لیکن اس کے قدیم روایات محفوظ ہیں۔ اس کے کام کرنے کی قوتیں صحیح و سالم ہیں

یہ قوتیں ابتک ابھر نہ سکیں کہ اُن کو اُبھارنے کی کوشش نہیں کی گئی ۔ آبشاریں موجود ہیں لیکن ابھی بجلیاں نہیں پیدا ہوئیں ۔ اس لحاظ سے میں یہ عرض کروں گا کہ یونیورسٹی کا قیام ہمارے لئے آیۂ رحمت ثابت ہوا ۔ وہ دماغ جن کی جولانی کا کوئی میدان نہ تھا اب ٹھکانے لگ گئے ۔ وہ دل جن میں حوصلے اور آرزوئیں بڑی تڑپتی تھیں اب اپنے مرکز پر آگئے ۔ یونیورسٹی کا قیام یوں تو عام طور پر اردو دنیا کے لئے ایک بڑی رحمت ہے اور ہندوستان کے نظام تعلیم میں ایک نئی روح پھونکنے کا باعث ہوا لیکن خاص طور پر دکن کی ساکن اور خاموش فضا میں اس نے ایک زبردست حرکت پیدا کردی ۔ اس کی وجہ سے اس میں شک نہیں کہ تعلیمی بیداری تو پیدا ہوگئی ہے لیکن ابھی علمی بیداری کے آثار پورے طور پر ظاہر نہیں ہوئے ۔ نئی نسلیں جوق در جوق صحیح اصول پر علم کے حاصل کرنے میں مصروف ہیں لیکن ابھی امتحان کی آب وہوا میں پل رہی ہیں ۔ اور ظاہر ہے کہ امتحانات کی فضا دماغوں میں گہرائی اور دلوں میں وسعت نہیں پیدا کرسکتی ۔ ع

دلِ غریب ہوا لقمۂ امتحانوں کا

لیکن وہ زمانہ بھی دور نہیں جب کہ ہماری جامعہ کی وجہ سے علمی بیداری بھی پیدا ہو چلے گی ۔

یہ امر کس قدر ہمت افزا ہے کہ اس چھ سال کی تعلیمی جدوجہد کی پیداوار اس قدر مفید اور اطمینان بخش ثابت ہوئی کہ وہ لوگ بھی جو جامعہ کو بچوں کا کھلونا سمجھ رہے تھے اس کی غیر معمولی کامیابی پر مبارکباد دے رہے ہیں ۔ اب تو ہندوستان کے اور تعلیمی مرکزوں میں بھی ذریعہ تعلیم کا مسئلہ خاص طور پر اہمیت حاصل کرتا جارہا ہے ۔ اسی سلسلہ میں یہ عرض کردینا بے محل نہ ہوگا کہ ابھی ابھی ڈاکٹر سپرو نے لکھنو یونیورسٹی کے تقسیم اسناد کے جلسہ میں جو خطبہ پڑھا تھا اس میں ہماری جامعہ کا خاص طور پر ذکر فرمایا ہے ۔ سلسلۂ بیان میں ہندوستان کی کسی یونیورسٹی کے پروفیسر کے حوالہ سے (جو اتفاق سے ہمارے ہاں کے ممتحن مقرر ہوئے تھے) یہ بیان کیا کہ عثمانیہ یونیورسٹی کے لڑکوں کے جوابات نہایت حیرت انگیز ہیں ۔ اُن کے خیالات میں جو جدت اور تازگی، انداز بیان میں جو شگفتگی اور بانکپن پایا جاتا ہے اس کا نمونہ ہندوستان کی اور یونیورسٹیاں مشکل پیش کرسکتی ہیں ۔

اس کے علاوہ ہمارے ہاں کے طلبہ ہندوستان اور دیگر ممالک میں جہاں جہاں گئے خدا کے فضل و کرم سے اپنی قابلیت اور ذہانت کا سکہ بٹھا کر ہی آئے۔ اس خودستائی سے مجھے صرف یہ بتلانا مقصود ہے کہ یہ سلسلہ کامیابیاں اس مبارک علمی دور کا پیش خیمہ ہیں جو افق دکن پر طلوع ہونے والا ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ اردو شاعری کا چراغ جس سرزمین میں روشن ہوا تھا اب وہاں علم و ادب کی بجلیاں کوندنے کو ہیں۔ وہ بچہ جس کے منہ سے شعر و سخن کے پھول جھڑتے تھے اور جو یہاں سے اور ممالک کی سیر کو گیا ہوا تھا اب علم و فضل کی قبا اوڑھے ہوئے پھر اپنے مرکز کو لوٹتا ہے۔

ظاہر ہے کہ جامعۂ عثمانیہ کی برکتیں ہمیں اس لئے حاصل ہیں کہ ہمیں مادری زبان میں تعلیم حاصل کرنے کی نعمت میسر ہے یہ ایک ایسی سہولت ہمارے لئے فراہم کر دی گئی ہے جس سے علم و ادب کے دروازے ہم پر کھل گئے اور ہم براہِ راست علم کے ابلتے چشموں سے اپنی پیاس بجھا سکتے ہیں۔ لیکن یہ یاد رہے کہ سہولت سے ہم دو قسم کے کام لے سکتے ہیں۔ یہ ہو سکتا ہے کہ تھوڑی سی محنت سے ہم معمولی نتائج پیدا کریں لیکن اس سے زیادہ بلند حوصلگی کا تقاضا یہی ہے کہ ہم زیادہ محنت کریں اور غیر معمولی نتائج پیدا کریں۔ قوموں کے پنپنے کے لچھن یہی ہیں کہ وہ زندگی کی کشمکش میں اپنے آپ کو ڈال دیں، مردانہ وار علم کی ہر مہم کو سر کرنے کے لئے آمادہ اور مستعد رہیں۔ مشکل پسندی، سربلندی اور عزت و توقیر کی ضامن ہے۔ انگلستان کا جدت نگار، آسکر وائلڈ بالکل ٹھیک کہتا ہے کہ وہی کام شایانِ عمل ہے جو مشکل اور کٹھن ہو۔ تعلیم کی جو سہولتیں خدا نے ہمارے لئے فراہم کر دی ہیں اُن کا صحیح مصرف یہی ہو سکتا ہے کہ ہم اپنی ممکنہ کوشش اور سرگرمی سے علمی دنیا میں ایک انقلاب پیدا کر دیں۔ یونیورسٹی اپنی پوری شان میں اُسی وقت جلوہ گر ہو گی جب کہ وہ ایک طرف ہماری قومی روایات کو محفوظ کرنے کا ذمہ لے تو دوسری طرف ہمارے دماغوں کو سنوارنے میں کسی قسم کی کسر نہ اٹھا رکھے۔ اس کی بزم تربیت سے ایسے لوگ اٹھیں جو اپنے دماغوں میں خیالات کی ایک نئی دنیا رکھتے ہوں جو اپنی جنبشِ قلم اور لطافتِ خیال سے عالم کو ایک نئے رنگ میں رنگ سکیں۔ ہمارے قدیم علما پوری قوم کی ذہنی اور اخلاقی زندگی کے ملجا و ماوا ہوتے تھے۔ عام لوگ دنیاوی کدوکاوش اور رزم و پیکار سے

اکتا جاتے تو اُن علما کے دامنِ علم و کمال میں پناہ لیتے اور اس طرح اپنی فرصت کے چند گھنٹے علم کی فضا میں گزارتے۔

علمی بیداری کی ضیا پاشی اس وقت سے شروع ہوتی ہے جب کہ لوگوں کے دماغوں میں حرکت پیدا ہو، سوچ بچار کی قوت نمودار ہو اور دماغ کے پرانے بُت ایک ایک کرکے ٹوٹنے لگیں۔ یونیورسٹی کی تعلیم کا حقیقی منشا یہی ہے کہ غور و فکر کے وسیع میدانوں کی سیر کرائی جائے اور تلاش حق اور حصول کمال میں مجاہدین علم و فن کو اس طرح مصروف کار کر دے کہ جب وہ اس گہوارۂ علم و فن سے باہر قدم نکالیں تو اپنے خیالات کی رَو اور کمال کی خوبی سے ملک کی زندگی میں ایک انقلاب پیدا کر دیں۔ یہ ہے علمی بیداری کی وہ جھلکیاں جو میرے خیال میں ابھی یہاں پیدا نہیں ہوئیں۔ اور یونیورسٹی کی کامیابی کا راز اسی میں ہے کہ وہ بیداری جلد سے جلد پیدا کیجائے تاکہ یہاں کی فضا ہماری علمی معرکہ آرائیوں سے گونجنے لگے۔

لیکن حضرات، ایسے لوگ عموماً ہر ملک میں بہت تھوڑے ہوتے ہیں جو علم و فضل کے علم بردار کہے جا سکتے ہیں۔ ہر تعلیم یافتہ سے یہ توقع نہیں کرنی چاہئے کہ وہ دستارِ فضیلت زیب سر کئے ہوئے ہو۔ ایسے لوگ انگلیوں پر گنے جا سکتے ہیں اور یقین مانئے کہ اگر کہیں ایسے چند افراد بھی پیدا ہو جائیں تو وہ قوم کی نجات اور دماغی آزادی کے لئے کافی ہیں۔ ہر تعلیم یافتہ شخص سے صرف اس قدر توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ پاکیزہ اور ستھرا مذاق رکھتا ہو ہر اچھی چیز کو دیکھکر اس کا دل تڑپ جائے اور علمی ادبی جواہر ریزوں کو ایک جوہری کی طرح پرکھ سکتا ہو۔ لیکن اب ہمارے لئے بحث طلب امر یہی ہے کہ اس مذاق صحیح رکھنے والے تعلیم یافتہ شخص کی جگہ دنیا میں کیا ہے۔ اس کو یہ تعلیم اپنی روزمرہ کی زندگی میں کیا فائدہ پہنچا سکتی ہے۔ وہ یونیورسٹی کی چار دیواری سے باہر نکلتا ہے اور ہر شعبہ میں اپنی قسمت آزمائی کرتا ہے۔ پریشان روزگاری اور بے چارگی کی حالت میں ہر چیز کو دیکھکر لپکتا ہے اور مایوس ہو کر بیٹھ جاتا ہے۔ وہ گیند کی طرح ہر جگہ ٹھکرایا جاتا ہے اور اسے اپنی منزل کا پتہ نہیں ملتا۔ روزگار کی اس کشمکش میں اس کی قوتیں مضمحل ہو جاتی ہیں اور اس کی سمجھ میں نہیں آتا کہ اپنے علم کی پونجی سے کس قسم کے

کام لے۔ یہی ہے وہ مقام جہاں آکر ہمیں غور کرنا پڑتا ہے کہ آخر ان بے چارے تعلیم یافتہ نوجوانوں کا کیا حشر ہوگا۔ ہماری یونیورسٹی نے ہندوستان کے موجودہ تعلیمی نظام سے صرف ایک عبرت حاصل کی ہے اور وہ مادری زبان میں تعلیم کا رائج کرنا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ یہ تجربہ بجائے خود نہایت مشکل اور نازک تھا جو ایک بڑی حد تک کامیاب رہا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ ابھی ہم نے دنیا کی تعلیمی تلخ کامیوں سے کوئی فائدہ نہیں حاصل کیا۔ دنیا کے تعلیمی نظریے اب قریب قریب اس نظریہ میں ضم ہو رہے ہیں کہ ہمیں ایسی تعلیم دینی چاہئے جو ہر فرد کو کشمکش حیات میں مدد دے سکے۔ رہے علما و فضلا سو وہ ہر یونیورسٹی میں پیدا ہوتے رہینگے۔ عام تعلیم یافتہ افراد کو پریشان روزگاری سے بچانا سب سے پہلے ضروری ہے۔ یہ عبرت یورپین مبصرین تعلیم نے اس وقت حاصل کی جب کہ انھوں نے آکسفورڈ اور کیمبرج کے بعض گریجوئٹوں کو آسٹریلیا کے گلی کوچوں میں پتھر پھوڑتے ہوئے دیکھا۔ انگریزی نوآبادیوں سے مسلسل یہ آواز بلند ہوتی رہی کہ خدارا یہاں تعلیم یافتہ اشخاص کو نہ بھیجو کہ وہ بجائے اس کے کہ ہمارا بوجھ ہلکا کریں خود زمین کا بوجھ بن جاتے ہیں۔ وہ تعلیم کو اس قدر کارآمد بنانا چاہتے ہیں کہ ادھر یونیورسٹیوں سے گریجویٹ نکلیں اور ادھر اپنے دست و بازو سے کمانے لگیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ ہر شخص سب سے پہلے غم روزگار سے نجات کر دیا جائے۔ جب وہ امن چین کی زندگی بسر کرنے لگے گا تو خود آسانی سے پھر علمی اور ادبی سرگرمیوں میں مشغول ہو سکتا ہے۔ کوئی شریف فن کو، خواہ وہ کتنا ہی حقیر سمجھا جاتا ہو، اختیار کرنا اُن کے نزدیک معیوب نہیں۔ اُن کے نزدیک ہر صاحب کمال اپنے پیشہ کا حکیم یا فلسفی ہے اس لئے کہ کمال خواہ وہ کسی پیشہ میں حاصل کیا جائے قابلِ عزت و توقیر ہے۔ یہ خیال قطعی غلط ہے کہ دنیاوی جھگڑوں اور کاروباری زندگی میں پھنس کر انسان اپنی دماغی ترقی کو کھو دیتا ہے۔ دماغ ہر رنگ میں اپنے جلوے دکھا سکتا ہے اور زندگی کے ہر شعبے میں اپنی ترقی کو قائم رکھ سکتا ہے۔ زندہ اقوام کاروبار اور حیات کے شعبوں میں اپنی اعلیٰ علمی اور عملی قابلیت کا ثبوت جس طرح دے رہے ہیں وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔ میں اس خصوص میں زیادہ بحث نہیں کرنا چاہتا صرف یہ عرض کرونگا کہ دنیا کی اس ساری جد و جہد اور کشمکش سے ہمیں بھی فائدہ اٹھانا چاہئے اور بجائے اس کے کہ کھو کر کچھ سیکھیں

ابتدا ہی سے سیکھنا اور کمانا جان لیں۔ خود ہندوستان پر یہ بپتا پڑ چکی ہے اور آئے دن لوگ مصیبتوں میں گھرے جا رہے ہیں۔ افلاس بڑھتا جا رہا ہے اور ہم جاں کنی میں پھنسے جا رہے ہیں۔ بقول مولانا حالی کے ہمارے ہاں کمانے والا ایک ہوتا ہے اور کھانے والے بہت۔ کمانے والا کماتے کماتے مر جاتا ہے لیکن ہم کھاتے کھاتے نہیں تھکتے۔

یہ مسئلہ یونیورسٹی کے لئے نہایت اہم ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ خود ارباب جامعہ اس کو حل کرنے کی فکر میں لگے ہوئے ہیں۔ لیکن ہمارا فریضہ ہے کہ ابھی سے ہم بھی اس پر غور کرنے لگیں اور عملی حیثیت سے اس آنے والی مصیبت سے بچیں جو ہم پر خدانخواستہ نازل ہونے والی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ قدردان سرکار حتی المقدور ہماری قدر افزائی کریگی اور اعلیحضرت بندگانِ عالی کی "کریمانہ زر پاشیوں" سے مستفید ہو کر ہم میں سے بہت سارے افراد علم و ادب اور ملک و مالک کی خدمت کریں گے لیکن یہ امر ملحوظ رکھنا چاہئے کہ ملک میں دولت و ثروت کے بے شمار چشمے موجود ہیں۔ ملک کے چپہ چپہ میں دولت کی کانیں موجود ہیں اگر ہم ہمت آزمائی کریں اور مردانہ وار میدانِ عمل میں اُتر آئیں تو قوم اور ملک کی دولت میں اضافہ کریں گے اور ملک کو معاشی تباہی سے بچائیں گے

حضرات! یہ وہ باتیں ہیں جو ضرور بہی خواہانِ جامعہ کے پیشِ نظر ہوں گی اور یقیناً آہستہ آہستہ عمل کا جامہ پہنینگی لیکن فی الحال ہمارا اہم فرض یہی ہے کہ جو سہولتیں اور نعمتیں اس وقت ہمیں حاصل ہیں اُن سے کماحقہ فائدہ اٹھائیں اور کالج کی زندگی کے مختلف حصّوں میں جی بھر کر حصّہ لیں۔ درس کی جماعتوں میں ہم علمی اور دماغی دلچسپیوں میں مصروف ہوں تو دوسری طرف کھیل کود کے میدانوں میں طراوت بھریں اور دماغی کسلمندی کو قدرت کی دلفریب فضا میں دور کریں اور اقامت خانوں میں اپنی اخلاقی اور "سماجی" زندگی کی تربیت کریں لیکن 'حضرات' ہمارے ہاں مختلف مذاہب اور مختلف مقامات کے نوجوان موجود ہیں جو مل جلکر ایک علمی برادری بناتے ہیں۔ اس وسیع برادری کے علم و عمل اور جولانیوں کی اگر کوئی چیز تماشا گاہ ہو سکتی ہے تو وہ کلیہ کی انجمن اتحاد ہے جو تمام نوجوانوں کو ایک اسٹیج پر لاتی ہے اور سب کو اتحاد و اخوت کی زنجیر میں جکڑ دیتی ہے۔ یہی وہ مبارک فضا ہے جہاں تمام افراد

اپنی انفرادی زندگی کو ایک اجتماعی نظام میں ضم کر دیتے ہیں اور متحدہ طور پر اپنی دبی ہوئی قوتوں کو ابھار سکتے ہیں۔

حضرات! انجمن اتحاد کی عمر اس وقت تقریباً تین سال کی ہے۔ اس تھوڑی مدت میں اس نے جو خدمات انجام دی ہیں وہ اگرچہ تھوڑی ہیں لیکن حالات کے لحاظ سے اس نے جو کچھ کیا وہ قابل ستایش ہے مجھے یہ دیکھ کر بہت افسوس ہوتا ہے کہ ابھی ہم کو انجمن سے خاص دلچسپی نہیں پیدا ہوئی۔ ہاں اتنا ضرور ہوتا ہے کہ ہر سال کے شروع میں کالج کی دنیا میں ایک آندھی اٹھتی ہے جو صرف انتخاب کے زمانہ تک باقی رہتی ہے۔ پھر ہر طرف ایک سناٹا اور ہر سمت ایک خاموشی چھا جاتی ہے یہ بے التفاتی انجمن میں مستقل طور پر کوئی زندگی نہیں پیدا کر سکتی جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ یہ سخت بے بسی اور بے کسی کی حالت میں ہمیں دعائیں دیتی پڑی رہتی ہے۔

برادرانِ کلیہ! اب ہمیں چاہئے کہ حقیقی دلچسپی اور سچے جوش سے اس کے قالب میں جان ڈالیں ایک جا جمع ہو کر اخلاص و محبت کے ترانے گائیں، خیالات کا تبادلہ کریں اور جادو بیانی کے جوہر پیدا کرنے کی کوشش کریں۔ شعر و سخن کی بزم سجائیں تو خوشنوائی سے کالج میں زندگی کی لہر دوڑائیں۔ آپس میں ملیں تو زندہ دلی کے کرشموں اور قہقہوں کی گونج سے یہاں کی فضا کو معمور کر دیں۔ غرض ہم اس کو اپنے علم و عمل اور لطف و محبت کا ایک ایسا اکھاڑہ بنائیں جہاں ہماری دبی ہوئی چنگاریاں بھڑک اٹھیں اور سوئی ہوئی موجیں تڑپنے لگیں۔

حضرات! طلبہ کی دلچسپی کے ساتھ ساتھ انجمن ہمارے ہاں کے قابل اور فاضل اساتذہ کی عنایت و مہربانی کی بھی سخت محتاج ہے۔ کالج کا مختصر سا وقت اس قدر کافی نہیں ہے کہ ہم اُن کے پاکیزہ خیالات سے پورے طور پر مستفید ہو سکیں۔ درس کی پابندیوں میں ہم اُن کے اعلیٰ معلومات سے ایک بڑی حد تک محروم رہتے ہیں۔ جن سے ہماری دماغی سطح بلند ہو سکے۔ مجھے خانگی طور پر جب کبھی اپنے شفیق اساتذہ سے ملنے کا موقع ملتا ہے تو میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ صرف چند گھنٹوں کی ملاقات میں وہ میرے دماغ میں وسعت اور زندگی کے نصب العین میں ایک نمایاں انقلاب پیدا کر دیتے ہیں یہ وہ نعمت ہے

جو درس کی جماعتوں میں بہ مشکل حاصل ہوسکتی ہے۔ فرداً فرداً اس طرح طلبہ کا پروفیسروں سے ملنا بہت دشوار ہے اس لئے اگر طلبہ کو اس حیثیت سے فائدہ پہنچانے کا کہیں موقع مل سکتا ہے تو وہ انجمن اتحاد کا اسٹیج ہے۔ مجھے قوی اُمید ہے کہ ہمارے اساتذہ وقتاً فوقتاً انجمن میں تشریف لاکر اپنی خوش بیانی اور وسیع معلومات سے فائدہ پہنچاتے رہینگے۔ اسی سلسلہ میں میں اُن حضرات کا گرمجوشی کے ساتھ خیر مقدم کرتا ہوں جو اس سال حلقۂ اساتذہ میں شامل ہوئے ہیں۔ نیز اُن اساتذہ کا جو دیار مغرب سے علمی فتوحات حاصل کر کے تشریف لائے ہیں۔ موخر الذکر حضرات سے خاص طور پر توقع ہے کہ زندہ اقوام کی معاشرت اور تہذیب اور اُن کی ادبی سرگرمیوں کے مختلف مباحث پر انجمن میں تقریر فرمائینگے۔

اس طرح میرا خیال ہے کہ طلبہ اور محترم اساتذہ کی باہمی کوشش و دلچسپی سے ہماری انجمن کا مستقبل شاندار رہیگا۔

